Practical Physics Pt III
(Magnetism and Electricity)

by

H Moore & H S Allen.

طبیعیات عملی حصۂ سوم (مقناطیس و برق)

ترجمہ

مولوی محمد عبدالرحمن خان، بی ایس سی۔، اے آر سی ایس ایف،
پی۔ایس۔ایل ، ایف آر۔اے۔ایس۔

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188184
UNIVERSAL
LIBRARY

سلسلۂ نصابات تعلیم جامعہ عثمانیہ

طبیعیات عملی

جلد دوم

مقناطیسیت و برق

ترجمہ ٹکسٹ بک آف پریکٹکل فزکس مصنفہ جے۔ پی۔ ایلن و جے مورلکچراران کنگز کالج
(لندن یونیورسٹی)
مع ترمیم و اضافہ
برائے بی۔ اے

از
مولوی محمد عبدالرحمن خان صاحب بی پی سی آنرز (لندن)
اسوشیٹ آف دی رائل کالج آف سائنس (لندن) فیلو آف دی فزیکل سوسائٹی آف لندن
پروفیسر فزکس (طبیعیات) نظام کالج

۱۳۴۰ھ م ۱۳۳۱ف م ۱۹۲۲ء

دارالطبع جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن

یہ کتاب میکملن کمپنی کی اجازت سے
جن کو حقوق کاپی رائٹ حاصل ہیں
طبع کی گئی ہے۔

تمہید منجانب مترجم

اِس کتاب کا بیشتر حصّہ ڈاکٹر ریچ - یس - ایلن اور ریچ مؤر کی ٹکسٹ بک آف پریکٹیکل فزکس کے مقناطیسیت اور برق کا ترجمہ ہے - اِس میں جتنے بھی تجربے بیان کئے گئے ہیں ایسے ہیں کہ انکو بغیر کسی غیر معمولی مشقت کے ہر ایسا طالب علم جس نے انٹرمیڈیٹ کی جماعت میں عملی کام کا تھوڑا سا تجربہ حاصل کرلیا ہو انجام دیسکتا ہے - مبتدیوں کی ضروریات کے لئے جابجا مفید ہدایتیں درج کی گئی ہیں - اکثر ضابطے اور کلیئے جن کی صداقت کی بنا پر عملی طبیعیات کے تجربے مرتب کئے جاتے ہیں اِس کتاب میں، بطور تمہید نظری نقطہ نظر سے ثابت کئے گئے ہیں - اِس میں یہ فائدہ ہے کہ طالب علم کو عملی طبیعیات کا نصاب پورا کرنے کے لئے نظری طبیعیات کے لکچروں کا انتظار کرنا نہیں پڑتا - مختلف طالب علموں کو وقتِ واحد میں مختلف تجربے دئے جاسکتے ہیں - اور ایک ہی وقت میں طالب علم طبیعیات کے مختلف شعبوں کے تجربے کرسکتا ہے - جن معملوں میں طلباء بکثرت ہوں اور قلّتِ تعدّدِ آلات کی وجہ سے ایک ہی قسم کا تجربہ سبھوں کے لئے وقتِ واحد میں ترتیب نہیں دیا جاسکتا وہاں ایسی کتاب بہت سُود مند پائی جاتی ہے - جیسا کہ اس سے پیشتر آواز اور نور کی جلد میں ذکر آیا ہے ان تجربوں کو قابلِ اطمینان طریقہ پر انجام دینے کے لئے بیش قیمت آلات کے استعمال کی ضرورت نہیں

معمولی کم قیمت سامان جو بآسانی خریدا جاسکتا ہے یا خود معمل ہی میں ذراسی کوشش سے تیار کرایا جاسکتا ہے بخوبی کام دیسکتا ہے۔ صحت نتائج کے لئے نہ صرف آلات حساس ہونے چاہئیں بلکہ مشاہدہ کرنیوالا بھی فراست اور ہوشیاری کیساتھ کام کرنا چاہئے۔

اصل کتاب میں بعض اہم تجربے داخل نہیں ہیں۔ چند سال قبل انکو وہ اہمیت حاصل نہ تھی جو اب انکو برقی انجینیرنگ کی ترقی کیساتھ حاصل ہے۔ اسلئے مترجم نے بطور خود انکو کتاب کے اخیر میں زائد مضامین کے عنوان سے شامل کردیا ہے۔ چونکہ یہ تجربے نسبتاً مشکل واقع ہوئے ہیں اسلئے انکو صراحت کیساتھ سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ جن ہدایات کیطرف طالب علم کو متوجہ کرایا گیا ہے اگر وہ اُنپر کاربند ہو تو جوابات یقیناً تشفی بخش برآمد ہونگے۔ ان زائد تجربوں کی تفصیل حسب ذیل ہے:-

فصل (۱) کلون کے دوہرے پل کا تجربہ موصلوں کی مزاحمت کی تعیین کیلئے۔
" (۲)۔ بیلسٹک رد پیما کے تعبیر کے دو طریقے۔
" (۳)۔ بیلسٹک رد پیما کے ذریعہ برقی مکثفہ کی گنجائش کی مطلق پیمائش
" (۴)۔ " " " اور مکثفہ کے ذریعہ دو برقی محرکوں کا مقابلہ۔
" (۵)۔ لچھے کی ذاتی امالیت کی تعیین۔
" (۶)۔ دو لچھوں کی باہمی امالیت کی تعیین۔
" (۷)۔ برقی پاشیدنی مزاحمت اور موصلیت کی تعیین متبادل رو کے ذریعہ۔

اُمید کیجاتی ہے کہ ان مزید اور اہم تجربوں کی شرکت کیوجہ سے یہ کتاب ہندوستان کے تمام جامعوں کے بی۔ اے اور بی ایس سی کے نصابوں پر حاوی ہے۔ یہاں یہ بیان کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اِس زائد مضمون کی ذمہ داری صرف مترجم پر عائد ہے۔ انگریزی کتاب کے مصنفین اس سے بَری ہیں۔

محمد عبدالرحمن خان

فہرست مضامین

مقناطیسیت

صفحہ

پہلا باب - اساسی خواص اور کلیئے ۱

فصل (۱) - اساسی خواص اور تعریفات ۱

فصل (۲) - مقناطیسی میدانوں کی نقشہ کشی - ۳

زمین کے مقناطیسی میدان میں ایک مجرد قطب کا میدان - ۹

سلاخی مقناطیس کا میدان - ۱۰

فصل (۳) - مقناطیسی محور اور مقناطیسی نصف النہار ۱۵

" (۴) سلاخی مقناطیس کی قوت کشش - ۱۹

دوسرا باب - مقناطیسیت پیمائی - ۲۲

فصل (۱) - انصرافی مقناطیسیت پیما ۲۲

" (۲) - مقناطیسیت پیما کے ذریعہ مقناطیسی میدانوں کا مقابلہ - ۲۵

فصل (۳) - مقناطیسیت پیما کے ذریعہ مقناطیسی معیار اثر کا مقابلہ - ۲۹

فصل (۴) - مقناطیسیت پیما کے ذریعہ مقناطیسی معیار اثر کا مقابلہ (پہلے سے زیادہ صحیح تحقیق) ۳۵

تیسرا باب۔ ایک مقناطیس کا اہتزاز مقناطیسی میدان میں۔	۴۳
فصل (۱)۔ مقناطیسی میدانوں کا مقابلہ اہتزاز و نکے ذریعہ	۴۳
〃 (۲)۔ 〃 معیار اثردن کا مقابلہ 〃	۵۲
چوتھا باب۔ زمین کا مقناطیسی میدان۔	۵۷
فصل (۱)۔ میدان کی تخصیص	۵۷
〃 (۲) زمین کے مقناطیسی میدان کے افقی جزو کی تعیین	۵۸
〃 (۳) مقناطیسی زاویہ میلان کی تعیین	۶۳
میلان کا دائرہ	
مقناطیس پر مزید مشقیں۔	۶۹
برق	
پہلا باب۔ برقی سکونی تجربے	۷۲
فصل (۱) ابتدائی امور	۷۲
〃 (۲)۔ طلائی ورق کے برق نما کا بیتا تجربے	۷۳
〃 (۳)۔ سادہ سکونی برقی آلات	۷۸
〃 (۴) برقی بار اور قوہ	۸۳
دوسرا باب۔ برقی رَو (ابتدائی امور)	۹۰
فصل (۱)۔ کیمیائی طریقوں سے برق کی پیدائش	۹۰
(۲) برقی [illegible] مقناطیسی عمل	۹۴

فصل (۳) خط مستقیم پر سے گزرنیوالی برقی رو کا مقناطیسی میدان	۹۷
〃 (۴)۔ دائری پھیلے کی برقی رو کا مقناطیسی میدان	۱۰۵
تیسرا باب۔ برقی رو کی پیمائش کے آلات	۱۱۱
فصل (۱)۔ مماسی مقناطیسی رو پیما	۱۱۱
〃 (۲) امپیر پیما (یا مختصراً ام پیما)	۱۱۶
〃 (۳) اوہم کا کلیہ	۱۲۵
چوتھا باب۔ محرکہ برق اور برقی خانہ کی اندرونی مزاحمت	۱۳۹
فصل (۱) والٹائی خانہ کے عمل کے متعلق ابتدائی بحث	۱۳۹
〃 (۲)۔ دو خانوں کے محرکہ برق کا باہمدیگر مقابلہ	۱۴۶
پانچواں باب۔ برقی مزاحمت کی پیمائش	۱۶۸
فصل (۱)۔ اوہم کا کلیہ	۱۶۸
〃 (۲) وہیٹسٹون کا پل	۱۷۰
〃 (۳) 〃 〃 (کیلوی فوسٹر کا طریقہ)	۱۹۷
〃 (۴) مزاحمتوں کا مقابلہ۔ قوۃ کے گھٹاؤ کے طریقہ سے۔	۲۱۱
فصل (۵)۔ بہت بڑی مزاحمتوں کی پیمائش	۲۱۴
چھٹا باب۔ برقی پاشیدگی۔ برقی کیمیائی معادل	۲۱۷
فصل (۱)۔ برقی پاشیدگی۔	۲۱۷
〃 (۲) برقی کیمیائی معادلوں کی تعیین	۲۲۱
ساتواں باب۔ برقی رو کا حرارت پیدا کرنیوالا اثر	۲۳۵

فصل (۱) جول کا کلیہ	۲۳۵
〃 (۲) برقی لیمپ کی استعداد	۲۴۰
اٹھواں باب - امالی رو ئیں - برقی مقناطیسی مشینیں	۲۴۵
فصل (۱) - برقی مقناطیسی امالہ	۲۴۵
〃 (۲) 〃 مشینیں	۲۷۱
نواں باب - برقی گنجائشوں کا مقابلہ	۲۸۲
〃 〃 کے مقابلہ کے طریقے	۲۸۲
دسواں باب - برقی آلات کے متعلق مفید یادداشتیں	۲۹۰
فصل (۱) مماسی روپیما	۲۹۰
〃 (۲) معلق روئی کے حساس اقسام کے روپیما	۲۹۵
〃 (۳) 〃 کچھے والے روپیما	۳۰۴
〃 (۴) ام پیما اور اولٹ پیما	۳۰۹
〃 (۵) منقلب	۳۱۷
〃 (۶) کنجیاں اور سوئچ	۳۲۲
〃 (۷) مزاحمتیں اور مقوم	۳۲۵
〃 (۸) قطبیت کے امتحان	۳۳۳
برق پر مزید مشقیں -	۳۳۶
ضمیمہ - برقی اور مقناطیسی مستقلوں کی جدولیں	۳۴۳
زائد مضامین منجانب مترجم -	۳۴۹


پہلا باب

اساسی خواص اور کلیے

فصل (۱) اساسی خواص اور تعریفات

مقناطیس کی خاصیت یہ ہے کہ وہ لوہے کے چھوٹے ٹکڑوں کو اپنی طرف جذب کرتا ہے اور جب اس کو اس طور پر لٹکایا جاتا ہے کہ پوری آزادی کے ساتھ پھر سکے تو ایک مخصوص سمت اختیار کر لیتا ہے۔ جب مقناطیس ایک انتصابی محور پر گھوم سکتا ہے تو اس کے جسم کی ایک غیر متبدل سمت زمین کی ایک مخصوص اور غیر متبدل سمت کے متوازی ہو جاتی ہے۔ مقناطیس سے متعلق جو سمت ہوتی ہے اس کا مقناطیسی محور کہلاتی ہے، زمین سے متعلق سمت مقناطیسی نصف النہار کہلاتی ہے۔ مقناطیس کی شکل خواہ کچھ بھی ہو اس کے طرز عمل سے عموماً یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کے اندر دو ایسے مخصوص مقام ہیں جہاں سے جذب و دفع کی قوتوں کا نفاذ ہوتا ہے۔ یہ مقام یا نقطے مقناطیس کے قطبین کہلاتے ہیں۔ جو قطب شمال کی طرف

بتاتا ہے اس کا **شمالی قطب** کہلاتا ہے اور دوسرا **جنوبی قطب**۔



شکل (۱)
مقناطیسی سوئی

شمالی قطبیت منظر سہولت عموماً مثبت قرار دی جاتی ہے اور **جنوبی قطبیت** منفی۔ غیر مشابہ قطب یا مخالف علامتوں کے قطب ایک دوسرے کو جذب کرتے ہیں، اور مشابہ قطب (یا ایک ہی علامت کے قطب) ایک دوسرے کو دفع کرتے ہیں۔

اِکائی قطب کی تعریف۔

جو قطب اپنے مساوی اور مشابہ قطب کو، جبکہ وہ ہوا میں اُس سے ایک سنٹی میٹر دور ہو، ایک ڈائین کی قوت سے دفع کرتا ہے قطب کی اِکائی کہلاتا ہے۔


کسی مقام پر مقناطیسی میدان کی حدّت کی تعیین

اُس قوت سے ہوتی ہے جو شمالی قطب کی اِکائی پر عمل کرتی ہے جبکہ وہ اُس مقام پر رکھی جائے۔ قوت ڈائینوں میں ناپی جانی چاہئے۔ بعض اوقات اُس کو اس مقام پر کی **مقناطیسی حدت** بھی کہتے ہیں۔

واضح ہو کہ مقناطیسی حدت کی پیمائش ڈائینوں میں فی اِکائی قطب (یا گاوسوں میں) ہوتی ہے۔ اور جیلی قوت کی پیمائش

محض ڈائیوں میں ہوتی ہے۔

جفت کا معیار اثر جو کسی مقناطیس کے محور کو اکائی حدت کے مقناطیسی میدان پر علی القوائم قائم رکھنے کے لئے چاہیئے اس کا مقناطیسی معیار اثر (م) کہلاتا ہے۔ اس کی عددی قیمت مقناطیس کے قطب کی قیمت (ق) اور قطبین کے درمیانی فاصلہ (۲ل) کے حاصل ضرب کے مساوی ہوتی ہے۔



شکل (۲)
سلاخی مقناطیس اور گرے دار مقناطیس

$$م = ق \times ۲ل$$

فصل (۲) مقناطیسی میدانوں کی نقشہ کشی

مقناطیسی حدت کا خط مقناطیسی میدان میں اس طرح واقع ہوتا ہے کہ ہر مقام پر اس کی سمت اس مقام پر کی حاصل مجموعی مقناطیسی قوت کی سمت ہوتی ہے، بالفاظ دیگر وہ ایسا منحنی ہے کہ کسی مقام پر بھی اس کے خط مماس کی سمت وہی ہوتی ہے جو ایک چھوٹا سلاخی مقناطیس، اس مقام پر اختیار کرلیتا ہے۔ جس سمت میں ایک (فرضی) مجرد قطب حرکت کرتا ہے قوت کے خط کی مثبت سمت کہلاتی ہے۔ مقناطیسی قوت کے خطوط کی نسبت یہ فرض کیا جاتا ہے کہ وہ شمالی مقناطیسی قطب سے نکلتے ہیں اور جنوبی قطب پر ختم ہوتے ہیں۔ مقناطیس کے جسم کے اندر بھی وہ موجود ہیں۔ یہاں ان کی راہ جنوبی قطب سے شمالی قطب کی جانب ہوتی ہے، گویا وہ بند حلقے ہیں جن کا کچھ حصہ جسم مقناطیس میں ہوتا ہے اور باقی اس کے باہر

ہوا میں مقناطیسی حدت کے خطوط، تجربہ کے ذریعہ دو جداگانہ طریقوں سے کھینچے جا سکتے ہیں، یا لوہچوں کے ذریعہ یا ایک چھوٹی کمپاس سوئی کے ذریعہ۔

تجربہ (۱) میز پر شیشہ کی ایک تختی دو لکڑی کے ٹکڑوں پر افقی وضع میں رکھی جاتی ہے، اور اس کے نیچے ایک یا اس سے زیادہ مقناطیس ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ شیشہ پر کاغذ کا ایک تاؤ پھیلا کر ململ میں سے باریک لوہچوں اس پر گرایا جاتا ہے۔ شیشہ کو آہستہ آہستہ کھٹکھٹانے سے لوہچوں جابجا خطوط قوت کی سمت میں ترتیب پالیگا۔

اگر ان خطوط کی شکل کو مستقل شکل میں محفوظ رکھنا مقصود ہو تو کاغذ کو پہلے سے پگھلے ہوئے برافینی موم میں تر کر لینا چاہیئے۔ بعد کو شیشہ کی تختی کو دھیمی آگ پر پکڑنے سے لوہچوں برافین میں جم جائیگا۔ ایک دوسرا طریقہ یہ ہے کہ لوہچوں کو خطوط قوت میں ترتیب دے لینے کے بعد عکاسی کے آلہ کو انتصابی وضع میں نیچے کی طرف اس کا منہ کرکے پکڑ کر ان کا عکس لے لیا جائے۔ یا لوہچوں کو حساس کاغذ پر ترتیب دے کر معمولی طریقہ پر اکسپوز (انکشاف) اور ڈیولپ (پختہ) کرکے آسمانی رنگ کے کاغذ پر ان کو چھاپ لیا جا سکتا ہے۔

کمپاس سوئی کے ذریعہ مقناطیسی خطوط قوت کی نقشہ کشی۔

چھوٹی کمپاس سوئی کے ذریعہ مختلف صورتوں میں مقناطیسی حدت کے خطوط کھینچنے سے بہت مفید معلومات حاصل ہو سکتے ہیں۔

گھڑی کی زنجیر سے لٹکانے کی کمپاس جو عام طور پر "جامہ" کمپاس کے نام سے مشہور ہے اور جس کے اوپر اور نیچے کے پہلو دونوں شیشہ کے ہوتے ہیں، اس کے لئے بہت موزوں ہوتی ہے۔ ایسی کمپاس کے کنارے پکڑنا چاہیئے نہ کہ اس کے شیشہ کے پہلو۔

نقشہ کشی کا تاؤ نقشہ کشی کے تختہ پر الپنوں سے جما دیا جائے، اور تختہ کا ایک کنارہ میز کے ایک کنارے کے متوازی رکھا جائے تاکہ اگر اتفاقاً دوران تجربہ تختہ کی وضع بدلجائے تو پھر اس کو آسانی سے پیشتر کی وضع میں رکھ دیا جا سکے۔

کمپاس کو کاغذ پر رکھو اور جب اس کی سوئی ساکن ہو جائے اس کے دونوں سروں کے محاذی کاغذ پر پنسل سے ایک ایک نشان کر دو پھر کمپاس کو ہٹا کر اس طرح رکھو کہ پہلے جہاں اس کا شمالی قطب تھا اب ٹھیک اس جگہ اس کا جنوبی قطب واقع ہو اور شمالی قطب کے جدید مقام کے محاذی ایک نیا نشان کر دو۔ اس عمل کو بار بار دوہرا کر کاغذ پر نشانوں کی ایک قطار تیار کر لو۔ بعد ازاں ان نشانوں پر سے ایک صاف اور مسلسل منحنی کھینچو۔ اس سے مقناطیسی قوت کے ایک خط کی تعبیر ہو گی۔ اس خط سے ۲ سم ہٹ کر یہی عمل کرو تاکہ دوسرا خط تیار ہو۔ پھر اس طرح تیسرا خط کھینچو۔ اگر مقناطیسی میدان محض زمین کا مقناطیسی میدان ہے تو یہ تینوں خط سیدھے اور تقریباً متوازی ہونگے۔ کیونکہ نقشہ کشی کے تختہ کی قلیل وسعت میں زمین کے مقناطیسی میدان کی حدت یکساں رہیگی۔

اگر میدان کسی مقناطیسی مادّے کے قریب ہو یا ایسے موصل کے پاس ہو جس پر سے (ایک سمتی) برقی رَو دوڑ رہی ہے تو اس کے خطوطِ قوت ایسی سادہ شکل کے نہ ہونگے اس لئے کہ اب زمین کے میدان کے ساتھ مقناطیسی مادّہ یا برقی رَو کا میدان

بھی شریک ہوگا اور خطوط کی شکل حاصل مجموعی میدان کی مناسبت سے ہوگی۔ بالعموم ان میں انحنا پیدا ہوگا جس کی وضع ان مشترک میدانوں اور ان کی وضعوں کے تابع ہوگی۔


خطوطِ قوت اگرچہ نکلتے وقت ایک دوسرے سے قریب ہوتے ہیں، آگے چلکر دور ہٹ جاتے ہیں، اور پھر جب مقناطیسی مادّے میں داخل ہوتے ہیں تو باہمدیگر قریب پہنچ جاتے ہیں۔ جہاں خطوط قوت میں اِنشاع زیادہ ہوتا ہے وہاں میدان کی حدت گھٹ جاتی ہے، پس خطوط قوت کے نقشہ کے معائنہ سے میدان کی اضافی حدّت کا اندازہ ہوسکتا ہے۔

یہ یاد رکھنا چاہئے کہ مقناطیسی قوت کے خطوط کبھی ایک دوسرے کو قطع نہیں کرسکتے۔ کیونکہ اگر یہ ممکن ہوتا تو مقام تقاطع پر وقت واحد میں مقناطیسی قوت کی ایک سے زیادہ سمتیں ہوسکتیں، جو ناممکن ہے۔ بالعموم مقناطیسی میدان کے ہر ایک منتخبہ مقام (یا نقطے) پر سے ایک خط قوت گزرتا ہے۔ لیکن بعض ایسے بھی مقام ہوتے ہیں جہاں سے خطوط قوت بظاہر گزرنا نہیں چاہتے، بلکہ چلتے چلتے وہاں سے مڑجاتے ہیں۔ ایسے نقطوں پر سے کوئی خط قوت نہیں گزرتا اور یہاں مقناطیسی قوت صفر ہوتی ہے۔ ان نقطوں کو **تعدیلی نقطے** کہتے ہیں۔

جہاں ایسا نقطہ واقع ہوتا ہے اس کے قرب وجوار میں مقناطیسی میدان نہایت کمزور ہوتا ہے، پس یہاں کمپاس سوئی کی سمت کی تعیین مشکل ہے۔ اِس لئے جب کسی جگہ ایسے نقطہ کا اشتباہ ہوتا ہے اس سے کچھ دور جہاں میدان کسیقدر قوی ہے خطوط قوت کھینچ لئے جائیں اور پھر ان سے قریب قریب

دوسرے خطوط کھینچنے کی کوشش کی جائے۔ ٹھیک ایسا مقام جہاں سوئی کسی بھی سمت میں ٹھیرے ملنا مشکل ہے۔ اس لئے کہ سوئی کے ابعاد صفر نہیں ہیں۔ لیکن کافی توجہ سے تجربہ کرنے سے طالب علم کو اس نقطہ کے گرد سوئی کے مقام کی خفیف سی تبدیلی سے خط قوت کی سمت میں معتدبہ تغیر مشاہدہ ہوگا۔

عام طور پر تعدیلی نقطہ کے گرد خطوط قوت چار مختلف سمتوں میں ترتیب پاتے ہیں، جس سے سنجنی خطوط کے ایک ذوالربعتہ الاضلاع کی شکل پیدا ہوتی ہے۔ تعدیلی نقطہ اس کے اندر ہوتا ہے اور خطوط اس کی طرف محدب واقع ہوتے ہیں۔ اس ذوالربعتہ الاضلاع کے پہلوؤں کو بتدریج گھٹانے سے تعدیلی نقطہ کا مقام معتدبہ صحت کے ساتھ دریافت ہوسکتا ہے۔ آگے چلکر سمجھایا جائیگا کہ ایسے نقطے دریافت کرنے سے خاص خاص صورتوں میں کیا اہم معلومات حاصل ہوسکتی ہیں۔



شکل (۳)
تعدیلی نقطہ

تجربہ (۲) - زمین کے مقناطیسی میدان کے خطوط کی نقشہ کشی

زمین کے مقناطیسی میدان کے خطوط کی نوعیت معلوم کرنے کے لئے تجربہ خانہ میں ایک ایسا مقام تجویز کرو جو لوہے کی کڑیوں، نلیوں وغیرہ سے کافی دور ہو۔ اسکے قریب میں اگر مقناطیسی یا لوہے کی کوئی چیزیں ہوں تو ان کو وہاں سے اٹھا لو۔ جیسا کہ قبل ازیں بیان ہوا ہے، نقشہ کشی کے کاغذ

کے ایک کنارے سے شروع کرکے سوئی کے سروں کے نشانوں کی ایک قطار تیار کرو۔ مخل اثرات پیدا کرنیوالے مقناطیسوں یا لوہے کی چیزوں کی عدم موجودگی میں یہ نشان سب کے سب ایک خط مستقیم پر آنے چاہئیں۔ اس خط سے تقریباً دو سم ہٹ کر یہی عمل دوہرایا جائے اور اس طرح ایک دوسرا خط قوت کھینچا جائے۔ کوئی چھ ساتھ ایسے خط کھینچنے کے بعد دیکھو کہ اس رقبہ میں میدان کی حدت تقریباً یکساں ہے اس لئے کہ یہ سب خطوط سیدھے اور باہمدیگر تقریباً متوازی ہیں۔ ان خطوط کی سمت مقام تجربہ کے لئے مقناطیسی نصف النہار کی سمت ہے۔

تجربہ (۳)۔ زمین اور ایک سلاخی مقناطیس کے مشترکہ میدان کے خطوط کی نقشہ کشی۔ نقشہ کشی کے تختہ پر کاغذ رکھ کر ایک مقناطیس کو کسی بھی وضع میں لٹا دو، اور اس کے گرد پنسل سے نشان کردو تاکہ اگر مقناطیس وہاں سے اتفاقاً ہٹ جائے تو اس کو پھر وہیں رکھ دیا جا سکے۔ خطوط ایسے مقام سے شروع کئے جائیں کہ نہ تو وہ ایک دوسرے سے بہت دور ہٹتے ہوئے ہوں اور نہ بہت گنجان واقع ہوں۔ اگر قریب کے دو نقطوں کے درمیان دو خطوط قوت ایک چھوٹے زاویہ پر مائل پائے جائیں انکے درمیان ایک تیسرا خط معلوم کرنے کی ضرورت نہیں اس لئے کہ خطوطِ قوت متقاطع نہیں ہوتے۔

عام طور پر، سلاخی مقناطیس کے قریب کے میدان میں دو تعدیلی نقطے دریافت ہونگے۔ اس لئے کہ دو نقطوں پر سلاخی مقناطیس کا میدان زمین کے مقناطیسی میدان کو ٹھیک منسوخ کردیتا ہے۔ ان دو نقطوں کے مقام، سلاخی مقناطیس کے لحاظ سے، زمین کے مقناطیسی میدان میں مقناطیس کی اضافی وضع پر

موقوف ہیں۔ اگر ممکن ہو تو ایک ہی مقناطیس کو زمین کے مقناطیسی میدان میں مختلف وضعوں میں رکھ کر حاصل مجموعی میدان کا نقشہ کھینچا جائے۔ جب مقناطیس کی وضع مقناطیسی نصف النہار پر متشاکلاً واقع ہوتی ہے، یعنے مقناطیس کا محور اس نصف النہار کے متوازی یا اس پر عمود القوائم ہوتا ہے تو نقشہ میں مزید دلچسپی پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے ان دونوں وضعوں اور ایک غیر متشاکل وضع کے نقشے تیار کئے جائیں۔

زمین کے مقناطیسی میدان میں ایک مجرد قطب کا میدان

بعض اوقات ایک مجرد مقناطیسی قطب پر تجربہ کرنا پڑتا ہے۔ ایسی صورت میں ایک (۵۰ تا ۱۰۰ سم) لمبے مقناطیس کا انتخاب بہت موزوں ہے اس لئے کہ اس کے دوسرے قطب کا اثر مقام زیر امتحان پر فاصلہ کی زیادتی کی وجہ سے ناقابل لحاظ پایا جائیگا۔

تجربہ (۴) زمین کے مقناطیسی میدان میں ایک مجرد قطب کے باعث میدان۔

مصرحہ بالا مقناطیس کو لکڑی کے شکنجہ میں اس طرح پکڑو کہ اس کا محور انتصابی وضع میں ہو اور اُس کا نیچے کا قطب نقشہ کشی کے تاؤ پر (جو ایک افقی تختہ پر جما ہوا ہو) ٹکا رہے۔ اس قطب کے اور زمین کے افقی مقناطیسی میدان کے مشترکہ عمل سے جو خطوط قوت پیدا ہوں گے ان کا نقشہ کھینچو۔ تعدیلی نقطہ کا صحیح مقام معلوم کرکے قطب سے اُس کا فاصلہ (ط سم) ناپ لو۔


چونکہ (ق) قیمت کے مجرد قطب کے مقناطیسی میدان کی حدت فاصلہ (ط سم) پر $\frac{ق}{ط^2}$ ہے اور تعدیلی نقطہ پر یہ حدت

زمین کے افقی مقناطیسی میدان کی حدت (ف) کے مساوی ہے۔ لہٰذا $\frac{ق}{ط^2}$ = ف یعنے ق = ف ط^2 پس اگر (ف) معلوم ہو تو (ق) کو شمار کرلے سکتے ہیں۔

زمین کے مقناطیسی میدان میں ایک سلاخی مقناطیس کا میدان

وضع (۱)۔ مقناطیس ایک افقی سطح پر اس طرح رکھا جاتا ہے کہ اس کا محور مقناطیسی نصف النہار پر واقع ہوتا ہے اور اس کا شمالی قطب شمال ہی کی جانب بتاتا ہے۔ ایسی حالت میں مقناطیس کے محور کے دونوں بازو ایک ایک **تعدیلی نقطہ** ہوتا ہے، جہاں کہ زمین کے افقی مقناطیسی میدان اور مقناطیس کے میدان میں ٹھیک تعادل واقع ہوتا ہے۔


اگر سلاخ یکساں مقناطیس کی گئی ہے تو اس کے قطب مرکز سے مساوی فاصلوں پر ہونگے۔ سلاخی مقناطیس کے قطب سلاخ کے سروں پر نہیں ہوتے ہیں۔ تجربہ کرکے سلاخ کے سروں کے پاس خطوط کھینچنا چاہیئے۔ (لیکن زمین کے مقناطیسی میدان کو معترض نہ ہونے دیا جائے۔ اس کے لئے مقناطیس کی وضع ہمیشہ ایسی ترتیب دیجانی چاہیئے



شکل (۴)
سلاخی مقناطیس کے قطب

کہ خط قوت مقناطیسی نصف النہار کے متوازی رہے ہے)۔ جہاں یہ خطوط ملینگے قطب تقریباً وہی ہوگا (شکل ۴)۔ قطبین کو ملانے والے خط کے نقطۂ تنصیف پر سے جو خط اس کے علی القوائم گزرتا ہے، تعدیلی نقطے اس پر متشاکلاً واقع ہوتے ہیں۔

فرض کرو شکل (۵) میں (ن) ایک تعدیلی نقطہ ہے اور اُس کا فاصلہ دونوں قطبوں سے (ط) سنتی میتر ہے۔



شکل (۵)

زمین کے مقناطیسی میدان میں تعدیلی نقطے

مقناطیس کے شمالی قطب (ش) کی وجہ سے نقطہ (ن) پر مقناطیسی میدان کی حدت $\frac{ق}{ط^2}$ ہے اور اس کی سمت $\overline{ش ن}$ ہے۔ جہاں (ق) سے مراد قطب کی قیمت ہے۔ جنوبی قطب کی وجہ سے $\overline{ن ج}$ کی سمت میں میدان کی حدت $\frac{ق}{ط^2}$ ہے۔ ان دونوں کا حاصل $\overline{ص ن}$ پر عمود ہے اور اگر اس کو (ح) قرار

دیا جائے تو۔

$$ح = ۲ \frac{ق}{ط^۲} \text{ مس } ذ = ۲ \frac{ق}{ط^۲} \times \frac{ل}{ط} = \frac{م}{ط^۳}$$

جس میں (م) = ۲ق ل = سلاخ کا مقناطیسی معیار اثر۔
لیکن چونکہ (ن) ایک تعدیلی نقطہ ہے لہذا اس مقام پر

ح = ف یعنے زمین کے افقی مقناطیسی میدان کی حدّت

$$\therefore \quad \frac{م}{ط^۳} = ف$$

$$\text{یا} \quad م = ف\ ط^۳$$

تجربہ (۵) سلاخی مقناطیس کے مقناطیسی معیار اثر کی تعیین، تعدیلی نقطہ کے ذریعہ سے (۱)۔

سلاخی مقناطیس کو مقناطیسی نصف النہار میں (ش) سرا شمال کی طرف اور (ج) سرا جنوب کی طرف پھیر کر رکھو۔ ایک چھوٹی لمپاس سوئی کے ذریعہ خطوط قوت کا نقشہ کھینچو اور جسقدر صحیح دریافت کرنا ممکن ہو تعدیلی نقطوں کے مقام دریافت کرو۔ پھر قطبین سے ان کے فاصلے (ط) دریافت کرو۔ مقناطیس کا مقناطیسی معیار اثر اس مساوات سے شمار کرو۔

$$م = ف\ ط^۳$$

طبیعی جدولوں کو دیکھ کر ف کی قیمت س گ، ث کے نظام کی اکائیوں میں لکھ لی جائے اور (ط) سنتی میٹروں میں ناپا جائے۔

قطبین کا درمیانی فاصلہ ناپ لیا جائے اور اس سے مقناطیس

کے قطب کی قیمت اخذ کیجائے۔

(۲)۔ مقناطیس کو مقناطیسی نصف النہار میں رکھو لیکن اس کا (ش) سرا جنوب کی طرف رہے اور (ج) سرا شمال کی طرف۔ مقناطیس کے محور کے خط کو دونوں طرف آگے کو بڑھاؤ۔ اس پر دو تعدیلی نقطے متشاکلاً واقع ہونگے۔ اگر ان کا اوسط فاصلہ مقناطیس کے مرکز سے (ط) ہے تو اس صورت میں مقناطیس کے میدان کی حدت وہاں تقریباً

$$ح = \frac{م ۲}{ط ۳}$$

جیسا کہ (صفحہ ۳۶) پر سمجھایا گیا ہے۔ پس تعدیلی نقطہ پر

$$\frac{ق ۲}{ط ۳} = ف$$

اور ∴ $$م = \frac{ف ط ۳}{۲}$$


تجربہ (۶)۔ سلاخی مقناطیس کے مقناطیسی معیار اثر کی تعیین، تعدیلی نقطہ کے ذریعہ سے

(۲)۔ مقناطیس کے محور کو مقناطیسی نصف النہار میں رکھو لیکن اُس کا شمالی قطب جنوب کی طرف ہو۔ چھوٹی کمپاس لیکر خطوط کھینچو اور تعدیلی نقطوں کے مقام دریافت کرو۔ پھر دونوں تعدیلی نقطوں کا فاصلہ مقناطیس کے مرکز سے ناپ لو۔ اور مقناطیسی معیار اثر کی قیمت نکالو۔

(۳) زمین کے مقناطیسی میدان میں مقناطیس کسی بھی غیر متشاکل وضع میں رکھی جائے۔ مقناطیس کے مرکز کے لحاظ سے متشاکل دو تعدیلی نقطے دریافت ہونگے۔ کسی مقام پر حاصل مجموعی

میدان تین قوتوں کا نتیجہ ہے۔ ایک زمین کا افقی مقناطیسی میدان ہے جس کی مقدار اور سمت معلوم ہیں۔ باقی دو قوتیں مقناطیس کے دونوں قطبوں کی وجہ سے عمل کرتی ہیں۔ اگر اس مقام پر تعدیلی نقطہ واقع ہے تو یہاں یہ تینوں قوتیں متوازن ہونی چاہئیں۔ قوتوں کو زمین کے مقناطیسی میدان کی سمت کے متوازی تحلیل کرنے سے مقناطیس کے قطب کی قیمت کے لئے تعدیلی نقطہ سے قطبین کے فاصلوں اور زاویوں کی رقموں میں ایک جملہ حاصل ہوسکتا ہے۔ فاصلے اور زاوئے نقشہ پر راست ناپے جا سکتے ہیں۔

اگر مقناطیس شکل (۶) کی وضع میں ہو تو تعدیلی نقطے (ا) اور (ب) کے پاس ہونگے۔ واضح ہو کہ اس شکل میں مقناطیس کا محور مشرق اور مغرب (مقناطیسی) کو ملانے والے خط کے متوازی ہے۔ یہ وضع بھی پہلی دو وضعوں کی طرح خاص دلچسپی رکھتی ہے



شکل (۶)

زمین کے مقناطیسی میدان میں تعدیلی نقطے

(ا) پر سے گزرتا ہوا ایک خط مقناطیسی شمال کی طرف کھینچو۔ اج اور اش کو ملالو۔ بطور اختصار پہلے طول کو (ط۱) اور دوسرے

کو (ط۲) قرار دو۔ اگر اج اور اش مقناطیسی نصف النہار کیساتھ (۱) کے پاس بالترتیب زاوئے (۱۶) اور (۶۰) بنائیں اور مقناطیس کے قطب کی قیمت (ق) ہے تو

$$ح = \frac{ق}{(ط۱)^۲} جم (د۱) - \frac{ق}{(ط۲)^۲} جم (د۲)$$

ح ۔ ف یعنے زمین کا افقی مقناطیسی میدان

ط۱، ط۲ اور د۱، د۲ کی پیمائش کے بعد (ق) شمار ہوسکتا ہے متذکرۂ بالا جملہ کا ثبوت طالب علم کی مشق کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے۔

تجربہ (۷)۔ سلاخی مقناطیس کے مقناطیسی معیار اثر کی تعیین، تعدیلی نقطہ کے ذریعہ


(۳)۔ مقناطیس کے محور کو مقناطیسی نصف النہار پر علی القوائم رکھو۔ خطوط قوت کھینچو اور ان سے تعدیلی نقطوں کے مقام بصحت ممکنہ دریافت کرو۔ پھر دونوں نقطوں کے لئے ط۱، ط۲ اور د۱، د۲ کو ناپ کر (م) کی قیمت نکالو۔

فصل (۳)۔ مقناطیسی محور اور مقناطیسی نصف النہار

جب ایک مقناطیس انتصابی محور پر آزادانہ گھومنے کے قابل لٹکایا جاتا ہے تو وہ متقاضی ہوتا ہے کہ اس کے جسم کی ایک مستقل سمت زمین پر کی ایک مستقل سمت کے متوازی ہو۔ مقناطیس کے جسم کی مستقل سمت اس کا **مقناطیسی محور** کہلاتی ہے، اور زمین پر کی مستقل سمت **مقناطیسی نصف النہار** کی

سمت کہلاتی ہے۔ اگر مقناطیس لمبا اور پتلا ہے تو اس کا مقناطیسی محور اس کے طول (یعنے اس کے ہندسی محور) کے ساتھ منطبق سمجھا جاسکتا ہے۔ لیکن مقناطیس چوڑا، مثلاً روز مرہ استعمال کا سلاخی مقناطیس ہو تو اس کے ہندسی یا تشاکل کے محور کے ساتھ اس کو منطبق سمجھنا (تجربہ کئے بغیر) جائز نہیں۔ ذیل میں ایک طریقہ بیان کیا جاتا ہے جو مقناطیسی رصدگاہوں میں مقناطیسی نصف النہار اور مقناطیس کے محور کی سمت دریافت کرنے کے لئے مستعمل ہے۔

فرض کرو مقناطیس ایک قرص کی شکل میں تیار ہوا ہے جس کا محور بالکل غیر معلوم ہے۔ طلباء کی مشق کے لئے لکڑی کے ایک دائری صندوقچہ میں ایک ہلکا سلاخی مقناطیس جمادیا جاتا ہے اور صندوقچہ کا ڈھکن بند کرکے مقناطیس کی وضع نظر سے بالکل پوشیدہ کردی جاتی ہے، صندوقچہ کے اوپر اور نیچے کے پہلوؤں پر ایک خط قطر کے مقابل کے سروں (ا) اور (ب) کو ملاکر کھینچا جاتا ہے تاکہ اس کے حوالہ سے مقناطیسی محور اور نصف النہار کی تعیین ہو۔ (ملاحظہ ہو شکل ۷)۔



شکل (۷)
مقنایا ہوا قرص


اب یہ معلوم کرنا ہے کہ چھپے ہوئے مقناطیس (یا پورے مقناطیسی قرص) کے محور اور اس خط میں کیا زاویہ ہے۔

تجربہ (۸)۔ کسی مقام پر مقناطیسی نصف النہار

اور دیئے ہوئے ایک مقناطیس کے مقناطیسی محور کی تعیین - مقناطیسی قرص کو اُس کے ایک سطح پہلو کے مرکز سے بذریعہ ایک باریک مضبوط ریشہ کے لٹکاؤ - ریشہ میں کسی طرح کا پیچ یا بل نہ ہونا چاہئے - ورنہ زمین کے مقناطیسی میدان کے جفت کے علاوہ قرص پر ریشہ کے بل کی وجہ سے ایک اور جفت بھی عمل کریگا - قرص کے ذرا ہی نیچے لیکن اُس سے بالکل علٰحدہ، کاغذ کا ایک تاؤ افقی وضع میں جمادیا جائے - جب قرص سکون کی حالت میں آجائے اس پہ جو خط آ ب کھینچا گیا ہے اس کی وضع کاغذ پر صحیح کھینچ لی جائے - قرص بطور خود ساکن ہونے تک انتظار کرنے کی ضرورت نہیں - اہتزاز کی انتہائی وضعیں معلوم کرنے کے بعد آدھے راستہ میں آہستہ سے اس کی حرکت روکدی جاسکتی ہے - خط آ ب کی صحیح وضع کاغذ پر کھینچنے کی غرض سے (آ) اور (ب) کے پاس دو الپین انتصابی وضع میں نیچے کی جانب چبھو دیئے جاسکتے ہیں - اس طرح کاغذ پر ایک خط آ ب کھینچا جاسکتا ہے -

پھر قرص کو الٹ کر اس کے دوسرے مسطح پہلو کے مرکز سے پہلے کی طرح لٹکانا چاہئے - اور خط آ ب کی نئی وضع کاغذ پر کھینچی جائے - اس کو آ' ب' فرض کرو - شکل (۸) واضح ہو کہ خود قرص پر علاوہ آ ب کے کوئی اور خط نہ کھینچے جائیں - اب کاغذ پر دو خطوط آ ب اور آ' ب' ایک مخصوص زاویہ پر مائل کھینچے گئے ہونگے - ذرا سا غور کرنے سے معلوم ہوجائیگا کہ مقناطیسی محور کی سمت ان دونوں خطوں کے زاویہ میلان کی تنصیف کرتی ہے - کیونکہ قرص کا مقناطیسی محور تعلیق کی حالت میں مقناطیسی نصف النہار کے ساتھ منطبق

ہوتا ہے جو مقام تجربہ پر مستقل ہے، اور اُس کا خط آ آ اسکی پہلی وضع میں نصف النہار کے ایک جانب اُسی زاویہ پر ہونا چاہئے جس پر وہ اس کی دوسری وضع میں نصف النہار کے دوسرے جانب تھا۔



شکل (۸)
مقناطیسی نصف النہار


نقطے آ اور آ ایک ہی نمائندہ (ا) کے ذریعہ قرص کی ایک ایک وضع میں حاصل ہوئے ہیں۔ اسی طرح نمائندہ (ب) کے ذریعہ دوسرے دو نقطے (ب) اور (ب) حاصل ہوئے ہیں۔ پس قرص کو الٹا کر دوبارہ توازن کی حالت میں جو آنے دیا گیا اُس سے مجازاً وہی عمل میں آیا ہے جو اس کو آ، آ اور ب، ب کے بیچ میں سے گزرنے والے قطر کے گرد گھمانے سے پیش آتا۔ لہذا شکل (۸) میں جو خط ش ج زاویوں آ ش آ اور ب ش ب کی تنصیف کرتا ہے قرص کا مقناطیسی محور ہے اور مقام تجربہ کا مقناطیسی نصف النہار اس سے منطبق ہے۔

زاویہ پیما کے ذریعہ کاغذ پر مقناطیسی نصف النہار کی سمت یعنے خط ش ج اور خط آ ب یا آ ب کا زاویہ میلان ناپ لیا جائے۔ اور آئندہ تجربوں میں بکار آمد ہونے کی غرض سے اِس نصف النہار کی سمت اور معمل کے کسی مستقل خط (مثلاً تجربہ کی میز کے کسی کنارہ) کا زاویہ میلان بھی احتیاط

کے ساتھ ناپ لیا جائے۔

فصل (۴) سلاخی مقناطیس کی قوتِ کشش

کولومب نے مقناطیس کی لمبائی کے مختلف مقاموں پر قوت کشش کی پیمائش کی تو معلوم ہوا کہ اس قوت اور مقناطیس کی لمبائی کے تعلق کو ایک منحنی کے ذریعہ تعبیر کیا جا سکتا ہے جو شکل (۹) میں بتایا گیا ہے۔ اُس نے قوت کشش کی پیمائش لوہے کے وزنوں سے کی جو مقناطیس کے مختلف مقاموں پر سہارے جا سکتے تھے۔




شکل (۹)
سلاخی مقناطیس کی قوت کشش

شکل میں منحنی کے معیّن قوت کشش کے متناسب ہیں اور مقطوعے مقناطیس کے طول کے متناسب۔ اگر مقناطیس اچھی طرح یکساں مقنایا گیا ہے تو منحنی مقناطیس کے مرکز (ج) کے لحاظ سے متشاکل ہوتا ہے۔

تجربہ (۹)۔ سلاخی مقناطیس کی قوتِ کشش کی تعیین۔ مقناطیس کے طول پر مساوی فاصلوں سے دس ایک نشان کر لئے جائیں، اور اس کو ایک ہمواری میز پر کثافتِ اضافی دریافت کرنے کی میزان کے پلڑے کے نیچے رکھا جائے۔ چھوٹے پلڑے کے آنکڑے سے ایک چھوٹا

(نرم) لوہے کی گولی لٹکائی جائے۔ ملاحظہ ہو شکل (۱۰)۔ دریافت کرو دوسرے پلڑے میں سب سے زیادہ کیا وزن رکھا جا سکتا ہے جبکہ ہموار میز کی سطح کو نیچے اُتارنے پر لوہے کی گولی مقناطیس کو پکڑے رہتی ہے۔ مقناطیس کے طول پر جہاں جہاں نشان کیا گیا ہے وہاں گولی رکھ کر یہی عمل دوہرایا جائے۔

واضح ہو کہ یہ کشش زیادہ تر مقناطیس اور لوہے کے تماس کی "قربت" پر موقوف ہے۔ جسقدر قریب کا تماس ہوگا اسیقدر کشش بھی زیادہ ہوگی۔ ذرا بھی چکنائی یا گرد اگر حائل ہو تو قوت میں کئی گرام کے وزن کی کمی محسوس ہوگی۔ پس گولی کو نشان مقررہ پر مقناطیس سے لگا دینے کے بعد اس کے عرض کی سمت میں خفیف سا رگڑنا چاہئے تاکہ گرد وغیرہ نکل جائے اور تجربہ میں مشاہدات کی یکسانی کا تیقّن ہو۔



شکل (۱۰)

قوت کشش کی تعیین

لوہے کی گولی مقناطیس سے چھوٹتے وقت میزان کو نقصان

نہ پہنچنے کے لئے پلڑے میں باٹ بتدریج اور بہت احتیاط کیساتھ رکھے جانے چاہئیں۔ اور اس کے نیچے لکڑے کے کندے جمائے جانے چاہئیں تاکہ میزان کی حرکت محدود کردی جائے۔

گولی کے وزن کی تعیین کی جائے جبکہ مقناطیس اس کے قریب نہ ہو۔ اور متذکرہ بالا مشاہدات میں دوسرے پلڑے میں جو باٹ رکھے گئے تھے اُن میں سے اِس وزن کو منہا کرلیا جائے تاکہ مقناطیس کی قوت کشش معلوم کی جائے۔

ایک ترسیم کھینچی جائے جس سے مقناطیس کے طول کے مختلف مقاموں پر کی کشش معلوم ہوسکے بجائے نا مساوی طول کے پلڑوں کی میزان استعمال کرنے کے اِس تجربہ میں کمانیدار میزان سے کام لیا جاسکتا ہے۔ ایسی صورت میں ہمواری میز کو نیچے اتار سکتے ہیں یا خود کمانی دار میزان کو آہستہ اوپر اٹھا سکتے ہیں یہاں تک کہ گولی مقناطیس سے چھوٹ جائے۔ جوں ہی گولی چھوٹتی ہے میزان پر قوت کی قیمت پڑھ لی جائے۔


دوسرا باب

مقناطیسیت پیمائی

فصل (۱)۔ انصرافی مقناطیسیت پیما

سادہ ترین قسم کے مقناطیسیت پیما میں ایک مقناطیسی سوئی انتصابی کھونٹی پر اُفقی وضع میں سہارا دی جاتی ہے یا باریک ریشہ سے اِس طرح لٹکائی جاتی ہے کہ انتصابی محور پر آزادانہ پھر سکے۔ اس کے گرد ایک دائری درجہ دار پیمانہ نصب کیا جاتا ہے تاکہ سوئی کا انصراف ناپا جائے۔ سوئی اور پیمانہ عموماً لکڑی یا پیتل کے ایک مناسب صندوقچہ میں رکھے جاتے ہیں جس کا اوپر کا پہلو شفاف شیشہ کا ہوتا ہے۔ چونکہ سوئی چھوٹی ہوتی ہے اور دائری پیمانہ صحت پیمائش کی غرض سے وسیع ہوتا ہے اِس لئے سوئی کے ایک ہلکا کانی لمبا نمائندہ (ن ن) جوڑ دیا جاتا ہے۔ دائری پیمانہ عموماً اسقدر وسیع ہوتا ہے کہ اُس پر ۱° زاویہ تک نشان صحت کے ساتھ پڑھے جاسکتے ہیں۔ مقناطیسیت پیما کے قاعدہ پر ایک مستوی آئینہ جما دیا جاتا ہے تاکہ اس کی مدد

سے سوئی کا مقام اختلاف منظر بغیر پڑھا جائے۔ مشاہدہ کرنیوالا



شکل (۱۱)
انصرافی مقناطیسیت پیما

اپنی آنکھ ایسی وضع میں رکھتا ہے کہ نمائندہ کا خیال آئینہ میں خود نمائندہ کے پیچھے چھپ جاتا ہے، جس سے پیمانہ پر نظر سیدھی پڑتی ہے اور نمائندہ کا صحیح مقام پڑھ لیا جاتا ہے۔


اِس سے زیادہ صحت کے تجربوں میں آئینہ دار مقناطیسیت پیما استعمال کرتے ہیں۔ اِس آلہ میں مقناطیسی سوئی پر ایک آئینہ جوڑ دیا جاتا ہے۔ ایک چراغ سے نور کی پنسل نکل کر آئینہ سے ٹکراتی ہے اور منعکس ہوکر چراغ پر افقی وضع میں ترتیب دیئے ہوئے ایک پیمانہ پر پڑتی ہے۔ پیمانہ پر پنسل کا مقام پڑھنے سے مقناطیسی سوئی کا انصراف ناپ لیا جاتا ہے۔ گویا پنسل ایک طویل اور وزن سے مطلقاً آزاد نمائندہ کا کام دیتی ہے جس کا زاویۂ تحویل زاویۂ انصراف کے دوچند ہے۔

تجربہ کرتے وقت مقناطیسیت پیما کو عموماً ایسی وضع میں رکھتے ہیں کہ صرف زمین کے افقی مقناطیسی میدان (ف) کے زیر اثر

سوئی کا نمائندہ پیمانہ کے صفر نشان پر ہوتا ہے۔ اس کے بعد سوئی کے قریب ایک مقناطیس رکھ کر (ف) کی سمت کے علی الزوائم (ج) حدت کے ایک دوسرے میدان کا اثر ڈالا جاتا ہے، جس سے سوئی کا نمائندہ بقدر زاویہ (ذ) منصرف ہوتا ہے۔ (ذ) کو ناپ کر (ح) اور (ف) کا باہمی تعلق مصرحہ ذیل ضابطہ سے معلوم کر لیا جاتا ہے:—

$$\frac{ح}{ف} = ظا\ ذ$$

واضح ہو کہ (ح) اور (ف) باہمدگر علی القوائم یکسان مقناطیسی میدان ہیں جو سوئی پر عمل کرتے ہیں، اور (ذ) سوئی کے مقناطیسی محور اور میدان (ح) کا زاویہ میلان ہے۔ شکل (۱۲) کے ملاحظہ سے اس کا ثبوت ملیگا۔



شکل (۱۲)

ش ج سوئی ہے جس کے قطب کی قیمت (ق) فرض کی گئی ہے۔ شمالی قطب (ش) دو قوتوں کے تابع ہے: ایک قوت (ق ف) ڈائین (ف) کے متوازی ہے، اور دوسری (ق ح) ڈائین (ح) کے متوازی ہے۔ جنوبی قطب

ح = ف ظا (ذ)

(ج) انکے مساوی المقدار لیکن مخالف السمت قوتوں کے تابع ہے۔ پس مقناطیسی سوئی پر قوتوں کے دو جفت عامل ہیں اور انکے زیر اثر سوئی حالتِ توازن اختیار کرتی ہے۔

سوئی کے مرکز (س) کے گرد قوتوں کا معیار اثر ناپنے سے

$$ق ف \times س ۲ = ق ح \times س ب$$

$$یا \quad \frac{ح}{ف} = \frac{س ب}{س ۲} = \frac{ش ۲}{س ۲}$$

$$= مس ∠ ز$$

$$پس \quad ح = ف مس ∠ ز$$

اگر زمین کا افقی میدان (ف) معلوم ہے تو زاویہ (ز) کو ناپ کر مقناطیس کے میدان کی حدت (ح) دریافت کرسکتے ہیں۔

مقناطیسیت پیما کے اکثر تجربوں میں میدان (ح) محض تقریباً یکساں ہوتا ہے۔ اس لئے مقناطیسیت پیما کی سوئی چھوٹی ہونی چاہئے۔ ایسی صورت میں (ح) کی قیمت کو سوئی کے گرد یکساں فرض کرنے میں صرف خفیف سی خطا واقع ہوتی ہے۔

فصل (۲) مقناطیسیت پیما کے ذریعہ مقناطیسی میدانوں کا مقابلہ

تجربہ (۱۰) - ایک مجرد قطب کا میدان۔

مقناطیسیت پیما کی سوئی کے ذریعہ مقناطیسی نصف النہار کی تعیین کی جائے۔ اور میز پر اس سمت کے علی القوائم ایک میتری پیمانہ رکھا جائے۔ مقناطیسیت پیما کا صندوقچہ میتری پیمانہ پر اس طرح ترتیب دیا جائے کہ صندوقچہ کا مرکز پیمانہ کے وسطی نشان پر واقع ہو۔ پھر صندوقچہ اور میتری پیمانہ کی وضع کو ٹھیک کرکے نمائندہ صفر نشان پر لایا جائے اور پیمانہ ٹھیک مقناطیسی مشرق و مغرب کی سمت میں

ترتیب دیا جائے ۔ بعض قسم کے مقناطیسیت پیمائیں میں میتری پیمانہ آلہ کے ساتھ مستقل طور پر جُڑا ہوا ہوتا ہے ۔ (مثلاً اب شکل ۱۱)


قبل ازیں صفحہ (۹) پر جس کریدار مقناطیس کا ذکر آیا ہے اس کو استعمال کرنا چاہئے ۔ چونکہ صرف ایک قطب کا اثر دریافت کرنا مقصود ہے اس لئے مقناطیس کا دوسرا قطب ایسی وضع میں رکھا جانا چاہئے کہ مقناطیسیت پیما کے نمائندہ پر اس کا کچھ اثر محسوس نہ ہو مقناطیس کو انتصابی وضع میں لکڑی کی لیکن کے سہارے پکڑنے سے یہ مطلب پورا ہوتا ہے ۔

تجربہ میں مقناطیس کا اوپر کا قطب مقناطیسیت پیما سے معتدبہ دُور (تقریباً ایک میتر) واقع ہوتا ہے ، اور نیچے کے قطب کا فاصلہ اس سے ۲۰ سنتی میتر سے شاذ ہی اوقات بڑھا ہوا ہوتا ہے ۔ پس اس انتہائی صورت میں بھی اوپر کے قطب کی وجہ سے سوئی پر جو قوت عمل کریگی نیچے کے قطب کی قوت سے ۴ فیصد سے بڑھکر نہ ہوگی ۔ مقناطیس کو انتصابی وضع میں رکھنے سے مقناطیسیت پیما پر مقناطیس کے اوپر والے قطب کی قوت کا افقی جزو، مقناطیسیت پیما کے زیادہ ترین فاصلہ کی صورت میں اس کی سالم قوت کی جو قیمت ہوتی ہے اس کا $\frac{1}{5}$ حصہ ہوجاتی ہے ۔

اس سے ظاہر ہے کہ اوپر والے قطب سے پیدا ہونے والی افقی قوت کی انتہائی قیمت نیچے والے قطب کی وجہ سے پیدا ہونے والی قوت سے ایک فیصدی سے کم ہوتی ہے ۔ نشانات کے پڑھنے میں جو خطائیں واقع ہوتی ہیں اس سے بہت زیادہ اہم ہوتی ہیں ۔ اس لئے یہ خطا ناقابل لحاظ سمجھی جاسکتی ہے

اگر مقناطیس کو ذرا سا ٹیڑھا کرکے اوپر والے قطب کو (شکل ۱۳ کی طرح) مقناطیسیت پیما کے وسطی حصہ کے اوپر

لایا جائے تو اس کی وجہ سے جو کچھ بھی افقی قوت پیدا ہوگی سوئی پر اس کا قطعاً اثر نہ ہوگا۔ جیسا کہ قبل ازیں ذکر آچکا ہے یہ وضع صحت تجربہ کے لئے لازمی نہیں ہے۔



شکل (۱۳)
مجرد قطب کا مقناطیسی میدان

مقناطیس کا پہلا قطب میتری پیمانہ پر اس طرح رکھا جانا چاہئے کہ اس کا میدان مقناطیسیت پیما پر مشرق مغرب (مقناطیسی) کو ملانے والے خط کی سمت میں واقع ہو۔ ایسی صورت میں اس سے مقناطیسیت پیما کے مرکز پر جو مقناطیسی قوت (ح) عمل کریگی $\frac{ق}{ط^2}$ کے مساوی ہوگی، اگر (ق) سے قطب کی قیمت، اور (ط) سے اس کا فاصلہ مرکز سے تصور کیا جائے۔ اگر زاویہ انصراف (ذ) ہو تو

$$ح = ف \text{ مس } ذ \text{ یا } \frac{ق}{ط^2} = ف \text{ مس } ذ$$

لہذا $ط^2 \text{ مس } ذ = \frac{ق}{ح}$ جو قطب زیر امتحان کے لئے ایک مستقل مقدار ہے۔

پس اگر ایک ہی قطب کے ساتھ (ط) کو بدل بدل کر (ذ) کی قیمتوں کا (نمائندہ کے دونوں سروں کے نشان پڑھ کر) سلسلہ تیار کیا جائے تو $ط^2 \text{ مس } ذ$ کی قیمت مستقل برآمد ہونی چاہئے۔

اِن نتائج کو جدول کی شکل میں ط، ذ، مس ذ اور $ط^2 \text{ مس } ذ$ کے عنوان سے ترتیب دیا جائے۔

اگر آخری خانہ کے عدد تقریباً مستقل برآمد ہوں تو اس سے اس امر کی تصدیق ہوتی ہے کہ ایک مجرد قطب کی وجہ سے جو قوت پیدا ہوتی ہے، قطب کے فاصلہ کے مربع سے عکسی نسبت رکھتی ہے۔

تجربہ (۱۱) - سلاخی مقناطیس کا میدان۔

ایک چھوٹا لیکن زوردار سلاخی مقناطیس لو اور ایک میتری پیمانہ پر اس طرح لٹاؤ کہ اس کا محور پیمانہ کے متوازی ہو اور مقناطیسی نصف النہار پر علی القوائم۔ اس وضع میں جس کو ہم 'سیدھی وضع' کہینگے مقناطیس سے مقناطیسیت پیما پر مقناطیسی مشرق و مغرب کی سمت میں ایک میدان (ح = $\frac{م۲}{ط۳}$ تقریباً) عامل ہوگا، جس میں (م) مقناطیس کا مقناطیسی معیار اثر ہے اور (ط) مقناطیسیت پیما اور مقناطیس کے مرکزوں کا درمیانی فاصلہ ہے۔

واضح ہو کہ یہ تقریبی مساوات صرف اسی صورت میں صحیح ہوتی ہے جبکہ مقناطیس کا طول فاصلہ (ط) کی نسبت بہت چھوٹا ہوتا ہے۔

مقناطیسیت پیما کی سوئی بقدر زاویہ (ذ) منصرف ہوگی (ذ) کو (ح) کے ساتھ چونکہ ح = ف مس ∠ذ تعلق ہے لہذا $\frac{م۲}{ط۳}$ = ف مس ∠ذ۔ اور ایک ہی مقناطیس

سے جب تک امتحان ہوگا ط۳ ف مس دز = م۲/ق کی قیمت مستقل رہنی چاہئے۔

فصل (۳)۔ مقناطیسیت پیما کے ذریعہ مقناطیسی معیار اثر کا مقابلہ

ابتدائی تحقیق

پہلے ہم سہولت کی غرض سے فرض کر لیتے ہیں کہ مقناطیسوں کا طول اتنا چھوٹا ہے کہ مقناطیسیت پیما کے فاصلہ کے مقابلہ میں ناقابل لحاظ سمجھا جا سکتا ہے۔


تجربہ (۱۲)۔ مقناطیسی میار اثروں کا مقابلہ "سیدھی" یا (الف) وضع کے ذریعہ۔

ایک میتری پیمانہ کو میز پر بچھا دو اور مقناطیسیت پیما کو اس پر اس طرح رکھو کہ اس کا مرکز میتری پیمانہ کے مرکز سے منطبق ہو اور اس کے صفروں کا خط ٹھیک پیمانہ کے طول کی سمت میں ہو۔ اب پیمانہ کو پھیر کر مقناطیسیت پیما کی سوئی کے انداز سے مقناطیسی مشرق و مغرب کے خط کی سمت میں لاؤ۔

(۱) مماسوں یا مساوی فاصلوں کا طریقہ۔

مقناطیسی معیار اثر (م۱) والے مقناطیس کے مرکز کو میتری پیمانہ کے ایک معین نشان پر اس طرح رکھو کہ اس کا محور پیمانہ یعنے مقناطیسی مشرق و مغرب کے خط کی سمت میں واقع ہو۔ مقناطیسیت پیما کا فاصلہ مقناطیس کے طول کے مقابلہ میں بڑا ہونا چاہئے لیکن اتنا بھی بڑا نہ ہو کہ سوئی کے انصراف

کا زاویہ بہت قلیل ہو - ۱۵° اور ۵۵° کے درمیان انصراف موزوں ہے - نمائندہ کے دونوں سروں کے نشان پڑھ لئے جائیں - (احتیاط کی جائے کہ اختلاف منظر نہ ہونے پائے) - مقناطیس کو الٹ کر شمالی سرے کی جگہ جنوبی سرا رکھدو لیکن مرکز کا مقام بدلنے نہ پائے - اور مکرر سوئی کے نمائندہ کے نشان پڑھ لئے جائیں -



شکل (۱۴)

"سیدھی" وضع - مماسوں کا طریقہ

اب یہی مشاہدے مقناطیس کو مقناطیسیت بیجا کے دوسرے جانب اسی فاصلہ پر رکھ کر دوہراؤ - فرض کرو ان تمام مشاہدوں سے اوسط زاویہ انصراف (ذ) برآمد ہوتا ہے -

(م۲) مقناطیسی معیار اثر والے مقناطیس کو لیکر اس کے مرکز کو پہلے مقناطیس کے مرکز کی جگہوں ہی پر رکھو اور اس کے ساتھ بھی یہی عمل کرو - اگر زاویہ انصراف کی اوسط قیمت (ذ۲) ہے تو


$$\text{تقریباً} \quad \frac{م_1}{م_2} = \frac{\text{مس}\, ذ_1}{\text{مس}\, ذ_2}$$

$$\text{کیونکہ} \quad ح_1 = \frac{م_1}{ط_1^2}\,,\ ح_2 = \frac{م_2}{ط_2^2}$$

$$\text{اور} \quad ح_1 = ف\ \text{مس}\, ذ_1 \ \text{اور}\ ح_2 = ف\ \text{مس}\, ذ_2$$

$$\therefore \quad \frac{م_1}{م_2} = \frac{\text{مس}\, ذ_1}{\text{مس}\, ذ_2}$$

(۲) **عدم انصراف کا طریقہ** ۔ اس طریقہ میں دونوں مقناطیس ایک ساتھ مقناطیسیت پیما کے مقابل جانب رکھے جاتے ہیں، ایک اس کے مشرق پر ہوتا ہے اور دوسرا اسکے مغرب پر ۔ اور ان کے فاصلوں کو ترتیب دیکر سوئی کا انصراف صفر بنایا جاتا ہے ۔ واضح ہے کہ مقناطیسوں کے مشابہ قطب مقناطیسیت پیما کی طرف رخ کئے ہونگے ۔ مقناطیسیت پیما کے مرکز اور مقناطیسوں کے مرکزوں کے درمیانی فاصلے ط۱، ط۲ ناپ لئے جائیں ۔ اب فاصلہ (ط۱) کو مستقل رکھ کر مقناطیسوں



شکل (۱۵)

"سیدھی" وضع ۔ صفر انصراف کا طریقہ

کو الٹ دو تاکہ ان کے دوسرے قطب ایک دوسرے کے مقابل ہوں، اور دوسرے مقناطیس کا فاصلہ (ط۲) ٹھیک کرو تاکہ پھر انصراف صفر ہوجائے۔ (ط۲) کی قیمت میں خفیف سا تغیر ممکن ہے۔ (ط۲) کی دونوں قیمتوں کا اوسط نکالو۔ تو

$$\text{تقریباً} \quad \frac{م_1}{م_2} = \frac{(ط_1)^3}{(ط_2)^3}$$

اسلئے کہ ح۱ = $\frac{م_2 م_1}{(ط_1)^3}$، ح۲ = $\frac{م_2 م_2}{(ط_2)^3}$۔ اور چونکہ انصراف صفر ہے ح۱ = ح۲

$$\text{پس} \quad \frac{م_1}{م_2} = \frac{(ط_2)^3}{(ط_2)^3}$$

تجربہ (۱۳)۔ مقناطیسی معیار اثروں کا مقابلہ

"آڑی" یا (ب) وضع کے ذریعہ۔ میتری پیمانہ کو پھیر کر مقناطیسی نصف النہار میں لاؤ لیکن مقناطیسیت پیما کو پیمانہ کے مرکز ہی پر رہنے دیا جائے۔ عائندہ دائری پیمانہ کے صفر پر آنے کے لئے مقناطیسیت پیما کے صندوقچہ کو میتری پیمانہ پر زاویہ قائمہ میں گھمانا چاہئے۔


(۱) مماسوں یا مساوی فاصلوں کا طریقہ۔

(م۱) مقناطیسی معیار اثر والے مقناطیس کو میتری پیمانہ پر اس طرح رکھو کہ اس کا محور مقناطیسی مشرق و مغرب کی سمت میں ہو، اور نمائندہ کا نشان پڑھو۔ مقناطیس کو الٹ کر پہلے سرے کی جگہ دوسرا سرا رکھدو، اور پھر نمائندہ کا نشان پڑھ لو۔


یہی مشاہدات مقناطیس کو مقناطیسیت پیما کے دوسرے جانب اسی فاصلہ پر رکھ کر دوہراؤ۔ فرض کرو انصراف کے تمام

زاویوں کا اوسط (ز۱) ہے

دوسرے مقناطیس (م۲ مقناطیسی معیار اثر والے) کو مقناطیسیت پیما سے اسی فاصلہ پر اسی طرح رکھ کر مثل سابق انصراف کے زاویئے دیکھ لو۔ فرض کر ان کی اوسط قیمت (ز۲) ہے



شکل (۱۶)
"آڑی" وضع
مماسوں کا طریقہ



شکل (۱۶ب)
"آڑی" وضع
صفر انصراف کا طریقہ

تو تقریباً $\frac{م_1}{م_2} = \frac{مس\angle ز_1}{مس\angle ز_2}$

کیونکہ ح۱ = $\frac{م_1}{ط_1^3}$ اور ح۲ = $\frac{م_2}{ط_2^3}$ اور ح۱ = ف مس ∠ز۱ اور ح۲ = ف مس ∠ز۲

$$\therefore \quad \frac{م_1}{م_2} = \frac{\text{مس}\angle ز_1}{\text{مس}\angle ز_2}$$

(۱۱) **صفر انصراف کا طریقہ** - ایک مقناطیس مقناطیسیت پیما کے شمال پر رکھا جاتا ہے اور دوسرا اس کے جنوب پر، اور مقناطیسیت پیما سے ان کے فاصلوں ط۱، ط۲ کو ٹھیک کرکے سوئی کا انصراف صفر کردیا جاتا ہے (شکل ۱۷)۔ اب ط۱ کو وہی رکھ کر مقناطیسوں کو الٹ دو اور ط۲ کو (اگر ضرورت ہو تو) کرر ٹھیک کرلو تاکہ انصراف پھر صفر ہوجائے۔ اس کے بعد ط۲ کی اوسط قیمت نکالو۔ دونوں مقناطیس مشرق و مغرب کی سمت میں ہونے چاہئیں۔

$$\text{تو تقریباً} \quad \frac{م_1}{م_2} = \frac{(ط_1)^3}{(ط_2)^3}$$

اس لئے کہ ح۱ اور ح۲ مساوی ہیں اور


$$ح_1 = \frac{م_1}{(ط_1)^3} \quad \text{اور} \quad ح_2 = \frac{م_2}{(ط_2)^3}$$

پس مقناطیسی معیار اثروں کا مقابلہ کل چار جداگانہ طریقوں سے ہوسکتا ہے ان میں دو "سیدھی" وضع کے طریقے ہیں اور دو "آڑی" وضع کے۔ چاروں صورتوں میں زیر امتحان مقناطیسوں کے محور مشرق و مغرب کی سمت میں واقع ہوتے ہیں۔

فصل (۴) مقناطیسیت پیما کے ذریعہ مقناطیسی معیار اثروں کا مقابلہ پہلے سے زیادہ صحیح تحقیق

(الف) مقناطیس کے محور پر واقع نقطہ کے پاس مقناطیسی میدان کی حدت - "سیدھی" وضع -

مقناطیس کے قطب کی قیمت (ق) اور قطبین کا درمیانی فاصلہ (۲ل) ہے تو اس کا مقناطیسی معیار اثر (م) = ۲ل ق - مقام (ن) کے پاس اگر شمالی مقناطیسی قطب کی اکائی



شکل (۱۸)

"سیدھی" وضع

ہو تو اس پر (ش) کی قوت اندفاع

$$\frac{ق}{(ش\,ن)^{۲}} = \frac{ق}{(ط-ل)^{۲}}$$ ہے

اور (ج) کی قوت انجذاب

$$\frac{ق}{(ج\,ن)^{۲}} = \frac{ق}{(ط+ل)^{۲}}$$ ہے

پس (ن) کے پاس حاصل مقناطیسی قوت

$$ح = \frac{ق}{(ط-ل)^2} - \frac{ق}{(ط+ل)^2}$$

$$= \frac{ق}{(ط^2-ل^2)^2}\left\{(ط+ل)^2 - (ط-ل)^2\right\}$$


$$= \frac{ق\,ط\,ل}{(ط^2-ل^2)^2} = \frac{م\,2\,ط}{(ط^2-ل^2)^2}$$

جب (ط) بمقابلہ (ل) بڑا ہوتا ہے تو $(\frac{ل}{ط})^2$ بمقابلہ $(\frac{ل}{ط})$ ناقابل لحاظ سمجھا جا سکتا ہے، اور

$$ح = \frac{م\,2}{ط^3} \quad (تقریباً)$$

(ب) - مقناطیس کے خط استوا پر واقع نقطہ کے پاس مقناطیسی میدان کی حدت "آڑی" وضع

اس صورت میں نقطہ (ن) مقناطیس کے محور کو علی القوائم تنصیف کرنے والے خط پر واقع ہے۔ (دیکھو شکل ۱۹) - (ن) کے پاس مقناطیسی میدان کی حدت کے اجزاء ترکیبی $\overline{ش\,ن}$ کی سمت میں $\frac{ق}{(ش\,ن)^2}$ اور $\overline{ج\,ن}$ کی سمت میں $\frac{ق}{(ج\,ن)^2}$ ہیں۔



"آڑی" وضع

یہ دونوں جزو مساوی ہیں، اور ہر ایک س ن کی سمت اور اوس کے علی القوائم سمت میں حل ہوسکتا ہے۔ س ن کی سمت میں عمل کرنیوالے جزو ایک دوسرے کو تلف کرتے ہیں، اور اسکے علی القوائم سمت کے جزو حاصل مجموعی قوت

$$ح = \frac{ق}{(ش ن)^{۲}} \text{جم} \angle \text{ن ش س} + \frac{ق}{(ج ن)^{۲}} \text{جم} \angle \text{ن ج س}$$ پیدا کرتے ہیں

$$= \frac{۲ق}{(ش ن)^{۲}} \cdot \frac{س ش}{ش ن} = \frac{۲ق ل}{(ش ن)^{۳}} = \frac{م}{(ط^{۲} + ل^{۲})^{\frac{۳}{۲}}}$$

$$= \frac{م}{ط^{۳}}$$

تقریباً، جبکہ (ط) بمقابلہ (ل) لمبا ہوتا ہے۔

مقناطیس کے میدان کی حدت (ح) کا مقابلہ زمین کے افقی مقناطیسی میدان (ف) کے ساتھ بذریعہ ضابطہ ح = ف مس ∠ زکیا جاتا ہے ملاحظہ ہو صفحہ (۲۴)۔ یہاں فرض کرلیا جاتا ہے کہ مقناطیسیت پیما کی سوئی اس قدر چھوٹی ہے کہ اس کے قریب میں مقناطیسی میدان یکساں تصور ہوسکتا ہے

متذکرہ بالا نتائج سے چار جداگانہ طریقے حاصل ہوتے ہیں جو مقناطیسیت پیما کے ذریعہ، دو مقناطیسوں کے مقناطیسی معیار اثر کا مقابلہ کرنے میں مستعمل ہوسکتے ہیں۔ تجربوں کی مزید صراحت کے لئے صفحہ (۳۰) کی ابتدائی تحقیق دیکھ لی جائے۔

تجربہ (۱۴)۔ مقناطیسی معیار اثر دوں

کا مقابلہ "سیدھی" وضع کے ذریعہ - (تجربہ ۱۲ کے مشابہ

(۱) مماسوں یا مساوی فاصلوں کا طریقہ - مقناطیسوں کو بالترتیب مقناطیسیت پیما سے ایک ہی فاصلہ (ط) پر اس طرح رکھو کہ ان کے محور سوئی کے مرکز میں سے گزریں اور مقناطیسی نصف النہار پر عمود ہوں۔ سوئی کا انصراف پیدا کرنے والے مقناطیسوں کے محور مشرق و مغرب کی سمت میں ہونے چاہئیں - انکی اس وضع سے سوئی کا انصراف اعظم ہوتا ہے۔

فرض کرو سوئی کا نمائندہ بالترتیب انصراف کا زاویہ ($ذ_۱$) اور ($ذ_۲$) بتاتا ہے۔

تو $ح_۱ = \frac{۲م_۱ ط^۲}{(ط^۲ - ل^۲)^۲}$ اور $ح_۲ = \frac{۲م_۲ ط^۲}{(ط^۲ + ل^۲)^۲}$

چونکہ ($ط_۱$) اور ($ط_۲$) مساوی ہیں اسلئے ان کے بجائے (ط) لکھو

$$\text{پس } \frac{ح_۱}{ح_۲} = \frac{\frac{۲م_۱ ط^۲}{(ط^۲ - ل^۲)^۲}}{\frac{۲م_۲ ط^۲}{(ط^۲ + ل^۲)^۲}} = \frac{ف\,مس\,ذ_۱}{ف\,مس\,ذ_۲}$$

$$\frac{م_۱}{م_۲} = \frac{(ط^۲ + ل^۲)^۲}{(ط^۲ - ل^۲)^۲} \times \frac{مس\,ذ_۱}{مس\,ذ_۲}$$

اگر مقناطیس تقریباً مساوی طول کے ہوں تو

$$\frac{م_۱}{م_۲} = \frac{مس\,ذ_۱}{مس\,ذ_۲}$$

یہ یاد رکھنا چاہئے کہ (ط) انصراف پیدا کرنے والے مقناطیس کے مرکز اور مقناطیسیت پیما کی سوئی کے مرکز کا درمیانی فاصلہ ہے۔

(۲) **صفر انصراف کا طریقہ** - مقناطیسوں کو اس سے پہلے کے موافق وضعوں میں ترتیب دو لیکن ایک مقناطیس سوئی کے ایک جانب ہو اور دوسرا اس کے دوسرے جانب۔ پھر ان کے فاصلوں کو ٹھیک کرکے سوئی کا انصراف صفر بنادو۔

اگر (ط۱) اور (ط۲) سوئی سے مقناطیسوں کے مرکزوں کے فاصلے ہوں تو چونکہ ح۱ کو ح۲ کے مساوی بنالیا ہے

$$\therefore \frac{م_2 ط_1}{(ط_1^2 - ل_1^2)^2} = \frac{م_2 ط_2}{(ط_2^2 - ل_2^2)^2} \text{ یعنی } \frac{م_1}{م_2} = \frac{(ط_1^2 - ل_1^2) ط_2}{(ط_2^2 - ل_2^2) ط_1}$$

اگر $(ط_1)^2$ اور $(ط_2)^2$ بہ نسبت $(ل^2)$ کے بڑے ہوں تو

$$\frac{م_1}{م_2} = \frac{ط_1^3}{ط_2^3} \text{ تقریباً}$$

تجربہ (۱۵) - مقناطیسی معیار اثروں کا مقابلہ "آڑی" وضع کے ذریعہ - (تجربہ ۱۳ کے مشابہ)

(۱) مماسوں یا مساوی فاصلوں کا طریقہ۔

مقناطیسوں کو بالترتیب سوئی کے مرکز سے ایک ہی فاصلہ (ط) پر رکھ کر انصراف کے زاویئے مشاہدہ کرو۔ اس صورت میں بھی مقناطیسوں کے محور مشرق و مغرب کی سمت میں ہونے چاہئیں۔

تو چونکہ عام ضابطہ کی رو سے $ح_۱ = \frac{م_۱}{(ط_۱^۲ + ل_۱^۲)^{\frac{۳}{۲}}}$ اور $ح_۲ = \frac{م_۲}{(ط_۲^۲ + ل_۲^۲)^{\frac{۳}{۲}}}$

اور یہاں $ط_۱ = ط_۲ = ط$

$$\frac{ح_۱}{ح_۲} = \frac{\frac{م_۱}{(ط_۲ + ل_۱^۲)^{\frac{۳}{۲}}}}{\frac{م_۲}{(ط^۲ + ل_۲^۲)^{\frac{۳}{۲}}}} = \frac{ف\,س\,\angle ز_۱}{ف\,س\,\angle ز_۲}$$

$$\therefore \frac{م_۱}{م_۲} = \frac{(ط^۲ + ل_۱^۲)^{\frac{۳}{۲}}\ س\,\angle ز_۱}{(ط^۲ + ل_۲^۲)^{\frac{۳}{۲}}\ س\,\angle ز_۲}$$

اگر مقناطیس تقریباً مساوی طول کے ہوں، تو

$$\frac{م_۱}{م_۲} = \frac{س\,\angle ز_۱}{س\,\angle ز_۲}$$

(۲) **صفر انصراف کا طریقہ** - ایک مقناطیس کے مرکز کو سوئی کے شمال پر رکھو اور دوسرے کے مرکز کو اس کے جنوب پر (دونوں کی وضع مقناطیسیت پیما کے لحاظ سے "آڑی" ہو)۔ اور ان کے فاصلے سوئی کے مرکز سے ٹھیک کرکے سوئی کو مقناطیسی نصف النہار سے منصرف نہ ہونے دو۔

اگر یہ فاصلے (ط۱)، (ط۲) ہوں تو

$$\frac{(ط_۲^۲ + ل_۱^۲)^{\frac{۳}{۲}}}{(ط_۱^۲ + ل_۲^۲)^{\frac{۳}{۲}}} = \frac{م_۱}{م_۲}$$

اگر (ل۱) اور (ل۲) بمقابلہ (ط) چھوٹے ہوں تو

$$\frac{م_۱}{م_۲} = \frac{(ط_۱)^۳}{(ط_۲)^۳}$$

زاویہ انصراف (ز) اور فاصلہ (ط) کے مشاہدوں کے متعلق تنبیہ - اگر انصراف پیدا کرنے والا مقناطیس یکساں مقنایا گیا نہ ہو تو اس کا مقناطیسی خط استوا ایک سرے سے بہ نسبت دوسرے سرے کے قریب تر ہوگا - پس صحیح فاصلہ (ط) مقناطیسیت پیما کی سوئی اور مقناطیسی سلاخ کے ہندسی مرکز کا درمیانی فاصلہ نہیں ہے - معہذا اگر سوئی کے توازن کی کھونٹی (یا اس کا نقطہ تعلیق) اس کے صندوق کے ٹھیک مرکز پر نہ ہو تو اس وجہ سے بھی (ط) کی قیمت میں غلطی واقع ہوگی - ان دو وجوہ سے پیدا ہونے والی خطاؤں سے بچنے کے لئے پہلے مقناطیس کو سوئی کے ایک جانب رکھ کر انصراف دیکھنا چاہئے اور پھر اس کو الٹا کر اس کے مقناطیسی قطبین کے رخ پھیر دینا چاہئے - اس کے بعد اس کو مقناطیسیت پیما کے مقابل جانب اسی فاصلہ (ط) پر رکھ کر یہی عمل دوہرائے جانے چاہئیں - زاویہ انصراف پڑھتے وقت نمائندہ کے دونوں سروں کے نشان معائنہ کئے جائیں - پس زاویہ انصراف (ز) کی کل آٹھ قیمتیں مشاہدہ ہونگی - ان سب کا اوسط صحیح زاویہ انصراف تصور کیا جائے -

صفر انصراف کے طریقہ میں دوران مشاہدہ ایک مقناطیس کو ہمیشہ ایک ہی فاصلہ (ط۱) پر رکھنا چاہئے - اس کے لحاظ سے دوسرے مقناطیس کا فاصلہ (ط۲) ٹھیک کرنے کے بعد دونوں مقناطیسوں کو الٹا دینا چاہئے - (ط۱) کو تو

مستقل رکھا جاتا ہے (ط۲) کو کسی قدر بدلنے کی ضرورت ہوگی، تاکہ انحراف دوبارہ صفر ہو جائے۔ پھر مقناطیسوں کو سوئی کے پیشتر کے مقابل جانب رکھنا ہوتا ہے اور (ط۲) کے لئے دو مزید مشاہدے کرنے ہوتے ہیں۔ حسابی عمل میں (ط۲) کی ان چار قیمتوں کا اوسط استعمال ہونا چاہیئے۔

تیسرا باب

ایک مقناطیس کا اہتزاز مقناطیسی میدانمیں

فصل (۱) مقناطیسی میدانوں کا مقابلہ اہتزاز ونکے ذریعہ

جب کوئی مقناطیس اس طرح لٹکایا جاتا ہے کہ ایک ہموار مقناطیسی میدان میں تشاکل کے کسی محور کے گرد اہتزاز کرسکے تو اس کی حرکت کو تقریباً سادہ موسیقی فرض کرکے اس کے ایک کامل اہتزاز کی مدت (یعنے وقت دوران) کے لئے یہ ضابطہ ثابت کیا جاسکتا ہے:

$$د = ۲\pi \sqrt{\frac{مج}{م ف}}$$

جس میں (د) وقت دوران ہے، (مج) مقناطیس کے جمود

کا معیار اثر اہتزاز کے محور کے گرد، (م) اس کا مقناطیسی معیار اثر اور (ف) زمین کے افقی مقناطیسی میدان کی حدت ہے۔


اگر اٹنی مقناطیس کو کسی میدان کے مختلف حصوں میں اہتزاز کرنے دیا جائے تو چونکہ (مج) اور (ف) مستقل رہینگے اور (د) اور (ف) میں تغیر واقع ہوگا۔ اس لئے اوپر کے ضابطہ

$$ف د^{۲} = \frac{۴ \pi^{۲} مج}{م} = \text{ایک مستقل}$$

پس اگر اس مستقل کی قیمت مقناطیس کو معلوم مقناطیسی میدان میں اہتزاز میں لاکر ایک بار دریافت کرلی جائے تو کسی دوسرے میدان کی حدت اس کے متعلقہ وقت دوران (د) کو معلوم کرنے سے دریافت کی جاسکتی ہے۔

تجربہ (۱۶)۔ زمین کے مقناطیسی میدان کی حدت کو معلوم مان کر کسی مقام کے مقناطیسی میدان کی حدت کی تعیین۔ اس تجربہ میں ایک چھوٹا فولادی مقناطیس (صرف ۲ سم لمبا) پیتل کے ایک چھوٹے اسطوانے میں (محور کے علی القوائم) جمایا جاتا ہے اور اسطوانہ ایک مجرد ریشمی ریشہ کے ذریعہ لٹکایا جاتا ہے۔ اہتزازوں کے معائنہ میں سہولت کی غرض سے اسطوانہ سے ایک ہلکا لمبا الومنیم کا نمائندہ جوڑ دیا جاتا ہے۔ سوئی کو ہوائی رووں کے اثر سے محفوظ رکھنے کے لئے ٹھیکن (غیر مقناطیسی

مادّے کی بنی ہوئی) سمیت ایک شیشہ کے فانوس سے ڈھانپ دینا چاہئیے



شکل (۲۰)
سیرل کی اہتزازی سوئی

اِس آلہ کو میز پر لوہے کی چیزوں (مثلاً گیس کی لوہے کی نلیاں، ستون وغیرہ) سے دور رکھو۔ اور اُس کے نزدیک سے دوسرے مقناطیسوں چاقوؤں وغیرہ کو ہٹا لو۔ سوئی کے قریب تھوڑی دیر کے لئے ایک دوسرا مقناطیس لیجاکر اہتزاز میں لاؤ لیکن زاویہ اہتزاز چند درجوں سے متجاوز نہ ہونے دو ورنہ حیطہ اہتزاز زیادہ ہونے سے حرکت سادہ موسیقی نہ ہوگی سوئی کے چند کامل اہتزازوں (مثلاً ۴۰ یا ۵۰ اگر ممکن ہو) کی مدت معلوم کرلی جائے، اور اُس سے ایک کامل اہتزاز کی مدت یا وقت دوران (د ہ) شمار کرلیا جائے۔

زمین کے مقناطیسی میدان کی قیمت (ف.) کو معلوم

مستقل رکھا جاتا ہے (ط۲) کو کسی قدر بدلنے کی ضرورت ہوگی، تاکہ انصراف دوبارہ صفر ہو جائے۔ پھر مقناطیسوں کو سوئی کے بیشتر کے مقابل جانب رکھنا ہوتا ہے اور (ط۲) کے لئے دو مزید مشاہدے کرنے ہوتے ہیں۔ حسابی عمل میں (ط۱) کی ان چار قیمتوں کا اوسط استعمال ہونا چاہیئے۔

اس کا وقتِ دوران (د) معلوم کر لیا جائے - یہ یاد رکھنا چاہئے کہ حاصل مجموعی میدان اگر (ح + ف) ہو تو تجربہ کے نتائج زیادہ صحیح برآمد ہونگے - پس اگر یہ ممکن ہو تو (ح) کو اس طرح ترتیب دیا جائے کہ اس کو (ف.) سے تائید ہو تاکہ وہ اکیلے زمین کے افقی میدان میں اہتزاز کرنے کی بہ نسبت زیادہ جلد اہتزاز کرے اور ساتھ ہی اس کی وضع ٹھیک وہی رہے جو زمین کے میدان میں ہوتی ہے -

اگر محض زمین کے میدان میں سوئی کے اہتزاز کا وقت دوران (د.) معلوم ہے تو اساسی مساوات سے

$$ف. = \frac{م}{(د.)^{۲}}$$

اور

$$ف = \frac{م}{د^{۲}}$$

لیکن

$$ف = ف. + ح$$

یا

$$ح = ف - ف.$$

پس

$$ح = \frac{م}{د^{۲}} - \frac{م}{د.^{۲}}$$

یا

$$ح = م\left(\frac{۱}{د^{۲}} - \frac{۱}{د.^{۲}}\right)$$

جب دو میدانوں (ح۱، ح۲) کا مقابلہ کرنا ہوتا ہے تو ان کو یکے بعد دیگرے اس طرح ترتیب دینا چاہئے کہ زمین

کے افقی مقناطیسی میدان (ف.) کو ان سے پوری تقویت پہنچے - پھر ان مجموعی میدانوں میں سوئی کے اہتزاز کی مدتیں دریافت کر لی جائیں اور ح۱، ح۲ کی نسبت اخذ کی جائے:

$$\frac{ح_1}{ح_2} = \frac{\frac{1}{(ف_1 + ف_.)^2} - \frac{1}{(ف_.)^2}}{\frac{1}{(ف_2 + ف_.)^2} - \frac{1}{(ف_.)^2}}$$

تجربہ (۱۷) - ایک مجرد مقناطیسی قطب کی قوت کے کلیّہ کی تصدیق - اہتزاز کی سوئی کے پاس سے دوسرے مقناطیسوں (اور لوہے کی چیزوں) کو ہٹا کر پچاس اہتزازوں کی مدت معلوم کرو - جیسا کہ قبل ازیں ہدایت ہوئی ہے اہتزاز کے وقت سوئی کو ہوائی رؤں سے بچانا چاہئے اور اہتزاز کا حیطہ چھوٹا ہونا چاہئے -

فرض کرو اس سے وقت دوران (د.) ماخوذ ہوتا ہے اور زمین کا افقی مقناطیسی میدان (ف.) ہے

تو ف. د.^{2} = ہر جو ایک مستقل عدد ہے

اگر (ف.) پہلے سے معلوم ہے تو اس مساوات سے مستقل (ہر) کی قیمت دریافت ہوسکتی ہے لیکن چونکہ تجربہ کے حسابی عملوں میں (ہر) ساقط ہوجاتا ہے اس لئے اس کے معلوم کرنے کی ضرورت نہیں -

پس $ف_. = \frac{ہر}{د_.^2}$

اب ایک لمبا گریدار مقناطیس لو جس کا پہلے بھی ذکر

آیا ہے، اور اس کو لکڑی کے سہارے کے ذریعہ انتصابی وضع میں کھڑا کرو۔ مقناطیس کا نیچے والا قطب سوئی کے مرکز اور مقناطیسی شمال و جنوب میں سے گزرنے والے خط پر رکھا جائے۔

سوئی یا تو پہلے کی بہ نسبت زیادہ جلد اہتزاز کریگی یا آہستہ یا یہ بھی ممکن ہے کہ ایسی وضع اختیار کرنا چاہے جس سے اس کے سروں کے رخ بالکل بدل جائیں، یعنے شمال کی طرف جنوبی سرا ہو اور جنوب کی طرف شمالی سرا۔ یہ صورتیں مقناطیس کے قطب کی نوعیت اور اس کے محل پر موقوف ہیں۔

صحت تجربہ کے لئے یاد رکھنا چاہئے کہ مقناطیس کا قطب ایسی وضع میں ہو کہ اہتزاز کرنے والی سوئی کا رخ ٹھیک وہی رہے جو مجرد زمین کے افقی میدان میں تھا اور پہلے کی بہ نسبت اس کے اہتزاز کی مدت گھٹ جائے۔

چونکہ وقت دوران میں تخفیف ہوئی ہے اس لئے سوئی جس میدان (ف) میں اب اہتزاز کرتی ہے زیادہ حدت کا ہے۔ یعنے زمین کے افقی مقناطیسی میدان (ف) کو مقناطیس کے قطب کے میدان (ح) سے تقویت پہنچتی ہے۔

پس $ف = ف_{۱} + ح$

مقناطیس کے نیچے والے قطب کو سوئی سے مختلف فاصلوں (ط۱، ط۲، ط۳ وغیرہ) پر رکھو۔ لیکن اس کو سوئی کے ایک ہی جانب، اور سوئی پر سے گزرنیوالے مقناطیسی نصف النہار پر رکھو۔ سوئی سے قطب کا فاصلہ

تقریباً ۵ سم سے شروع کرکے ۲۰ سم تک بڑھایا جائے۔ ان فاصلوں کو احتیاط سے ناپو اور ہر ہر فاصلہ کے لئے سوئی کے اہتزاز کی مدت د۱، د۲، د۳ وغیرہ معلوم کرو۔

اِس تجربہ کا مدعا یہ ثابت کرنا ہے کہ ایک مجرد قطب کا مقناطیسی میدان، قطب کے فاصلہ کے مربع کے بالعکس بدلتا ہے۔ یعنے ہمیں یہ ثابت کرنا مقصود ہے کہ (ح) متناسب ہے $\frac{1}{ط^2}$ کے

پس اگر ح۱ ط۱^2 = ح۲ ط۲^2 = ح۳ ط۳^2 وغیرہ ثابت ہو جائے تو مطلب حاصل ہوجاتا ہے۔

چونکہ $ح_1 = ہ\left(\frac{1}{د_1^2} - \frac{1}{د_0^2}\right)$

اور $ح_2 = ہ\left(\frac{1}{د_2^2} - \frac{1}{د_0^2}\right)$

پس ہم ثابت کرینگے کہ

$ہ\left(\frac{1}{د_1^2} - \frac{1}{د_0^2}\right) ط_1^2 = ہ\left(\frac{1}{د_2^2} - \frac{1}{د_0^2}\right) ط_2^2 = ہ\left(\frac{1}{د_3^2} - \frac{1}{د_0^2}\right) ط_3^2$ = وغیرہ

چونکہ مستقل (ہ) ان سب جملوں میں مشترک ہے اسلئے صرف

$\left(\frac{1}{د_1^2} - \frac{1}{د_0^2}\right) ط_1^2 = \left(\frac{1}{د_2^2} - \frac{1}{د_0^2}\right) ط_2^2 = \left(\frac{1}{د_3^2} - \frac{1}{د_0^2}\right) ط_3^2$ وغیرہ

کو ثابت کرنے کی ضرورت ہے۔

مشاہدات کو جدول کی شکل میں اس طرح ترتیب دو :-

قطب کا فاصلہ (ط) سنتی میٹر	وقت دوران (د)	$\frac{۱}{د^۲}$	$\frac{۱}{د^۲} - \frac{۱}{د_۰^۲}$	$ط^۲(\frac{۱}{د^۲} - \frac{۱}{د_۰^۲})$
۵				
۶				
۷				
۸				
۱۰				
۱۲				
۱۵				
۲۰				
لاتناہی	$د_۰$ =			

جب مقناطیس کا قطب لاتناہی پر ہوتا ہے تو واضح ہے کہ اہتزاز کی مدت (یعنے وقت دوران) صرف زمین کے مقناطیسی میدان میں اہتزاز کرنے کی مدت ہے۔

اگر کافی احتیاط سے تجربہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ آخری خانہ کے اعداد تقریباً مستقل ہیں۔ پس مجرد قطب کی مقناطیسی قوت قطب کے فاصلہ کے مربع کے بالعکس بدلتی ہے۔

قبل ازیں صفحہ (۲۶) پر بتایا گیا ہے کہ ان تمام مشاہدوں میں مقناطیس کے اوپر والے قطب کا اثر نا قابل لحاظ ہے۔

فصل (۲) مقناطیسی معیار اثروں کا مقابلہ اہتزاز کے ذریعہ

جب ایک مقناطیس باریک ریشہ سے (ف) حدت کے مقناطیسی میدان میں اِس طرح لٹکایا جاتا ہے کہ اس کا محور افقی مستوی میں ہو تو محور حالت توازن میں ایک خاص وضع اختیار کر لیتا ہے۔ اگر مقناطیس کو وضع توازن سے خفیف سا (ریشہ کی وضع کو مستقل رکھ کر) ہٹا دیا جائے تو وہ اس کے گرد اہتزاز کرنے لگتا ہے۔

جب اہتزاز کا حیطہ چھوٹا ہوتا ہے تو اہتزازوں کی مدت ایک ہوتی ہے یعنے وہ مساوی الاوقات ہوتے ہیں۔ وقت دوران مقناطیس کی کمیت اور شکل کے اور نیز اُس کو حالت توازن میں واپس لانے والے جفت کے تابع ہوتا ہے۔

کامل اہتزاز یعنے وضع سکون میں سے علی التواتر ایک ہی سمت میں دو بار گزرنے کا وقت (و) مساوات ذیل میں مندرج ہے:

$$و = ۲ \pi \sqrt{\frac{مج}{م ف}}$$

پس اگر (مج) اور (ف) مستقل رہیں تو وقت دوران کا مربع اہتزاز کرنے والے نظام کے مقناطیسی معیار اثر کے متناسب ہے۔

$$\text{یعنے} \quad و^۲ = \frac{۲^۲ \pi^۲ مج}{م ف} = \frac{ل}{م}$$

جس میں (ل) ایک مستقل ہے جو $\frac{۴\pi^۲ ج}{ف}$ کے مساوی ہے۔ اگر (ج) مستقل نہ ہو تو ایک ہی مقناطیسی میدان میں ($د^۲$) متناسب ہوتا ہے $\frac{ج}{م}$ کے۔

تجربہ (۱۸) - دو مقناطیسوں کو علیحدہ علیحدہ اہتزاز کراکر ان کے مقناطیسی معیار اثروں کا مقابلہ

- پہلے ایک مقناطیس کو باریک ریشہ سے لٹکا کر افقی مستوی میں اہتزاز کراؤ۔ محض زمین کے افقی مقناطیسی میدان کے زیر اثر اس کے ۵۰ کامل اہتزازوں کی مدت دریافت کرکے وقت دوران شمار کرو۔ فرض کرو یہ مدت ($د_۱$) ہے۔

اب اس مقناطیس کو نکال کر اس کے عوض دوسرے مقناطیس کو پیشتر ہی کے مقام پر (تاکہ میدان کی حدت ایک ہی رہے) اہتزاز کراؤ۔ فرض کرو اس کا وقت دوران ($د_۲$) ہے۔

ان اہتزازوں کے تجربوں میں مشاہدہ سے پہلے ریشہ کو پیچ یا مڑوڑ سے بالکل آزاد کرلینا ضرور ہے۔ اس کے لئے مقناطیس کے مساوی وزن کے کسی غیر مقناطیسی مادے کو ریشہ سے لٹکا کر کافی دیر تک چھوڑ دینا چاہئے تاکہ ریشہ سے بل نکل جائے۔ اگر یہ احتیاط نہ برتی جائے تو مقناطیس ٹھیک مقناطیسی نصف النہار میں اہتزاز نہ کریگا۔ ریشہ کے مڑوڑ کے باعث ایک جفت اُس پر عمل کرے گا جس کی وجہ سے وہ اس خط سے منصرف ہوجائیگا۔ نیز اس کی

بھی ضرورت ہے کہ مقناطیس شیشہ کے پہلوؤں کے بند صندوقچہ میں اہتزاز کریں تاکہ ان کی حرکت نظر آئے اور ساتھ ہی وہ ہوائی روؤں کے اثر سے مصئوں رہیں۔ (ملاحظہ ہو شکل ۲۳)

اہتزازوں کی گنتی ایسے وقت سے شروع کی جائے جبکہ مقناطیس اپنے سکون کی وضع میں سے گزرتا ہو، اور زاویہ اہتزاز وضع سکون کے دونوں جانب ۵° سے متجاوز نہ ہونے پائے۔

چونکہ $د_۱ = ۲\pi \sqrt{\frac{مج_۱}{م_۱ ف}}$

اور $د_۲ = ۲\pi \sqrt{\frac{مج_۲}{م_۲ ف}}$


$\therefore \frac{(د_۱)^۲}{(د_۲)^۲} = \frac{مج_۱ م_۲}{مج_۲ م_۱}$

یا $\frac{م_۱}{م_۲} = \frac{مج_۱ (د_۲)^۲}{مج_۲ (د_۱)^۲}$

مقناطیسوں کی کمیتوں اور ان کے ابعاد سے (مج۱) اور (مج۲) شمار کئے جائیں اور $\frac{م_۱}{م_۲}$ کی تعیین کر لی جائے۔

اگر مقناطیس شکل و حجم میں مساوی اور نیز ایک ہی کثافت کے ہوں تو (مج۱) = (مج۲)

تجربہ (۱۹) - دو مقناطیسوں کو ملا کر اہتزاز کرانے سے ان کے معیار اثروں کا مقابلہ۔



شکل (۲۱)
ہمرکاب دو مقناطیس

شکل (۲۱) کی طرح دونوں مقناطیسوں کو ایک مناسب رکاب میں ترتیب دو۔ پہلے ان کے مشابہ قطبوں کا رخ ایک ہی سمت میں رکھو۔ رکاب بیچ یا مڑوڑ سے آزاد ریشہ سے زمین کے افقی میدان میں اہتزاز کے صندوقچہ کے اندر لٹکائی جانی چاہئے۔

حسب طریقہ معمولی اہتزاز کا وقت دوران (د۱) معلوم کرو اب مقناطیسی سوئی سے مساوی فاصلوں پر ان مقناطیسوں کو رکھ کر زاویہ انصراف کے معائنہ سے دیکھ لو ان میں سے کونسا زیادہ کمزور ہے۔ پہلے اس کا شمالی قطب جدہر تھا ادہر اب جنوبی قطب کردو۔ پھر اہتزاز کا وقت دوران (د۲) معلوم کرلو۔

ایک مقناطیس کا رخ بدلنے سے اہتزاز کرنے والے نظام کے جمود کے معیار اثر میں کوئی تغیر نہیں پیدا ہوتا، لیکن اب مجموعہ کا مقناطیسی اثر بجائے م۱ + م۲ کے (جو پہلی ترتیب میں تھا) م۱ - م۲ ہوجاتا ہے۔ یہاں (م۲) کم طاقت والے مقناطیس کا معیار اثر ہے جو

اب رکاب میں رخ بدل کر رکھا گیا ہے۔

$$\frac{(د_1)^2}{(د_2)^2} = \frac{م_2 - م_1}{م_2 + م_1}$$

لہذا $\frac{م_1}{م_2} = \frac{د_1^2 + د_2^2}{د_1^2 - د_2^2}$

چوتھا باب

زمین کا مقناطیسی میدان

فصل (۱) میدان کی تخصیص

کسی مقام پر کے مقناطیسی میدان کی مکمل تخصیص کے لئے تین مقادیر کا معلوم ہونا ضروری ہے۔ اس لئے کہ کسی بھی سمتی مقدار کی تعیین جبھی ہوسکتی ہے کہ اس کی مقدار اور سمت دونوں معلوم ہوں۔ اور تین ابعاد کے حوالہ سے جب پیمائش کی جاتی ہے تو کسی مخصوص سمت کی نشاندہی کے لئے دو مقداروں کا جاننا ضروری ہے۔ کسی مقام پر زمین کے مقناطیسی میدان کی تعریف و تصریح کے لئے عموماً یہ تین مقداریں مستعمل ہوتی ہیں:-

(۱) مقناطیسی میدان کا افقی جزو۔

(۲) مقناطیسی انصراف یعنے مقناطیسی اور جغرافی نصف النہاروں کا درمیانی زاویہ۔

(۳) زاویہ میلان یعنے وہ زاویہ جو حاصل مجموعی مقناطیسی میدان کی سمت اور افقی مستوی کے مابین واقع ہے۔

ان شقوں میں صرف پہلی اور تیسری مقداروں کی تعیین کی جائیگی۔ دوسری مقدار یعنے انصراف کی تعیین کے لئے فلکی مشاہدوں کی ضرورت ہے تاکہ جغرافی نصف النہار صحت کے ساتھ دریافت ہو۔ مقناطیسی نصف النہار دریافت کرنے کا جو طریقہ ہے قبل ازیں صفحہ (۱۶) پر مقناطیسی محور کی تعیین کے طریقہ کے ساتھ بیان ہوچکا ہے۔

فصل (۲)۔ زمین کے مقناطیسی میدان کے افقی جزو کی تعیین

ذیل میں جو طریقہ بیان ہوگا ابتداءً گاؤس کا مجوزہ ہے اور علی العموم زمین کے مقناطیسی میدان کے افقی جزو کی تعیین میں یہی طریقہ مستعمل ہے۔ جہاں کہیں فضاء کے کافی وسیع حصہ میں کوئی مقناطیسی میدان یکساں پایا جائے اس کی تعیین کے لئے یہ طریقہ بکار آمد ہوسکتا ہے۔

یہ طریقہ دو علیحدہ تجربوں پر مشتمل ہے۔ لیکن واضح ہے کہ دونوں تجربے اُسی جگہ کئے جانے چاہئیں جہاں کے مقناطیسی میدان کی تعیین مقصود ہے۔ پہلے تجربہ میں معلوم جمود کے معیار اثر والے ایک مقناطیس کو آزادی کے ساتھ لٹکا کر اس کے اہتزاز کا وقت دوران دریافت کیا جاتا ہے۔ دوسرے تجربہ میں مقناطیسیت پیما کے ذریعہ اس

مقناطیس کے میدان اور زمین کے میدان کا مقابلہ کرلیا جاتا ہے۔

تنبیہ ۔ تجربوں سے پہلے لوہے کی بنی ہوئی تمام چیزوں کو قرب و جوار اسے نکال دینا چاہئے

تجربہ اہتزاز۔ اگر ایک کامل اہتزاز کا وقت (د) ہو اور مقناطیس آزادانہ زمین کے افقی میدان میں اہتزاز کرے تو

$$د = ۲\pi \sqrt{\frac{مج}{م ف}}$$

جس میں ف = زمین کے مقناطیسی میدان کا افقی جزو۔
م = مقناطیس کا مقناطیسی معیار اثر۔
اور مج = محور تعلیق کے گرد مقناطیس کے جمود کا معیار اثر

$$\text{پس} \quad م ف = \frac{۴\pi^۲ مج}{د^۲}$$

لہذا اگر (مج) معلوم ہو تو (م ف) کا شمار س۔گ۔ث کی اکائیوں میں ہوسکتا ہے۔

چونکہ سلاخ ایک منتظم ہندسی شکل کی ہوتی ہے اس کے جمود کا معیار اثر کمیت اور ابعاد کے ذریعہ شمار کرلیا جاسکتا ہے۔ عموماً ایسے مقناطیس مستطیل سلاخ کی شکل کے ہوتے ہیں۔ اور اس شکل کے مقناطیس کے جمود کا معیار اثر:


$$\text{مج} = \text{ک} \frac{\text{ا}^2 + \text{ب}^2}{3}$$

جہاں (ک) مقناطیس کی کمیت ہے اور (ا) اور (ب) اہتزاز کی حالت میں اُس کا جو پہلو افقی وضع میں تھا اُس کے کناروں کے نصف طول ہیں۔ ملاحظہ ہو شکل (۲۲)۔

کسی دوسری (منتظم) شکل کی سلاخ کے جمود کا معیار اثر ختم کتاب کے ضمیمہ کے ضابطوں سے دریافت ہو سکتا ہے۔

تجربہ (۲۰)۔ (م ف) کی تعیین۔

مقناطیس کو لٹکانے سے پہلے اس کا اطمینان کر لو کہ ریشہ تعلیق میں مڑوڑ تو نہیں ہے۔ اس کے تیقن کے لئے لٹکانے کی رکاب میں مقناطیس کے مساوی کمیت کی پیتل کی



شکل (۲۲)
ستفیل سلاخی مقناطیس


ایک سلاخ رکھ کر چھوڑ دو۔ ریشہ میں اگر بل ہوگا تو ریشہ اس کی مخالف سمت میں چکر پھر کر بل نکل جائیگا تھوڑی تھوڑی دیر سے پیتل کی سلاخ کی حرکت احتیاط سے روک دی جانی چاہئے ورنہ بل نکل جانے کے بعد سلاخ کا جمود ریشہ میں پہلے کی مخالف سمت میں از سرِ نو بل پیدا

کریگا۔ جب پیتل کی سلاخ کچھ دیر تک وضع سکون اختیار کرلے تو اس کو رکاب سے نکال کر ریشہ میں مکرر بل نہ آنے دیا جائے اور مقناطیس رکاب میں رکھدیا جائے۔ پھر اس کو شیشہ کے پہلو والے صندوقچہ میں داخل کیا جائے تاکہ اہتزاز گنے جا سکیں اور ساتھ ہی ہوائی رووں کا اس پر اثر پڑنے نہ پائے۔ شکل (۲۳)۔

مقناطیس کو صرف چھوٹے زاویوں میں اہتزاز کرنے دینا چاہیئے ۵۰ کامل اہتزازوں کا وقت مشاہدہ کرکے وقت دوران کی تعیین کی جائے۔ پھر مقناطیس کو تول کر کمیت معلوم کی جائے اور اس کے طول و عرض کی پیمائش کرکے لجود کا معیار اثر (مج) شمار کیا جائے۔

ضابطہ ذیل سے (م ن) کی قیمت اخذ کی جائے:

$$م ن = \frac{۲\pi^{۲}}{د^{۲}}$$



شکل (۲۳)
اہتزازی مقناطیسیت پیما

(ب)۔ تجربۂ انصراف۔

اب اسی مقناطیس کے اثر سے مقناطیسیت پیما کی سوئی کا انصراف مشاہدہ کیا جائے۔

مقناطیس کو سیدھی وضع میں اس کے محور کو (مقناطیسی) مشرق و مغرب کی سمت میں مقناطیسیت پیما

کے مرکز کی طرف رخ کر کے رکھتے ہیں۔

فرض کرو ۲ل = مقناطیس کے قطبین کا درمیانی فاصلہ

ط = مقناطیس اور مقناطیسیت پیما کی سوئی کا درمیانی فاصلہ

مقناطیس کی قوت نقطہ (ن) کے پاس مثبت اکائی قطب پر $\overline{\text{س ن}}$ کی سمت میں (ح) ہے۔ ملاحظہ ہو شکل (۱۸) جیسا کہ صفحہ (۳۶) پر ثابت ہوا ہے:

$$\text{ح} = \frac{\text{م}_2 \text{ط}}{(\text{ط}^2 - \text{ل}^2)^2}$$

مقناطیسیت پیما کی سوئی دو علی القوائم میدانوں (ح) اور (ف) کے زیر اثر وضع سکون اختیار کرتی ہے جسمیں مقناطیسی نصف النہار کے ساتھ اس کے محور کا زاویہ ز̂ ہوتا ہے۔

$$\text{اور} \quad \frac{\text{ح}}{\text{ف}} = \text{مس} \angle \text{ز}$$

$$\text{پس} \quad \frac{\text{م}}{\text{ف}} \times \frac{\text{ط}}{(\text{ط}^2 - \text{ل}^2)^2} = \text{مس} \angle \text{ز}$$

$$\text{یا} \quad \frac{\text{م}}{\text{ف}} = \frac{(\text{ط}^2 - \text{ل}^2)^2}{\text{ط}^2}$$

تجربہ (۲۱) - $\frac{\text{م}}{\text{ف}}$ کی تعیین۔

مقناطیسیت پیما کو ترتیب دے کر رکھو اور مقناطیس کو "سیدھی" وضع میں تجربہ (۱۲) کی طرح رکھو۔ ط ل اور

ڈ کی قیمتیں دریافت کرکے $\frac{م}{ف}$ کی قیمت شمار کرو۔

واضح ہو کہ ۲ل مقناطیس کے قطبین کا درمیانی فاصلہ ہے۔ اور ۱۲ اس کے سروں کا درمیانی فاصلہ۔ قطبین چونکہ ٹھیک سروں پر نہیں واقع ہوتے ہیں یہ دونوں فاصلے مساوی نہیں ہیں۔ تقریبی طریقہ پر فرض کر لیا جاسکتا ہے کہ سلاخی مقناطیس کے قطبین کا فاصلہ سروں کے فاصلہ کا $\frac{۵}{۶}$ ہے۔

چونکہ (م ف) اور $(\frac{م}{ف})$ دونوں معلوم ہوچکے ہیں

اگر بالفرض (م ف) کو ۱۲ اور $(\frac{م}{ف})$ کو ب، قرار دیا جائے تو

$$م^۲ = ۱۲ ب، \quad یا \quad م = \sqrt{۱۲ ب،}$$

اور $$ف^۲ = \frac{۱۲}{ب،} \quad یا \quad ف = \sqrt{\frac{۱۲}{ب،}}$$

پس ان مساواتوں سے (م) اور (ف) شمار کرلئے جائیں۔


فصل (۳)۔ مقناطیسی زاویہ میلان کی تعیین

میلان کا دائرہ

میلان کا دائرہ۔ ایک انتصابی وضع کا دائرہ ہے جس پر درجوں کے نشان کئے ہوئے ہوتے ہیں۔ اس کے

مرکز پر ایک لمبی مقناطیسی سوئی کی دھری ہوتی ہے۔ دھری افقی وضع میں مناسب سہاروں پر رکھی جاتی ہے اور عین سوئی کے مرکز میں سے اس کے مقناطیسی محور کے علی القوائم گزرتی ہے، جس سے سوئی انتصابی وضع میں گھوم سکتی ہے اور اس کے سرے دائری پیمانہ کے درجوں پر سے گزرتے ہیں۔

پیمانہ اور سوئی شیشہ کے پہلوؤں کے صندوقچہ میں محفوظ رکھے جاتے ہیں تاکہ ہوا کی رَوؤں کا سوئی پر اثر نہ پڑے پورا صندوقچہ ایک انتصابی محور کے گرد پھر سکتا ہے۔ صندوقچہ کی وضع معلوم کرنے کے لئے آلہ کے قاعدہ پر ایک افقی دائری پیمانہ نصب کیا ہوا ہوتا ہے۔ ا ر ، ر ض ، و قچہ کی وضع پڑھ لی جاتی ہے



شکل (۲۴)
میلان کا دائرہ

استعمال سے پہلے آلہ کے پیچوں کو پھیر کر اُس کے مرکزی محور کو ٹھیک انتصابی وضع میں ترتیب دیتے ہیں۔ پھر صندوقچہ کو پھیرتے ہیں تاکہ سوئی انتصابی وضع اختیار کرلے۔ اب سوئی کے گھومنے کا مستوی مقناطیسی نصف النہار پر ٹھیک علی القوائم واقع ہے اس کو مقناطیسی نصف النہار میں لانے کے لئے صندوقچہ کو اُس کے انتصابی محور پر بقدر ۹۰° پھیرتے ہیں۔ آلہ کے قاعدہ پر جو دائری پیمانہ نصب ہے اس کو معائنہ کرکے صندوقچہ اس صحیح وضع میں لایا جاسکتا ہے۔ اب سوئی مقناطیسی نصف النہار میں بالکل آزادانہ حرکت کرسکتی ہے۔ اور اگر آلہ کی بناوٹ میں کوئی نقص نہ ہو تو سوئی زمین کے مقناطیسی خطوط قوت کی متابعت سے وضع سکون اختیار کریگی۔ پس اس کے مقناطیسی محور اور افقی مستوی میں جو زاویہ ہوگا وہ مقناطیسی میلان کا زاویہ ہوگا۔

تجربہ (۲۲) - زاویہ میلان کی تعیین

- میلان کے دائرہ کی سطح ٹھیک کرلو۔ صندوقچہ کو پھیر کر سوئی کو انتصابی وضع میں لاؤ، اور افقی دائرہ پر نشان پڑھ لو۔ پھر صندوقچہ کو دوبارہ پھیرو یہاں تک کہ افقی دائرہ پر جو نشان قبل ازیں دیکھا تھا اس میں ۹۰ درجہ کا اضافہ (یا اسی قدر تخفیف) ہو۔ اب سوئی کا محور افقی مستوی سے مائل ہوگا۔

سوئی کی بناوٹ اور درجہ دار انتصابی دائرہ کی ترتیب وغیرہ میں چونکہ خفیف نقائص ممکن ہیں اس لئے صرف ایک مشاہدہ پر بھروسہ کرکے زاویہ میلان صحت کے ساتھ

دریافت نہیں کیا جاسکتا - مندرجہ ذیل مشاہدوں کی ضرورت ہوتی ہے :-

(۱) - انتصابی دائرہ کو مقناطیسی نصف النہار میں ترتیب دینے کے بعد سوئی کے دونوں سروں کے نشان دیکھ لو- اس سے دو اور مزید نشان ملینگے -

(۲) - سالم صندوقچہ کو اس کے انتصابی محور کے گرد بقدر ۱۸۰° پھیرو اور مکرر سوئی کے دونوں سروں کے نشان دیکھ لو - اس سے دو اور مزید نشان ملینگے -

(۳) - سوئی کو منشوری سہاروں پر سے اٹھا لو اور دھری کے سروں کو پھیر کر مکرر سہاروں پر رکھ دو - اب سوئی کے پہلوؤں کے رخ باہم بدل جائینگے - اس وضع میں (۱) اور (۲) مشاہدوں کو پھر سے دوہراؤ - یعنے سوئی کے دونوں سروں کے نشان پڑھو اور پورے صندوقچہ کو دوبارہ بقدر ۱۸۰° انتصابی محور پر پھیر کر سوئی کے سروں کے مکرر نشان دیکھ لو - اس طرح مزید چار نشان حاصل ہونگے -

(۴) - سوئی کو نکال لو اور اس کو پیشتر کے مخالف وضع میں مقناؤ یعنے جو سرا پہلے شمال نما تھا اس کو جنوب نما بناؤ اور جنوب نما سرے کو شمال نما اور پھر تینوں مشاہدے دوہرا لو -

اس سے مزید آٹھ نشان حاصل ہونگے گویا جملہ سولہ نشان ملینگے -

ان سولہ نشانوں کا اوسط مقام تجربہ کا مقناطیسی میلان ہے -

اس تجربہ کا نظریہ اور اس سلسلۂ مشاہدات سے

جن خطاؤں کی تصحیح ہوتی ہے ان پر تفصیلی بحث اگر دیکھنا مقصود ہو تو طالب علم کو چاہئے طبیعیات کے نظریہ کی کوئی کتاب ملاحظہ کرے۔

آلہ کے استعمال کے متعلق ہدایات۔

سوئی کو ہاتھ نہ لگانا چاہئے اور اس کو کسی ایسی جگہ نہ لیجانا چاہئے جہاں اس پر آبی بخارات کی تکثیف ہو۔ جب کبھی اس کو اٹھانے یا رکھنے کی ضرورت ہو چمٹی کے ذریعہ پکڑنا چاہئے۔

منشوری سہاروں پر اس کو رکھتے وقت آہستہ رکھنا چاہئے۔ کیونکہ دھری شیشہ کے سے سخت فولاد کی ہوتی ہے اس لئے بہت نازک ہوتی ہے۔ منشوری سہارے بھی چونکہ اگیٹ کے بنے ہوتے ہیں بہت نازک ہوتے ہیں۔ اگر آلہ (ترازو کی طرح) سوئی کو اگیٹ سہاروں پر سے اٹھا لینے کی چمٹی سے مہیّا ہو تو صندوقچہ میں سے نکال لینے سے پہلے دھری کو اس کے ذریعہ اگیٹ کے سہاروں پر سے اٹھا لینا چاہئے۔ اسی طرح سہاروں پر رکھنے سے پہلے بھی دھری کو اس چمٹی پر رکھ دینا چاہئے۔

اس کی بھی احتیاط رہے کہ سوئی کو صندوقچہ میں رکھتے وقت اس کا مناسب سرا (شمالی نصف کرہ میں شمالی سرا) جھکا رہے، ورنہ سوئی کئی بار گھوم کر سہاروں پر سے گر جانے کا اندیشہ ہے۔

سوئی کو جب مخالف سمت میں مقناطیس ہوتا ہے تو اس کو سلاخی مقناطیس سے گھسنا نہیں چاہئے۔ اگر سلاخی مقناطیسوں کے ذریعہ مقناطیس ہو تو سوئی کو ایک

مناسب نالدار لکڑی کے ٹکڑے میں لٹا کر لکڑی کی سطح پر سے مقناطیسوں کو صحیح سمتوں میں پھیرنا چاہئے۔ اس سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ سوئی کو پیچوان کے اندر رکھ کر پیچوان کے تار پر سے مناسب سمت میں برقی رَو چلائی جائے۔ دو تین بار رَو کو چلانے اور بند کرنے سے سوئی کی مقناطیسیت معکوس کردی جاسکتی ہے۔ چونکہ رَو کے اثر سے سوئی پر معتدبہ قوت عمل کریگی اس کو چمٹی سے مضبوط پکڑے رہنا چاہئے ورنہ وہ چمٹی میں سے نکل کر گر جانے کا اندیشہ ہے۔

مقناطیسی میلان کا دائرہ ایک بہت نازک آلہ ہے۔ اس کی ایسی ہی حفاظت کی جانی چاہئے جیسے کہ کسی صحیح اور حساس ترازو کی کیجاتی ہے۔

مقناطیس پر مزید مشقیں



(۱) - ایک دائری شکل کی فولادی تختی کے مقناطیسی محور کی تعیین کرو جو ایک قطر کی سمت میں مقناطیس کی گئی ہو۔

(۲) - کمپاس سوئی کے ذریعہ تجربہ خانہ کی مقناطیسی پیمائش کرو اور دیکھو لوہے کی نلیوں ستونوں وغیرہ کے پاس کہاں کہاں شمالی یا جنوبی مقناطیسیت پائی جاتی ہے

(۳) - ایک لمبے سلاخی مقناطیس کے قطب کے گرد خطوط قوت کھینچو - یہی عمل قطب کے کسی قدر قریب نرم لوہے کا ایک ٹکڑا رکھ کر دہراؤ -

(۴) - دو مقیم مقناطیسوں کے مخالف (یا غیر مشابہ) قطبوں کے بیچ میں خطوط قوت کھینچو - پھر ان کے درمیان نرم لوہے کا ایک ٹکڑا رکھ کر خطوط قوت کی تعیین کرو -

(۵) - دئے ہوئے مقناطیس کو اس طرح ترتیب دو کہ ایک مقررہ مقام پر اس کی مقناطیسیت کا میدان زمین کے افقی مقناطیسی میدان کو ٹھیک کالعدم کردے -

(۶) - دو لمبے سلاخی مقناطیسوں کو مقناطیسی نصف النہار میں اس طرح رکھو کہ ان کے شمالی قطبوں کے رُخ

مخالف سمتوں میں ہوں اور ان کے بیچ میں ۱۶ سم فاصلہ ہو۔ ان کے بیچ میں تعدیلی نقطہ کا محل دریافت کرو۔ اور اس کے ذریعہ زمین کے مقناطیسی میدان کو نا قابل لحاظ تصور کرکے مقناطیسوں کے قطبوں کی قیمتوں کا مقابلہ کرو۔

(۷)۔ دیئے ہوئے سلاخی مقناطیس کے شمالی قطب کو شمال کی طرف پھیر کر رکھو اور مقناطیس کے قریب کے تعدیلی نقطے دریافت کرو۔ احتیاط سے مقناطیس کو پلٹا کر (یعنے قطبین کے رخ بدل کر) رکھو، اور اہتزازی سوئی کے ذریعہ بتاؤ کہ ان نقطوں کے پاس اب مقناطیسی میدان اکیلے زمین کے میدان کی بہ نسبت دوچند ہے۔

(۸)۔ دی ہوئی دو سلاخوں کو ایک ساتھ ایک پیچوان کے اندر رکھو اور پیچوان پر سے برقی رَو دوڑا کر سلاخوں کو مقناؤ۔ پھر ان کے مقناطیسی معیار اثروں کا مقابلہ کرو۔ اس کے بعد سلاخوں کو سُرخ حرارت پہنچاؤ اور پھر ٹھنڈے پانی میں غوطہ دو اور پھر پیچوان کے اندر رکھ کر مقنانے کے بعد ان کے مقناطیسی معیار اثروں کا مقابلہ کرو۔

(۹)۔ ایک ترسیم کھینچکر بتاؤ دیئے ہوئے برقی مقناطیس کا مقناطیسی معیار اثر لچھے پر سے گزرنے والی برقی رَو کی مناسبت سے کس طرح بدلتا ہے۔

(۱۰)۔ مماسی مقناطیسیت پیما کے ساتھ تجربہ کرو اور منحنی کھینچکر بتاؤ سلاخی مقناطیس کے محور پر مقناطیسی میدان کی حدت فاصلہ کی مناسبت سے کس طرح بدلتی ہے۔

(ف) کی قیمت ۰٫۳۷ س۔گ۔ث کی اکائی مان کر مقناطیس کا معیار اثر دریافت کرو۔

(۱۱)۔ اہتزازی سوئی کے ساتھ تجربہ کرکے دریافت کرو سلاخی مقناطیس کے محور پر مقناطیسی میدان کی حدت فاصلہ کے لحاظ سے کس طرح بدلتی ہے۔ اور مقناطیس کا معیار اثر دریافت کرو اگر (ف) = ۰٫۳۷ س۔گ۔ث اکائی۔

(۱۲) دیئے ہوئے دو سلاخی مقناطیسوں کے معیار اثروں کی نسبت معلوم کرو بغیر کسی تیسرے مقناطیس کی مدد کے۔

(۱۳) تجربہ خانہ کے مقررہ دو (نشان کئے ہوئے) مقاموں پر مقناطیسی میدان کے افقی جزوؤں کا مقابلہ کرو۔ دونوں مقاموں پر ایک ہی مقناطیسیت پیما اور ایک ہی مقناطیس استعمال کرو۔

(۱۴)۔ دیئے ہوئے مقناطیس کا مقناطیسی معیار اثر دریافت کرو۔

(۱۵) ایک چھوٹے سلاخی مقناطیس کو تیل جنتر میں رکھ کر جنتر کی تپش میں تبدیلی پیدا کرو۔ اور انصرافی مقناطیسیت پیما کے ذریعہ ایک منحنی تیار کرو جس سے مقناطیس کے معیار اثر اور اس کے تپش میں تعلق ظاہر ہو۔ تعلق تپش چڑھتے وقت کا اور نیز اترتے وقت کا مطلوب ہے۔

برق

پہلا باب

برقی سکونی تجربے

ابتدائی امور

بعض چیزوں کو فلالین یا ریشم سے رگڑتے ہیں تو ان میں سبک یعنے کم وزن چیزوں کو کشش کرنے کی قابلیت پیدا ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں وہ برقائے ہوے اجسام یا برقی بار رکھنے والے اجسام کہلاتے ہیں۔

ریشم سے شیشہ کی سلاخ کو رگڑنے سے جو برقی کیفیت پیدا ہوتی ہے آنبوسہ کو رگڑنے کی کیفیت سے جداگانہ ہوتی ہے۔ برق کی دو قسمیں تصور کی جاسکتی ہیں۔ ایک مثبت یا شیشہ وغیرہ سے متعلق اور دوسری منفی یا لاکھ اور آنبوسہ وغیرہ سے متعلق۔ ایک ہی قسم کا برقی بار

رکھنے والی چیزیں ایک دوسرے کو دفع کرتی ہیں، اور مخالف برقی بار والی چیزیں ایک دوسرے کو جذب کرتی ہیں۔

اگر پیتل کی ایک سلاخ کو ہاتھ میں پکڑ کر فلالین سے رگڑیں تو سلاخ پر کوئی برقی بار نہیں محسوس ہوتا۔ لیکن اگر اسی سلاخ کو شیشہ کا دستہ لگا کر پکڑیں اور فلالین سے رگڑیں تو اس پر برق کا احساس ہوتا ہے۔ اس کی یوں توجیہ ہو سکتی ہے کہ پیتل رگڑنے سے برقیا تو جاتا ہے مگر موصل برق بھی ہے اس لئے اس کا برقی بار انسان کے جسم میں سے ہو کر زمین میں چلا جاتا ہے۔ شیشہ کی سلاخ اگر خشک ہو تو موصل برق نہیں ہوتی اس لئے برقی بار اس پر رک جاتا ہے۔ جن چیزوں پر برقی بار ٹھہر نہیں سکتا **موصل برق** کہلاتی ہیں۔ جن پر بار ٹھہر سکتا ہے **غیر موصل یا حاجز** کہلاتی ہیں۔ واضح ہو کہ یہ خصوصیات محض اضافی ہیں اور موصل اور غیر موصل چیزوں کے بھی مدارج ہیں۔ علی العموم فلزات اچھے موصل ہیں اور شیشہ اور آبنوس اچھے حاجز۔

تمام برقی سکونی تجربوں میں یہ نہایت ضروری ہے کہ حاجز چیزوں کی سطح بالکل خشک رہے۔ ذرا بھی رطوبت یا نمی ان پر (پتلی جھلی کی شکل میں) جمع ہو تو مجرب میں کثیر تخفیف ہو جاتی ہے۔ ٹین کے پترے کا دو ہرے پیندے کا چھوٹا تنور اگر بنا لیا جائے اور اس میں آلات تجربہ رکھ کر تنور کو گلابی مشعل سے گرم کیا جائے تو ان پر رطوبت جمنے نہیں پاتی۔

فصل (۲)۔ طلائی ورق کے برق نما کیساتھ تجربے

سکونی برقی تجربوں کے لئے طلائی ورق کا برق نما ایک موزوں آلہ ہے۔ اس کی سادہ شکل یہ ہے کہ شیشہ کا ایک ظرف حاجز ڈاٹ سے بند کر دیا جاتا ہے اور ڈاٹ میں سے پیتل کی ایک پتلی سلاخ گزرتی ہے۔ سلاخ کے اوپر والے سرے پر پیتل کا ایک کرہ یا قرص لگا ہوا ہوتا ہے۔ اور نیچے کے سرے سے دو سنہری ورق جوڑ دیئے جاتے ہیں۔ جب ان ورقوں پر برقی بار جمع ہوتا ہے تو وہ ایک دوسرے سے ہٹ جاتے ہیں اور ان میں انفراج پیدا ہوتا ہے۔ اگر حجز کامل ہو تو بار گھٹنے نہ پائیگا اور ان ورقوں کا زاویہ میلان بھی مستقل رہیگا۔

جدید وضع کے برق نما میں بجائے دو کے صرف ایک ہی سنہری ورق استعمال ہوتا ہے جو پیتل یا الومینیم کے ایک سخت پترے سے جوڑ دیا جاتا ہے۔ (ملاحظہ ہو شکل ۲۶)۔ اس کے انصراف کی پیمائش کے لئے آئینہ پر ایک پیمانہ لگا کر اس کے پیچھے رکھدیا جاتا ہے تاکہ اختلاف منظر کی خطا نہ ہو۔ یا خردہ پیما خرد بین کے ذریعہ انصراف ناپ لیا جاتا ہے۔

تجربہ (۲۳)۔ سکونی برقی کلیوں کی توضیح۔


(۱) برق نما کے قرص کو انگلی سے چھوؤ تاکہ اس پر اگر کوئی برقی بار ہو تو نکل جائے۔ آنبوسہ کی ایک سلاخ کو رگڑ کر مقناؤ اور قرص کے قریب لیجاؤ اوراق منفرج ہونگے۔ (شکل ۲۵، ۱ ملاحظہ ہو)۔ آنبوسہ پر جو برقی بار ہے امالی اثر سے برق نما کے قرص پر مخالف علامت کا بار کھینچ لیتا ہے اور طلائی اوراق پر مشابہ علامت کا بار مسترد

کرتا ہے۔
یہی تجربہ شیشہ کی سلاخ کے ساتھ کرو۔
(۲) یہ بتانے کے لئے کہ برقی بار کی دو قسمیں ہیں، اس سے پہلے کے تجربہ کی طرح برق نما کے پاس برقائی ہوئی ایک آبنوسی سلاخ لیجاؤ، پھر ایک برقائی ہوئی شیشہ کی سلاخ لیجاؤ۔ آبنوس پر کے بار سے اوراق پر جو اثر محسوس ہوگا شیشہ پر کے بار سے اس میں تخفیف محسوس ہوگی۔ سلاخوں کو مناسب فاصلوں پر رکھنے سے ایک اثر دوسرے کو بالکلیہ منسوخ کردے سکتا ہے۔ ملاحظہ ہو شکل (ب)
[نوٹ۔ شیشہ کی سلاخ کو خشک کرنے کے لئے جب شعلہ میں پکڑتے ہیں تو بعض اوقات رگڑنے کے بعد اس پر منفی بار ظاہر ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں آبنوس سے طلائی اوراق کا جو انفراج پیدا ہوا تھا بڑھ جائیگا۔]
(۳) برق نما کو اتصال کے ذریعہ برقا سکتے ہیں۔ برقائی ہوئی سلاخ کو برق نما کے قرص سے (اچھی طرح) چھو کر اس کا کچھ بار قرص پر منتقل کرسکتے ہیں۔ ملاحظہ ہو شکل (ج) سلاخ کو ہٹا لینے کے بعد بھی طلائی اوراق ایک دوسرے سے ہٹے ہوئے رہینگے۔ دیکھو شکل (د)
(۴) برق نما کو امالی طریقے سے برقانے کے لئے برقائی ہوئی سلاخ کو قرص کے نزدیک لیجاؤ، لیکن اسے چھونے نہ دو۔ پھر قرص کو ذرا سی دیر کے لئے انگلی سے چھوؤ۔ شکل (ھ)۔ اس کے بعد انگلی اٹھالو اور پھر سلاخ کو دور ہٹا لو۔ شکل (و) اب برق نما پر سلاخ کے بار کے مخالف علامت کا بار پایا جائیگا۔ کیونکہ جب انگلی قرص کو چھوتی ہے تو سلاخ کے بار

کے مشابہ بار چھونے والے کے جسم میں سے ہوکر زمین میں دفع ہو جاتا ہے۔

(۵)۔ برقی بار کی علامت کے امتحان کے لئے برق نما کو اماکی طریقہ پر سابقہ تجربہ کی طرح، آنبوسہ کی سلاخ کے ذریعہ، برقاؤ۔ پھر برق نما کے قرص کے قریب ایک (مثبت بار والی) شیشہ کی سلاخ لیجاؤ۔ دیکھو اوراق کا انفراج بڑھ جاتا ہے۔

لعد ازاں آنبوسہ کی سلاخ قریب لیجاؤ۔ اب انفراج گھٹ جائیگا۔ اور جوں جوں



شکل (۲۵)

طلائی اوراق کے برق نما کے ساتھ تجربے

سلاخ قرص سے نزدیک ہوتی جائیگی گھٹاؤ میں ترقی ہوتی جائیگی۔

اگر سلاخ کو قرص کے بہت ہی قریب پہنچادیں تو ممکن ہے اوراق پہلے بالکل مل جائیں اور پھر کھل جائیں۔ طالب علم اس مکرر انفراج کی توجیہ آپ خود کرسکتے ہیں۔

اب ایک بڑی جسامت والی چیز حاجز دستہ کے سہارے پکڑ کر برق نما کے قریب لائی جائے۔ دیکھو اوراق کے انفراج میں کسیقدر کمی محسوس ہوتی ہے۔ اسی طرح اگر کوئی ایسی چیز اس کے قریب لائی جائے جو زمین سے متصل ہے (مثلاً خود تجربہ کرنے والے کا ہاتھ) تو اس صورت میں بھی انفراج گھٹ جاتا ہے

واضح ہو کہ دونوں صورتوں میں برق نما کے پاس لیجانے سے پہلے ان چیزوں پر کچھ برقی بار نہ تھا۔

پس اس تجربہ سے ظاہر ہے کہ اگرچہ مزید انفراج نزدیک آنے والے جسم پر برق نما کے مشابہ بار کا ثبوت دیتا ہے، یقین کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا کہ انفراج کی تخفیف جسم پر مخالف علامت کے بار کی دلیل ہے۔

کسی بھی قسم کے بار کے امتحان کے لئے ضرور ہے کہ دو برق نما مخالف باروں سے برقائے جائیں۔ جس چیز کے بار کا امتحان کرنا ہو اس کو باری باری سے ان کے نزدیک لیجائیں۔ مثبت بار والے برق نما کے پاس مثبت بار کی چیز زیادہ انفراج پیدا کریگی، اور منفی بار والے برق نما کے پاس کم انفراج۔

اسی طرح منفی بار والی چیز جب منفی برق والے برق نما کے پاس لائی جائیگی تو اس کے اوراق کا انفراج زیادہ ہوجائیگا اور مثبت برق والے برق نما کا انفراج کم۔ اگر اس چیز پر کوئی برقی بار نہ ہو یا وہ زمین سے موصل ہو تو دونوں برق نماؤں کے پاس انفراج میں کمی پیدا ہوگی۔

فصل (۳)۔ سادہ سکونی برقی آلات

برق بردار

برق بردار کے نام سے جو آلہ مشہور ہے آبنوسہ یا ربڑ کی ایک مدور تختی ہے جس کے پیندے کو فلزی پتر کا تلا سہارا ہوتا ہے۔ آبنوسہ کی تختی پر ایک فلزی قرص رکھا جاسکتا ہے جو ایک حاجز دستہ سے مہیّا ہوتا ہے۔

فلزی قرص کو آبنوسہ کی تختی پر سے ہٹا کر تختی کو بلی کے پوستین سے گھس کر یا جھٹک کر منفی برقی بار دیا جاتا ہے اس کے بعد فلزی تختی اس کے حاجز دستہ سے پکڑ کر برقائی ہوئی سطح پر رکھی جاتی ہے۔ حقیقی تماس صرف چند نقطوں پر ہوتا ہے (اور چونکہ تختی غیر موصل ہے) آبنوسہ کے باقی حصّوں پر کا منفی بار امالی اثر سے فلزی قرص کی نیچے والی سطح پر مثبت بار پیدا کرتا ہے، اور قرص کی اوپر والی سطح پر منفی بار۔ قرص کو ہاتھ سے چھو لینے سے یہ منفی بار جسم میں سے ہوکر زمین میں چلا جاتا ہے اور مثبت بار آبنوسہ کی سطح پر کے منفی بار کی کشش سے اس کے ساتھ "والبتہ" رہتا ہے۔ قرص کو آبنوسہ کی تختی پر سے اٹھالیں تو اس پر

کا مثبت برقی بار اس کی پوری سطح پر پھیل جاتا ہے اور اگر دوسرے موصلوں سے اس کو تماس کرایا جائے تو اس بار کی آپس میں تقسیم ہو سکتی ہے۔ فرض کو زمین سے ملے ہوئے کسی موصل سے تماس کرا کر بار خالی کرا دینے کے بعد پھر آئینوسی تختی پر رکھ کر یہی عمل دوہرا سکتے اور برقا سکتے ہیں۔ ان کارروائیوں سے آئبوسہ پر کا منفی بار گھٹتے نہیں پاتا (بشرطیکہ حجز کامل ہو)۔ دوسرے املی برقی مشینوں مثلاً **فوس** اور **وِمز ہرسٹ** کی مشینوں کا عمل بھی اسی اصول پر مبنی ہے۔

تجربہ (۲۴) - برق بردار - برق بردار کو برقا کر اس کے قرص پر بار فراہم کر لو۔ بار کی نوعیت پہچاننے کے لئے قبل ازیں جو طریقہ بتایا گیا ہے اس سے کام لیا جائے یہ بھی دیکھ لیا جائے کہ فلزی قرص کے قریب زمین سے ملا ہوا کوئی موصل (مثلاً خود تجربہ کرنے والے کی انگلی) لیجانے سے شرارے نکل سکتے ہیں۔

فاراڈے کا "برف کے برتن" کا تجربہ


ان تجربوں کے لئے ایک فلزی ظرف چاہئے۔ برافین یا آئبوسہ کے کندے پر رکھ کر اس کو مجوز کیا جا سکتا ہے۔ اگر برق نما کے سرے پر ایک کافی چوڑی تختی اوراق کے ساتھ موصل ہو تو اس ظرف کو اس پر رکھ دینے میں زیادہ سہولت ہوگی۔ اگر ظرف برافین یا آئبوسہ کے کندے پر رکھا جاتا ہے تو اس کو تانبے کے ایک مناسب تار کے ذریعہ برق نما

کے قرص سے ملا سکتے ہیں۔

تجربہ (۲۵) - فاراڈے کا برف کا برتن

برتن - ریشمی ڈورے سے پیتل کا ایک چھوٹا کرہ لٹکاؤ (یا اگر آبنوس کی ڈنڈی لگا ہوا پیتل کا کرہ مل سکے تو اسی سے کام لیا جائے)۔ کرے کو برق بردار یا وِمز ہرسٹ والی مشین کے ذریعہ برقا لو۔

کرے کو "برف کے برتن" کے اندر (ریشمی ڈورے یا آبنوس کی ڈنڈی کو پکڑ کر) اتارو اور طلائی ورق کا انفراج ملاحظہ کرو۔ اگر برقایا ہوا کرہ ظرف کے اندر اتر آیا ہو تو اس کا مقام ظرف میں کہیں بھی ہو انفراج ایک ہی رہتا ہے۔ اس میں کمی زیادتی ہونے نہیں پاتی۔ حتیٰ کہ اگر وہ برتن کو چھو بھی لے تو انفراج میں **تغیر نہیں** ہوتا۔ یہ مشاہدہ اس قیاس کے مطابق ہے کہ ظرف کے اندر ایک معیّن مقدار برق داخل کی گئی ہے اور برق نما پر جو اثر محسوس ہوتا ہے محض ظرف کے اندر کی **مقدار** کے تابع ہے۔



شکل (۲۶)
فاراڈے کا برف کا برتن

ہم اس فاراڈے والے برتن کے ذریعہ سے یہ دریافت

کر سکتے ہیں آیا دو جسم مساوی برقی بار رکھتے ہیں، اور پھر ان کے باروں کو جمع کر کے (ان کو ایک کھوکھلے موصل کے اندر رکھ کر) پیشتر کے بار کا دو چند بار تیار کر سکتے ہیں۔ اسی طرح موصل کو ایک مقررہ بار کا کئی گنا بار دے سکتے ہیں۔

تجربہ (۲۶) کسی موصل پر امالی اثر سے جو بار پیدا ہوتے ہیں باہمدیگر مساوی اور مخالف ہوتے ہیں اور اثر پیدا کرنے والے بار کے مساوی ہوتے ہیں، اگر وہ اس موصل سے بالکلیہ گھرا ہوا ہو۔ برقائے ہوئے کُرے کو "برف کے برتن" کے اندر اس کے بازوؤں کو چھوئے بغیر داخل کرو، اور برق نما کے اوراق کا انفراج دیکھ لو۔ پھر برتن کو اسی حالت میں انگلی سے چھو لو۔ اوراق مل جائینگے۔ اب کُرے کو برتن کے باہر (بار سمیت) نکال لو۔ حجز کامل اگر ہو تو اوراق کا انفراج پیشتر کے مساوی ہوگا۔ پس امالی اثر سے دونوں جو بار پیدا ہوئے تھے ٹھیک باہمدیگر مساوی اور مخالف تھے۔ ان میں ایک خارج کر دیا گیا اور دوسرا برقائے ہوئے کُرے کے نکل جانے کے بعد برق نما کے اوراق کے انفراج کا باعث ہوا۔ برتن کا بار چھو کر خالی کر دو۔ اور اس کے اندر کرے کو دوبارہ داخل کرو۔ اس مرتبہ اس کو برتن کے پیندے کو چھو لینے دو۔ پھر جب اس کو باہر نکالوگے تو معلوم ہوگا اس پر کچھ بھی بار نہیں ہے۔

اس کا بار برتن کو دیدیا گیا ہے۔ کرہ پیندے کو چھونے کے بعد بھی اوراق کا وہی انفراج ہے جو چھونے سے پہلے تھا۔ اور کرے کو نکال لینے کے بعد بھی اس میں کوئی تغیر نہیں پایا جاتا ہے۔

تجربہ (۲۷)۔ رگڑ سے جو برقی بار پیدا ہوتے ہیں مساوی المقدار اور باہمدیگر مخالف ہوتے ہیں۔ اس تجربہ میں رگڑنے والی اور رگڑے جانے والی چیز دونوں مجوز ہونی چاہئیں۔ دونوں چیزوں کو باہمدیگر رگڑو، رگڑتے وقت ان کے حاجز دستوں وغیرہ کے ذریعہ ان کو پکڑے رہو ایک ایک کو علٰحدہ علٰحدہ "برف کے برتن" میں داخل کرکے ان کا امتحان کرو۔ پھر دونوں کو ملا کر برتن میں داخل کرو۔ اگر ان کے بار ٹھیک مساوی اور مخالف ہیں تو دونوں کو ملا کر ظرف میں داخل کرنے سے برق نما کے اوراق کا ذرا بھی انفراج مشاہدہ نہیں ہوتا ہے لیکن علٰحدہ علٰحدہ ایک ایک کو داخل کرنے سے انفراج پایا جاتا ہے۔

چونکہ نقص حجز کی وجہ سے کچھ نہ کچھ بار خارج ہوجاتا ہے، اس لئے ضروری ہے کہ اس تجربہ کے سارے عمل جلدی سے ختم کردئے جائیں۔

ان سکونی برقی تجربوں کو اپنی مشقی بیاض میں لکھتے وقت طالب علم کو چاہئے کہ واقعات کو بیان کرکے ان سے جو نتائج ماخوذ ہوں ان کو بھی لکھ لے۔ شکلوں سے بیان کی توضیح ہونی چاہئے جن میں آلات کے مختلف حصوں کی وضعیں وقتاً فوقتاً ان پر کے برقی باروں کی صراحت کے ساتھ بتائی جانی چاہئیں۔

فصل (۴) - بار اور قوّہ

یہ یاد رکھنا چاہئے کہ برق نما کے اوراق کا انفراج بالالتزام برق نما پر کا پورا بار نہیں بتاتا ہے۔ در اصل اس سے ہمیشہ برق نما کے قوّہ کا پتہ چلتا ہے، اور برقی بار کا صرف اُسی صورت میں اندازہ ہوسکتا ہے جبکہ اس کے پاس کوئی اور جسم نہ ہو۔

مثبت برق زیادہ قوہ کے مقاموں سے نکل کر کم قوّہ کے مقاموں پر جاتی ہے، اگر ان کو کسی موصل کے ذریعہ ملایا جائے۔

کسی جسم کے قوّہ کا امتحان کرنا ہو تو اس کو زمین سے ملا دیا جائے۔ اگر اس سے مثبت برق خارج ہو تو سمجھنا چاہئے اس کا قوّہ مثبت تھا، اور اگر اس میں مثبت برق داخل ہو (یا وہ منفی برق زمین کو دیدے) تو قوّہ منفی تھا۔ اگر اس کے برقی بار میں نہ کمی ہو نہ زیادتی تو قوّہ صفر تھا۔

تجربہ (۲۸) - طلائی اوراق کے برق نما کے انفراج سے اس کے قوہ کا اظہار

صورت (۱) ایک برقائی ہوئی شیشہ کی سلاخ برق نما کے پاس لیجاؤ۔ برق نما پر امالی اثر سے دو مساوی اور مختلف برقی بار پیدا ہوتے ہیں۔ پس وہ بحیثیت مجموعی انبر قایا ہوا ہے، لیکن بریں ہم اس کے اوراق منفرج ہیں۔ اگر اس کو زمین سے ملا دیا جائے تو اُس سے

مثبت برق نکل کر زمین میں چلی جاتی ہے، اس لئے برق نما کا قوۂ مثبت تھا۔ زمین سے ملانے سے پہلے اس کے اوراق منفرج تھے مگر وہ انبرقایا ہوا تھا۔ پس واضح ہے کہ اس صورت میں اوراق کا انفراج برق نما پر کا بار نہیں بتاتا ہے۔

صورت (۲)۔ پھر سے برق نما کے پاس برقائی ہوئی شیشہ کی سلاخ لیجاؤ۔ برق نما کو زمین سے ملانے کے بعد بھی شیشہ کی سلاخ کو اس کے قریب رکھو۔ اب برق نما پر منفی بار ہوگا۔ لیکن اوراق باہمہ یگر بالکل ملے ہوئے ہیں۔ پس اس صورت میں اوراق کے انفراج سے برقی بار کا اظہار نہیں ہوتا۔ بار اگرچہ معتدبہ ہے انفراج کچھ بھی نہیں۔

صورت (۳)۔ برق نما کو مثبت برق سے برقاؤ اور اس کے پاس کی تمام چیزوں کو دور ہٹا دو۔ اوراق منفرج ہوتے ہیں اور ساتھ ہی برق نما پر مثبت بار ہے۔ پس صورت حال میں انفراج اوراق سے برقی بار کا اظہار ہوتا ہے۔

متذکرۂ بالا تین صورتوں میں قوؤں پر غور کرو۔

صورت (۱)۔ جیسا کہ قبل ازیں تفہیم ہوئی ہے برق نما کا قوۂ مثبت تھا، لیکن (بحیثیت مجموعی) برقی بار صفر تھا۔ برق نما کے اوراق منفرج تھے۔

صورت (۲)۔ زمین سے موصل ہونے کی وجہ سے برق نما کا قوۂ صفر تھا، اگرچہ اس پر برقی بار موجود تھا۔ اوراق منفرج نہ تھے۔

صورت (۳) - برق نما کا قوہ مثبت ہے اور اُس پر مثبت برقی بار بھی ہے۔
چونکہ اوراق کا انفراج قوہ کا ساتھ دیتا ہے اس لئے ظاہر ہے کہ **برق نما کے اوراق کے انفراج سے اس کے قوہ کا انکشاف ہوتا ہے**۔ صرف انہی صورتوں میں انفراج اوراق سے برقی بار کا بھی انکشاف ہوتا ہے جبکہ برق نما دوسرے اجسام سے دور واقع ہوتا ہے۔
معہذا اس انفراج سے محض قوہ کی مقدار کا پتہ چلتا ہے۔ یہ نہیں معلوم ہوتا کہ کسی خاص انفراج کی صورت میں قوہ مثبت ہے یا منفی۔ اس کا امتحان دوسرے ذرائع سے ہوسکتا ہے۔ مثلاً
مثبت موصل کے قریب لانے سے برق نما کا قوہ بلند تر ہوتا ہے۔ پس اگر اوراق اور زیادہ منفرج ہوں تو برق نما کا قوہ مثبت ہے۔ اور اگر ان کا انفراج ذرا گھٹ جائے تو برق نما کا قوہ منفی ہے۔ اس دوسری صورت میں **قوہ بلند تر ہونے سے مراد اس کی منفی قیمت میں گھٹاؤ پیدا ہونا ہے**۔

گنجائش

جب کسی مجوزہ موصل کو برقی بار دیا جاتا ہے تو اس سے موصل کے قوہ میں جو تغیر پیدا ہوتا ہے اس کی جسامت اور شکل کے تابع ہوتا ہے۔ ایک ہی بار اگر زیادہ بڑے موصل

کو دیا جائے تو اس کا قوہ بہ نسبت چھوٹے موصل کے کم ہوگا۔ کسی موصل کی گنجائش سے مراد وہ برقی بار ہے جو اس موصل کے قوہ میں اکائی اضافہ پیدا کرے۔ جب ایک موصل کے قریب کوئی دوسرا موصل لایا جاتا ہے تو پہلے موصل کا قوہ گھٹ جاتا ہے (صفحہ ۷۷)۔ یہ اثر دوسرے موصل کی جسامت کے تابع ہے۔ اور اگر وہ زمین سے ملا ہوا ہے تو اثر عموماً بہت ہوتا ہے۔ گویا زمین جیسے بڑے ابعاد کے موصل کو دوسرے موصل کا ایک حصہ بنا دیا گیا۔ موصلوں کی اس ترتیب کو **مکثفہ برق** کہتے ہیں۔ مکثفہ کی تعریف موصلوں کا ایک نظام ہے جو اس طرح مرتب ہوتا ہے کہ ان کے ایک حصہ کی گنجائش دوسرے حصہ کے تقرب کی وجہ سے بڑھ جاتی ہے۔ مکثفہ کی گنجائش کا شمار اس برقی بار سے ہوتا ہے جو اس کے ایک حصہ کو دوسرے حصہ سے بقدر اکائی قوہ بڑھانے کے لئے درکار ہو۔

مکثف برق نما

مکثف برق نما ایک معمولی برق نما ہے جس کا قرص اوسط سے کسی قدر بڑا ہوتا ہے۔ اس کے مساوی وسعت کا ایک دوسرا قرص حاجز دستہ سے مہیا ہوتا ہے اور برق نما کے قرص پر رکھا جاتا ہے۔ قرص برق نما کی اوپر کی سطح پر حاجز وارنش کا پتلا استر چڑھا کر اوپر والے قرص کو اس سے مجوز کر دیا جاتا ہے۔ پس دونوں ملکر ایک متوازی پرت کا برقی مکثف بن جاتا ہے، اور جب اوپر والا قرص زمین سے ملایا جاتا

ہے تو برق نما کی گنجائش معتدبہ ہوجاتی ہے - یعنے اس کے قوہ میں اکائی اضافہ پیدا کرنے کے لئے اس کو معتدبہ برقی بار دینا پڑتا ہے - پس اگر برق نما کسی ایسے آلہ سے ملایا جاتا ہے جس کا قوہ مستقل رہتا ہے تو وہ بہت زیادہ برقی بار کا متحمل ہوسکیگا بہ نسبت اس صورت کے جبکہ اس کے قرص پر زمین سے ملحق قرص نہ رکھا جائے -

ممکن ہے کہ برق نما کا قوہ اس قدر بلند نہ ہو کہ اس کے اوراق منفرج ہوں - معمولی یعنے مضاعف قرص نہ رکھنے والے برق نما سے اگر تجربہ کیا جائے تو اس برقی قوہ کی پہچان نہ ہوسکے گی -

لیکن اگر مکثف برق نما کو (اس کے اوپر والے قرص کو زمین سے ملحق کرکے) برقایا جائے تو برق نما پر کثیر مقدار میں بار چڑھایا جاسکتا ہے، اگرچہ اس کا قوہ اس قدر کم ہو کہ اس کے اوراق منفرج نہ ہوسکیں - اب اگر برق نما کے قرص کا الحاق برقی آلہ سے توڑ دیا جائے، اور فوراً ہی اسکے قرص پر سے زمین سے ملا ہوا اوپر والا قرص اٹھا لیا جائے تو برق نما کی گنجائش چھوٹی ہوجاتی ہے - جو برقی بار اسکو پہلے دیا گیا تھا اس سے اب بیشتر کی نسبت اس کا قوہ بہت بڑھ جائیگا - اور اس کی وجہ سے اس کے اوراق اب منفرج ہوسکینگے

تجربہ (۲۹) - مکثف برق نما کا استعمال برقی خانہ کے مثبت اور منفی قطبوں کی شناخت کے لئے - مکثف برق نما پر سے مضاعف

قرص اٹھا لو اور اس کے سرے کے قرص کو ایک تار کے ذریعہ والٹائی خانہ کے ایک قطب سے ملا دو۔ خانہ کے دوسرے قطب کو زمین سے وصل کر دو۔ دیکھو اوراق منفرج نہ ہونگے مجوز قرص کو برق نما کے قرص پر رکھو اول الذکر قرص کو زمین سے ملاؤ اور آخر الذکر کو مکرر تار کے ذریعہ والٹائی خانہ کے ایک قطب سے وصل کرو۔ تار نکال لو۔ دیکھو اوراق منفرج نہیں ہوتے ہیں۔ اب اوپر والا قرص اٹھا لو۔ اوراق کسیقدر کھل جاتے ہیں، برق نما کا اب وہی بار ہے جو پہلے تھا۔ لیکن اس کی گنجائش گھٹ گئی ہے۔

بار کی علامت دریافت کر لو۔ اس کے لئے برقائے ہوئے ولکانائٹ یا شیشہ کی سلاخ استعمال ہو سکتی ہے۔

یہی تجربہ برقی خانہ کے دوسرے قطب کو برق نما کے قرص سے موصل کر کے اور پہلے قطب کو زمین سے ملا کر کیا جائے۔ تم دیکھو گے کہ ان قطبوں کے برقی باروں کی علامتیں مخالف ہیں۔ جن خانوں میں جست کی تختی استعمال ہوتی ہے ان سبھوں میں اس کی علامت منفی ہوتی ہے۔

اسی طرح کسی برقی ذخیرہ خانہ کے قطبین کی علامتوں کا امتحان کر کے دیکھو آیا ان پر صحیح نشان لگائے گئے ہیں کہ نہیں۔

تنبیہ موجودہ معلومات کے لحاظ سے یہ رائے قائم ہوئی ہے کہ برقی بار کی وجہ برقیوں (الکٹرون) یا جسیموں کی کمی زیادتی ہے۔ برقیہ منفی برق کا ذرہ تصور کیا جاتا ہے فرینکلن کے ایک سیالی برقی نظریہ میں جو سیال فرض کیا جاتا ہے برقیہ ایک حد تک اس کے مشابہ تصور ہو سکتا ہے۔ اس کتاب میں قدیم رواج کے بموجب برقی رو سے

مثبت برق کی روانگی مفہوم ہے۔ واضح ہے کہ اس کی سمت برقیوں کی روانگی کی سمت کے مخالف ہے۔



دُوسرا باب

برقی رو۔ (ابتدائی اُمور)

فصل (۱)۔ کیمیائی طریقوں سے برق کی پیدائش

مکشف برق نما کے ذریعہ سے یہ ثابت کیا جا سکتا ہے کہ جب کوئی سے دو مختلف فلز کی تختیاں کسی بھی مایع میں (جو ایک ہی برتن میں ڈالا ہوا ہو) ڈبوئی جاتی ہیں، تو ایک تختی کا قوّہ دوسرے کے قوّے سے اونچا ہو جاتا ہے۔ ان تختیوں کو جب ایک لمحہ کے لئے تار کے ذریعہ ملایا جاتا ہے تو اونچے قوہ کی تختی سے برقی بار خارج ہو کر تار پر سے دوسری تختی میں دوڑ جاتا ہے۔ اِس برقی بار کے اخراج کے بعد بھی تختیاں برق سے خالی نہیں ہوتیں۔ کیونکہ تار کو ہٹانے کے بعد اگر پھر مکشف برق نما کے ذریعہ تختیوں کا امتحان کیا جائے تو پیشتر کی طرح ان پر تفاوت قوّہ پایا جائیگا اگرچہ پیشتر کے تفاوت قوّہ اور موجودہ تفاوت قوّہ میں جو کچھ بھی خفیف سا تغیّر ہوگا اس کی پہچان برق نما جیسے کم

حساس آلہ سے نہ ہوسکیگی۔

پس جب تختیاں اس مائع میں ڈبوئی جاتی ہیں تو خانہ میں کیمیائی تعامل ہوکر تختیوں پر کے برقی بار کی مسلسل تجدید ہوتی ہے۔ اگر ان تختیوں یا بموجب علمی اصطلاح کے اِن قطبوں کو ایک تار سے ملائے رکھیں تو اس پر سے

ایک مسلسل برقی رو دوڑتی ہے

مختلف قسم کے محلولوں اور انواع و اقسام کی تختیوں کے ساتھ تجربہ کرنے کے بعد چند مخصوص خوبیوں کے خانے ایجاد ہوئے ہیں، جو ان کے موجدوں کے نام سے مشہور ہیں۔ انکے متعلق اگر مفصل کیفیت معلوم کرنا ہو تو طالب علم کو چاہیے برقی نظریہ کی درسی کتابیں مطالعہ کرے۔

دالٹا کے سادہ خانہ میں سلفیورک ایسڈ (گندھک کے ترشہ) کے ہلکے محلول میں تانبے اور جست کی تختیاں ڈبوئی جاتی ہیں عموماً ایک حصہ خالص ترشہ کے ساتھ دس حصہ پانی ملا ہوا ہوتا ہے۔ جست کی تختی ترشہ میں بموجب مساوات ذیل حل ہوتی ہے۔

$$Zn + H_2SO_4 = ZnSO_4 + 2H$$

تمام ابتدائی برقی خانوں کا عمل اس کے مشابہ ہوتا ہے۔ تانبے کی تختی پر ہیڈروجن گیس کی جھلی جم جانے سے خانہ کی جو **تقطیب** ہوتی ہے اس کے دفعیہ کے لئے کسی غیر مقطِّب مائع کے استعمال کی ضرورت ہوتی ہے۔

چند ابتدائی خانوں کے متعلق ضروری باتیں

نام	تختیاں	برقانے والا مائع	دافع تقطیب	تقریبی محرکہ برق (م-ب)	کیفیت
والٹا کا یا سادہ خانہ	تانبا، جست	سلفیورک ایسڈ کا محلول	ندارد	۱٫۰ اولٹ	جلد تقطیب عمل میں آتی ہے
ڈانیل	تانبا، جست	سلفیورک ایسڈ کا محلول	تانبے کا سلفیٹ مرتکز	۱٫۱۴ "	مستقل اور قابل اطمینان
		جست کے سلفیٹ کا "	" " " "	۱٫۰۷ "	ایسڈ کے بخارات نہیں ہوتے
گروف	پلاٹینم، جست	سلفیورک ایسڈ کا محلول	نائٹرک ایسڈ مرتکز	۱٫۹ "	نائٹرک قیمت اور ایسڈ کے بخارات تیز ہوتے ہیں
بُنسن	کاربن، جست	" " " "	" " " "	۱٫۷ "	ایسڈ کے بخارات
لسکلانشے	کاربن، جست	نوشادر کا سیر محلول	منگانیز ڈائی آکسائیڈ	۱٫۴ "	وقفہ سے کام کرنے کیلئے مفید
بائی کرومیٹ	" "	سلفیورک ایسڈ کا "	بائی کرومیٹ سوڈیم کا	۱٫۸ "	قابلِ اطمینان، ختم کار پر جست کی تختی مائع میں سے اوپر اوٹھا لینی چاہیے۔
کلارک	پارا، جست	جست کا سلفیٹ	پارے کا سلفیٹ	۱٫۴۳۲ "	مستقل
وسٹن	پارا کیڈمیم	کیڈمیم سلفیٹ	پارے کا سلفیٹ	۱٫۰۱۸۳ "	بہت مستقل

محرکۂ برق (م-ب) یا تفاوت قوّہ (ت-ق) کی عملی اکائی **اولٹ** ہے جو نظام س-گ-ث کی اکائی کی ۱۰^۸ ہے معمل میں تجربہ کرکے **بین الاقوامی اولٹ** معلوم کرنے کیلئے وسٹن کے کیڈمیم والے خانہ سے مدد لی جاسکتی ہے جس کا م-ب

۲۰° مئی پر ۱۸۳ء۱ بین الاقوامی اولٹ ہے۔ کلارک کے خانہ کا م۔ ب ۱۵° مئی پر ۴۳۳ء۱ اولٹ ہے۔

خانوں کی حفاظت۔ برقی خانہ کی **طاقت** یعنے رَو مہیّا کرنے کی شرح تختیوں کے رقبہ، کیمیائی تعامل کی رفتار اور دوسری خواص مثلاً اندرونی مزاحمت وغیرہ کے تابع ہوتی ہے۔ اگر **دَور قصر** ہوکر (یعنے خانہ کی قطبین کم مزاحمت کے موصل مثلاً فلزّ کے چھوٹے ٹکڑے کے ذریعہ مل کر) خانہ ذرا سی بھی دیر کے لئے اپنی حیثیت سے بڑھ کر عمل کرنے پر مجبور کردیا جائے تو وہ **کمزور یا مقطب** ہوجاتا ہے۔ اور اگر دائمی طور پر خراب نہ ہوجائے تو کم از کم تھوڑی دیر کے لئے تو قابل اطمینان کام نہیں دے سکتا۔


اس لئے ضرور ہے کہ برقی خانوں کو خصوصاً ثانوی یا ذخیرہ خانوں کو اس طرح زائد از حیثیت کام کرنے نہ دیا جائے۔ ذخیرہ خانہ میں سیسے کی سوراخدار تختیاں ہوتی ہیں، ایک تختی کے سوراخوں میں سفنجی سیسہ بھرا جاتا ہے اور دوسرے کے سوراخوں میں سیسے کا پر اکسائیڈ۔ اگر ذرا سی دیر کے لئے ذخیرہ خانہ پر زائد از حیثیت کام کا بوجھ پڑ جائے تو گیس نہ صرف تختیوں کی سطح پر سے جلد جلد نافذ ہوتی ہے بلکہ ان کے اندر بھی، جس کی وجہ سے تختیاں یا تو بل کھاتی ہیں یا انکے سوراخوں میں جو "لگدی" بھری جاتی ہے پھول کر باہر آجاتی ہے اس سے ذخیرہ خانہ کو سخت نقصان پہنچتا ہے اور اگر پھر کبھی یہ بات وقوع میں آئے تو وہ ہمیشہ کے لئے خراب ہوجائیگا

طلباء کو چاہئیے کہ محض شرارے کی موقت جھلک دیکھنے کے خیال سے برقی ذخیرہ خانہ جیسے معمل کے اہم اور قیمتی آلہ کو خراب نہ کردیں۔

فصل (۲) - برقی رَووں کا مقناطیسی عمل

سنہ ۱۸۱۹ء میں ایرسٹڈ کو اس کا اکتشاف ہوا کہ ایسے تار کے قریب جس پر سے برقی رَو گزرتی ہو جب مقناطیسی سوئی رکھی جاتی ہے تو سوئی علی العموم منحرف ہوجاتی ہے انحراف اس انداز سے ہوتا ہے گویا سوئی کا محور برقی رَو کی سمت پر علی القوائم ہونا چاہتا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ برقی رَو سے اس کے اطراف کے فضاء میں ایک مقناطیسی میدان وجود میں آتا ہے۔ اگر رَو ایک سیدھے لمبے تار پر سے بہتی ہے تو مقناطیسی قوت کے خطوط دائروں کی شکل اختیار کرتے ہیں جن کے مرکز تار پر واقع ہوتے ہیں، اور مستوی اس پر علی القوائم۔

فرض کرو تار اس کاغذ کے مستوی پر عمود وار واقع ہے اور رَو بمقام (۲) کاغذ کے اوپر سے نیچے کی طرف جاتی ہے ایسی صورت میں مثبت برقی قطب (۲) کے گرد ایک دائرے میں گھومیگا۔ دائرے کا مرکز (۲) ہوگا اور گھومنے کی سمت موافق سمت ساعت ہوگی۔ اس تعلق کو یاد رکھنے کا ایک آسان طریقہ یہ ہے



شکل (۲۷)
سیدھی برقی رَو کے مقناطیسی قوت کے خطوط

کہ دہتے کاگ پیچ کی حرکت سے مدد لی جائے۔ اگر پیچ کی نوک برقی رَو کی سمت میں آگے کو بڑھے تو پیچ کی گردش (یعنے اس کو پھیرنے والے انگوٹھے کی گردش) کی سمت مقناطیسی قوت کی سمت ہے۔

ایک چھوٹی کمپاس سوئی پر برقی رَو کا عمل معائنہ کرکے متذکرۂ بالا تعلق کا امتحان کیا جائے۔ ایک مجوز تانبے کے تار کے سروں کو ڈانیل کے دو ایک خانوں کے مورچہ کے سروں سے باندھ کر دیکھو مقناطیسی سوئی کا تار کی مختلف وضعوں میں کیسا انصراف ہوتا ہے۔ اس کی بھی تصدیق کرو کہ جب تار کو ایک جگہ موڑ کر دوہرا کردیتے ہیں یا اس کے ایک حصہ کو دوسرے کے گرد موڑ دیتے ہیں تاکہ بازوؤں کے حصوں میں رَو مخالف سمتوں میں دوڑے، مقناطیسی سوئی پر رَو کا اثر تقریباً صفر ہوتا ہے۔

تجربہ (۳۰) ۔ سادہ برقی مقناطیس

بنانے کا طریقہ ۔ نرم لوہے کی ایک سلاخ کے گرد ایک مجوز تانبے کا تار لولبی کی شکل میں لپیٹا جائے۔ تار کے سرے ایک مورچہ سے باندھ دیئے جائیں، اگر ضرورت ہو تو مناسب مزاحمت بھی دَور میں شامل کی جائے۔ برقی رَو کے اثر سے لوہا مقنایا جائیگا اس لئے تار اور لوہے کی ترتیب کو **برقی مقناطیس** کہتے ہیں۔ اگر ایک دہتا کاگ پیچ اسطرح پھیرا جائے کہ انگوٹھا لولبی کے چکروں میں برقی رَو کے دوڑنے کی سمت میں گھومے تو کاگ پیچ کی نوک مقناطیسی قوت کے خطوط کی سمت میں آگے کو بڑھیگی۔ یہ خطوط قوت

لوہے کی سلاخ کے اندر جنوبی قطب سے ہوکر شمالی قطب کو جاتے ہیں، پس سلاخ کا وہ سرا جہاں کاگ پیچ کی نوک لوہے کے اندر داخل ہوگی جنوبی قطب ہوتا ہے اور دوسرا سرا جہاں سے نوک باہر کو نکل آئیگی شمالی قطب۔ اس امر کی تصدیق کپاس سوئی کے ذریعہ کی جائے اور یہ بھی دیکھ لیا جائے کہ برقی مقناطیس لوہے کے ٹکڑوں کو اپنی طرف کھینچنے میں کس قدر طاقتور ہے۔



شکل (۲۸)
برقی مقناطیس بنانے کا طریقہ

مورچے کے قطبوں کی علامت کا امتحان

متذکرۂ بالا نتائج کے ذریعہ مورچہ یا برقی رَو کے کسی اور مبداء کے قطبیوں کی علامت مشخص ہوسکتی ہے۔ مبداء سے اگر (مناسب مقدار میں) برقی رَو لیکر کسی تار پر سے بھائی جائے تو کمپاس سوئی کے ذریعہ جیسا کہ اوپر بیان ہوا رَو کی سمت معلوم کرلی جاسکتی ہے۔ چونکہ بموجب قرارداد عامہ برقی رَو کی نسبت تصور کیا جاتا ہے کہ مثبت سرے سے نکل کر بیرونی دَور میں منفی سرے کی طرف جاتی ہے مبداء یا مورچہ کے سروں کی صحیح علامت فوراً دریافت ہوجاتی ہے۔

آگے چل کر بیان ہوگا کہ قطبوں کی علامت برقی رَو کے کیمیائی عمل سے بھی معلوم ہوسکتی ہے۔

فصل (۳) خط مستقیم پر سے گزرنیوالی برقی رَو کا مقناطیسی میدان

قبل ازیں اس کا ذکر آچکا ہے کہ برقی رو جب ایک لمبے سیدھے تار پر سے بہتی ہے تو اس کے گرد مقناطیسی قوت کے خطوط دائرہ کی شکل اختیار کرتے ہیں - ہر ایک دائرے کا مرکز تار پر واقع ہوتا ہے اور اس کا مستوی تار پر علی القوائم ہوتا ہے۔ دائرے میں مقناطیسی قوت کی سمت اور تار پر برقی رَو کی سمت دونوں میں تعلق دہنتے کاک پیچ کی گردش اور انتقالی حرکتوں کا تعلق ہوتا ہے۔



شکل (۲۹)
سیدھے تار پر سے گزرنیوالی رَو کا مقناطیسی میدان


کسی مقام کا عمودی فاصلہ اگر تار سے (ص) فرض کیا جائے تو وہاں مقناطیسی قوت کی قیمت $\frac{۲ر}{ص}$ ہوگی جس میں (ر) سے اُس برقی رَو کی برقی مقناطیسی اکائیوں میں قیمت مراد ہے۔

برقی مقناطیسی اکائی رَو کی تعریف کے لئے مماسی مقناطیسی رَو پیما کے نظریہ سے واقفیت ضروری ہے - تیسرے باب میں اس کا ذکر آئیگا۔

تجربہ کرتے وقت برقی رَو کے مقناطیسی میدان کے ساتھ زمین کے مقناطیسی میدان کا بھی لحاظ ضروری ہے - چونکہ زمین کے مقناطیسی میدان کا انتصابی جزو افقی سوئی پر کوئی اثر نہیں رکھتا

ہے اس لئے برقی رَو کا تار انتصابی وضع میں ترتیب دیا جائے تو مناسب ہے۔ مقناطیسی قوت کے خطوط افقی مستوی میں کھینچے جاسکتے ہیں۔

تجربہ (۳۱) سیدھے تار کے برقی رَو کے مقناطیسی میدان کی نقشہ کشی۔ مستطیل شکل کے لکڑی کے ایک وسیع چوکھٹے پر تانبے کے مجوز تار کے کئی چکر لپیٹے جائیں تاکہ برقی رَو کا مقناطیسی اثر زیادہ قوی ہو۔ شکل (۳۰) تار کا ایک سرا ایک چھوٹے برقی ذخیرہ خانہ کے ایک قطب سے باندھ دیا جائے اور دوسرا سرا ایک کنجی سے۔



شکل (۳۰)
سیدھے تار کے برقی رَو کا مقناطیسی میدان

ذخیرہ خانہ کے دوسرے قطب کو پلاٹینائیڈ کے ایک چھوٹے طول کے تار کے ذریعہ کنجی سے ملاکر برقی دور مکمل کر دیا جائے۔ اگر معمل کے استعمال کے لئے سیدھی برقی رَو مہیا ہو تو بہم رسانی کے تاروں میں سے رَو اخذ کیجاسکتی ہے۔ ضرورت سے زیادہ رَو منتقل نہ ہونے کی غرض سے آلہ کے ساتھ ایک برقی چراغ ہم سلسلہ ترتیب دیا جاسکتا ہے۔

آلہ کو میز کے ایک کنارے کے پاس کھڑا کرو اور نقشہ کشی کے تختہ کو میز پر افقی وضع میں مستحکم باندھ دو جیسا کہ شکل میں بتایا گیا ہے۔ خطوط قوت کے کھینچنے میں یاد رہے کہ وہ (۱) آلہ کے قریب اور (۲) تعدیلی نقطہ کے پاس بہت احتیاط سے کھینچے جائیں۔

ممکنہ صحت کے ساتھ تعدیلی نقطہ کا مقام دریافت کرلینے کے بعد تار سے اس کا فاصلہ (ص) ناپ لیا جائے۔ اگر مقناطیسی میدان کی حدت یہاں (ح) ہے اور تار کے پیچ (ع) ہیں اور ہر ایک تار پر سے برقی مقناطیسی اکائیوں میں (س) رَو بہتی ہے تو یہاں

$$\text{ح} = \frac{۲\text{ع س}}{\text{ص}}$$

یہ مقناطیسی قوت زمین کے افقی میدان کے مخالف اثر سے کالعدم ہوتی ہے۔ پس (ح) کو مقام مذکور کے افقی مقناطیسی میدان کی معلوم قیمت کے مساوی لکھنے سے برقی رَو (س) برقی مقناطیسی اکائیوں میں شمار ہوجاتی ہے اور چونکہ رَو کی ایک برقی مقناطیسی اکائی ۱۰ امپیر کے برابر ہوتی ہے (س) کی قیمت امپیروں میں بھی بتادی جائے۔

سیدھے تار پر کی برقی رَو کے قریب مقناطیسی میدانی حدّت میں تغیّر۔

صفحہ (۹۷) پر قبل ازیں ذکر آچکا ہے کہ لمبے سیدھے تار پر کی برقی رَو کے مقناطیسی میدان کی حدّت (ح) تار سے (ص) فاصلہ پر $\frac{۲ر}{ص}$ کے سادی ہے جہاں (ر) برقی مقناطیسی اِکائیوں میں رَو کی قیمت ہے۔

مقناطیسی میدانوں کے مقابلہ کے لئے جو طریقے بیان ہوئے ہیں ان میں سے کسی ایک کے ذریعہ ثابت کیا جاسکتا ہے کہ (ح) کو (ص) کے ساتھ عکسی نسبت ہے۔

تجربہ (۳۲)۔ مقناطیسیت پیما کے ذریعہ سیدھے تار پر کی برقی رَو کے مقناطیسی میدان کے تغیّر کی توضیح۔ پیشتر کے تجربہ کی طرح برقی رَو کے تار کو انتصابی وضع میں کھڑا کرو۔ ایک افقی خط کھینچو جو تار میں سے مقناطیسی نصف النہار کی سمت میں گزرے اس خط پر تار سے کسی فاصلہ (ص) پر مقناطیسیت پیما کو رکھدو۔ دیکھو برقی رَو جب تار پر سے گزرتی ہے تو سوئی کا زاویہ انحراف (ذ) کیا ہے۔ اسی طرح فاصلے بدل بدل کر (ص)، (∠ ذ)، (مس ∠ ذ) اور (ر مس ∠ ذ) کی قیمتیں بالترتیب ایک جدول کی شکل میں لکھ لو۔

برقی رَو کا مقناطیسی میدان تار کے شمالی یا جنوبی مقاموں پر مشرق یا مغرب کی سمت میں ہوتا ہے، اس لئے اس کی حدت مس ∠ ذ کے متناسب ہوتی ہے۔ اس تجربہ میں آخری

خانہ کے عدد مستقل برآمد ہونگے، پس (س ظ ز) یا (ح) کو (ص) سے عکسی نسبت ہوگی۔

تجربہ (۳۳)۔ خطوط قوت کی نقشہ کشی کے ذریعہ سیدھے تار کی رَو کے مقناطیسی میدان کے تغیّر کی توضیح۔ اِس تجربہ اور تجربہ (۳۲) میں مجازاً کوئی فرق نہیں۔ مقناطیسی نصف النہار کی سمت میں تار میں سے گزرنے والے افقی خط کو جہاں تار کی رَو کا مقناطیسی میدان قطع کرتا ہے وہاں مختلف مقاموں پر کمپاس سوئی کے ذریعہ خطوط قوّت کا نقشہ کھینچا جاتا ہے۔ جہاں خط نصف النہار کو قطع کرتا ہے وہاں خط مماس کھینچ کر اس کا زاویۂ میلان (ذ) نصف النہار کے ساتھ زاویہ پیما کے ذریعہ معلوم کرلیا جاتا ہے۔ اور مثل سابق جدول تیار کی جاتی ہے۔

اگر تار سے ۵، ۶، ۷، ۸، ۱۰، ۱۲، ۱۵ اور ۲۰ سم فاصلوں پر خطوط قوت کا میلان (نصف النہار کے ساتھ) ناپا جائے تو مناسب ہوگا۔

طریقہ امتیاز۔ فرض کرو ایک انتصابی تار پر سے برقی رَو گزر رہی ہے اور اُس تار میں سے ایک خط مقناطیسی مشرق و مغرب کی سمت کھینچا گیا ہے۔ رَو کے باعث مقناطیسی میدان (ح) اس خط کے کسی بھی نقطہ پر یا ٹھیک مقناطیسی شمال کی جانب ہوگا یا جنوب، کی جانب۔ پس تار کے ایک بازو مجموعی میدان کی حدت (ح + ف) ہوگی اور دوسرے بازو ح اور ف کا تفاوت ہوگی۔ یہاں ف سے مراد زمین کے مقناطیسی میدان کا افقی جزو ہے۔

صفحہ (۴۵) پر جیسا کہ بیان ہوا ہے ایک چھوٹی مگر بھاری وزن کی سوئی اس مشرق مغرب کے خط پر کسی جگہ رکھکر اسکے اہتزاز کی مدت رَو کی روانگی سے پہلے یعنے محض زمین کے افقی میدان میں مشاہدہ کرلی جاسکتی ہے۔ اگر اس کو د۔ قرار دیا جائے تو

$$د_{۰}^{۲} = \frac{م}{ن_{۰}} \quad یا \quad ف_{۰} = \frac{م}{د_{۰}^{۲}}$$

اگر اب تار پر سے رَو جاری کی جائے تو سوئی کی وضع اور سرعت اہتزاز اس کے مقام اور نیز رَو کی روانگی کی سمت پر منحصر ہونگے۔ تار کے ایک جانب سوئی زیادہ جلد اہتزاز کرنے لگیگی بہ نسبت اس کے کہ وہ محض زمین کے میدان میں تھی، اسکے قطب اب پیشتر ہی کی سمت میں واقع ہونگے۔ یہاں برقی رَو والا مقناطیسی میدان اور زمین کا میدان دونوں ایک دوسرے کی تائید کرتے ہیں۔ اس کے مقابل کے جانب یہ میدان باہدیگر مخالف واقع ہونگے اور مقناطیسی میدان زمین کی بہ نسبت اب سوئی (اگر رَو بہت شدید نہ ہو تو) آہستہ اہتزاز کرے گی یا اس کی سمت بالکل معکوس ہوجائیگی۔ اگر ف۔ بمقابلہ ح قوی تر ہے تو سوئی کا اہتزاز آہستہ ہوتا ہے اور اگر ح قوی تر ہے تو اس کی سمت معکوس ہوجاتی ہے۔

سوئی کو تار کے اس جانب رکھنے میں جہاں کہ دونوں میدان ایک دوسرے کی تائید کرتے ہیں یہ فائدہ ہے کہ سوئی کو لٹکانے کے ریشہ میں جو مڑوڑ پیدا ہوتا ہے اس کی خطا کی اہمیت گھٹ جاتی ہے۔ واضح ہو کہ بہت کمزور مقناطیسی میدانوں میں ریشہ کا مڑوڑ زیادہ فیصدی اثر رکھتا ہے بہ نسبت بڑی حدت کے میدانوں کے۔ اور چونکہ ان تجربوں میں اس مڑوڑ کو شمار نہیں

کرتے ہیں اس لئے پہلی صورت میں خطا نسبتاً بڑھ جاتی ہے۔
مندرجہ ذیل بحث میں فرض کرلیا جاتا ہے کہ سوئی تار کے اُس جانب رکھی جاتی ہے جہاں میدانِ رَو میدانِ زمین کی تائید کرتا ہے۔

حاصل مجموعی میدان کو (ف) اور اہتزاز کے وقت دَوران کو (د) قرار دیں تو

$$ف = ح + ف.$$

اور نیز $$ف = \frac{مر}{د^2}$$

پس $$ح = ف - ف.$$

$$= مر\left(\frac{1}{د^2} - \frac{1}{د^2}\right)$$

اس لئے اگر (ح) کو تار کے فاصلہ کے ساتھ عکسی نسبت ہے یعنے $ح \propto \frac{1}{ص}$ تو واضح ہے کہ $ح_1 ص_1 = ح_2 ص_2$ $= ح_3 ص_3$ وغیرہ برآمد ہونا چاہئے، اگر $ح_1$، $ح_2$، $ح_3$ تار سے فاصلوں $ص_1$، $ص_2$، $ص_3$ .... پر میدان کی حدتیں مانی جائیں۔

اگر یہاں اہتزاز کی مدتیں بالترتیب $د_1$، $د_2$، $د_3$ .... ہوں تو

$مر\left(\frac{1}{د_1^2} - \frac{1}{د_2^2}\right) = ح_1$، $مر\left(\frac{1}{د_1^2} - \frac{1}{د_3^2}\right) = ح_2$ وغیرہ مساواتیں لکھی جاسکتی ہیں۔

∴ پس $ح_1 ص_1 = ح_2 ص_2$ وغیرہ ثابت کرنے کے لئے ہمیں ثابت کرنا ہوگا کہ

$$ر\left(\frac{1}{د_1}-\frac{1}{د_2}\right)ص_1 = ر\left(\frac{1}{د_2}-\frac{1}{د_3}\right)ص_2 = \text{وغیرہ}$$

چونکہ مستقل (ر) ہر جملہ میں شریک ہے اس لئے اس کو بالکلیہ ساقط کردیا جاسکتا ہے اور

$$\left(\frac{1}{د_1}-\frac{1}{د_2}\right)ص_1 ، \left(\frac{1}{د_2}-\frac{1}{د_3}\right)ص_2 \text{ وغیرہ}$$

کی قیمت مستقل ثابت کرنے سے $ح \propto \frac{1}{ص}$ ثابت ہوجاتا ہے۔

تجربہ (۳۴) - سیدھے تار کی رَو کے مقناطیسی میدان کے تغیّر کی تعیین، انحرافوں کے طریقہ سے - تار کو انقلابی وضع میں رکھو اور اس میں سے ایک خط مقناطیسی مشرق مغرب کی سمت میں کھینچو - اور خط پر تار سے مختلف فاصلوں مثلاً ۵، ۶، ۷، ۸، ۱۰، ۱۲، ۱۵، ۲۰ سم پر نشان کرلو -

تار پر رَو کو جاری کرنے سے پہلے اس خط پر کسی جگہ ایک چھوٹی انحرافی سوئی رکھ کر اُس کا وقت دوران (د.) معلوم کرلو۔

اب رَو جاری کردو اور دیکھو سوئی پر اس کا کیا اثر پڑتا ہے۔ اگر وہ اپنی طبعی سمت میں پیشتر سے زیادہ تیز انحراف کرے تو تجربہ شروع کردیا جاسکتا ہے - ورنہ تار پر رَو کی سمت الٹ دی جائے - سوئی زمین کے مقناطیسی میدان کی سمت میں پہلے سے زیادہ جلد انحراف کرنے لگیگی - حاصل مجموعی میدان ف = ح + ف.

متذکرہ بالا فاصلوں کے نشانوں پر رکھ کر ہر ایک مقام پر وقت دوران مشاہدہ کرلیا جاے۔

اور مشاہدات جدول کی شکل میں قلمبند کرلئے جائیں:۔

سوئی کا وقت دوران زمین کے میدان میں (د۰) = ۰۰ ۰۰ ثانیہ

$= \frac{1}{د_0^2}$ =

تار سے فاصلہ سنتی میٹروں میں (س)	سوئی کا وقت دوران (د) ثانیے	$\frac{1}{د^2}$	$\frac{1}{د^2} - \frac{1}{د_0^2}$	ص $\left\{\frac{1}{د^2} - \frac{1}{د_0^2}\right\}$
۵				
۶				
۷				
۸				
۱۰				
۱۵				
۲۰				


آخری خانہ کے عدد مستقل برآمد ہونگے، پس ثابت ہوگا کہ سیدھے تار کی برقی رو کا مقناطیسی میدان تار کے فاصلہ کے عکسی مربع کی نسبت سے بدلتا ہے۔

فصل (۴)۔ دائری پھیے کی برقی رو کا مقناطیسی میدان۔

قبل ازیں ثابت ہوچکا ہے کہ برقی رو سے اس کے اطراف کے فضاء میں مقناطیسی میدان کی تکوین ہوتی ہے۔ ایک خاص صورت قابل غور ہے جبکہ برقی رو دائری پھیے پر سے گزرتی

ہے۔ پچھے کے مستوی میں ہر جگہ مقناطیسی قوت کے خطوط مستوی پر علی القوائم ہوتے ہیں۔ دائری حدود کے اندر کسی مقام پر مقناطیسی خطِ قوت کی سمت کو برقی رو کی سمت کے ساتھ وہی نسبت ہے جو دستے کا گ پیچ کے نقل مکان کی سمت کو اس کے گردش کی سمت کے ساتھ ہے۔ ملاحظہ ہو شکل (۳۱)

تجربہ (۲۵)۔ دائری پچھے کی برقی رَو کے مقناطیسی میدان کی نقشہ کشی۔ اس تجربہ کے لئے افقی تختہ پر انتصابی دنبع میں ایک دائری پچھا اس طرح قائم کیا جاتا ہے کہ اس کا افقی قطر تختہ کے مستوی اور نیز اس کے وسطی حصّے میں سے گزرے۔ تختہ پر نقشہ کشی کا کاغذ الپنوں کے ذریعہ جما دیا جائے پچھے کے سرے پر سے نیچے اتر آنے کے لئے کاغذ پر ایک مناسب شگاف کر دیا جائے۔ اور پھر کمپاس سوئی کی مدد سے (دوامی مقناطیسوں کے تجربوں کی طرح) پچھے کے قرب و جوار میں مقناطیسی خطوط قوت کا نقشہ کھینچا جائے۔



شکل (۳۱)
دائری رَو کا مقناطیسی میدان

ان خطوط سے اکیلے پچھے کی رَو کے میدان کی تعیین نہ ہوگی بلکہ پچھے اور زمین دونوں کے مشترکہ میدان کی۔

آلہ کو ترتیب دیکر پچھے کے مستوی کو مقناطیسی نصف النہار میں رکھو اور کسی مستقل مبداء مثلاً ذخیرہ خانوں سے اس میں برقی رَو بہاؤ لیکن احتیاط رہے کہ کافی مزاحمت دَور میں شریک

رہے تاکہ مناسب مقدار میں رَو جاری رہے۔ پھر خطوط قوت کا نقشہ کھینچا جائے۔ (۱) بچھے کے قریب اور (۲) تعدیلی نقطوں کے پاس خصوصیت کے ساتھ ان خطوط کی طرف توجہ کی جائے۔

تجربہ (۳۶)۔ دائری بچھے کے محور پر فاصلہ کی نسبت سے مقناطیسی میدان کی تبدیلی۔

(۱)۔ خطوط قوت کا نقشہ کھینچکر۔ اگر تجربہ ماسبق میں بچھے کا مستوی مقناطیسی نصف النہار میں رکھا ہوا ہو تو بچھے کا مقناطیسی میدان اس کے محور کے مقام پر مشرق و مغرب (مقناطیسی) کی سمت میں ہوگا۔ جو میدان فی الحقیقت موجود ہوگا بچھے کے میدان اور زمین کے افقی مقناطیسی میدان کا ماحصل ہوگا۔ پس محور کے نقطوں پر خطوطِ قوت کی سمت ٹھیک مشرق و مغرب کی سمت نہ ہوگی، بلکہ موخرالذکر سمت پر خاص خاص زاویوں پر مائل ہوگی، بچھے سے جسقدر فاصلہ دور ہوگا زاویۂ میلان بھی بڑھیگا۔

محور کے مختلف مقاموں پر جہاں خطوط قوت محور کو قطع کرتے ہیں تھوڑی تھوڑی دور تک کھینچے جائیں اور ان کی سمت اور مقناطیسی نصف النہار میں جو زاویہ ہوگا دریافت کرلیا جائے۔ مندرجہ ذیل جدول کے پہلے خانہ میں بچھے سے چند فاصلوں کی صراحت ہوئی ہے ان پر نشان کرلئے جائیں۔ اگر خط قوت اور مقناطیسی نصف النہار میں زاویہ ز ہے تو بچھے کے میدان کی حدت (ح) متناسب ہوگی س ∝ ز کی

نتائج اس طرح لکھ لئے جائیں :-


پیچھے سے فاصلہ محور پر	ژ	س ژ
۵ ؍ ۷ سنتی میتر		
۱۰ "		
۱۲ ؍ ۵		
۱۵		
۲۰		
۲۵		
۳۰		

منحنی کے ذریعہ س ژ اور فاصلہ میں تعلق بتاؤ۔ اس سے معلوم ہو جائیگا کہ حدت (ح) کو محوری فاصلہ سے کیا نسبت ہے۔

(۲)- پیچھے کے محور پر حرکت کرنے والے مقناطیسیت پیما کے ذریعہ - اس تجربہ کے لئے میٹی رٹ اُدرگی کا مماسی رَد پیما بہت موزوں ہے - ملاحظہ ہو شکل (۳۲) پیچھے کے مستوی کو انتصابی وضع میں ترتیب دو اور مقناطیسیت پیما کی سوئی کی وضع پر نگاہ رکھ کر پیچھے کو مقناطیسی نصف النہار میں لاؤ۔

باریک تار کے پیچھے پر سے اس مقدار میں برقی رَد بہاؤ کہ جب مقناطیسیت پیما کی سوئی ٹھیک پیچھے کے مستوی میں واقع ہوتی ہے تو سوئی کا انحراف کوئی ۷۵° یا ۸۰° ہو۔

اِس رَد کو مستقل رکھ کر مقناطیسیت پیما کے صندوقچہ کو پچھے کے



شکل (۳۲)
سٹیورٹ اور گی کا مماسی رَد پیما

محور پر بالترتیب ایک ایک سنتی میٹر ہٹاؤ۔ دیکھو ان مقاموں پر انحراف کیا ہوتا ہے۔ جہانتک مقناطیسیت پیما ہٹایا جاسکتا ہے (یا سوئی کا انصراف گھٹ کر ۵° ہوجائے) اس کو ہٹاکر محوری فاصلے اور سوئی کے انصراف مشاہدہ کئے جائیں۔

پچھے کے دوسرے جانب بھی اسیطرح یہ مشاہدے دوہرائے جائیں۔

اور نتائج جدول کی شکل میں لکھے جائیں:-

محور پر فاصلہ (ص)	ایک جانب انصراف $ذ_1$	دوسرے جانب انصراف $ذ_2$	مس $\angle ذ_1$	مس $\angle ذ_2$

ترسیم کھینچکر لچھے کے دونوں جانب مس ز کا تغیر فاصلہ کے لحاظ سے بتایا جائے۔ منحنی متشاکل ہونا چاہئے اور لچھے کے مرکز پر اس کی قیمت اعظم۔

طریقہ (۱)، یعنے میدان کی نقشہ کشی کی بہ نسبت، یہ طریقہ مرجح ہے، اس لئے کہ اس میں سوئی کا انصراف لچھے کے وسطی حصے کے اندر بھی دریافت کرلیا جاسکتا ہے۔ معہذا زاویہ کی پیمائش (سوئی کے نمائندے کے ذریعہ دائری پیمانہ پر) فوراً بلا مشقت ہوجاتی ہے۔ یہ سہولت پہلے طریقہ میں نہیں پائی جاتی۔ لچھے کے قریب چونکہ خطوط میں انحنا سرعت سے پیدا ہوتا ہے طریقہ (۱) سے زاویوں کی پیمائش بہت صحت کے ساتھ نہیں کی جاسکتی۔

تیسرا باب

برقی رَو کی پیمائش کے آلات

فصل (۱) مماسی مقناطیسی رَو پیما

مماسی رَو پیما کے ذریعہ برقی رَو کی قیمت مطلق برقی مقناطیسی اکائیوں میں (یعنے نظام س۔گ۔ث کی اکائیوں میں) شمار کی جاسکتی ہے۔ برقی رَو کی عملی اکائی ایک ایمپیر کہلاتی ہے اور وہ س۔گ۔ث کی برقی رَو کی اکائی کا دسواں حصہ قرار دی گئی ہے۔ اِس تعلق کی وجہ سے مماسی رَو پیما کے ذریعہ کسی رَو کی قیمت ایمپیروں میں بھی دریافت ہوجاتی ہے۔

مماسی رَو پیما کو مطلق پیمائش کا آلہ (یا بطور اختصار مطلق آلہ) اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے مشاہدوں سے رَو کی قیمت مطلق یا معیاری اکائیوں میں محول ہوسکتی ہے۔ چونکہ اس کا اختراع صحیح نظری تحقیق پر مبنی

ہے اُس کے مشاہدات غلط نہیں ہوسکتے، اگر نظریہ کے شرائط کی پوری تعمیل ہوجاتی ہے۔ اور دوسرے تمام اقسام کے رَد پیمائوں کی تعیین مماسی رَد پیما ہی سے ان کا مقابلہ کرکے کی جاتی ہے۔

مماسی رَد پیما کا نظریہ

نظام س۔گ۔ث میں برقی رَد کی اکائی وہ رَو ہے جو ایک سم نصف قطر دائرے کی قوس کی شکل میں مڑے ہوئے ایک سم لمبے تار پر سے گزرتے ہوئے دائرے کے مرکز پر مقناطیسی قطب کی اِکائی پر ایک ڈائین کی قوت سے عمل کرے۔

اگر (ر) اِکائیوں کی رَد (ل) سم لمبے (ص) سم نصف قطر کی قوس کی شکل کے تار پر سے بہتی ہے تو دائرے کے مرکز پر مقناطیسی میدان کی حدت

$$ح = \frac{ل ر}{ص^2}$$

مقناطیسی میدان دائرے کے مستوی پر علی القوائم ہوتا ہے، اور برقی رَو کی سمت سے اس کو وہی تعلق ہے جو دہنے کاک پیچ کی انتقالی حرکت کی سمت کو اس کی گردش کی سمت


کے ساتھ ہے۔

اگر تار ایک مکمل دائرے کی شکل میں ہو تو ل = ۲ π ص، پس

$$ح = \frac{ر \times ۲ \pi ص}{ص^۲} = \frac{ر ۲ \pi}{ص}$$

(ن) چکروں کے دائری بچھے کے مرکز پر حدت اسکے ن گنا بڑی ہوگی۔

سادہ شکل کے مماسی رَد پیما میں ایک دائری بچھا ہوتا ہے جس کا مستوی مقناطیسی نصف النہار سے منطبق ہوتا ہے۔ جب بچھے کے تار پر برقی رَد بہتی ہے تو اس کے مقناطیسی میدان کی



شکل (۳۳)

مماسی رَد پیما

حدت نصف النہار پر علی القوائم ہوتی ہے۔ بچھے کے مرکز پر ایک مقناطیسیت پیما رکھا جاتا ہے، جس کی سوئی بچھے کے میدان

(ح) اور زمین کے افقی میدان (ف) دونوں کے زیر اثر وضع سکون اختیار کرتی ہے۔

چونکہ یہ قوتیں باہمدیگر علی القوائم ہیں سوئی مقناطیسی نصف النہار سے بقدر زاویہ (ذ) منصرف ہوگی جو (ح) اور (ف) کے ساتھ حسب ضابطہ ذیل مربوط ہوگا:-

ح = ف س ظ ذ (ملاحظہ ہو صفحہ ۲۴)

اگر مماسی رَد پیما کے پھیرے میں (ن) تار ہیں تو

$$ح = \frac{۲ \pi ن ر}{ص}$$

پس $\frac{۲ \pi ن ر}{ص}$ = ف س ظ ذ

$$\therefore ر = \frac{ف ص}{۲ \pi ن} س ظ ذ$$

چونکہ (ف) کی قیمت س گ ث کی اکائیوں میں دریافت ہوسکتی ہے، مصرحہ بالا مساوات سے برقی رو (ر) کی قیمت س گ ث کی اکائیوں میں برآمد ہوگی۔

بعض مماسی رَد پیما کسیقدر پیچیدہ وضع کے بنائے جاتے ہیں۔ وضع کچھ بھی ہو، ان کے لئے یہ عام ضابطہ صادق آتا ہے:

ح = هر

(هر) برقی رَد پیما کا مستقل کہلاتا ہے اور اس کی قیمت رَد پیما کی بناوٹ اور تار کے چکروں وغیرہ کے تابع ہوتی ہے۔

اگر ر = ۱ تو هر = ح، پس رَد پیما کے مستقل

کی قیمت بچھے کے مرکز پر کے مقناطیسی میدان کی حدت کے مساوی ہے، جبکہ اس پر سے برقی رو کی اکائی بہتی ہے۔

لہذا ر = $\frac{ف}{ح}$ مس ∠ز

یا ر = ض مس ∠ز


جہاں (ض) رد پیما کا تحویلی جزو ضربی یا مختصراً محض جزو ضربی کہلاتا ہے۔

جس وقت ∠ز = ۴۵° تو مس ∠ز = ۱، اور ر = ض، یعنے رد پیما کے تحویلی جزو ضربی کی عددی قیمت اس رد کے مساوی ہے جو رد پیما کی سوئی کو بقدر ۴۵° زاویہ منصرف کرسکے۔

تجربہ (۳۷)۔ مماسی رد پیما کو مرتب کرکے برقی رو کی مطلق اکائیوں میں پیمائش۔ رد پیما کو ایسی وضع میں رکھو کہ بچھے کے مرکز پر کے مقناطیسیت پیما کی سوئی کا نمائندہ دائری پیمانہ کے صفر نشانوں کو ملانے والے خط پر ٹکے۔ اگر آلہ صحیح اصول پر بغیر سقم کے بنایا گیا ہے تو بچھا ہوا بچھے سوئی پر آجائیگا یعنے بچھے کا مستوی مقناطیسی نصف النہار میں واقع ہوگا۔

اندنوں بازار میں بعض ایسے مماسی رد پیما بھی ملتے ہیں، جن کا مقناطیسیت پیما بچھے کے ساتھ جوڑا ہوا نہیں ہوتا ہے۔ ایسی صورت میں سب سے پہلے مقناطیسیت پیما کے صفر نشانوں کے خط کو بصحت ممکنہ بچھے کے محور پر لانا چاہئے اور دوران تجربہ اس کو اس وضع سے ہٹنے نہ دینا چاہئے۔ اس کے بعد متذکرہ بالا عمل کیا

جائے۔
رَو پیما کی سطح کو ٹھیک کرلو تاکہ سوئی آزادانہ حرکت کرسکے۔ اور آلہ کے ایک پیچھے سے ڈانیل کا ایک خانہ ملاکر (اور اگر ضرورت ہو تو کافی مزاحمت دَور میں شریک کرکے) برقی رَو چلاؤ۔ رَو اس مقدار میں ہونی چاہئے کہ سوئی ۳۰° اور ۵۰° کے درمیان منصرف ہوجائے۔ دَور میں ایک منقلب بھی داخل ہونا چاہئے تاکہ رَو کی سمت الٹ دی جاسکے۔



شکل (۳۴)
مماسی رَو پیما کے استعمال کا طریقہ

پہلے رَو ایک سمت میں جاری کی جائے اور سوئی کے دونوں سروں کے نشان پڑھ لئے جائیں اور پھر اس کی سمت کو الٹ کر پھر سوئی کے سروں کے نشان دیکھ لئے جائیں۔ پیچھے کا نصف قطر بصحت ممکنہ ناپ لیا جائے اور پھر اس کے چکروں کی تعداد گن لی جائے۔ بعد ازاں برقی رَو مطلق اکائیوں اور نیز امپیروں میں شمار کی جائے۔

نوٹ۔ منقلبوں، مزاحمتوں اور مقوّموں کی تصریح کے لئے کتاب کا آخری باب جو برقی آلات کے متعلق لکھا گیا ہے، ملاحظہ کیا جائے۔

فصل (۲)۔ امپیر پیما (یا مختصراً ام پیما)

اگرچہ مماسی رَو پیما کے ذریعہ برقی رَو کی مطلق قیمت کی تعیین ہوتی ہے، عملی طور پر برقی رَوؤں کی پیمائش کے لئے وہ کئی وجوہ

سے ناموزوں ہے۔ منجملہ اور وجوہ کے یہ دو بہت اہم ہیں۔
(۱) سوئی کا انصراف برقی رَو کے راست متناسب نہیں ہے۔
(ب) کسی دی ہوئی برقی رَو سے جو انصراف پیدا ہوتا ہے۔ بیرونی مقناطیسی میدان کے تابع ہوتا ہے۔
اگر پیمانہ کی درجہ بندی بجائے زاویوں کی مناسبت کے زاویوں کے مماسوں کی مناسبت سے ہو تو پہلا اعتراض باقی نہیں رہتا۔
لیکن دوسرا اعتراض زیادہ سخت ہے۔ ایسا آلہ جس میں برقی رَو کی تعیین بیرونی مقناطیسی میدان کے تابع ہوتی ہے لوہے کی بڑی کمیتوں کے قریب استعمال نہیں کیا جاسکتا۔ برقی رسد کے کارخانوں وغیرہ میں جہاں ڈنامو اور دیگر برقی مشینوں کے عمل سے غایت درجہ متغیر مقناطیسی میدانوں سے کام پڑتا ہے ایسے آلات مطلق بیکار ہیں۔ ان وجوہ کے علاوہ مماسی رَو پیما کے استعمال میں ایک مزید دقت یہ ہے کہ اس کو مقناطیسی میدان کے لحاظ سے ایک خاص وضع میں رکھنا ہوتا ہے۔ کسی دوسری وضع میں رکھا نہیں جاسکتا۔
جن آلات کے ذریعہ برقی رَو کی قیمت راست امپیروں (اور امپیر کی کسروں) میں پڑھی جاتی ہے عموماً امپیر پیما یا مختصراً ام پیما کہلاتے ہیں۔ ان کا اختراع مختلف طریقوں پر ہوتا ہے۔ بعضوں کا عمل تار کے اضافۂ طول کے تابع ہوتا ہے جو برقی رَو سے گرمی پیدا ہوکر وقوع میں آتا ہے۔ اور دوسروں کا عمل دو پچھوں کے تجاذب یا باہمی تحویلی اثر کے تابع ہوتا ہے جو ان پر سے برقی رو کے گزرنے سے پیدا ہوتا ہے۔ لیکن اکثر آلات میں ایک چھوٹے پچھے پر سے برقی رَو کی ایک معیّن کسر بہتی ہے اور پچھا دو زبردست مستقل مقناطیسوں کے قطبوں کے بیچ میں لٹکایا جاتا ہے۔ رَو کے بہنے سے

پچھا رَو کی مناسبت سے گھوم جاتا ہے۔

متحرک پچھے والا ام پیما

یہ ایک بہت مفید آلہ ہے، لیکن اس کا طریقہ عمل سمجھنے کے لئے شاید طالب علم کی موجودہ واقفیت کافی نہ ہو اگرچہ اس کا سمجھنا کسیقدر دشوار ہے اس کا استعمال نہایت آسان ہے۔ اس کا تذکرہ کتاب کے آخر میں آئیگا۔

جاذبِ آہن ام پیما


جاذبِ آہن ام پیما کا طریقہ عمل سمجھنا بہت آسان ہے۔

سہل ترین ساخت کے آلہ میں مرغولہ دار کمانی سے لوہے کی ایک سلاخ لٹکائی جاتی ہے جس کا نیچے کا سرا تار کے ایک لمبے پچھے یا پیچوں کے اندر ذرا سا داخل رہتا ہے۔

جب اس پچھے پر سے برقی رَو گزرتی ہے تو لوہے کی سلاخ مقناطیس جاکر پچھے کے اندر کچھ فاصلہ کھنچی آتی ہے۔ یہ فاصلہ قوتِ کشش اور کمانی کی سختی کے تابع ہوتا ہے۔ یعنے سلاخ اس قدر نیچے اتر آتی ہے کہ قوت کشش اور کمانی کا مزید تناؤ دونوں مساوی ہوجاتے ہیں۔

چونکہ لوہے اور پچھے کی کشش میں برقی رَو کے ساتھ ایک مخصوص مناسبت ہوتی ہے جب کبھی ایک خاص قیمت کی رَو پچھے پر سے گزرے گی کمانی بھی ایک خاص مقدار میں کھینچی جائیگی۔ لیکن اس کشش اور برقی رَو میں تعلق اتنا پیچیدہ ہے کہ اس کے لئے کوئی عام کلیہ تجویز نہیں ہوسکتا۔


لہٰذا ایسے ام پیما کی کمانی کے کھچاؤ اور بچھے پر سے گزرنے والی برقی رَو میں تعلق مماسی رَو پیما کے زاویہ انصراف اور برقی رَو کے تعلق کی طرح صحیح نظری نہیں بلکہ محض قیاسی ہے۔ یعنے محض امتحان کے ذریعہ دریافت ہوتا ہے۔



شکل (۳۵)
جاذبِ آہن ام پیما

تجربہ (۳۸)
جاذبِ آہن ام پیما کی تعییر

قبل ازیں جو ہدایات بیان ہوئے ہیں ان کے بموجب مماسی رَو پیما کو ترتیب دے کر رکھو اور اس کے ساتھ ایک منقلب کنجی شریک کرکے اس کو دیئے ہوئے ام پیما، کوئی کافی بڑی برقی رَو دینے والے خانہ، اور مقاوم کی قسم کی تغییر پذیر مزاحمت کے ساتھ شکل (۳۶) کی طرح ہم سلسلہ



شکل (۳۶)
ام پیما کی تعییر

ملاؤ۔ مماسی رَو پیما کے موٹے تار کے چکر شریک دَور کئے جانے چاہئیں۔

تنبیہ۔ اس تجربہ میں معمولی مزاحمت کی بکس ہرگز استعمال نہ کی جائے۔ ورنہ برقی رَو بڑی ہونے کی وجہ سے بکس کے کچھے خراب ہوجائینگے۔

ام پیما اور برقی رَو کی تنظیم کرنے والی مزاحمت کو مماسی رو پیما سے جسقدر دور ہٹایا جاسکتا ہے ہٹاکر رکھنا چاہئے تاکہ ان کے مقناطیسی میدانوں کا اثر اس کی سوئی پر حتی الامکان کم ہو۔ مماسی رَو پیما کے داصل تاروں کو ایک دوسرے سے ملاکر موڑ دینا چاہئے اس سے ایک تار دوسرے کے مقناطیسی اثر کو زائل کردیگا۔ دوہرے مجوز لچکدار تار اس کام کے لئے بہت مفید ثابت ہوتے ہیں۔

جب برقی رَو دَور پر سے گزرتی ہو کمانیدار ترازو کے نمائندہ اور رَو پیما کی سوئی کے نشان پڑھ لئے جائیں۔

رَو میں بتدریج اضافہ کرکے رَو پیما کی سوئی کا انصراف تقریباً پانچ پانچ درجے بڑھایا جائے اور مصرحہ بالا مشاہدات عمل میں لائے جائیں۔

رَو پیما کے کچھے کے چکر گن لئے جائیں۔ (اس تجربہ میں عموماً دو یا ایک ہی چکر استعمال ہوتے ہیں۔) اور کچھے کا نصف قطر ناپ لیا جائے۔ مقناطیسیت کے تجربوں میں زمین کے افقی مقناطیسی میدان کی حدت (ف) معلوم کرلی گئی ہوگی۔ حیدرآباد میں اس کی قیمت ۳۶ر۰ لیجاسکتی ہے۔

برقی رَو مطلق اکائیوں میں

$$ر = \frac{ص ف}{ن ۲ π} \text{ مس ژ}$$ (ملاحظہ ہو صفحہ ۱۱۴ پر)

اور امپیروں میں $س$ (امپیر) = $\frac{۵ ص ف}{ن \pi}$ مس ژ ہے

اِس ضابطہ کے ذریعہ قیمتیں شمار کرکے نتائج جدول کی شکل میں مصرحہ ذیل عنوانوں کے تحت لکھے جائیں :-

ام پیما پر نشان	زاویہ ژ	مس ژ	س (امپیروں میں)

ام پیما کے نشانوں کو مقطوعے اور برقی روؤں کو معیّن مان کر منحنی بناؤ۔ جب کبھی ضرورت ہوگی اس کے ذریعہ ام پیما کے نشانوں کی، امپیروں میں تحویل ہوسکیگی۔

تجربہ (۳۹)۔ درجہ دار ام پیما کے نشانوں کی صحت کے لئے تعیین۔ ۲ اولٹ کے ذخیرہ خانہ کے ساتھ ایک تغیّر پذیر مزاحمت، ام پیما اور مماسی رَو پیما کو ہم سلسلہ جوڑ دو۔ مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرو :-

(۱) - رَو پیما کا سب سے کم چکروں کا بچھا (ایک یا دو موٹے تار کا) شریک دَور کیا جانا چاہئے۔

(۲) - ایک منقلب بھی دَور میں داخل رہے تاکہ رَو پیما میں (نہ کہ ام پیما میں) رَو کی سمت حسب ضرورت الٹ دی جاسکے۔ صفر کے دونوں جانب کے نشان بڑھے جانے چاہئیں۔

(ا) - ۳ یا ۵ امپیروں تک کا درجہ دار ام پیما

(ب) - ۵ سے ۷ اوم تک کی مزاحمت

(ذ)۔ ۲ اولٹ کا ذخیرہ خانہ
(م)۔ مماسی رد پیما
(ق)۔ منقلب کنجی

(۳)۔ یاد رہے کہ ذخیرہ خانہ کا مثبت (+) ام پیما کے مثبت (+) سرے سے ملایا جائے۔
(اگر ام پیما گرم تار کا آلہ ہے تو کوئی بھی سرا ملایا جاسکتا ہے۔)

(۴)۔ چونکہ اکثر ام پیماؤں میں مستقل طاقتور مقناطیس ہوتا ہے اس کو مماسی رد پیما سے حتی الامکان دور رکھنا ضروری ہے۔

(۵)۔ منقلب کنجی سے ام پیما تک دوہرے تار استعمال ہونے چاہئیں۔ اگر یہ موجود نہ ہوں تو سروں سے جو تار ملائے جائیں ان کو ایک دوسرے پر مڑوڑ دیا جائے۔ ورنہ ان تاروں پر سے گزرنے والی رو کے مقناطیسی میدان سے رد پیما کی سوئی کے انصراف پر اثر پڑیگا۔

مزاحمت میں بالترتیب تبدیلی پیدا کرکے ام پیما اور مماسی رد پیما کے نشانوں کو سلسلہ وار نوٹ کرلیا جائے۔

مزاحمت کی تبدیلی اس طرح ترتیب دی جائے کہ تقریباً نصف نصف امپیر کا فرق پیدا ہوتا جائے۔

ڈنڈی کمپاس کے ذریعہ مماسی رد پیما کے بچھے کا قطر ناپا جائے۔ پھر رد پیما کا مستقل (م) اور نیز اس کا تحویلی جزو ضربی (ض) شمار کرلئے جائیں۔

$$\text{م} = \frac{\text{ن} \pi ۲}{\text{ص}}$$

$$\text{ض} = \frac{\text{ف}}{\text{م}} = \frac{\text{ص ف}}{\text{ن} \pi ۲}$$

اس سے رد پیما پر سے گزرنے والی رو کی قیمت مطلق

اکائیوں میں شمار کی جائے اور بعد ازاں امپیروں میں اس کی تحویل عمل میں آئے۔

برقی رَدّ س = $\frac{\text{ص ف}}{\text{ن ط ۲}}$ مس ژ برقی مقناطیسی مطلق اکائیوں میں۔

اور ایک مطلق برقی مقناطیسی رَدّ کی اکائی ۱۰ امپیروں کے مساوی ہے۔

مشاہدات کی جدول اس طور پر بنائی جائے:۔

ام پیما کے نشان (ا)	مماسی رَدّ پیما سے متعلق مشاہدات				ا / س
فرضی امپیروں میں	انصراف ژ	مس ژ	ص (مطلق اکائیوں میں)	س (امپیروں میں)	

تجربہ کے نتائج پر بحث

ام پیما کی خطائیں دو قسم کی ہوتی ہیں:۔

(۱) اگر جدول کے آخری خانہ میں (ا) اور (س) کی نسبت مستقل ہو تو آلہ پر جو نشان بنائے گئے ہیں اگر برقی رَدّ کی ٹھیک قیمت نہیں بتاتے ہیں تو کم از کم برقی رَدّ ان کے متناسب ضرور ہے۔ پس اس کی خطاء بھی متناسب ہے۔ رَدّ کی صحیح قیمت آلہ کی مظہرہ قیمت کو ایک مستقل جزو ضربی سے ضرب دینے سے برآمد ہوگی مظہرہ قیمت آلہ کے پیمانہ پر خواہ کچھ ہی ہو۔

اس تصحیح کے جزو ضربی کی تعیین کے لئے ($\frac{ا}{س}$) کی تقریبی مساوی قیمتوں کا اوسط شمار کر لیا جائے۔ اس کا متکافی تصحیح کا جزو ضربی ہوگا۔ کیونکہ اب رَدّ کی مظہرہ قیمت (ا) اس کی حقیقی قیمت (س) کے برابر ہو جاتی ہے۔

(۲) - اگر (ر ے) کی قیمتیں اندرون حد خطائے تجربہ مستقل نہ ہوں تو خطاؤں کی تصحیح کے لئے ایک ایسی جدول تیار کرلی جائے :-

ام پیما کا مظہرہ نشان (ا)	صحیح قیمت برقی رَو (ر)	تصحیح (ر - ا)

اس کی مدد سے ایک تصحیحی منحنی کھینچا جائے جس میں (ر - ا) معیّن ہوں اور (ا) مقطوعے - آلہ کے کسی بھی مظہرہ نشان پر معیّن کی قیمت اضافہ کرنے سے برقی رَو کی صحیح قیمت برآمد ہوتی ہے -

ام پیما میں اگر خطائے صفر ہو تو اس کو بھی منحنی میں شریک کرلیا جانا چاہئے -

تنبیہ - صورت (۱) میں برقی رَو کی قیمت (ر) زمین کے افقی مقناطیسی میدان کی مفروضہ قیمت (ف) کے ذریعہ سے شمار کی جاتی ہے - اگر ($\frac{۱}{ر}$) مساوات کی نسبت نہ ہو یعنے (ا) اور (ر) مساوی نہ ہوں تو اختلاف میدان (ف) کی مفروضہ قیمت میں خطاء ہونے کی وجہ سے پیدا ہوا ہوگا - زمین کے افقی مقناطیسی میدان (ف) کی قیمت وہی لی جانی چاہئے جو ٹھیک رَو پیما کے رہنے کے مقام پر دریافت ہوئی ہو - اگر پہلے سے اس کی صحیح تعیین نہ ہوئی ہو تو مکرر کرلی جائے اور (ر) کی قیمتیں از سرِ نو شمار کی جائیں، قبل اس کے کہ ام پیما کے نشانات

کو غلط قرار دیا جائے۔

فصل (۳) - اوم کا کلیّہ

اوم کا کلیّہ (۱۸۲۷ء) اس امر کی تلقین کرتا ہے کہ خطی موصل پر سے جب برقی رَو بہتی ہے تو اس کے کسی دو نقطوں کے درمیانی تفاوت قوّہ (ت) کو موصل کی برقی رَو (ر) کے ساتھ مستقل نسبت ہوتی ہے۔ یعنے (ت) کو (ر) سے جو نسبت ہوتی ہے صرف موصل کی شکل اس کے ابعاد اور طبیعی حالت کے تابع ہوتی ہے۔ اس مستقل نسبت کو موصل کی **مزاحمت** کہتے ہیں۔ پس

$$\frac{\text{ت}}{\text{ر}} = \text{ز}$$

اگر (ت) اور (ر) نظام س۔گ۔ث کی برقی مقناطیسی اکائیوں میں ناپے جائیں تو (ز) بھی اسی نظام کی اکائیوں میں ناپی جائیگی۔ عملی اکائیوں میں اگر پیمائش ہو تو تفاوت قوّہ (ت) اولٹ ہوگا برقی رو (ر) ایمپیر اور مزاحمت (ز) اوم۔ واضح ہو کہ ایک اوم = 10^9 س۔گ۔ث کی اکائیاں۔ عملی پیمائش کی غرض سے **بین الاقوامی اوم** سے مراد صفر درجہ مئی پر ۱۴٫۴۵۲۱ گرام کمیت، مستقل تراش عمودی اور ۱۰۶٫۳۰۰ سنتی میٹر طول کے پارے کے اسطوانے کی مزاحمت ہے۔

مزاحمت کے متکافی یعنے $\frac{1}{\text{مزاحمت}}$ کو **موصلیت** کہتے ہیں۔

اوم کا کلیہ پورے برقی دَور پر بھی حاوی ہوتا ہے، اگر (ت)

سارے دَور کا محرکہ برق (م ب) قرار دیا جائے اور (ز) اسکی مجموعی مزاحمت۔

پس پورے دَور پر سے گزرنے والی برقی رَو کے لئے

$$\text{رَو} = \frac{\text{ت}}{\text{ز}}$$

دَور کے ہر مقام پر رَو کی قیمت ایک ہی ہے۔ اور اُس کی پیمائش کے لئے مماسی رَو پیما کو دَور میں کہیں بھی شامل کرسکتے ہیں۔ ایسی صورت میں

$$\text{برقی رَو (رَو)} = \text{ض مس } \angle \text{ع}$$

یہاں (ض) رَو پیما کا **تحویلی جزو ضربی** یا بطور اختصار محض **جزو ضربی** کہلاتا ہے۔

(مس) کی ان دونوں مساواتوں کو ملانے سے

$$\frac{\text{ت}}{\text{ز}} = \text{ض مس } \angle \text{ع}$$

یا $$\frac{\text{ت}}{\text{ض}} = \text{ز مس } \angle \text{ع}$$

پس اگر برقی دَور کا محرکہ برق (ت) مستقل رہے تو (ز مس $\angle$ ع) بھی مستقل ہونا چاہئے۔

تجربہ (۴۰) - اوم کے کلیہ اور مماسی رَو پیما کے کلیہ کی توضیح کے لئے تجربہ۔ رَو پیما کیساتھ ایک دو اولٹ کا ذخیرہ خانہ، مزاحمت کی بکس اور کنجی کو ہم سلسلہ جوڑ دو۔ چونکہ ذخیرہ خانہ کی اندرونی مزاحمت کم ہوتی ہے، اور بڑی مقدار میں برقی رَو گزرنے سے مزاحمت کے تاروں کو ضرر پہنچتا ہے اسلئے کم از کم ۳۰ اوم کی مزاحمت دَور میں شامل رکھنی چاہئے۔

یعنے (ذ) ۳۰ اوم سے کم ہونا چاہئے۔ بعض اوقات مماسی رَو پیما کی ٹیکن پر ایک جانب تار باندھنے کے کئی سرے مہیّا ہوتے ہیں۔ اس تجربہ میں ضرورت اسبات کی ہوگی کہ سب سے زیادہ تعداد کے چکروں سے ملانیوالے سرے استعمال کئے جائیں تاکہ برقی رَو مماسی رَو پیما کے تمام چکروں پر سے گزرے۔ مزاحمت کی بکس کی پوری مزاحمت دَور میں شامل کرکے تجربہ شروع کیا جائے۔ واضح ہو کہ جب بکس میں سے کوئی ڈاٹ نکال لیا جاتا ہے اس کی متعلقہ مزاحمت دَور میں شریک کی جاتی ہے۔ سب ڈاٹوں کو نکال لینے سے بکس کی پوری مزاحمت شریک دَور کر لی جائیگی۔ دیکھو مماسی رَو پیما کا زاویہ انصراف کیا ہے، پہلے جبکہ برقی رَو ایک سمت میں بہتی ہے اور پھر اس کے مخالف سمت میں۔ دونوں انصرافوں کا اوسط صحیح زاویہ انصراف تصور کیا جا سکتا ہے اس طرح بتدریج مجموعی مزاحمت کو گھٹا کر (مثلاً بالترتیب ۲۱۰، ۱۹۰، ۱۷۰، ۱۵۰، ۱۳۰، ۱۱۰، ۹۰، ۷۰، ۵۰ اور ۳۰ اوم شریک دَور کرکے) انصرافوں کا سلسلہ جدول کی شکل میں ترتیب دیا جائے:۔

(ذ) اوم	انصراف ∠ع	س ∠ع	(ذ) س ∠ع

اگر (ذ) س ∠ع مستقل ہے تو مزاحمت (ذ) متناسب ہوگی مم ∠ع کی۔ ایک ترسیم بناؤ جس کے مقطوعے مزاحمت ہوں اور معیّن مم ∠ع۔ ترسیم خطِ مستقیم کی شکل میں آنی چاہئے۔

جدول کے آخری خانہ کے عدد مستقل برآمد ہونے کی وجہ

یہ ہے کہ برقی رَو پر یہ دو کلیّے حاوی ہیں :-

$$ر = ض\ مس\ \angle عہ \quad اور \quad ر = \frac{ت}{ذ}$$

واضح ہو کہ مندرجہ بالا بحث میں فرض کر لیا گیا ہے کہ بکس کی مزاحمت (ذ) رَدور کی مجموعی مزاحمت ہے۔ یعنے رَو پیما اور مدرجہ کی مزاحمتیں ناقابل لحاظ ہیں۔ اگر یہ مفروضہ صحیح نہ ہو تو ان مزاحمتوں کے لئے ایک مزاحمت (لا) قرار دیجاسکتی ہے اور اس کو بکس کی مزاحمت (ذ) کے ساتھ شریک کرکے جدول میں ایک اور خانہ (ذ + لا) مس $\angle$عہ کے عنوان سے اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ (لا) کی قیمت معلوم ہو تو (ذ - لا) مس $\angle$عہ محض (ذ) مس $\angle$عہ کی بہ نسبت زیادہ مستقل ثابت ہوگا۔

[اگر (لا) کی قیمت پیشتر سے معلوم نہ ہو تو اس کی تقریبی قیمت اسطرح معلوم کرلی جاسکتی ہے۔

فرض کرو سب سے پہلی جو مزاحمت بکس میں سے اخذ کی گئی (ذ۱) ہے اور سب سے آخری (ذ۲)۔ اگر ان صورتوں میں رَو پیما کی سوئی کے انصراف کے زاویئے بالترتیب عہ۱ اور عہ۲ مشاہدہ ہوں تو چونکہ ہمیں معلوم ہے کہ

$$(ذ_۱ + لا)\ مس\ \angle عہ_۱ = (ذ_۲ + لا)\ مس\ \angle عہ_۲$$

$$\text{پس } لا = \frac{ذ_۲\ مس\ \angle عہ_۲ - ذ_۱\ مس\ \angle عہ_۱}{مس\ \angle عہ_۱ - مس\ \angle عہ_۲}$$

اب (لا) کی اس قیمت سے ہر مشاہدہ کے لئے آخری خانہ کا جملہ (ذ + لا) مس $\angle$عہ شمار کرلیا جاسکتا ہے۔

اگر (ذ) مس $\angle$عہ کی تعیین صحت کے ساتھ ہو تو اس کی قیمتوں کے معائنہ سے معلوم ہوگا کہ جوں جوں (ذ) کی قیمت بڑھتی جائیگی (ذ)

س ∠ع مجموعی حیثیت سے بتدریج بڑھتا جائیگا - اس کی وجہ یہ ہے کہ مجموعی مزاحمت کے بڑھنے سے (لا) کی اضافی اہمیت گھٹتی جاتی ہے پس جب (د) بہت بڑھ جاتی ہے تو (ذ) س ∠ع بڑھتے بڑھتے حقیقی مستقل (ذ + لا) س ∠ع کے قریب پہنچ جاتا ہے۔ ترتیبی یا نظامی خطا کی یہ ایک عمدہ مثال ہے۔

جب کبھی کسی مقدار میں جو مستقل رہنی چاہئے مستقل کے ایک جزو کے تدریج بدلنے سے باقاعدہ زیادتی یا کمی پائی جاتی ہے تو تجربہ یا اس کے عمل میں مذکورہ بالا نوعیت کی کوئی نظامی خطا کا احتمال ہوتا ہے اسلئے اس کی تلاش کیجانی چاہئے۔]

مزاحمت کی تعیین تبادلہ کے طریقہ سے

اگر مزاحمت کی بکس جس میں معلوم مزاحمت کے، ہم سلسلہ ترتیب دئیے ہوئے متعدد بچھے ہوتے ہیں مل سکے تو اس کے ذریعہ ایک آسان طریقہ پر کسی غیر معلوم مزاحمت کی قیمت کی تعیین ہوسکتی ہے۔ اس کو طریقہ تبادلہ کہتے ہیں۔ مستقل م ب کے خانہ یا مورچہ سے برقی رَو لیکر اس غیر معلوم مزاحمت اور رَو پیما پر سے بہائی جاتی ہے، اور رَو پیما کا زاویہ انصراف دیکھ لیا جاتا ہے۔

اس تجربہ کے لئے کسی بھی نوعیت کا رَو پیما استعمال ہوسکتا ہے، بشرطیکہ دی ہوئی مزاحمت اور موجودہ محرکہ برق کے ساتھ اس کا انصراف مناسب بڑا ہو۔ اگر انصراف بہت زیادہ ہے تو رَو پیما کو "شنٹ" استعمال کرکے، یعنے اس کے سروں کو ایک موصل مثلاً پلاٹینائیڈ تار کے ایک ٹکڑے سے ملاکر، تاکہ مجموعی رَو کی صرف ایک معین کسر رَو پیما پر سے گزرے، انصراف

گھٹا دیا جاسکتا ہے۔ اس تجربہ کے لئے عموماً مماسی رَو پیما اچھا کام دے سکتا ہے۔

پھر بجائے غیر معلوم مزاحمت کے مزاحمت کی بکس میں سے ضروری مزاحمتیں لیکر شریک دور کیجاتی ہیں یہاں تک کہ رَو پیما کا انصراف ٹھیک وہی ہوتا ہے جو پہلے تھا۔ پس ظاہر ہے کہ دوران تجربہ اگر مورچہ یا خانہ کا محرکہ برق مستقل رہا ہو تو بکس میں سے جو مزاحمتیں نکالی گئی ہیں ان کا مجموعہ دی ہوئی مزاحمت کے مساوی ہے۔

تجربہ (۴۱)۔ تبادلہ کے طریقہ سے مزاحمت کی تعیین

ایک خانہ (خ)، رَو پیما (م) اور دی ہوئی مزاحمت (ذ) کو جس کی تعیین مطلوب ہے، ہم سلسلہ جوڑ دو۔ اگر رَو پیما مماسی ہے تو اس کو منقلب (ق) کے ساتھ، حسب ہدایات مندرجہ صفحہ (۱۱۶) اس طرح ترتیب دو کہ برقی رو اس کے تمام چکروں پر سے گزرے۔ اگر اس کے تمام چکروں پر سے رو کا بہنا ممکن نہ ہو تو سب سے زیادہ چکروں کا اچھا استعمال ہونا چاہئے۔

خانہ (خ) ڈانیل کا ہوسکتا ہے اس لئے کہ اس کا محرکہ برق مستقل رہتا ہے۔ ذخیرہ خانہ بھی استعمال کرسکتے ہیں، لیکن چونکہ اس کی اندرونی مزاحمت بہت قلیل ہوتی ہے اس تجربہ کے دوسرے حصّہ میں، جبکہ دی ہوئی مزاحمت کو نکال کر مزاحمت کی بکس کی مزاحمتیں شریک کی جاتی ہیں، نہایت احتیاط برتنی چاہئے۔

دی ہوئی غیر معلوم مزاحمت کو شریک دور کرکے رَو پیما کا انصراف ناپ لیا جائے۔ مشاہدہ میں ضرور ہوگا سوئی یا

نمائندہ کے دونوں سروں کے نشان دیکھ لئے جائیں۔ ایک مرتبہ رَو دَور پر سے ایک سمت میں چلائی جائے اور پھر منقلب کے ذریعہ، مخالف سمت میں۔

اب مزاحمت کی بکس میں سے تمام ڈاٹ نکال لئے جائیں تاکہ اعظم مزاحمت مہیّا ہوسکے۔ پھر ان کو گھٹا کر اس حد تک لایا جائے کہ رو پیما کا اوسط انصراف پیشتر کے اوسط کے مساوی ہو۔ **کسی صورت میں بھی مجموعی مزاحمت ۲۰ اوم سے کم نہونی چاہئے**۔ بکس میں سے جو جو ڈاٹ نکال لئے گئے ہوں ان کے متعلقہ عدد پڑھ لئے جائیں۔ ان عددوں کا حاصلِ جمع دی ہوئی مزاحمت کے مساوی ہوگا۔

تبادلہ کے طریقہ سے مزاحمت کی تعیین کے متعلق نوٹ۔ اس تجربہ کے ذریعہ جوابِ جیداں صحت کے ساتھ برآمد نہیں ہوتا ہے۔ یہ ایسا تجربہ ہے جسکی صحت محض انصرافوں کے مشاہدے کی صحت کے تابع ہوتی ہے۔ لہذا وہ اسی درجہ تک غیر صحیح ہے جس درجہ تک انصرافوں کی قیمت کا پڑھ کر معلوم کرلینا غیر صحیح ہے۔ یعنے اس میں ۲ یا ۳ فیصد خطا پیش آتی ہے۔

معہذا مزاحمت کی بکس میں سے جو مزاحمت نکال کر ترتیب دیجاتی ہے صرف پورے ایک ایک اوم (یا اگر "اعشاری" اوموں کی بکس استعمال ہو تو ۱، اوم) کے تفاوت سے بڑھائی گھٹائی جاسکتی ہے۔ پس الا ان شاذ صورتوں کے جبکہ زیر دریافت مزاحمت کی قیمت اوموں میں کوئی

صحیح عدد یا اس کا ٹھیک دسواں حصہ نہ ہو معادلی مزاحمت کبھی ٹھیک صحت کے ساتھ نہیں ہوسکتی

علاوہ ریں مزاحمت کے جن حدود کے اندر یہ طریقہ موزوں ہوتا ہے زیادہ تر اس کا اعتبار روبیا پر ہوتا ہے جو تجربہ میں استعمال ہوتا ہے۔ ۳۰ سے ۷۰ اوم تک کی مزاحمتوں کے لئے معمولی مماسی روبیا مفید ہوسکتا ہے۔ ۷۰ سے متجاوز مزاحمتوں کے لئے زیادہ حساس نوعیت کا روبیا استعمال ہونا چاہئے۔ چھوٹی مزاحمتوں کے لئے یہ طریقہ بالکلیہ غیر موزوں ہے۔

اس کی آزمائش کے لئے کہ آیا دی ہوئی غیر معلوم مزاحمت اس مقدار کی ہے کہ متذکرہ بالا طریقہ سے اس کی تعیین ہوسکے، صرف ایک ذریعہ ہے، وہ یہ کہ اس مزاحمت کو معل کے سب سے کم حساس روبیا کے ساتھ ملایا جائے۔ اگر انصراف بالفرض ۵° یا اس کے قریب ہو تو طریقہ محولہ بالا استعمال ہوسکتا ہے لیکن ایک زیادہ حساس روبیا کو کام میں لانا چاہئے۔ اگر انصراف ۱۰° سے ۷۰° تک ہو تو یہی روبیا ہی سے کام لیا جاسکتا ہے۔ اگر انصراف غیر حساس روبیا کے ساتھ ۷۰° سے زائد پایا جائے تو اس مزاحمت کے لئے یہ طریقہ غیر موزوں ہوگا۔ کوئی اور طریقہ (مثلاً ویٹسٹون کے حسر کا) استعمال ہونا چاہئے۔

ہم سلسلہ اور ہمتوازی مزاحمتیں

اگر $ز_۱$، $ز_۲$، $ز_۳$ وغیرہ مزاحمتیں ہمسلسلہ ملائی جائیں تو ان کی معادلی مزاحمت ($ز$) ان تمام مزاحمتوں کا مجموعہ ہوتی ہے۔ لیکن جب یہ مزاحمتیں ہمتوازی ملائی جاتی ہیں ان کی معادلی مزاحمت ان ہر ایک مزاحمتوں میں سے ہر ایک سے چھوٹی ہوتی ہے۔ البتہ ان کی معادلی موصلیت اس صورت میں


دی ہوئی مزاحمتوں کی موصلیتوں کے مساوی ہے - یعنے

ہمسلسلہ مزاحمتوں کے لئے

$$ز = ز_۱ + ز_۲ + ز_۳ + \text{وغیرہ}$$

ہمتوازی مزاحمتوں کے لئے

$$\frac{۱}{ز} = \frac{۱}{ز_۱} + \frac{۱}{ز_۲} + \frac{۱}{ز_۳} + \text{وغیرہ}$$



شکل (۳۷)
ہمسلسلہ و ہمتوازی مزاحمتیں

تجربہ (۴۲) - ہمسلسلہ اور ہمتوازی مزاحمتوں کے متعلق ایک تجربہ - 'تبادلہ' کے طریقہ سے دو علیحدہ مزاحمتوں $ز_۱$، $ز_۲$ کی قیمتیں معلوم کرلو - پھر ان کو باہمدیگر ہمسلسلہ ملاؤ اور ان کی حاصل مزاحمت ($ز$) اسی 'تبادلہ' کے طریقہ کے ذریعہ ناپ لو - اس کی تصدیق ہوجائیگی کہ $ز = ز_۱ + ز_۲$

بعدازاں ان مزاحمتوں کو ہمتوازی ملاؤ اور ان کی معادلی مزاحمت ($ز$) اسی طریقہ سے دریافت کرو -


دوسرے ضابطہ $\frac{1}{ز} = \frac{1}{ز_1} + \frac{1}{ز_2}$ کی تصدیق ہو جائیگی۔

رَدِ پیما کے شنٹ یا عاطفِ رَد

جب (ش) اوم کی مزاحمت (پ) اوم مزاحمت کے رَدِ پیما کے ساتھ ہمتوازی ترتیب دی جاتی ہے (یعنے بطور شنٹ (عاطف) استعمال ہوتی ہے) تو علی العموم رَدِ پیما میں سے گزرنے والی رَد میں انحطاط واقع ہوتا ہے۔ لیکن جب رَدِ پیما کے سروں پر مستقل تفاوت قوہ (ت ق) مُنحفظ کرتا ہے تو رَدِ پیما کو شنٹ کرنے سے اس میں سے گزرنے والی رَد پر کچھ اثر نہیں ہوتا۔

اکثر یہ فرض کیا جاتا ہے کہ شنٹ کے استعمال سے دَور پر سے گزرنے والی مجموعی رَد تبدیل نہیں ہوتی ہے۔ اگر رَدِ پیما کی مزاحمت کے مقابلہ میں بقیہ دور کی مزاحمت زیادہ ہو تو عملاً یہ مفروضہ صحیح ہو سکتا ہے۔

اگر ر = مجموعی رَد جو دَور پر سے گزرتی ہو۔
ر۱ = رَد جو رَدِ پیما پر سے گزرتی ہے۔
ر۲ = رَد جو شنٹ پر سے جاتی ہے۔
تو ر = ر۱ + ر۲



شکل ۳۸
رَدِ پیما کے شنٹ کا اصول

فرض کرو (ت) = تفاوت قوہ (ا) اور (ب) کے درمیان - کلیہ اوم سے

$$ت = ر_{۱} پ = ر_{۲} ش$$

$$\text{پس} \quad \frac{ر_{۲}}{ر_{۱}} = \frac{پ}{ش}$$

$$\text{لہذا} \quad \frac{ر_{۲}}{ر_{۱}} + ۱ = \frac{پ}{ش} + ۱$$

$$\text{یعنے} \quad \frac{ر_{۲} + ر_{۱}}{ر_{۱}} = \frac{پ + ش}{ش} = \frac{ر}{ر_{۱}}$$

پس اگر نسبت $\frac{ر}{ر_{۱}}$ معلوم ہو تو شنٹ کی مزاحمت (ش) کی رقموں میں رَو پیما کی مزاحمت کی قیمت (پ) دریافت ہوسکتی ہے -

اگر مماسی رَو پیما کے ساتھ تجربہ کیا جائے تو برقی رو ر = ض مس ؔ جہاں (ض) رَو پیما کا تحویلی جزو ضربی ہے اور (ؔ) اس کا زاویہ انصراف ہے جو برقی رو (ر) کے گزرنے سے پیدا ہوا -

"شنٹ" سے پہلے جو انصراف ہوتا ہے اس کو (ؔ) اور بعد کے انصراف کو (ؔ۱) قرار دینے سے


$$\frac{ر}{ر_{۱}} = \frac{ض \text{ مس } ؔ}{ض_{۱} \text{ مس } ؔ_{۱}}$$

$$\text{لیکن} \quad \frac{ر}{ر_{۱}} = \frac{پ + ش}{ش}$$

$$\therefore \quad \frac{پ + ش}{ش} = \frac{\text{مس لاعہ}}{\text{مس لاعہ}_{۱}}$$

$$پ = ش \left\{ \frac{\text{مس لاعہ}}{\text{مس لاعہ}_{۱}} - ۱ \right\}$$

تجربہ (۴۳) شنٹ کے ذریعہ سے رو پیما کے مزاحمت کی تعیین۔ ایک ذخیرہ خانہ (ذ)، منقلب سوئچ (ق)، مزاحمت (ز) جو کم از کم ۴۰ اوم ہونی چاہئے، رو پیما (پ) اور شنٹ (ش) کے ساتھ حسب ترتیب مصرحہ شکل (۳۹) جوڑ دئے جائیں۔



شکل (۳۹)

رو پیما کی مزاحمت کی تعیین 'شنٹ' کے ذریعہ

'شنٹ' کے استعمال کرنے سے پہلے رو پیما کا انحراف مشاہدہ کرلو اور پھر بالترتیب مختلف مزاحمتوں کو بطور شنٹ شریک کرکے انحراف مشاہدہ کرلو معمولی مماسی رو پیما کے لئے مزاحمت (ش) ایک اوم سے لیکر بیس اوم تک بڑھائی جائے تو مناسب ہوگا۔

ہر مشاہدے کے ساتھ منقلب سوئچ کو پھیر کر انحراف کی سمت الٹ دی جانی چاہئے اور ان کے اوسط کو صحیح زاویۂ انحراف (عہ۱) مانا جائے۔
پھر ان مشاہدوں کو جدول کی شکل میں لکھ لیا جائے:-

ش	عہ۱	مس ظ عہ۱	$\frac{\text{مس ظ عہ}}{\text{مس ظ عہ۱}} - ۱$	ش $(\frac{\text{مس ظ عہ}}{\text{مس ظ عہ۱}} - ۱)$
۱				
۲				
۳				
۴				
۵				
۷				
۱۰				
۱۵				
۲۰				
∞	عہ -			

کوئی شنٹ استعمال نہیں کیا جاتا ہے تو اس کے معنے یہ ہیں کہ شنٹ کی مزاحمت نا متناہی بڑی ہے۔ اس صورت میں انحراف کا زاویہ پورا (عہ) ہونا چاہئے
آخری خانہ کے عدد تقریباً مستقل ہوں گے۔ ان کی اوسط قیمت رو پیما کی مزاحمت (پ) لی جاسکتی ہے۔
[نوٹ۔ اس تجربہ سے رو پیما کی مزاحمت (پ) دریافت کرنے کا طریقہ اس مفروضہ پر مبنی ہے کہ دَور میں شنٹ کی مزاحمت شریک کرنے سے

مجموعی رَو پر کوئی قابل لحاظ اثر نہیں ہوتا۔ جب تک (ذ) کی قیمت اقل درجہ (پ) کی ۲۰ گنا نہ ہو یہ مفروضہ صحیح نہیں ہوسکتا۔ پس اگر آخری خانہ کے عدد مزاحمت (ذ) کے ۵ فیصد سے زائد ہوں تو کافی قیمت کی مزاحمت کو (ذ) بنا کر یہی تجربہ دوہرایا جائے۔

جب مزاحمت (پ) مزاحمت (ذ) کی صرف ۵ فیصد ہوتی ہے رَو کی اعظم تبدیلی ۵ فیصد سے متجاوز نہیں ہوسکتی حتیٰ کہ اس صورت میں بھی جبکہ (پ) کو بالکلیہ "قصر دور" کر دیا جائے۔ جو انحراف مشاہدہ ہونگے ان سے نتیجہ میں بھی اسی درجہ کی خطائیں آسکتی ہیں۔ (پ) کی بہترین قیمت شنٹ (ش) کی اُس قیمت کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے جس سے مس ∠ع۱ = ½ مس ∠ع (پ) کی قیمت اس جملہ سے بھی شمار کیجاسکتی ہے

$$\frac{\text{ز پ}}{\text{ش (ز+پ)}} = \frac{\text{مس ∠ع}}{\text{مس ∠ع۱}} - ۱$$

اس صورت میں جبکہ مزاحمت (ذ) رَو پیما کی مزاحمت (پ) کے بیس گنا سے کم ہوتی ہے۔

چوتھا باب

محرکہ برق اور برقی خانہ کی اندرونی مزاحمت

فصل (۱)۔ والٹائی خانہ کے عمل کے متعلق ابتدائی بحث

مندرجہ ذیل بحث والٹائی خانوں کے اساسی برقی کیمیائی عملوں کا نظریہ نہیں ہے۔ اس کو اس بارہ میں صرف ایک سرسری اور مفید مطلب مفروضہ سمجھنا چاہئے جس کی مدد سے خانوں کے سروں وغیرہ کے درمیانی تفاوت قوہ کا عمل معلوم ہو سکے۔

خانہ 'کھلے دَور' میں

مختلف دھاتوں کی تختیاں جب ایک مناسب محلول میں ڈبوئی جاتی ہیں تو فوراً ان کے درمیان تفاوتِ قوہ پیدا ہو جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل تذکرہ میں صرف سادہ خانوں سے

بحث کی جائیگی۔ تانبے اور جست سے بالترتیب مثبت اور منفی تختیاں مفہوم ہونگی، اگرچہ واقعات متذکرہ عام طور پر کسی بھی قسم کے سادہ خانہ سے متعلق ہوسکتے ہیں

تختیوں کو مائع میں ڈبوتے ہی مثبت برق مائع کے اندر سے گزر کر تانبے کی طرف جانا شروع کرتی ہے۔ ہم فرض کر سکتے ہیں کہ یہ مثبت برق جست کی تختی سے نکلتی ہے جس کی وجہ سے اُس تختی پر منفی بار پیدا ہوجائیگا۔ مثبت برق کی حرکت بالکلیہ خانہ کی کیمیائی کیفیت کا نتیجہ ہے، اور جس محرکہ برق سے یہ برق متحرک ہوتی ہے اس کو کیمیائی عمل کا محرکہ برق نام دیا جا سکتا ہے یا مختصراً کیمیائی م، ب۔

یہ کیمیائی م، ب جست کی تختی سے مثبت برق کو مائع کے اندر تانبے کی تختی کی طرف بھیجتا ہے۔ یعنے دوسرے الفاظ میں برقی خانہ کا م، ب خانہ کے منفی قطب سے اس کے مثبت قطب کی طرف عمل کرتا ہے۔

یہ بیان تمام برقی خانوں پر صادق آتا ہے۔ یاد رہے کہ م، ب یعنے محرکہ برق سے مراد صرف وہ علت ہے جو خانہ کے اندر سے برق کی تحریک کرتی ہے، لہذا اس اصطلاح کا استعمال صرف خانہ کے اندرونی عمل سے متعلق ہوسکتا ہے۔

مثبت برق جو خانہ کے اندر جست سے لیکر تانبے کو پہنچائی جاتی ہے تانبے کے قوۃ کو جست کے قوّے سے زیادہ بلند کردیتی ہے، اور اب خانہ کے اندر کسی بھی برقی بار پر دو قوتیں عمل کرتی ہیں۔ مثبت بار جست سے تانبے کی طرف خانہ کے اندر اس کے م، ب کے باعث روانہ کیا جاتا ہے، اور تانبے سے جست کی طرف آمادہ کیا جاتا ہے، بوجہ اس تفاوت قوّہ کے جو ان دونوں کے درمیان خانہ کے کیمیائی م، ب کے عمل سے پیدا ہوتا ہے۔

پس تفاوت قوّہ ت، ق بجائے خانہ کے م، ب کے متماثل ہونے کے (جیسا کہ عموماً غلطی سے خیال کیا جاتا ہے) اس کے عمل کا محض نتیجہ ہے۔ خانہ کے اندر ت، ق اور م، ب متضاد عمل رکھتے ہیں۔


جب خانہ کھلے دَور کی حالت میں ہوتا ہے تو قطبی فلزی تختیاں باہر سے کسی طرح بھی ملی ہوئی نہیں ہوتی ہیں، پس ان کے درمیان تفاوتِ قوہ بوجہ اجتماع برق بڑھتا جاتا ہے۔ لیکن ایک حد پر پہنچ کر یہ تفاوت ٹھہر جاتا ہے، اس لئے کہ خانہ کے اندر صرف ایک محدود م، ب عمل کرتا ہے۔ تفاوت قوہ اس قیمت (ق) پر پہنچکر ٹھہر جاتا ہے کہ خانہ کے م، ب کے زیر اثر مثبت برق کا جست سے تانبے کی طرف جانے کا میلان، تفاوت قوہ کی وجہ سے تانبے سے جست کی طرف جانے کے میلان کے ساتھ

ٹھیک علی التوازن ہوجائے۔ جب م، ب اور ت، ق میں اس طرح کے توازن کی حالت پیدا ہوتی ہے تو خانہ کے اندر ان دونوں سمتوں میں سے کسی سمت میں بھی برق کی حرکت نہیں ہوتی اور وہاں جملہ کیمیائی برقی عمل موقوف ہوجاتے ہیں۔

اس لئے کہلے دَور کی حالت میں عموماً جبکہ خانہ کے اندر ان دو سمتوں میں سے کسی سمت میں بھی برقی رو نہیں بہتی ہے، خانہ کی تختیوں کا درمیانی تفاوتِ قوّہ اس کے محرکہ برق کے مساوی ہوتا ہے۔


یہاں تکرار اس امر کا اظہار ضروری معلوم ہوتا ہے کہ م، ب اور ت، ق دو متماثل چیزیں نہیں ہیں۔ کہلے دَور کے تفاوتِ قوّہ (ت) کا عمل اس طرح کا ہوتا ہے کہ مثبت برق تانبے سے جست کی طرف بہہ جائے، اور محرکہ برق (م) جو صرف خانہ کے اندر عمل کرتا ہے اس کو جست سے تانبے کی طرف بہنے کا متقاضی ہوتا ہے۔

کہلے دور کی صورت میں ت = م



شکل (۴۰)

خانہ کہلے دور کی حالت میں



شکل (۴۱)

خانہ 'بند دَور' کی حالت میں

محرکہ برق (م) کی پیمائش راست طور پر نہیں ہوسکتی۔ اسکی پیمائش کے لئے اُس کی وجہ سے جو تفاوت قوّہ خانہ کے سروں کے درمیان کھلے دَور کی صورت میں وجود میں آتا ہے، ناپ لیا جاتا ہے۔ چونکہ یہ تفاوت قوّہ (ت) خانہ کے محرکہ برق (م) کے مساوی ہوتا ہے اس لئے محرکہ برق کی تعیین ہوجاتی ہے۔

برقی خانہ "بند دَور" کی حالتیں

بیرونِ خانہ۔ فرض کرو خانہ کی تختیاں (ذ) مزاحمت کے ایک تار کے ذریعہ ملائی گئی ہیں تختیوں کے تفاوتِ قوہ کی وجہ تار پر سے فوراً برق بہنے لگتی ہے۔ تار کے اندر تو کوئی کیمیائی عمل نہیں ہوتا ہے، پس اس پر سے جو رَو گزرتی ہے اسی تفاوت قوّہ کا نتیجہ ہے اور اس لئے اس کے بہاؤ کی سمت تار پر تانبے سے جست کی طرف ہے۔

جوں ہی تختیاں تار کے ذریعہ ملائی جاتی ہیں ان کا درمیانی تفاوتِ قوّہ گھٹنے لگتا ہے اس لئے کہ برق ایک تختی سے نکل کر دوسری تختی کو جاتی ہے۔ اگر کسی وقت تفاوت قوّہ کی قیمت (ت) ہو تو تار پر سے گزرنے والی برقی رو

$$ر_1 = \frac{ت}{ذ}$$

واضح ہو کہ ($ر_1$) بیرونی مدار میں سے گزرنے والی رَو ہے یعنے تار کی رَو ہے۔

اندرونِ خانہ۔ اب بھی یہاں خانہ کا م، ب عمل کررہا ہے اور اگر خانہ اچھی حالت میں ہے تو اس م، ب

کی قیمت میں کچھ تغیر نہ پیدا ہوگا۔ اس لئے کہ یہ م، ب خانہ کی کیمیائی ترکیب ہی پر منحصر ہے (خانہ کی تقطیب کے اثرات کے متعلق آگے چلکر بحث کی جائیگی)۔ اب اس کے خلاف تفاوت قوہ (ت) عمل کرتا ہے۔ لہذا خانہ کا م، ب اب پھر اس کے اندر سے جست سے تانبے کی طرف کو برق بھیجنا شروع کریگا۔ اس کا محرک خانہ کے محرکہ برق اور موجودہ تفاوت قوہ (ت) کا تفاوت ہوگا۔ اگر خانہ کی مزاحمت جس کو اندرونی مزاحمت کہتے ہیں، (خ) مانی جائے تو خانہ کے اندر جست سے تانبے کو جانے والی برقی رو

$$\text{سا}_{۲} = \frac{\text{م} - \text{ت}}{\text{ح}}$$

پس ایک ہی وقت میں تانبے کی تختی سے جست کی تختی کو بیرونی دور میں ایک برقی رو جاتی ہے

$$\text{جو سا}_{۲} = \frac{\text{ت}}{\text{ز}} \text{ ہے}$$

یعنے فی ثانیہ برق کی اتنی اکائیاں اس راستہ گزرتی ہیں۔ اور جست سے تانبے کو اندرونی دور میں برقی رو

$$\text{سا}_{۲} = \frac{\text{م} - \text{ت}}{\text{خ}} \text{ جاتی ہے}$$

جسقدر (ت) گھٹتا جائیگا تانبے کی تختی سے برق کے نقصان کی شرح (سا۱) گھٹتی جائیگی اور اس کے نفع کی شرح (سا۲) بڑھتی جائیگی۔ جب دونوں مساوی ہوجائینگے تو (ت) کی قیمت پھر ہموار ہوجائیگی، اگرچہ (ت) سے گھٹتی ہوئی ہی رہیگی۔ پس اب

$$\text{سا}_{۱} = \text{سا}_{۲}$$

اور $\frac{ت}{ذ} = \frac{م - ت}{خ}$

پس جب برقی خانہ کا بیرونی دَور ایک سادہ مزاحمت (ذ) کے توسط سے مکمل کردیا جاتا ہے تو اس کی تختیوں کا درمیانی تفاوت قوہ گھٹ کر ایک ایسی قیمت (ت) پر آجاتا ہے، کہ خانہ کے اندر کی رَو جو جست سے تانبے کو جاتی ہے خانہ کے باہر تانبے سے جست کو جانے والی رَو کے مساوی ہوجاتی ہے، اور اس نئے تفاوت قوہ (ت) خانہ کے محرکہ برق (م) اور اندرونی و بیرونی مزاحمتوں میں یہ باہمی تعلق ہوتا ہے۔

$$\frac{ت}{ذ} = \frac{م - ت}{خ}$$

اس تعلق کو ایک دوسرے طریقہ سے بھی ثابت کرسکتے ہیں جو تیسری فصل میں بیان ہوگا۔

واضح ہو کہ پہلے دور میں تختیوں کا تفاوت قوہ (ت) فوراً خانہ کے محرکہ برق (م) کے مساوی ہوجاتا ہے، اور جب بیرونی دَور بند ہوتا ہے تو ایک ثانیہ کی نہایت چھوٹی کسر کی مدت میں یہ تفاوت قوہ ہموار قیمت (ت) پر آجاتا ہے

جب کسی برقی خانہ کے اندر مثبت سرے سے منفی سرے کی طرف رَو دوڑائی جاتی ہے تو اس کے لئے جو تفاوت قوہ درکار ہوگا خانہ کے محرکہ برق (م) سے زائد ہونا چاہئے، اسلئے کہ اسے نہ صرف (م) پر غالب آنا ہوتا ہے بلکہ خانہ کی مزاحمت کے خلاف بھی عمل کرنا ہوتا ہے۔ طالب علم کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس صورت کی بھی اسی طرح تحقیق کرے جیسا کہ اوپر ذکر آیا ہے، اور ثابت کرے کہ خانہ کے اندر مثبت سرے سے منفی سرے کی جانب جو برقی رو گزرتی ہے اس کو (ت)

(م) اور (خ) کے ساتھ حسب ذیل ربط ہے:

$$ر = \frac{ت - م}{خ}$$

یہاں (ت) سے مراد وہ تفاوت قوہ ہے جو اس کام کے لئے خانہ پر عمل کرتا ہے۔ یہ نتیجہ ذخیرہ خانوں میں برقی بار بھرنے کے لئے بکار آمد ہوتا ہے۔

[**تقطیب کا اثر**۔ برقی خانہ کی کیمیائی ترکیب میں تغیر ہوتا ہے تو خانہ کی تقطیب ہوتی ہے۔ اگر خانہ سے اس کی حیثیت سے رائد رَو لی جائے تو جست کی تختی کے اطراف کا مائع "مستعمل" ہوجاتا ہے، (یعنے کیمیائی عمل کی شئے بالکل خرچ ہوجاتی ہے)۔ یا مثبت تختی کے پاس کا آکسائیڈ سانے کا مادّہ اس تختی کے پاس جو ہیڈروجن پیدا ہوتی ہے اس کا مقابلہ نہیں کرسکتا پس تختی پر ہیڈروجن جم جاتی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ ایسی صورت میں تختیوں کے قریب خانہ کی حالت میں فرق آجاتا ہے اور خود تختیوں کی نوعیت بدل جاتی ہے۔ بدیں وجہ خانہ کا م، ب وہ نہیں رہتا جو پہلے تھا اور جب تک مائع خوب نہ مل جائے اور ہیڈروجن کا آکسیڈیشن کے عمل سے اتلاف نہ ہو محرکہ برق اپنی سابقہ قیمت پر پہنچ نہیں سکتا۔ متذکرہ بالا بحث میں فرض کرلیا گیا ہے کہ خانہ پر کوئی ایسا زائد از تحمل بار نہیں ڈالا جاتا ہے جس سے اس کی تقطیب ہوجائے۔]

فصل (۲) دو خانوں کے محرکہ برق کا باہمدیگر مقابلہ

طریقہ جمع و تفریق رَو بیا کے استعمال کیساتھ

اس طریقہ کی بدولت ایک برقی خانہ کے م، ب کا

دوسرے خانہ کے م، ب کے ساتھ صرف مقابلہ ہوسکتا ہے لیکن ان کی مطلق پیمائش نہیں ہوسکتی۔

علاوہ خانوں یا مورچوں کے جن کا مقابلہ کیا جائیگا ایک رد پیما کی ضرورت ہوگی تاکہ رَد ناپی جائے اور ایک تغیّر پذیر مزاحمت بھی چاہئے تاکہ برقی رَد ایک مناسب قیمت پر لائی جاسکے۔ فرض کرو پہلے خانہ کا محرکہ برق ($م_1$) ہے اور اُس کی مزاحمت ($خ_1$)۔ اسی طرح دوسرے خانہ کا محرکہ برق ($م_2$) اور مزاحمت ($خ_2$) ہے۔ رَد پیما کی مزاحمت کو (پ) اور بقیہ دَور کی مزاحمت کو (ذ) تصور کرو۔ ان مزاحمتوں میں سے کسی ایک کو بھی معلوم کرنے کی ضرورت نہیں۔ لیکن لازمی ہے کہ یہ سب مزاحمتیں دوران تجربہ مستقل رہیں۔

خانوں کو پہلے مزاحمت اور رَد پیما کے ساتھ اس طرح ہمسلسلہ ترتیب دیا جاتا ہے کہ ان کے محرکہ برق ایک دوسرے کی تائید کریں۔ اس صورت میں دَور کا محرکہ برق ان خانوں کے محرکوں کا مجموعہ ہوگا۔ کلیہ اوم اور مزاحمت کی تعریف سے

$$\text{برقی رَو جو دور پر سے گزرتی ہے۔} = \frac{\text{دَور کا محرکہ برق}}{\text{دَور کی مزاحمت}}$$

یعنے $$ر_1 = \frac{م_1 + م_2}{ذ + پ + خ_1 + خ_2}$$

یہاں ($ر_1$) وہ رو ہے جو دَور پر سے گزرتی ہے۔ اس کی پیمائش رَد پیما کے انصراف سے ہوتی ہے۔ اب ایک خانہ الٹا ملایا جاتا ہے۔ بہتر ہوگا کہ چھوٹے محرکہ برق ($م_2$)

کا خانہ الٹا ترتیب دیا جائے۔ اگرچہ فی الحقیقت دونوں میں سے کسی ایک خانہ کو الٹا لگانے میں مضائقہ نہیں بشرطیکہ رَو پیما کے ساتھ منقلب کنجی استعمال ہوتی ہے۔

اب دور کا محرکہ برقی $م_{۱} - م_{۲}$ ہوگا اور اگر برقی رَو کو $(ر_{۲})$ فرض کیا جائے تو

$$ر_{۲} = \frac{م_{۱} - م_{۲}}{ذ + پ + خ_{۱} + خ_{۲}}$$

$(ر_{۱})$ کی طرح $(ر_{۲})$ کی پیمائش بھی رَو پیما کے انصراف سے ہوجائیگی۔ چونکہ ان چاروں مزاحمتوں میں سے کوئی ایک بھی تبدیل نہیں ہوئی ہے، لہذا

$$\frac{ر_{۱}}{ر_{۲}} = \frac{م_{۱} + م_{۲}}{م_{۱} + م_{۲}}$$


یا $$\frac{ر_{۱} + ر_{۲}}{ر_{۱} - ر_{۲}} = \frac{م_{۱}}{م_{۲}}$$

تجربہ (۴۴)۔ محرکہ برقی کا مقابلہ جمع و تفریق کے طریقہ سے مماسی رو پیما استعمال کرکے۔ اس طریقہ سے ایک لیکلانشے اور ایک ڈانیل کے خانہ کے محرکہ برق کا آپس میں، یا ان دونوں میں سے کسی کا ایک ذخیرہ خانہ کے محرکہ سے مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔


مماسی رَو پیما (پ) کو منقلب (ق) کے ساتھ حسب ہدایات

مندرجہ تجربہ (۴۷) ترتیب دو - رو پیما کے ساتھ ایک مزاحمت کی بکس (ز) بھی ہسلسلہ ملائی جائے اور اس میں سے سب ڈاٹ نکال لئے جانے چاہئیں - برقی رو مماسی رو پیما کے سب پھیروں پر سے گزرنی چاہئے -

خانوں خ۱، خ۲ کو اس طور پر ہسلسلہ جوڑو کہ دونوں کا عمل سیدھا ہو یعنے ایک دوسرے کی تائید کرے اور ان کو رو پیما اور مزاحمت کی بکس کے ساتھ یوں ہسلسلہ ملاؤ کہ منقلب کے ذریعہ رو پیما پر سے رو الٹ دی جا سکے ملاحظہ ہو شکل (۴۲)



صورت (۱) اجتماعی



صورت (۲) "تفریقی"

شکل (۴۲)

اب بکس میں ڈاٹ لگا کر م، ب کا مقابلہ جمع و تفریق کے طریقہ سے اس کی مزاحمت کو یہاں تک گھٹاؤ کہ رو پیما کا انصراف ۶۰° سے ۷۰° تک پہنچ جائے - لیکن کسی صورت میں بھی بکس کی مزاحمت ۳۰ اوم سے کم نہ ہونی چاہئے -

اس رو سے رو پیما کا جو انصراف ہو پہلے رو کو ایک سمت میں جاری کرکے اور پھر مخالف سمت میں پھیر کر، پڑھ لیا جائے - فرض کرو ان انصرافوں کا اوسط (ع۱) ہے - تب رو کی قیمت (ر۱) رو پیما کے تحویلی جزو ضربی

(ض) کی رقموں میں (جس کے معلوم کرنے کی ضرورت نہیں) یہ ہوگی:

$$ر_{۱} = ض\ مس\ \angle ع_{۱}$$

زیادہ کمزور خانہ کو پلٹا کر ترتیب دو، (شکل (۴۲) کی طرح) لیکن دَور میں کوئی مزید تبدیلی نہ کی جائے۔ حتی الامکان برقی خانوں کو اس نئی وضع میں ترتیب دیتے وقت ہلنے نہ دو، ورنہ ان کی اندرونی مزاحمتوں میں تبدیلی پیدا ہوگی۔

اگر اب رو پیما کا اوسط انصراف ($ع_{۲}$) ہے، تو

$$ر_{۲} = ض\ مس\ \angle ع_{۲}$$

پس چونکہ $\frac{م_{۱} + م_{۲}}{م_{۱} + م_{۲}} = \frac{ر_{۱}}{ر_{۲}}$

اس لئے $\frac{م_{۱} + م_{۲}}{م_{۱} - م_{۲}} = \frac{ض\ مس\ \angle ع_{۱}}{ض\ مس\ \angle ع_{۲}} = \frac{مس\ \angle ع_{۱}}{مس\ \angle ع_{۲}}$

اور بالآخر $\frac{م_{۱}}{م_{۲}} = \frac{مس\ \angle ع_{۱} + مس\ \angle ع_{۲}}{مس\ \angle ع_{۱} - مس\ \angle ع_{۲}}$

اس تعلق سے دئیے ہوئے خانوں کے محرکہ برق کی باہمی نسبت شمار کرو۔

اگر ایک خانہ ڈانیل کا ہے اور جست کے سلفیٹ کا حل ($Zn\ SO_{4}$) بطور محرک مائع کے استعمال ہوتا ہے تو اس کا محرکہ برق ۱.۰۸ اولٹ لیا جا سکتا ہے۔ اور اس مفروضہ


پر دوسرے خانہ کے محرکہ برق کی قیمت متذکرہ بالا نسبت سے شمار کرلی جاسکتی ہے۔

قوّہ پیما

قوّہ پیما اُس آلہ کو کہتے ہیں جو محرکہ برق کا باہم مقابلہ کرنے یا ان کی تعیین کرنے میں استعمال ہوتا ہے۔ وہ عموماً ایک لمبے تار کی شکل میں ہوتا ہے جس کو ایک تختہ پر کھینچ کر جما دیتے ہیں اور اس کے ساتھ ایک پہلوان کنجی بھی ہوتی ہے جس کے ذریعہ تار کے کسی بھی نقطہ سے تماس کیا جاسکتا ہے۔ چونکہ تار بہت لمبا ہوتا ہے اسلئے اس کو کئی بار پھیر کر ایک حصّہ کو دوسرے حصہ کے بازو متوازی وضع میں جمایا جاتا ہے تاکہ آلہ ضرورت سے زیادہ لمبا نہ ہونے پائے، یا کئی تاروں کو متوازی وضع میں جما کر ان کے سروں کو تانبے کی موٹی پٹیوں سے اس طرح ہمسلسلہ جوڑتے ہیں کہ برقی رَو ان سب پر سے گزرے۔ لیکن اس کا طریقہ عمل سمجھنے کے لئے زیادہ سہولت اِس میں ہوتی ہے کہ اس کو ایک ہی لمبا تار تصور کیا جائے جیسا کہ شکل (۴۳) میں بتایا گیا ہے۔

ایک مستقل محرکہ برق کے مورچہ خ (مثلاً ایک یا دو ذخیرہ خانوں) سے ایک ایکساں تار $\frac{1}{2}$ پر ہموار برقی رَو دوڑائی جاتی ہے۔ (۱) سرا مورچہ کے مثبت قطب سے جوڑا جاتا ہے جس سے تار پر قوہ کا مسلسل گھٹاؤ پیدا ہوتا ہے۔ اگر تار ہموار ہے تو قوّہ کا گھٹاؤ بھی (۱) سے ($\frac{1}{2}$) تک ہموار ہوگا۔

تجربہ کا مقصود یہ ہے کہ دو برقی خانوں کے م، ب کی باہمی نسبت دریافت کی جائے۔ فرض کرو ان کی قیمتیں $م_۱$، $م_۲$ ہیں۔ پہلے خانہ کے مثبت سرے کو تار کے سرے (۲) سے باندھتے ہیں اور اس کے منفی سرے کو ایک رو پیما (پ) کے توسط سے پہلواں کنجی سے ملاتے ہیں، جو قوہ پیما کے تار کے کسی ایک مقام سے تماس پیدا کرتی ہے۔ کنجی کو تار پر حسب ضرورت آگے یا پیچھے سرکانے سے ایک ایسا مقام (ن،) دستیاب ہوتا ہے کہ یہاں کنجی کو دبانے سے رو پیما کی سوئی منصرف نہیں ہوتی۔ پس اس صورت میں رو پیما پر سے کچھ بھی برقی رو نہیں گزرتی ہے۔ اس لئے تار کے مقام (ن،) پر وہی قوہ ہونا چاہئے جو برقی خانہ کے



شکل (۴۳)

قوہ پیما کا اصول

منفی سرے کا، (جو رو پیما کے ساتھ باندھا گیا ہے)۔ یعنے خانہ پر قوہ کا تنزل تار پر (۲) اور (ن،) کے درمیانی تنزل کے ٹھیک مساوی ہے۔ چونکہ خانہ میں سے کوئی رو نہیں بھ رہی ہے اس لئے تختیوں کا یہ درمیانی تفاوت قوہ خانہ کے م، ب کے مساوی ہے۔ پس ظاہر ہے کہ اس خانہ کا محرکہ برق ($م_۱$) تار کے مقاموں (۲) اور (ن،) کے درمیانی تفاوت قوہ کے ٹھیک مساوی ہے۔

اسی طرح دوسرے خانہ کے ساتھ بھی یہی عمل کیا جاتا ہے اب اگر کنجی کے تماس کا مقام تار کا کوئی اور نقطہ (ن۲) دریافت ہو تو خانہ کا محرکہ برق (م۲) تار کے مقاموں (۱) اور (ن۲) کے درمیانی تفاوت قوہ کے مساوی ہوگا۔

$$\frac{\text{م}_1}{\text{م}_2} = \frac{\text{۱ اور ن۱ کا درمیانی تفاوت قوہ}}{\text{۱ اور ن۲ . . . . . .}}$$

اگر قوّہ پیما کے تار پر سے غیر متبدل برقی رَو (س) گزرتی ہے تو

(۱) اور (ن۱) میں تفاوت قوہ = س × حصہ $\overline{\text{۱ن۱}}$ کی مزاحمت

(۱) اور (ن۲) . . . . . = س × حصہ $\overline{\text{۱ن۲}}$ . .

لہذا $\frac{\text{م}_1}{\text{م}_2}$ = $\frac{\overline{\text{۱ن۱}} \text{ کی مزاحمت}}{\overline{\text{۱ن۲}} \text{ کی مزاحمت}}$

∴ = $\frac{\overline{\text{۱ن۱}} \text{ کا طول}}{\overline{\text{۱ن۲}} \text{ کا طول}}$

اس لئے کہ تار یکساں فرض کیا گیا ہے۔

۔ اس طرح تار پر سے مستقل رَو بہاکر مختلف خانوں کے محرکہ برق کا آپس میں مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ یہ محرکے قوّہ پیما کے تار کے طولوں کے متناسب ہونگے جو توازن پیدا کرنے کے لئے چاہیئں۔


تجربہ (۴۵)۔ قوّہ پیما کے ذریعہ سے دو خانوں کے برقی محرّکوں (م، ب) کا مقابلہ۔

ایک مستقل خانہ یا مورچہ کا مثبت سرا قوہ پیما کے تار آب کے سرے (۱) سے ملادو اور منفی سرا (ب) کے ساتھ۔ پھر مقابلہ کے لئے دئے ہوئے خانوں میں سے ایک خانہ (۱۴) کے مثبت سرے کو (۱) سے ملاؤ اور اس کے منفی سرے کو رد پیما کے ایک سرے سے ملاؤ۔ پہلوان تماس (ن) جو قوہ پیما کے تار پر سے گزرتا ہے رد پیما کے دوسرے سرے سے باندھ دیا جائے۔ (ن) کو بتدریج تار پر پھسلا کر اس کے لئے ایک ایسا مقام دریافت کیا جائے کہ وہاں وہ تار کو چھونے سے رد پیما کی سوئی منصرف نہ ہو۔ تب تار کا طول آن۱ ناپ لیا جائے۔ اسی طرح دوسرے خانہ (۲۴) کے ساتھ بھی یہی عمل کرکے تار کا نیا طول آن۲ معلوم کرلیا جائے۔

چونکہ دوران تجربہ ممکن ہے کہ خانوں ۱۴، ۲۴ کے اندر کچھ تغیّر پیدا ہو جائے اس لئے ان مشاہدات کو دوہرانا ضروری ہے۔ بنظر سہولت دو رخی ایک سوئچ شریک دور کرلی جاتی ہے تاکہ محض حیلی ترکیب سے جلد جلد خانہ کی تبدیلی عمل میں آئے۔ معہذا اس سے ایک یہ بھی فائدہ ہوتا ہے کہ سرعت عمل کی وجہ سے قوّہ پیما کے تار پر سے گزرنے والی مستقل رو میں کوئی قابل لحاظ تبدیلی نہیں پیدا ہوسکتی جس سے تجربہ کے نتائج میں خطا کا امکان گھٹ جاتا ہے۔

سوئچ کو شکل (۴۴) کی طرح شریک دور کیا جائے۔ یہاں (س) سے مراد دو رخی سوئچ ہے جس کے ذریعہ تجربہ کرنے والا اپنے حسب منشا تار کے سرے (۲) کو خانہ (۱۴) یا (۲۴) سے ملا دیتا ہے۔ ہر ایک خانہ کے ساتھ چونکہ دو دو مشاہدے ہوئے ہیں اس لئے آن۱ اور آن۲ کی اوسط قیمتیں لی جائیں اور اُن سے خانوں کے برقی محرکوں کی نسبت $\frac{۱۴}{۲۴}$

اخذ کی جائے۔



شکل (۴۴)
قوہ پیما کے استعمال کی ترکیب

اس سے پیشتر خانوں کا جو مقابلہ کیا گیا تھا اسکے نتیجہ کی تصدیق کے لئے ان خانوں کو پہلے اس طرح ہسلسلہ جوڑو کہ ان کے محرکہ ایک دوسرے کی تائید کریں اور پھر اس طرح ہسلسلہ ترتیب دو کہ ایک سے دوسرے کی مخالفت ہو۔اس کے بعد ان حاصل (مجموعی وجبری) محرکوں کا آپس میں مقابلہ کرو۔ اگر ان دو صورتوں میں قوہ پیما کے تار پر بالترتیب ل۱، ل۲ طول مشاہدہ ہوئے ہوں تو

$$\text{تو} \quad \frac{\text{ل}_1}{\text{ل}_2} = \frac{\text{ہ}_1 + \text{ہ}_2}{\text{ہ}_1 - \text{ہ}_2}$$

$$\text{لہذا} \quad \frac{\text{ہ}_1}{\text{ہ}_2} = \frac{\text{ل}_1 + \text{ل}_2}{\text{ل}_1 - \text{ل}_2}$$

[نوٹ۔ واضح ہے کہ اگر ستقل خانہ یا مورچہ کا منفی قطب تار کے سرے (۱) سے ملایا جائے، اور زیر امتحان برقی خانوں کے منفی سرے ہی بالترتیب (۱) کے ساتھ ملائے جائیں تو بھی تجربہ اسی درستی

کے ساتھ انجام پاتا۔ اس صورت میں تار پر (۱) سے (ن) تک بجائے قوۃ کے گھٹاؤ کے قوہ کا بڑھاؤ پیدا ہوتا اور وہ رَد بیما کے عدم انصراف کی حالت میں خانہ کے م، ب کے برابر ہوتا۔]

فصل (۳)۔ برقی موجہ کی اندرونی مزاحمت کی پیمائش

موجہ کی اندرونی مزاحمت کی پیمائش اولٹ بیما اور ایک مناسب مزاحمت کے ذریعہ سے ہوسکتی ہے۔ اگر کسی خانہ کی اندرونی مزاحمت (خ) ادم ہو اور وہ ایک بیرونی مزاحمت (ز) ادم کے تار کے ساتھ ملائی جائے تو دور پر سے جو برقی رو (س) امپیر گزرتی ادم کے کلیہ سے


$$س = \frac{م}{ز + خ}$$

جس میں (م) خانہ کے محرکہ برق کی قیمت ہے (اولٹوں میں)

چونکہ معمولی اولٹ بیما کی مزاحمت بہت کثیر ہوتی ہے اسلئے اس کو جب شریک دور کرتے ہیں تو اس کے پیچھوں پر سے نہایت قلیل برقی رَد گزرتی ہے۔ اتنی قلیل کہ اس کو صفر تصور کرسکتے ہیں۔ نظریہ کی رو سے اس تجربہ میں اگر برقی سکونی اولٹ بیما استعمال ہو تو بہتر ہوگا۔ اسلئے کہ اس میں سے مطلقاً کوئی رو نہیں گزرتی ہے اور خانہ کے سروں کا درمیانی تفاوت قوہ ناپ لیا جاتا ہے۔

جب خانہ کے سرے ملائے نہیں جاتے ہیں انکا درمیانی تفاوت قوہ (ت) اولٹ خانہ کے محرکہ برق (م) کے مساوی ہوتا ہے۔ اور جب سرے تار کے ذریعہ ملا دئے جاتے ہیں تو تفاوت قوہ (ت) سے کم ہوجاتا ہے۔

چونکہ مبتدیوں کو اس کیفیت کے سمجھنے میں بعض اوقات دقت پیش آتی ہے اس لئے اس کے مشابہ مثال پر اگر غور کیا جائے تو فائدہ بخش ہوگا۔ فرض کرو ایک شیشے کی نلی ہے جس کے اندر ایک ٹربائن (ٹ) کے ذریعہ پانی کو گشت کرایا جاسکتا ہے۔ ملاحظہ ہو شکل (۴۵)۔ جب روک کاگ (ک) بند کردیا جاتا ہے تو ٹربائن کے



شکل (۴۵)
آبی حرکت سے نظیر

عمل سے ایک سیالی دباؤ پیدا ہوتا ہے جس کی پیمائش انتصابی نلی (ن) میں پانی کی سطح کی بلندی سے ہوتی ہے جیسا کہ شکل میں بتایا گیا ہے۔ جب روک کاگ کو ذرا سا کھول دیتے ہیں تو سیالی دباؤ کم ہوجاتا ہے اور پانی کی سطح انتصابی نلی میں نیچے اتر آتی ہے۔ کاگ کو زیادہ کھولنے سے یہ دباؤ اور زیادہ گھٹ جاتا ہے۔ پمپ یا ٹربائن ایک جیلی اثر رکھتا ہے جس کو ہم اثر محرکہ آبی کہہ سکتے ہیں۔ انتصابی نلی میں پانی کے اسطوانہ کی بلندی سے دباؤ کے تفاوت کی پیمائش ہوجاتی ہے۔ کاگ اور پانی کی نلی خود برقی خانہ کی بیرونی مزاحمت کے مشابہ ہے۔

اس باب کے اوائل میں برقی خانہ کے محرکہ کی نسبت جو کیفیت بیان ہوئی ہے اس سے اس تشبیہ کا مقابلہ کیا جائے فرض کرو برقی خانہ کے سروں کا درمیانی تفاوت قوہ (ت) ہے جبکہ ان کو ایک مزاحمت (ذ) کے ذریعہ ملادیا جاتا ہے۔ (ذ) پر سے جو رَو گزرتی ہے اوم کے کلیہ سے $\frac{ت}{ذ}$ ہے کیونکہ

اس کا باعث محض خانہ کے سروں کا ت، ق ہے۔ لیکن پورے دور پر سے جو رَو گزرتی ہے $\frac{م}{ز+خ}$ ہے۔ لہذا

$$\frac{ت}{ز} = \frac{م}{ز+خ}$$

$$ت = \frac{م ز}{ز+خ} = \frac{م}{1+\frac{خ}{ز}}$$

پس ظاہر ہے کہ تفاوت قوہ (ت) محرکہ برق (م) سے کم ہے۔ لیکن اگر (ز) کی قیمت بہ نسبت (خ) کے بہت بڑی ہو تو تفاوت (م - ن) بہت قلیل ہوگا۔

اگر مزاحمت (ز) بہت بڑی نہ ہو تو مساوات ذیل سے خانہ کی اندرونی مزاحمت (خ) کو شمار کر لیا جا سکتا ہے:

$$\frac{م}{ت} = \frac{ز+خ}{ز} \quad \text{یا} \quad خ = ز\left(\frac{م}{ت} - 1\right)$$


اسی تعلق کو دوسرے طریقہ سے اس بات کی تمہیدی فصل میں سمجھایا گیا ہے۔

پس (خ) کی تعیین کے لئے خانہ کے محرکہ برق (م) کا مقابلہ اس کے سروں کے تفاوت قوہ (ت) کے ساتھ کیا جاتا ہے جبکہ ایک معلوم مزاحمت (ز) کا تار (جس کی قیمت خ سے بہت زیادہ نہ ہونی چاہئے) سروں سے ملا کر خانہ کو قصر دور کر دیتے ہیں۔

اگر (ز) خانہ کی اندرونی مزاحمت (خ) کے مساوی لیجائے تو $\frac{ت}{م} = \frac{1}{2}$ اور خانہ کے سروں کا درمیانی تفاوت قوہ

کہلے دور کے ت ' ق کا نصف ہوتا ہے ۔

تجربہ (۴۶) ۔ اولٹ پیما کے ذریعہ سے برقی خانہ کی اندرونی مزاحمت کی تعیین ۔ خانہ کے سروں کو اولٹ پیما سے ملاؤ ۔ متحرک کچھے والا اولٹ پیما جب استعمال ہوتا ہے تو طالب علم کو چاہئے خانہ کا مثبت قطب اولٹ پیما کے مثبت (+) نشان کے سرے سے ملائے ۔ اگر اس ہدایت کے بموجب عمل نہ ہو تو ممکن ہے کہ آلہ کا نمائندہ مڑ جائے اور آلہ بگڑ جائے ۔ دیکھو نمائندہ کا انصراف کیا ہے ۔ اس سے (ت) کی قیمت معلوم ہوجائیگی جو خانہ کے "کہلے دور" کا تفاوت قوہ ہے ۔



شکل (۴۶)
خانہ کی اندرونی مزاحمت

[نوٹ ۔ یہاں یہ فرض کرلیا گیا ہے کہ اولٹ پیما کی مزاحمت بہت بڑی ہونیکی وجہ سے اس پر سے تقریباً صفر برقی رو گزرتی ہے ۔ پس اب بھی دور کہلا ہے اور (ت) مساوی ہے محرکہ (م) کے ۔]

اس کے بعد خانہ کے سروں کو مختلف مزاحمتوں کے ذریعہ سے ملاؤ اور دیکھو اولٹ پیما کے نمائندہ کا انصراف بالترتیب کیا ہوتا ہے ۔ یہ مزاحمتیں مزاحمت کی بکس سے لی جاسکتی ہیں بشرطیکہ ان پر سے برقی رو دو یا تین دقیقہ سے زیادہ دیر تک بہنے نہ دیجائے

بکس سے ایسی مزاحمتیں لی جانی چاہئیں کہ ان میں سے بعض تو ابتدائی انحراف (ت) کے نصف سے زیادہ انحراف پیدا کریں اور بعض نصف سے کم۔ اگر تین مزاحمتیں پہلی قسم کی اور تین دوسری قسم کی استعمال کی جائیں تو مناسب ہوگا۔ دس اوم کی مزاحمت سے شروع کرکے حسب ضرورت مزاحمت گھٹائی یا بڑھائی جاسکتی ہے۔

مشاہدات اس تفصیل سے درج کئے جائیں:۔

کہلے دَور میں تفاوت قوّہ (تَ) = (م) = ...

ز	ت	م - ت	(م - ت / ت) ز

(نوٹ) ۔ اکثر مورچوں کی اندرونی مزاحمت (اور نیز ان کا محرکہ برقی) برقی رَو کے تابع ہوتی ہے جو ان سے حاصل کی جاتی ہے بوجہ ان ہنگامی تغیّرات کے جو ان کے مائعات کے اندر تختیوں کے پاس پیدا ہوتے ہیں۔ پس (خ) ایک کسیقدر غیر معیّن مقدار ہے

مصرحہ بالا طریقہ میں یہ فرض کیا جاتا ہے کہ خانہ کو "قصر دور" کرنے سے اس کا محرکہ برقی تبدیل نہیں ہوتا۔ بعض اقسام کے لیکلانشے والے خانے جب ان کو قصر دور کیا جاتا ہے تو بہت جلد مقطب ہوتے ہیں اور ان کا م ق ب سرعت کے ساتھ گھٹ جاتا ہے۔ اس لئے یہ طریقہ ایسے خانوں کی اندرونی مزاحمت معلوم کرنے کے لئے ناموزوں ہے اسی طرح ذخیرہ خانوں یا ثانوی خانوں کے لئے بھی یہ طریقہ استعمال نہیں ہوسکتا۔ اس لئے کہ اندرونی مزاحمت کی صحیح تعیین کے لئے بیرونی مزاحمت (ز) کو غائت درجہ گھٹانا پڑتا ہے جس سے خانہ کو بہت


ہرج پہنچتا ہے اور مزاحمت کا پچھا جل جانے کا اندیشہ ہے۔
لہذا چونکہ اس طریقہ میں زاویہ انصراف کا مشاہدہ ہوتا ہے اس میں وہ تمام نقائص موجود ہیں جو انصراف کے مشاہدوں سے متعلق ہیں۔ پس اس میں صحت کی چنداں زیادہ توقع نہیں۔ تاہم اگر برقی خانوں کی بحث (مندرجہ صفحات ۱۳۹ - ۱۴۶) کو پڑھ کر اس پر عمل کیا جائے تو طالب علم کے لئے وہ نہایت تربیت بخش اور مفید ثابت ہوگا۔ بہر حال چونکہ برقی خانہ کی مزاحمت ایک متغیر مقدار ہے فی الحقیقت وہ کس درجہ کی مقدار ہے معلوم کرلینا کافی ہے۔ اس غرض کے لئے یہ تجربہ ٹھیک ہے۔ جبکہ ہمیں معلوم ہے کہ خانہ کو ہلانے سے یا بہت کی پرانی تحتی کے عوض نئی تحتی استعمال کرنے سے خانہ کی مزاحمت بعض اوقات گھٹ کر نصف ہوجاتی ہے تو اس کی تعیین کا کوئی بھی طریقہ جو ۲۰ فیصد تک اس کی صحیح قیمت دے سکتا ہو موزوں سمجھا جاسکتا ہے۔ اگر کسی خاص برقی خانہ کی مزاحمت بہت صحت کے ساتھ دریافت کرنا ہو تو مینس کا طریقہ، یوسٹ آفس کی بکس کے ساتھ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

ثانوی یا ذخیرہ خانہ کی اندرونی مزاحمت

ذخیرہ خانہ کی اندرونی مزاحمت بہت قلیل ہوتی ہے۔ اسلئے قبل ازیں جو طریقہ اندرونی مزاحمت دریافت کرنے کا بیان ہوا ہے اس کے لئے موزوں نہیں ہے کیونکہ قابل پیمائش تفاوت قوہ پیدا کرنے کے لئے جو برقی رو درکار ہوگی اتنی بڑی ہوگی کہ خانہ کو صدمہ پہنچیگا۔ چونکہ اس طریقہ میں ایک اولٹ پیما کے ذریعہ خانہ کے سروں کا تفاوت قوہ بالترتیب بدل بدل کر (حتیٰ کہ وہ خانہ کے کامل محرکہ برق کے برابر ہوجائے) ناپا جاتا ہے، اور بڑی سے بڑی جائز برقی رو جو اس سے لیجاسکتی ہے تفاوت قوہ میں تبدیلی

زیدہ سے زیادہ اس کامل محرکہ کے ایک یا دو فیصد پیدا کرسکتی ہے، یہ پیمائشیں صحیح نہیں ہوتی ہیں۔ مندرجہ ذیل طریقہ سے جو کسی بھی قسم کے کم مزاحمت کے خانوں کے لئے موزوں ہے یہ دقتیں مغلوب ہوجاتی ہیں، اور چونکہ اس میں بہت حساس اولٹ پیما بھی مستعمل ہوسکتے ہیں تفاوت قوہ کی صحت کیساتھ پیمائش ہوسکتی ہے۔

تجربہ (۴۷)۔ ذخیرہ خانہ کی اندرونی مزاحمت کی تعیین ۔ دو متشابہ خانوں کو ہمتوازی ترتیب دو (شکل ۴۷ کی طرح) اور ان کے مثبتِ سروں کے بیچ میں ایک حساس اونٹ پیما شریک کرو۔ ایک خانہ کے ساتھ دور میں ایک مزاحمت (ذ) اور ایک ام پیما (۲) بشمول کنجی (ک) داخل کرو۔ جب (ک) کھولدی جاتی ہے تو اولٹ پیما کوئی تفاوت قوہ نہیں بتائیگا اسلئے کہ خانے متشابہ ہیں۔ اب کنجی (ک) کو دباؤ اور اولٹ پیما کے مظہرہ نشان (د) اور ام پیما کے نشان (ر) مشاہدہ کرو



شکل (۴۷)
ذخیرہ خانہ کی اندرونی مزاحمت

صرف خانہ (۱) میں سے برقی رَو جاتی ہے اس لئے کہ

اولٹ پیما کی مزاحمت نامتناہی بڑی تصور کی جاتی ہے اگر خانہ (ا) کی مزاحمت (خ) مانی جائے تو اس کے سروں کا درمیانی تفاوت قوّہ بقدر $\frac{م}{د} \times$ خ گھٹ جاتا ہے اور اولٹ پیما کے مظہرہ نشان (د) سے اس کی پیمائش ہوجاتی ہے۔ پس

$$\text{خ} = \frac{\text{د}}{\text{م}}$$


اگر خانہ (ا) کا محرکہ برق (م) معلوم ہے اور (ذ) کی قیمت بھی معلوم ہے تو (د) کو $\frac{\text{م}}{\text{ذ}}$ کے برابر لکھ سکتے ہیں پس خ = $\frac{\text{د ذ}}{\text{م}}$ ۔ ایسی صورت میں ام پیما کے استعمال کی ضرورت نہیں۔

قوہ پیما کے ذریعہ خانہ کی اندرونی مزاحمت کی تعیین

قوہ پیما کے ذریعہ برقی محرکوں کے مقابلہ کا جب ذکر آیا ہے تو بتایا گیا ہے کہ برقی خانہ کے سروں کے تفاوت قوہ کو برقی رَو لیجانے والے ایک تار پر کے دو مقاموں کے تفاوت قوہ سے تھام کر اس کی پیمائش کیجاسکتی ہے۔ اگر شکل (۴۳) کی طرح قوہ پیما کو ترتیب دیکر پہلوان تماس کی کنجی کو تار کے کسی ایسے نقطہ (ن) سے ملایا جائے کہ رو پیما پر سے کوئی رَو نہ جاسکے تو اس نقطہ (ن) اور خانہ کے منفی قطب کا درمیانی ت، ق صفر ہوگا (ورنہ رَو پیما پر سے کسی ایک سمت میں رَو ضرور جاتی) چونکہ (ا) خانہ کی مثبت تختی کے ساتھ ہم قوہ ہے۔ اس لئے (ا) اور (ن) میں جو تفاوت قوہ ہے خانہ کی تختیوں کے ت، ق کے بالکل مساوی ہے۔

اس صورت میں خانہ میں سے کوئی رَو نہیں جاتی ہے

لہٰذا یہ تفاوت قوہ (ت) خانہ کے م، ب کے برابر ہے۔
اب اگر خانہ کو ایک مزاحمت (ذ) کے ذریعہ "قصر دور" کردیا جائے (جیسا کہ شکل (۴۸) میں بتایا گیا ہے) خانہ کے



شکل (۴۸)
قوہ پیما کے ذریعہ خانہ کی اندرونی مزاحمت

سروں کا تفاوت قوہ گھٹ کر (ت ا) ہوجاتا ہے جس کو (م) یا پہلے تفاوت قوہ (ت) کے ساتھ یہ مناسبت ہے:-

$$\frac{\text{م}}{\text{ت}} \text{ یا } \frac{\text{ت}}{\text{ت}} = \frac{\text{ز} + \text{خ}}{\text{ز}}$$ دیکھو صفحات (۱۵۵-۱۵۷)

جس میں (خ) خانہ کی اندرونی مزاحمت ہے۔ پس نقطہ (ن) اب خانہ (م) کی منفی تختی سے کم قوہ پر ہوگا۔ اگر کنجی کو (ن ا) سے تماس کرایا جائے تو موجودہ حالت میں رَد پیما کی سوئی منصرف ہوجائیگی۔ خانہ کی تختیوں کے ت، ت کو تھامنے کے لئے کنجی کو تار کے کسی اور نقطہ (ن ا) سے لگانا چاہئے جو بہ نسبت (ن) کے (ا) سے قریب تر ہوگا۔ توازن کی صورت میں (ا) اور (ن ا) کا تفاوت قوہ خانہ کی تختیوں کے موجودہ گھٹے ہوئے تفاوت قوہ (ت) کے مساوی ہوگا۔

چونکہ $\frac{ت}{ت'} = \frac{ان_۱}{ان}$ بشرطیکہ تار یکساں ہو

پس $\frac{ز}{ز+خ} = \frac{ان_۱}{ان} = \frac{ل_۲}{ل_۱}$

پس خانہ کی مزاحمت (خ) قوہ پیما کے تار کے طولوں $ل_۱$، $ل_۲$ اور معلوم مزاحمت (ز) سے شمار ہوسکتی ہے۔

$$خ = ز \left[\frac{ل_۱ - ل_۲}{ل_۲} \right]$$

تجربہ (۴۸) خانہ کی اندرونی مزاحمت کی تعیین قوہ پیما کے ذریعہ۔

مصرحہ بالا طریقہ سے ڈانیل کے خانہ کی اندرونی مزاحمت کی تعیین کیجاے۔

قوہ پیما کے ذریعہ سے خانہ کی اندرونی مزاحمت دریافت کرنیکے طریقہ پر بحث

اندرونی مزاحمت ناپنے کے لئے یہ طریقہ بھی اولٹ پیما والے طریقہ سے (جس کا قبل ازیں ذکر آچکا ہے) کچھ بہت زیادہ موزوں نہیں۔ چونکہ خانہ کو مزاحمت (ز) کے توسط سے دیر تک (نقطہ توازن $ن_۱$ ٹھیک دریافت ہونے تک) "قصر دور" کرنا پڑتا ہے اور اس مدت میں اس سے رَو کے اخراج کی شرح معتدبہ ہوتی ہے اس لئے وہ جلد جلد مقطب ہونے لگتا ہے۔ اگر تجربہ کرنے والے کو اس بات کا علم نہ ہو تو دوران تجربہ اسے بڑی پریشانی ہوتی ہے۔ اگر نقطہ توازن ($ن_۱$) ایک مرتبہ دریافت

توڑ دی جائے تو دوبارہ جب اس مزاحمت کو خانہ سے ملاکر نقطہ توازن کی تلاش کی جاتی ہے ایک دوسرا ہی نقطہ توازن دستیاب ہوگا۔ اس لئے کہ تھوڑی دیر کے لئے دور کو کھلا چھوڑ دینے سے تقطیب کا اثر زائل ہوکر اس کی حالت کسیقدر سنبھل جاتی ہے۔

باریکی اور صحت کے ساتھ عمل کرنا مقصود ہو تو مزاحمت کے دور میں ایک دبانے کی کنجی (ک) شریک کی جانی چاہئے جیسا کہ شکل (۴۸) میں بتایا گیا ہے۔ نقطہ توازن (ن) کی تلاش کے وقت اس کو ذرا سی دیر کے لئے دبا دینا چاہئے اور جونہی تماس کی کنجی کو پہلے سے زیادہ ٹھیک مقام پر رکھنے کی غرض سے تار اب پر سے اٹھا لیا جاتا ہے کنجی (ک) کو ڈھیلا چھوڑ دینا چاہئے۔

واضح ہو کہ (ک) کو تماس کی کنجی سے پہلے دبانا چاہئے اور اس کو اس وقت تک نہیں چھوڑنا چاہئے جب تک تماس کی کنجی کو تار پر سے اٹھا لیا نہ جائے۔

اس مزید کنجی کو استعمال کرنے سے نتیجہ زیادہ صحیح نکل سکتا ہے۔ یہیں ہم اس طریقہ میں بھی تقطیب کی وجہ سے اسی درجہ کے اسقام موجود ہیں جو اولٹ پیما والے طریقہ میں پائے جاتے ہیں۔ البتہ عملی نقطہ نظر سے ایک بڑا فائدہ اس میں یہ ہے کہ یہ طریقہ علم انصراف کا ہے نہ کہ پیمائش انصراف کا۔ نظری حیثیت سے بھی اس کو اولٹ پیما کے طریقہ پر فوقیت حاصل ہے۔ اولٹ پیما کے پہیوں پر سے ضرور کچھ نہ کچھ رد بہتی ہے اگرچہ فرض کرلیا جاتا ہے کہ یہ رد صفر ہے۔ اس لئے (ت) اور (ب) دور کا تفاوت قوہ کبھی اولٹ پیما کے ذریعہ بالکلیہ صحیح نہیں پایا جاتا۔ موجودہ یعنے قوہ پیما کے طریقہ میں جب خانہ کو "قصہ دور" نہیں کیا جاتا ہے اس میں سے ذرا بھی رد نہیں

گزرتی ہے، اس لئے اس کے محرکہ برق (م) یا (ت) کی صحیح قیمت نکل آتی ہے۔

چونکہ اس طریقہ میں عملاً زیادہ دقتیں پیش آتی ہیں اور نقطہ توازن (ن۱) کا مقام (۲) کی طرف خانہ کی تقطیب کی وجہ سے "بھٹکتا" ہے اس لئے یہ طریقہ صرف انہی طلباء کے لئے موزوں ہے جو عملی کاموں سے اچھی واقفیت رکھتے ہیں۔

پانچواں باب


برقی مزاحمت کی پیمائش

فصل (۱) - اوم کا کلیہ

اوم کا کلیہ اس امر کی تلقین کرتا ہے کہ اگر کسی خطی موصل پر جس پر سے برقی رَو بہتی ہے دو نقطے لئے جائیں تو ان کے درمیانی تفاوت قوہ (ت) کو اس رو (ر) کے ساتھ مستقل نسبت ہوتی ہے۔ اس نسبت کو موصل کی مزاحمت (ز) کہتے ہیں۔ پس $\frac{ت}{ر}$ = ز۔ اس نسبت کا متکافی یعنے $\frac{۱}{ز}$ موصل کی **ایصالیت** کہلاتا ہے۔

سب سے سیدھا طریقہ مزاحمت کی تعیین کا یہ ہے کہ تفاوت قوہ اور برقی رَو علٰحدہ علٰحدہ ناپ لئے جائیں۔ اول الذکر کو آخرالذکر پر تقسیم کرکے مزاحمت معلوم کرنی چاہئے۔ اگر تفاوت قوہ اولٹ پیما کے ذریعہ ناپا جاتا ہے اور برقی رَو ام پیما کے ذریعہ، تو مزاحمت کی قیمت اُدموں میں محسوب ہوگی۔

واضح ہو کہ ام پیما کو زیرِ دریافت مزاحمت کساتھ ہم سلسلہ جوڑنا چاہئے اور اولٹ پیما کو اُس کے ساتھ ہمتوازی یعنے اولٹ پیما کے سرے بالترتیب مزاحمت کے سروں سے ملا دئے جانے چاہئیں - یہ بھی ضرور ہے کہ اولٹ پیما اور ام پیما کے مثبت (یعنے + نشان کے) سرے مورچہ کے مثبت



شکل (۴۹)
ام پیما اور اولٹ پیما کے ذریعہ سے مزاحمت کی پیمائش


سرے سے ملائے جائیں اور ان کے منفی (- نشان کے) سرے مورچہ کے منفی سرے سے - اس طریقہ سے چونکہ موصل کی مزاحمت ایسی حالت میں ناپی جاتی ہے جبکہ اس پر سے برقی رَو بہتی ہے، اس لئے جب دوسرے اور طریقے کارگر نہ ہوں تو اس سے کام لیا جاسکتا ہے - مثلاً اگر کسی دہکتے ہوئے برقی لمپ کی مزاحمت دریافت کرنا ہو تو یہ طریقہ استعمال ہوسکتا ہے -

لیکن اس سے صرف تقریبی جواب کی امید ہوسکتی ہے اگرچہ اس میں سہولت بہت ہے - چونکہ اولٹ پیما اور ام پیما کی سوئیوں کے زاویہ انصراف مشاہدہ کرنا پڑتا ہے اس طریقہ سے جواب میں اتنی صحت کی توقع نہیں ہوسکتی جو "عدم انصراف" کے طریقہ سے ممکن ہے - ایک اور عیب یہ ہے کہ جب تک ام پیما اور اولٹ پیما کی تعییر نہ ہولے ان کے مشاہدات درجہ بندی کی خطاؤں کی وجہ سے چنداں قابل اعتماد نہیں ہوتے

پس ظاہر ہے کہ یہ طریقہ صرف ان صورتوں میں اختیار کیا جائے جبکہ محض تقریبی قیمت کی تعیین مقصود ہے۔

فصل (۲) وٹیسٹوں کا پُل

مزاحمتوں کے مقابلہ کے لئے ایک آسان ترتیب تجویز ہوئی ہے جو "وٹیسٹوں کے پل" کے نام سے مشہور ہے۔ اس میں چار مزاحمتیں ف، ق، ر، ش ایک ذو اربعۃ الاضلاع ا ب ج د کے چار ضلعوں کی شکل میں جوڑی جاتی ہیں اب اگر (۱) اور (د) کونوں کو ایک برقی خانہ کے سروں سے ملایا جائے تو (۱) کے پاس جو رَو پہنچیگی اس کا کچھ حصّہ اب د کے راستے بہیگا اور بقیہ حصّہ ا ج د کے راستے۔ پس (۱) سے (د) تک ان دونوں راستوں پر قوہ کا گھٹاؤ پایا جائیگا۔ اگر ف، ق، ر، ش



شکل (۵۰)
وٹیسٹوں کے پل کا اصول

مزاحمتوں کی قیمتوں کو مناسب طور پر ترتیب دیا جائے تو نقطہ (ب) کا قوہ نقطہ (ج) کے قوہ کے ٹھیک مساوی بنایا جا سکتا

ہے۔ ایسی صورت میں (ب) اور (ج) کو کسی رو پیما کے توسط سے ملانے سے برقی رو نہ ہونے کی وجہ سے سوئی منصرف نہ ہونے پائیگی۔ اب ہم یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ یہ کیفیت پیدا ہونے کے لئے مزاحمتوں کی قیمتوں میں کیا نسبتیں ہونی چاہئیں۔

فرض کرو مزاحمتوں ف، ق، ر، ش سے بالترتیب برقی رویں $س_1$، $س_2$، $س_3$، $س_4$ بہہ رہی ہیں اور ا، ب، ج، د پر برقی قوہ بالترتیب $ق_1$، $ق_ب$، $ق_ج$ اور $ق_د$ ہے۔

پل کے ہر بازو پر اوم کے کلیہ کے بموجب استدلال کرنے سے:

$ق_1 - ق_ب = س_1 ف$ ..... (۱)

$ق_1 - ق_ج = س_2 ق$ ..... (۲)

$ق_1 - ق_ب = س_3 ر$ ..... (۳)

$ق_ج - ق_د = س_4 ش$ ..... (۴)

لیکن چونکہ حالیہ صورت میں $ق_ب = ق_ج$ اسلئے $ق_1 - ق_ب = ق_1 - ق_ج$

$\therefore$ $س_1 ف = س_3 ر$ ..... (۵)

اسی طرح مساواتوں (۳) اور (۴) سے

$س_2 ق = س_4 ش$ ..... (۶)

پس مساوات (۵) کو مساوات (۶) پر تقسیم کرکے

$$\frac{س_1 ف}{س_2 ق} = \frac{س_3 ر}{س_4 ش} \quad \text{..... (۷)}$$

لیکن اگر ب ج پر سے کوئی رو نہ بہے تو $س_1 = س_2$ اور $س_3 = س_4$ لہذا مساوات (۷) مساوات ذیل میں تحول ہوجاتی ہے:

$$\frac{ف}{ق} = \frac{ر}{ش} \quad \text{..... (۸)}$$

مزدوج موصلوں کے خواص۔ مورچہ یا خانہ کو (ب) اور


(ج) کے مابین، اور رو پیما کو (ا) اور (د) کے مابین رکھ کر بھی (یعنے خانہ اور رو پیما کو باہمدیگر تبدیل کرکے بھی) رو پیما پر سے رو نہ جانے کے لئے یہی شرط ثابت کی جاسکتی تھی۔ اس لئے (ا) اور (د) کو ملانے والا بازو اور (ب) اور (ج) کو ملانے والا بازو پل کے باہمدیگر **مزدوج بازو** کہلاتے ہیں۔ عام طور پر موصلوں کے جالے کے دو بازو باہمدیگر مزدوج کہلاتے ہیں جبکہ ان دونوں میں سے ایک ایک پر سے گزرنے والی رو دوسرے کے م، ب کے بالکلیہ غیر تابع ہو۔ برقی خانہ ب ج یا آ د میں سے کسی ایک بازو میں اگر رکھا جائے تو ان دو میں کے دوسرے بازو پر سے کوئی رو نہ بہہ سکیگی اس لئے ب ج اور آ د اس جالے کے مزدوج بازو ہیں۔ ب ج اور آ د کو باہمدیگر مزدوج ہونے کے لئے یہ شرط لازمی ہے کہ $\frac{\text{مزاحمت ف}}{\text{〃 ق}} = \frac{\text{مزاحمت ر}}{\text{〃 ش}}$۔

کسی تار کی مزاحمت کی تعیین

- مساوات (۸) سے ظاہر ہے کہ اگر دو مزاحمتوں کی محض نسبت {مثلاً (د) اور (ش) کی نسبت} اور ایک تیسری مزاحمت کی قیمت (مثلاً ق) معلوم ہو تو چوتھی مزاحمت (ف) دریافت ہو جاتی ہے جبکہ نقطہ (ب) اور نقطہ (ج) کا ایک ہی قوہ ہوتا ہے۔

رو پیما کی مزاحمت کی تعیین۔ (لارڈ کلون کا طریقہ)

- وٹسٹون کے پل کے ذریعہ سے برقی رو پیما کی مزاحمت بھی دریافت ہوسکتی ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ رو پیما کو پل کے بازو آ ب میں رکھ کر اسکی مزاحمت (پ) کو بجائے مزاحمت (ف) تصور کیا جاتا ہے۔



شکل (۵۱)

برقی رَو کی مزاحمت

چونکہ اب پر سے ایک مستقل رو بہتی ہے رو پیما کی سوئی ایک مستقل زاویہ انحراف بتاتی ہے۔ اگر مزاحمتیں باہم اِس مناسبت سے ترتیب پالیں کہ $\frac{ف}{ق} = \frac{ر}{ش}$ تو (ب) اور (ج) نقطوں کا قوہ ایک ہی ہوگا اور انکو ملانے سے بج پر سے کوئی رو نہ گزریگی۔

اگر شرط $\frac{ف}{ق} = \frac{ر}{ش}$ پوری نہ ہو تو (ب) اور (ج) کو ملانے سے بازو بج پر سے کچھ نہ کچھ رَو ضرور بہیگی۔ جس کی وجہ سے مزاحمتوں کے جالے کے بقیہ حصّہ میں رَو کی تقسیم میں فرق آجائیگا۔ لہذا رو پیما پر سے گزرنے والی رَو میں بھی تبدیلی وقوع میں آئیگی۔ اس لئے جب تک (ب) اور (ج) ایک ہی قوہ پر نہ آجائیں رَو پیما کے انصراف میں (ب) اور (ج) کو ملانے سے تغیر محسوس ہوگا۔ اس تغیر کی مقدار بازو بج


پر سے گزرنے والی رَو کے تابع ہوگی، اس لئے کافی احساس پیدا ہونے کے لئے بازو ب ج کی مزاحمت حتی الامکان قلیل ہونی چاہیئے۔ بدیں غرض صرف تانبے کا چھوٹا تار استعمال کیا جاتا ہے۔

مزاحمتوں کو ترتیب دیکر اس حالت پر پہنچایا جاتا ہے کہ (ب) اور (ج) کو ملانے سے رَو پیما کے مسلسل انصراف میں کوئی تبدیلی نہیں پیدا ہوتی۔ تب رو پیما کی مزاحمت (پ) شمار کرلی جاتی ہے، بذریعہ ضابطہ:

$$\frac{ف}{ق} = \frac{ر}{ش} \quad \text{یعنے} \quad پ = ق \frac{ر}{ش}$$

برقی خانہ کی اندرونی مزاحمت کی تعیین۔

(مینس کا طریقہ)۔ فرض کرو وٹیسٹون کے پل کے بازو اب میں ایک خانہ رکھا جاتا ہے جس کی مزاحمت (خ) ہے۔ اگر $\frac{خ}{ق} = \frac{ر}{ش}$ تو بازو ب ج اور اد مزدوج ہونگے اور بازو ب ج پر کسی محرکہ برق کے عمل کرنے سے اد کی رَو پر کوئی اثر پیدا نہ ہوگا۔



شکل (۵۲)
مورچہ کی مزاحمت


بازو اَدَ پر اَبَ کے محرکہ برق کی وجہ سے ایک مسلسل رَو بہیگی اس لئے رَو پیما ایک مستقل انصراف بتائے گا۔ اگر $\frac{خ}{ق} = \frac{ل}{ش}$ شرط کی تکمیل ہوتی ہے تو یہ انصراف ب ح پر کسی محرکہ برق کے عمل کرنے سے بدلنے نہ پائیگا۔ اس کے امتحان کے لئے نقطوں (ب) اور (ج) کو ایک نئے برقی خانہ کے قطبوں کے ساتھ ملاکر دیکھا جاسکتا ہے۔

بازو ب ج پر عمل کرنے والے محرکہ برق کی مقدار کوئی اہمیت نہیں رکھتی، ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ اس سے امتحان کافی "حساس" ہو۔ یہ ثابت ہوسکتا ہے کہ چھوٹے محرکہ برق لیکن ساتھ ہی بہت قلیل مزاحمت کا خانہ شریک کرنے سے امتحان اتنا ہی باریک یا "حساس" ہوتا ہے جتنا کہ بڑے محرکہ برق اور بڑی مزاحمت کے خانہ کو شریک کرنے سے ہوتا ہے۔ (ب) اور (ج) کو تانبے کے ایک چھوٹے تار کے ٹکڑے سے ملادیا جائے تو گویا ایک قلیل محرکہ برق اور قلیل مزاحمت کا خانہ اس بازو میں رکھدیا جاتا ہے۔ پس اگر (ب) اور (ج) کو ایسے تار کے ذریعہ ملانے سے رَو پیما کے انصراف میں کوئی تبدیلی نہیں محسوس ہوتی ہے تو سمجھنا چاہئے کہ پل کی مزاحمتوں خ، ق، ل، ش میں $\frac{خ}{ق} = \frac{ل}{ش}$ کا تعلق بالکل ٹھیک ترتیب پایا ہے۔

میتری تار کا پل

ایک سیدھے تار کے ذریعہ بھی دیٹسٹوں کے پل کا عمل کیا جاسکتا ہے۔ چونکہ عموماً ایک میتر لمبا تار استعمال ہوتا ہے اسلئے اس کو میتری پل کہتے ہیں۔

ایک تختہ پر (ا) اور (د) دو نقطوں کے مابین ایک یکساں تار سیدھا بچھا دیا جاتا ہے۔ اس کے سرے تانبے کی دو موٹی پٹیوں کے ذریعہ (جنکی مزاحمت ناقابل لحاظ ہوتی ہے) بند پیچوں (د) اور (ل) کے ساتھ، ملا دیئے جاتے ہیں۔ (ق) اور (ل) کی سیدھ میں، ان سے کچھ فاصلہ چھوڑ کر ایک دوسری پٹی ھ ک جمائی جاتی ہے۔ اسپر تین بند پیچ ھ، ب، اور ک لگے ہوئے ہوتے ہیں۔ غیر معلوم مزاحمت (ف) کو بند پیچوں (ق) اور (ھ) سے باندھ دیا جاتا ہے، اور ایک دوسری معلوم مزاحمت مناسب بمقدار کی (یعنے زیر امتحان مزاحمت سے جو بہت زیادہ مختلف نہ ہو) پیچوں (ک) اور (ل) سے باندھ دی جاتی ہے۔ مزاحمتوں کو آلہ کے مختلف بندوں سے ملانے کے لئے موٹے تار کے چھوٹے ٹکڑے استعمال کئے جانے چاہئیں تاکہ کوئی مزید غیر



شکل (۵۳)

میتری پل

معلوم مزاحمتیں شریک دور نہ ہو جائیں۔ ایک متحرک تماس کی کنجی تختہ پر پھسلائی جاتی ہے تاکہ تار کے جس مقام پر تماس کرانا مقصود ہو کنجی کو پھسلا کر تماس کرایا جائے۔ تماس کا ٹھیک

مقام ایک ثابت پیمانہ پر پڑھ لیا جاتا ہے۔ کنجی کو دبانے سے تار گویا دو حصّوں میں منقسم ہوتا ہے اور یہ حصّے تیری پل کے "نسبت نما بازو" کہلاتے ہیں

تجربہ کرتے وقت ایک برقی خانہ پل کے بند سروں (ا) اور (د) کے ساتھ ملایا جاتا ہے۔ رَو کا بیکار صرفہ نہ ہونے کی غرض سے خانہ کے ساتھ ایک کنجی بھی شریک کردی جاتی ہے تاکہ صرف مشاہدہ کرتے وقت رَو کو چالو کیا جائے۔ وسطی سرے (ب)، اور متحرک تماس کی کنجی (ج) ایک رو پیما (پ) کے توسط سے ملائے جاتے ہیں۔ مبتدیوں کے تجربوں میں اکثر اچل رَو پیما استعمال ہوتا ہے۔ کوشش اس بات کی کی جاتی ہے کہ (ج) کا تماس تار کے ساتھ ایسے مقام پر ہو کہ رَو پیما کی سوئی منصرف نہ ہونے پائے۔ پہلے کنجی کو تار کے ایک سرے کے پاس دباکر دیکھنا چاہئے کہ انصراف کس سمت میں ہوتا ہے اور پھر اس کو تار کے دوسرے سرے کے پاس لیجاکر دبانا چاہئے۔ اگر اب انصراف مخالف سمت میں ہو تو ظاہر ہے کہ توازن کا مقام کنجی کے ان دو مقاموں کے مابین کسی ایک جگہ ہوگا۔ اور اگر کنجی کو دوسرے سرے کے پاس لیجانے پر بھی سوئی پیشتر ہی کی سمت میں منصرف ہوئی تو اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یا تو (ف) اور (ق) مزاحمتوں میں بہت بڑا تفاوت ہے یا نہیں تو پل کے جوڑ صحیح طور پر نہیں ملائے گئے۔ جب تک (ف) اور (ق) کم از کم ایک ہی درجہ مقدار کی مزاحمتیں نہ ہوں نتیجہ صحیح نہیں نکل سکتا۔ اگر مزاحمتیں موزوں اور مناسب ہیں تو عدم انصراف کا مقام تار کے تقریباً وسطی حصہ میں کسی جگہ مل جائیگا۔ بہر صورت مقام توازن تار کے وسطی تہائی حصہ میں کہیں ہونا چاہئے۔

چونکہ سوئی کے اہتزاز کی وجہ سے تجربہ میں بہت وقت ضائع

جاتا ہے۔ اگر سوئی کے انصراف کے گھٹانے اور بڑھانے کا طریقہ طالب علم کے ذہن نشین ہوجائے تو بہت وقت بچ سکتا ہے۔ فرض کرو جب تار کے ایک سرے کے پاس کنجی کا تماس ہوتا ہے تو سوئی موافق سمت ساعت منصرف ہوتی ہے۔ انصراف بڑھانے کے لئے واضح ہے کہ تماس ایسے وقت کرایا جانا چاہئے جبکہ سوئی موافق سمت ساعت جارہی ہو اور ایسے وقت تماس توڑ دیا جائے جبکہ سوئی اس کے مخالف سمت میں جاتی ہے۔ اسی طرح انصراف کو گھٹا کر سوئی کو وضع سکون میں لانے کے لئے تماس سوئی مخالف سمت ساعت جاتے وقت کیا جانا چاہئے اور موافق سمت ساعت جھومتے وقت منقطع کرنا چاہئے۔

بصحت ممکنہ نقطہ توازن معلوم کرلینے کے بعد پیمانہ پر تار کے طول $\overline{اج}$ = ل۱ اور $\overline{جد}$ = ل۲ پڑھ لئے جائیں۔

$$\text{ت} \frac{\text{ف}}{\text{ق}} = \frac{\text{ر}}{\text{ش}}$$


$$= \frac{\text{ل}_1}{\text{ل}_2}$$ اسلئے کہ تار یکساں فرض کرلیا گیا ہے۔

$$\text{پس ف} = \text{ق} \times \frac{\text{ل}_1}{\text{ل}_2}$$

مزاحمیت یا نوعی مزاحمت

ایک سنتی میٹر طول اور ایک مربع سنتی میٹر عمودی تراش کے تار کی مزاحمت کو اس کے مادّے کی **مزاحمیت یا نوعی مزاحمت** کہتے ہیں۔

فرض کرو (لا) ایک سنتی میٹر طول اور ایک مربع سنتی میٹر تراش عمودی کا ایک تار ہے۔ اور اس کی مزاحمت (ن) اوم ہے۔ واضح ہو کہ تار کی عمودی تراش کی شکل کچھ بھی ہو سکتی ہے۔ اہمیت شکل کو نہیں محض رقبہ کو ہے۔ فرض کرو (ها) اسی مادے کا ایک دوسرا تار ہے جو (ل) سم طول اور (س) مربع سم تراش عمودی کا رقبہ رکھتا ہے۔ اس کی مزاحمت (ز) اوم فرض کرو۔ چونکہ کسی تار کی مزاحمت اس کے طول سے راست نسبت



شکل (۵۴)
نوعی مزاحمت

رکھتی ہے اور (ها) تار (لا) سے (ل) گنا لمبا ہے، اس طول کے تفاوت کی وجہ سے (ها) کی مزاحمت (لا) کی مزاحمت کی (ل) گنا ہوگی۔ مہذا تراش عمودی کے ساتھ چونکہ مزاحمت کو عکسی نسبت ہے، اور (ها) کا رقبۂ تراش عمودی (لا) کے رقبۂ تراش عمودی کا (س) گنا ہے اس لئے (ها) کی مزاحمت (لا) کی مزاحمت کی ($\frac{1}{س}$) ہوگی۔ بنا بریں

$$ز = \frac{ل ن}{س}$$

یا

$$ن = \frac{ز س}{ل}$$

پس اگر تار کی مزاحمت (ذ)، طول (ل)، اور تراش عمودی (س) ناپ لئے جائیں تو (ن) یعنے تار کے مادّے کی نوعی مزاحمت دریافت ہوجاتی ہے۔ یہ مزاحمت یا نوعی مزاحمت اکائی عمودی تراش کے تار سے متعلق ادموں میں فی اکائی طول بتائی جاسکتی ہے۔ اس کے ابعاد، ادم اور سنتی میٹر کے مضروب کے ابعاد ہیں۔ (ادم × سم)

تجربہ (۴۹) - میٹری پل کے ذریعہ کسی تار کی نوعی مزاحمت کی تعیین۔

تقریباً ایک میٹر لمبا ایک تار لو جو سیدھا اور موڑ یا کجی وغیرہ سے پاک ہو۔ اس کا جتنا حصّہ بند بیچوں کے مابین شریک کیا جائیگا اس کو قریب ترین ملی میٹر تک صحیح ناپ لو۔ اور بہت احتیاط کے ساتھ خردہ پیما پیچ کے ذریعہ تار کا قطر اس کے مختلف مقاموں پر ناپ کر ان کا اوسط نکالو۔ چونکہ تراش عمودی کا رقبہ (س) = $\frac{\pi ط^2}{4}$ جہاں (ط) تار کا قطر ہے، رقبہ کو قطر کے مربع کے ساتھ راست نسبت ہے اس لئے (ط) کی پیمائش میں جو فیصد خطاء ہوگی (ط²) یا سطح کی پیمائش میں اس کی وجہ سے اس کی دوچند خطا پیدا ہوگی۔ اس اہمیت کی وجہ سے قطر کے ناپنے میں بہت احتیاط برتنی چاہئے۔ طول سنتی میٹروں میں ناپا جائے۔

اب تار کو پل کی کسی ایک مزاحمت مثلاً (ف) کے عوض داخل کرکے بطور اسکی نظیری مزاحمت کے یعنے بجائے (ق)۔ ملاحظہ ہو شکل (۵۳) ایک اعشاری ادموں کی بکس شریک کرنہ۔ بکس کو بند بیچوں سے ملانے کے لئے موٹے تانبے کے تار استعمال کئے جانے چاہئیں اور تماس کے مقام گھس کر خوب صاف

کردئے جائیں - مورچہ اور رَو پیما کو پل میں اسی انداز سے ترتیب دیا جائے جیسا کہ شکل مذکور میں بتایا گیا ہے - ڈانیل کا خانہ اور اچل رَو پیما اگر استعمال ہوں تو مناسب ہوگا - اعشاری اوم کی بکس سے ایک اوم مزاحمت نکال کر شریک دَور کرو - متحرک کنجی کو تار پر سے پھسلاؤ اور متعدد مقاموں پر تار کے ساتھ اس کا تماس کراؤ - لیکن یاد رہے کہ کنجی تار پر سے حرکت کرتے ہوئے تار کے ساتھ تماس نہ کرے، ورنہ تار کی یکسانیت میں فرق آجائیگا اور اس لئے پل کی صحتِ عمل بگڑ جائیگی -

تار کے دو ایسے مقام دریافت کرو جہاں کنجی کو دبانے سے معیّن انصراف پیدا ہوتے ہیں لیکن ایک جگہ کا انصراف دوسری جگہ کے انصراف کے مخالف سمت میں ہوتا ہے -

اِن مقاموں کے مابین کنجی کو دبانے سے باری باری سے ایسے دو دو مقام ہاتھ آئینگے جہاں سوئی کا انصراف مخالف سمتوں میں ہوگا اور بہ نسبت پیشتر کے گھٹتا جائیگا - ممکن ہے آخر چلکر ایسے دو مقام دریافت ہوں کہ سوئی کا انصراف یہاں ناقابل لحاظ ہے اگرچہ ان سے بعید تر مقاموں پر کچھ نہ کچھ انصراف ضرور مشاہدہ ہوتا ہے - ایسی صورت میں نقطہ توازن تار کے ان دونوں مقاموں کے ٹھیک بیچ کا نقطہ مان لیا جاسکتا ہے -

تب تار (ف) کی مزاحمت پل کے ضابطہ

$$ن = \frac{ل_1}{ل_2} ق$$

کے ذریعہ شمار کرلی جاسکتی ہے -

جس میں (ق) بکس سے نکالی ہوئی مزاحمت ہے، $ل_1$ (۲) سے لیکر (ج) تک تار کا طول ہے اور $ل_2$ (ج) سے (د) تک بقیہ طول ہے -


نقطہ (ج) تیری تار کے وسطی تہائی حصہ میں ہونا چاہئے۔ ورنہ مزاحمت (ق) کے لئے ایک دوسری مناسب قیمت تجویز کیجائے تاکہ نقطہ توازن (ج) تار کے اس حصہ میں منتقل ہو۔ بہر صورت (ق) کو باری باری سے تبدیل کرکے تار کے مصرحہ حصہ میں توازن کے مقام بالترتیب دریافت کرلئے جائیں۔ اگر تجربہ میں کافی احتیاط برتی جائے تو مزاحمت (ف) کی جو قیمتیں اس طرح دریافت ہونگی تقریباً بالکل مساوی ہونگی۔ ان کا اوسط نکال کر اس کو (ف) کی صحیح قیمت قرار دیا جائے۔

مزاحمت دریافت ہوجانے کے بعد چونکہ پہلے ہی سے تار کے ابعاد معلوم کرلئے گئے ہیں اس کے مادے کی نوعی مزاحمت ضابطہ ذیل کی مدد سے شمار کرلی جاسکتی ہے:

$$ن = \frac{ر س}{ل}$$

تجربہ (۵۰) - روبیا کی مزاحمت کی تعیین

تیری تار کے پل کو شکل (۵۵) کی طرح ترتیب دو۔ (ق) ایک



شکل (۵۵)
روبیا کی مزاحمت کی تعیین

اعشاری اوموں کی بکس ہے جس میں استعمال کے لئے ابتداءً ایک اوم کی مزاحمت نکالی جاتی ہے۔ (ذ) ایک بڑی مزاحمت ہے جس کی قیمت معلوم کرنے کی ضرورت نہیں۔ مزاحمت (ف) یہاں خود رَو پیما کی مزاحمت ہے جس کو پل کے ایک بازو میں جوڑ دیا گیا ہے۔ پل کے بند پیچ (ب) کو تیری تار کے ساتھ ملاکر نقطہ توازن دریافت کرنے کے لئے موٹے تانبے کے تار کا ایک چھوٹا ٹکڑا استعمال کیا جائے۔ ظاہر ہے کہ (ا) اور (د) کو برقی خانہ کے قطبوں سے ملاتے ہی رو پیما پر سے ایک رَو بہیگی جس سے اس کی سوئی ایک مستقل زاویہ میں منصرف ہوگی۔ پل کی مزاحمتوں کے توازن کی صورت میں یہ انصراف (ب) اور (ج) کو پہلوان تماس کی کنجی کے ذریعہ ملانے پر بھی تبدیل نہ ہوگا جب اس شرط کی تکمیل ہوتی ہے ب ج پر سے کوئی رَو نہیں گزرتی ہے اور (ب) کا قوّہ (ج) کے قوّے کے مساوی ہوتا ہے۔ پس


$$\frac{\text{ف}}{\text{ذ}} = \frac{\text{ر}}{\text{ش}}$$

مورچہ والے بازو میں اگر کنجی شامل کی جاتی ہے تو چاہیے وہ ڈاٹ کنجی ہو نہ کہ دبانے یا کھٹکھٹانے کی اس لئے کہ متحرک تماس کی کنجی (ج) کو دباکر تار کے ساتھ تماس پیدا کرنے سے پہلے پل پر سے ایک ہموار برقی رَو کا بہنا ضرور ہے۔ اگر اس ہموار رَو کی وجہ سے رَو پیما کا انصراف کثیر ہے تو ظاہر ہے کہ (ج) کو تار سے چھونے سے اس انصراف میں قلیل تغیر پیدا ہوگا۔ پل پر سے جانے والی رَو کو گھٹا کر انصراف میں تخفیف کرنے کے لئے مورچہ کے ساتھ مزاحمت کی ایک بکس (ذ) ہمسلسلہ جوڑ دی جاسکتی ہے۔ اگر رَو پیما آئینہ دار متحرک مقناطیسی سوئی کا ہے تو اس پر کنٹرول (قابو) رکھنے والے مقناطیس کے ذریعہ

رَو پیما کے منور نشان کو پیمانہ پر واپس لایا جاسکتا ہے۔
یہ طریقہ عملاً مشکل ہے اس لئے کہ تجربہ کے آغاز سے اختتام تک تمام مدت سوئی کا انصراف معتدبہ ہوتا ہے اور اکثر اوقات سوئی ایسی وضع میں آکر ٹھہرتی ہے جہاں رَو پیما کی حساسیت بہت قلیل ہوتی ہے۔ اس صورت میں تماس کی کنجی (ج) کو تار پر کافی دور ہٹانے پر بھی سوئی کے انصراف میں قابل لحاظ تغیر پیدا نہیں ہوتا۔ پس میتری پل کے ذریعہ یہ تجربہ چنداں زیادہ حساس نہیں ہوسکتا۔ اس کے بجائے اگر پوسٹ آفس کی بکس (مناسب طریقہ پر) استعمال کی جائے تو نتیجہ بہت زیادہ صحیح نکلیگا۔ (ملاحظہ ہو تجربہ ۵۳)۔

تجربہ (۵۱) - برقی خانہ کی مزاحمت کی تعیین

جس خانہ کی مزاحمت دریافت کرنا ہو اس کو غیر معلوم مزاحمت (ف) کی جگہ پل کے ایک پہلو میں رکھو۔ رو پیما کو پل کے دونوں انتہائی سروں (ا) اور (د) سے ملادو۔ اس کے ساتھ ہی رَو پیما



شکل (۵۶)
برقی خانہ کی مزاحمت کی تعیین

پر سے ایک مسلسل رو گزریگی۔ کنجی (ج) کو تار پر بتدریج ہٹا کر ایسے مقام پر رکھو کہ اس کے تماس سے رو پیما کے انصراف میں تغیر پیدا نہ ہو۔ جب یہ شرط پوری ہوگی $\frac{ف}{ق}$ اور $\frac{ر}{ش}$ مساوی ہو جائینگے (ملاحظہ ہو صفحہ ۱۷۴)۔ اگر رو پیما کا مسلسل انصراف ضرورت سے زیادہ ہو تو رو پیما کے ساتھ ایک مناسب مزاحمت (ر) ہمسلسلہ جوڑی جاسکتی ہے تاکہ اس پر سے بھنے والی رو گھٹ جائے۔ واضح ہو کہ خانہ کی مزاحمت کے تجربہ میں آلات کو اسی طرح ترتیب دیا جاتا ہے جس طرح رو پیما کی تعیین کے لئے کیا جاتا ہے صرف خانہ اور رو پیما کے محل باہمدیگر بدلدئے جاتے ہیں، جیسے پہلے جہاں خانہ رکھا گیا تھا وہاں اب رو پیما رکھتے ہیں اور رو پیما کی جگہ خانہ۔ ابتداءً مزاحمت (ق) ایک اوم کے برابر لی جاتی ہے اور کنجی (ج) کے تماس کا ٹھیک مقام معلوم کرلیا جاتا ہے۔

اگر (ق) کو ایک اوم کے مساوی لینے سے رو پیما کے مسلسل انصراف کے عدم تغیر کے لئے کنجی کے تماس کا مقام تار کے وسطی تہائی حصہ میں دریافت نہ ہو تو (ق) کو حسب ضرورت بدل دیا جائے۔ اس کے بعد ضابطہ ذیل سے خانہ کی مزاحمت کی صحیح تخمین کی جاتی ہے:

$$خ = ق \frac{ل_۱}{ل_۲}$$

پوسٹ آفس کی بکس

وہٹسٹون کے پل کے بیان میں ہم نے بتایا ہے کہ جب پل

"حالت توازن میں ہوتا ہے" تو اس کی چار مزاحمتیں ف، ق، د، ش، جو ایک متوازی الاضلاع کے چار ضلعوں کے متماثل قرار دی جاسکتی ہیں، باہمدیگر یہ ربط رکھتی ہیں:


$$\frac{ف}{ق} = \frac{د}{ش}$$

اگر (ف) اور (ق) کی نسبت اور (د) کی قیمت معلوم ہوں تو بقیہ مزاحمت (ش) جس کی قیمت پہلے معلوم نہ تھی اب معلوم ہوجاتی ہے۔

پوسٹ آفس کی بکس بھی وہیٹسٹون کے پل کی ایک مثال ہے۔ اس میں پل کے تین پہلوؤں کی جگہ مزاحمتوں کے بچھوں کے تین سلسلے ترتیب دئے جاسکتے ہیں، جن میں سے دو تو نسبت نما پہلوؤں (ف اور ق) کا کام دیتے ہیں اور تیسرا سلسلہ معلوم مزاحمت (د) کے پہلو کی طرح، لیکن زیادہ سہولت کے ساتھ (اسلئے کہ اس کو حسب ضرورت نہایت آسانی کے ساتھ گھٹایا یا بڑھایا جاسکتا ہے)، استعمال کیا جاتا ہے۔

نسبت نما پہلوؤں (ف) اور (ق) کی مزاحمتیں متماثل اور مساوی ہوتی ہیں۔ مثلاً ایک ایک پہلو ۱۰، ۱۰۰، ۱۰۰۰ اور بعض اوقات ۱۰۰۰۰ اوم کے بچھوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ بچھے بکس کے اندر اس طرح رکھے جاتے ہیں کہ ان کو جوڑنے والے پیتل کے ٹکڑوں سے بکس کے اوپر ایک قطار بن جاتی ہے۔ پل کا تیسرا پہلو (د) بکس کی بقیہ تمام مزاحمتوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ ان مزاحمتوں کی ترتیب مختلف وضع کی بکسوں میں مختلف ہوتی ہے، لیکن بکس کو ذرا غور کیساتھ دیکھنے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ نسبت نما پہلو کون سے ہیں، اور تیسرا یعنے ترتیب پذیر مزاحمت کا پہلو کونسا ہے۔ معہذا یہ بھی آسانی سے معلوم ہوسکتا ہے کہ بکس پر وہیٹسٹون کے پل کے سرے

کہاں کہاں واقع ہیں یعنے شکل (۵۰) کے نقطے ا، ب، ج، د بکس پر کہاں ہیں۔ شکل مذکور میں طالب علم کو معلوم ہے کہ برقی خانہ پل کے سروں (ا) اور (د) سے ملادیا گیا ہے اور رد پیما سروں (ب) اور (ج) سے۔ لیکن یہ بھی بتادیا گیا ہے کہ خانہ کی جگہ اگر رد پیما کو اور رد پیما کی جگہ خانہ کو شریک کیا جائے تو بھی پل کا وہی عمل ہوگا۔ ایک کھٹکھٹانے کی کنجی برقی مورچہ کے دور



شکل (۵۷)
پوسٹ آفس کی بکس کی دو قسمیں

میں شامل کی جانی چاہئے اور دوسری ایسی ہی کنجی رد پیما کے دور میں۔ بہتر قسم کی بکسوں میں یہ کنجیاں خود بکس ہی کے اندر موجود ہوتی ہیں۔ اور بکس کی آبنوسی تختی پر سفید لکیروں سے ان کنجیوں اور پل کے سروں یا کونوں کا تعلق بتا دیا جاتا ہے۔ پہلے مورچہ والی کنجی کو دبایا جائے تاکہ ذاتی امالیت کے اثرات سے پیچیدگی نہ پیدا ہو۔

بعض اوقات ایک دو طرفی کنجی استعمال کی جاتی ہے جس کے تماس سے پہلے مورچہ دور میں شامل ہوتا ہے اور پھر بعد میں رد پیما داخل ہوتا ہے۔

جس مزاحمت کی پیمائش مقصود ہے اس کو تانبے کے موٹے

تاروں کے ذریعہ بکس کے نقطوں (ج) اور (د) کے ساتھ ملا دینا چاہئے۔ عموماً ان تجربوں میں آئنہ دار رَد پیما خواہ متحرک مقناطیس یا متحرک لچھے کی قسم کا ہو استعمال ہوتا ہے۔ کتاب کے آخری باب میں رَد پیماؤں کے بیان کے ساتھ اس قسم کے آلوں کا بھی ذکر آیا ہے۔ دیکھ لیا جائے۔

اکثر بکسوں کی آبنوسی تختی پر مختلف جگہ یہ انگریزی حروف لکھے ہوئے ہوتے ہیں:- B B E L اور G۔ ان کا مفہوم بالترتیب 'بیٹری' (مورچہ)، 'زمین'، 'لائین' اور گلونا میٹر (رَد پیما) ہے۔

اگر بکس کو ان اشاروں کے بموجب مزاحمت، مورچہ اور رَد پیما کے ساتھ ملایا جائے تو تجربہ علی العموم کامیاب ہوتا ہے، لیکن محض ان اشاروں کی تقلید کرنے سے طالب علم کو کوئی فائدہ حاصل نہ ہوگا۔ اُس کو چاہئے نقشہ کھینچکر بکس کے جوڑوں کا آپس میں تعلق معلوم کرلے اور پھر اس کو وہیٹسٹون کے پل کے انداز پر استعمال کرے۔

رَد پیما کا شنٹ (یا عاطف)۔ اگر رَد پیما بہت حساس ہے تو اس کے ساتھ ایک **شنٹ** استعمال ہونا چاہئے تاکہ اس کی حساسیت حسب ضرورت تخفیف کردی جاسکے۔ شنٹ کی سادہ ترین صورت ایک مزاحمت کی ہے جو رَد پیما کے ساتھ ہمتوازی جوڑ دی جاتی ہے، جیسا کہ شکل (۳۸) میں بتایا گیا ہے نازک رَد پیماؤں کے ساتھ ایک بکس مہیا کی جاتی ہے جس میں شنٹ کی کئی ایک مزاحمتیں ہوتی ہیں۔ ان پر بالترتیب $\frac{1}{9}$، $\frac{1}{99}$ $\frac{1}{999}$ وغیرہ کسریں کندہ کی ہوئی ہوتی ہیں۔ اس کا مفہوم ہے کہ یہ مزاحمتیں بالترتیب رَد پیما کی مزاحمت کا $\frac{1}{9}$، $\frac{1}{99}$ اور

$\frac{1}{999}$ حصہ ہوتی ہیں۔ جس تجربہ کا یہاں ذکر ہو رہا ہے اس کو شروع کرتے وقت ڈاٹ کو $\frac{1}{999}$ والے نشان کے سوراخ میں جما دینا چاہئے ایسی حالت میں رو پیما کے دور میں سے جو برقی رو گزریگی اس کا صرف ہزارواں حصہ رو پیما کے پھیوں پر سے بہیگا اس لئے رو پیما کی حساسیت بہت قلیل ہوگی۔ بکس کی مزاحمتوں وغیرہ کو ترتیب دے کر جب تقریبی توازن کی کیفیت پیدا کر دی جائیگی اس وقت ڈاٹ کو پہلے سوراخ سے نکال کر $\frac{1}{99}$ یا $\frac{1}{9}$ نشان کے سوراخ میں رکھا جاسکتا ہے۔ مزاحمتوں کی ضروری ترتیب کے بعد بالآخر ڈاٹ سوراخ سے نکال لی جائے تاکہ اگر توازن میں نقص ہو تو پوری رو رو پیما پر سے گزرے۔ اس صورت میں جبکہ آلات کی ترتیب حساس ترین ہوگی نتیجہ صحیح ترین برآمد ہوسکیگا۔

تجربہ (۳۲) - پوسٹ آفس کی بکس کے ذریعہ ایک تار کی مزاحمت کی تعیین

پوسٹ آفس کی بکس کو وہٹسٹون کے پل کے انداز پر دئے ہوئے تار، مورچہ اور رو پیما کے ساتھ جوڑ دو۔

اس کے بعد پل کے "نسبت نما بازوؤں" میں سے ۱۰، ۱۰ ادم والی مزاحمتوں کی ڈاٹیں نکال لو۔ اب (ف) اور (ق) مزاحمتوں میں ۱۰، ۱۰ یعنے مساوات کی نسبت ہوگی۔ جب پل کا توازن قائم ہو جائیگا تو بکس کے تیسرے بازو میں سے جو مزاحمت (ر) نکالی جائیگی دی ہوئی غیر معلوم مزاحمت (ش) کے مساوی ہوگی۔ اگر رو پیما کے ساتھ شنٹون کی بکس بھی موجود ہو تو $\frac{1}{999}$ والا شنٹ استعمال کیا جائے اور یہ بھی دیکھ لیا جائے کہ (ر) مزاحمت والے بازو کی سب ڈاٹیں اپنی اپنی جگہ پر ہیں دور کی دونوں کنجیوں کو تھوڑے سے وقفہ کے لئے دباؤ اور دیکھو

رو پیما کا آئینہ کس سمت میں پھرتا ہے۔ چونکہ غالباً یہ زاویہ انحراف بہت بڑا ہوگا اس لئے تجربہ کی موجودہ حالت میں یہی مناسب ہے کہ خود آئینہ پر نظر رکھی جائے نہ کہ نور کے نشان پر جو اس سے منعکس ہوکر رو پیما کے پیمانہ پر حرکت کرتا ہے۔ اس کے بعد (د) کی مزاحمتوں میں سے "لاتناہی" نشان کی ڈاٹ کو نکال لیا جائے اور پھر کنجیوں کو دبا کر دیکھا جائے آئینہ کس سمت میں منصرف ہوتا ہے۔ انحراف کی سمت اب پہلے کی سمت کے مخالف ہوگی۔ پس تجربہ کرنے والے کو اس سے معلوم ہوجائیگا کہ بکس میں سے جو مزاحمت (د) نکالی جاتی ہے ضرورت سے زیادہ ہے یا کم۔

لاتناہی نشان کی ڈاٹ کو اس کی جگہ بکس میں جما دو، اور ایک دوسری مزاحمت (مثلاً ۱۰۰۰ اوم) والی ڈاٹ نکال کر دیکھو آئینہ کس سمت میں منصرف ہوتا ہے۔ اس سے پتہ چل جائیگا کہ آیا یہ مزاحمت ضرورت سے زیادہ ہے یا کم۔ اسی طریقہ پر عمل پیرا ہوکر دریافت کرو مزاحمت (د) کن حدود کے اندر واقع ہے۔ چونکہ مزاحمت (ش) مزاحمت (د) کے مساوی ہوگی طریقہ بالا سے (ش) کی قیمت قریب ترین اوم تک صحیح معلوم ہوجائیگی۔ مثلاً فرض کرو (ش) کی قیمت اس طرح ۶ اور ۷ اوم کے مابین دریافت ہوتی ہے۔

اب (ش) کی قیمت اعشاریہ کے پہلے مقام تک صحیح دریافت کیجاسکتی ہے۔ یعنے ۶.۱ اوم تک اس کی صحیح پیمائش ہوسکتی ہے۔ نسبت نما بازوؤں کی مزاحمتوں میں ۱۰ اور ۱ کی نسبت قائم کرنے کے لئے (ف) والے بازو کے ۱۰۰ اوم کے کچھے میں سے ڈاٹ نکال کر اس کے ۱۰ اوم کے کچھے میں رکھدی جائے۔ اس سے (ف) کی مزاحمت ۱۰۰ اوم

ہو جائیگی اور چونکہ (ق) کی مزاحمت ۱۰ اوم ہی رکھی گئی ہے لہذا اب (ف) اور (ق) مزاحمتوں میں نسبت ۱۰۰ : ۱۰ یعنے ۱۰ : ۱ ہوگی پس جب پل کی مزاحمتوں میں توازن قائم کیا جائیگا تو مزاحمت (د) دی ہوئی مزاحمت (ش) کی دس گنا ہوگی - بکس میں مزاحمت (د) کو حسب ضرورت ترتیب دیکر مزاحمتوں میں تقریبی توازن قائم کرو - چونکہ (ش) کو ۶ اور ۷ اوم کے مابین فرض کیا ہے موجودہ حالت میں (د) کی قیمت ۶۰ اور ۷۰ اوم کے درمیان ہونی چاہئیے اگر (د) بالفرض ۶۳ اور ۶۴ اوم کے مابین دریافت ہو تو ظاہر ہے کہ (ش) کی قیمت ۶٫۳ اور ۶٫۴ اوم کے درمیان ہوگی -

اب (ش) کی قیمت اعشاریہ کے دوسرے مقام تک صحیح معلوم کرنے کی غرض سے (ف) والے بازو کے ۱۰۰۰ اوم کے بچھے میں سے ڈاٹ نکالکر ۱۰۰ اوم کے بچھے میں رکھدو - چونکہ اس عمل سے (ف) اور (ق) مزاحمتوں میں ۱۰۰۰ اور ۱۰ کی نسبت یعنے ۱۰۰ : ۱ کی نسبت قائم ہوگی، پل کی مزاحمتوں کے توازن کی صورت میں (د) کی قیمت (ش) کی ۱۰۰ گنا ہوگی - جس کی وجہ سے مزاحمت (د) ۶۳۰ اور ۶۴۰ اوم کے درمیان واقع ہونی چاہئے - اگر بالفرض یہ قیمت ۶۳۸ اور ۶۳۹ اوم کے مابین مشخص ہو تو واضح ہے کہ (ش) کی قیمت ۶٫۳۸ اور ۶٫۳۹ اوم کے مابین ہوگی -

حساس رَو پیما کے ذریعہ اس مزاحمت کی اعشاریہ کے تیسرے مقام تک بھی تخمین ہوسکتی ہے، اگر (د) کو ۶۳۸ اوم کے مساوی لیکر رَو پیما کے پیمانہ پر نشانِ نور کے ٹھہرنے کا مقام پڑھ لیا جائے اور پھر اس کو ۶۳۹ اوم کے مساوی کرکے پیمانہ کے دوسرے جانب نشانِ نور کا مقام معائنہ کرلیا جائے - فرض کرو پہلی

صورت میں نور کا نشان پیمانہ کے صفر کے ایک جانب ۶ ملی میٹر فاصلہ پر جاکر ٹھہرتا ہے اور دوسری صورت میں صفر کے دوسرے جانب ۹ ملی میٹر فاصلہ پر ٹھہرتا ہے۔ پس ظاہر ہے کہ (د) کی مزاحمت میں ایک اوہم کے اضافہ سے نور کا نشان ۱۵ ملی میٹر ہٹ جاتا ہے پس تناسبی حصص کے طریقہ سے ۶ ملی میٹر ہٹاؤ کے لئے ۰٫۴ اوہم کے اضافہ کی ضرورت ہوگی۔ یعنے (د) کی قیمت ۶۳۸٫۴ اوہم ہوگی جس سے س = ۶۳۸٫۴ اوہم۔

مندرجہ بالا طریقہ سے ایک پچھے کی مزاحمت ۰٫۱ فیصد تک صحیح دریافت کرو۔

اسی طرح تار کے ایک ٹکڑے کی بھی مزاحمت دریافت کرو اور پھر اس کے مادے کی نوعی مزاحمت کی حسابی تخمین کرو۔

اگر غیر معلوم مزاحمت (ش) بڑی ہے تو معمولی پوسٹ آفس بکس کے پچھوں کے ذریعہ $\frac{1}{100}$ اوہم تک بلکہ $\frac{1}{10}$ اوہم تک بھی ممکن ہے صحیح تعیین نہ ہوسکے۔ ایسی صورت میں یہ عام قاعدہ یاد رکھنا چاہئے کہ وہیٹسٹون کے پل کی حساسیت اُس وقت اعظم ہوتی ہے جبکہ پل کے چاروں بازو تقریباً مساوی مزاحمت کے ہوتے ہیں۔


اگر غیر معلوم مزاحمت بہت بڑی ہو تو (ق) کو (ف) کا دس گنا یا سو گنا کرنا پڑیگا تاکہ مزاحمت (د) کو ٹھیک کرکے پل کا توازن قائم ہوسکے۔ ایسی صورت میں مزاحمت (ش) مزاحمت (د) کی دس گنا یا سو گنا ہوگی۔

تجربہ (۵۳) - برقی رو پیما کی مزاحمت کی تعیین

اس کا اصول اور میٹری پل کا اصول دونوں

ایک ہی ہیں۔ رَو پیما کو وہیٹسٹون کے پل کی ترکیب میں چوتھے بازو کی جگہ بطور غیر معلوم مزاحمت (ش) رکھا جاتا ہے۔ جس پہلو میں مورچہ داخل کیا جاتا ہے اس میں کھٹکھٹانے کی کنجی شریک نہیں کی جاتی ہے۔ جونہی پل کے جوڑ مکمل ہوتے ہیں رو پیما کا منوّر نشان پیمانہ پر سے پرے ہٹ جاتا ہے۔ اس موقعہ پر رو پیما کے شنٹ (عاطف) کا استعمال مناسب نہیں ہوتا ہے۔

اس قسم کے تجربہ میں بڑی دقّت رَو پیما کی حسّاسیت کی وجہ سے پیش آتی ہے۔ واضح ہو کہ رو پیما کا آئینہ ریشۂ تعلیق کے بل کھانے سے ایک تنگ "کمرے" کے اندر گھوم سکتا ہے انحراف کی زیادتی کی وجہ سے آئینہ "کمرے" کے ایک بازو سے سختی کے ساتھ چمٹ جاتا ہے۔ اور اس کو روکنے والے سلاخی مقناطیس کو کتنا بھی کیوں نہ پھیرا جائے وہاں سے واپس نہیں لوٹتا۔ اس دقّت سے بچنے کے لئے تدابیر ذیل اختیار کئے جانے چاہئیں:۔



شکل (۵۸)

رو پیما کی مزاحمت کی تعیین

(۱) پل کے مورچہ والے بازو میں معتدبہ مزاحمت داخل کیجائے اگر رو پیما خصوصیت کے ساتھ حسّاس ہے تو ۰٫۰۰۰۱ اوم تک بڑھائے جانے کے قابل مزاحمت استعمال کی جاسکتی ہے۔

(۲) نسبت نما بازوؤں کی سب سے چھوٹی مزاحمت اگر ممکن ہو تو (۰٫۰۰۱ اوم) کے لچھوں سے کام لیا جائے۔

(۳) رو پیما کے انصراف کو روکنے والے سلاخی مقناطیس کو یہاں تک نیچے اتارو کہ اہتزاز کا وقت دوران بہت کم ہو جائے۔
(کتاب کے آخر میں رو پیماؤں کے متعلق جو ہدایات لکھے گئے ہیں پڑھ لئے جائیں۔ واضح ہو کہ تیسری تدبیر صرف متحرک مقناطیسی سوئی والے رو پیما کی صورت میں اختیار کی جا سکتی ہے متحرک پچھے والے رو پیما کے ساتھ اختیار نہیں کی جا سکتی۔)

ان ہدایات پر کاربند ہونے کے بعد معلوم ہو جائیگا کہ اب رو پیما کا منوّر نشان پیمانہ کے صفر سے کچھ بہت دور نہیں ہٹیگا۔ انصراف کو روکنے والے سلاخی مقناطیس کے ذریعہ یا اگر متحرک پچھے والا رو پیما ہے تو اس کے ریشۂ تعلیق کے سرے کو پھیرنے سے یہ منوّر نشان پیمانہ کے صفر پر واپس لا لیا جا سکتا ہے۔

پھر پل کی مزاحمت (ر) کو اس طرح ترتیب دو کہ کنجی (ک) کو دبانے سے رو پیما کے منوّر نشان کے مقام میں تبدیلی پیدا نہ ہو۔

چونکہ اب رو پیما کی حساسیت میں بہت انحطاط آگیا ہے، مزاحمت (ر) کی قیمت میں وسیع تغیر کرنے پر بھی منوّر نشان اپنی جگہ سے نہیں ہٹتا۔ اب حساسیت کو دوبارہ لیکن بتدریج بڑھا سکتے ہیں۔ رو پیما کے سلاخی مقناطیس کو پہلے اوپر چڑھا لو۔ اس طور پر جسقدر حساسیت بڑھ سکتی ہو بڑھانے کے بعد (لیکن ساتھ ہی اس کا بھی خیال رہے کہ رو پیما کا منوّر نشان پیمانہ کے باہر نہ چلا جائے) دونوں نسبت نما بازوؤں کو بجائے دس دس اوم کے سو سو اوم کر دیا جائے۔ اس عمل سے رو پیما کے پچھے پر سے زائد مقدار میں رو گزریگی، جس کی وجہ سے اس کا انصراف بھی بڑھ جائیگا۔ سلاخی مقناطیس کو پھیر کر (لیکن

پیچے نہ اتار کو) انصراف کم کر گھٹا دیا جائے ۔ بعد ازاں بکس کی ترتیب پذیر مزاحمت (د) میں پیشتر کی طرح ضروری ردوبدل کرو کہ کنجی کو دبانے سے رد پیما کا سوئر نشان اپنی جگہ ہی پر قائم رہے ۔

اگر رد پیما متحرک کچھے والا ہے تو پل کے نسبت نما بازوؤں کی مزاحمتوں کو بڑھا کر فوراً سو سو اوم کر دیا جاتا ہے ' اور انصراف میں اس کی وجہ سے جو اضافہ محسوس ہوتا ہے ' ریشۂ تعلیق کو اور زیادہ مڑوڑ کر ' گھٹا دیا جاتا ہے ۔

موجودہ حالت میں پل کی حساسیت پہلے سے بہت زیادہ ہوگی ۔ نسبت نما بازوؤں میں ایک ایک ہزار اوم کی مزاحمت رکھنے سے اس حساسیت میں اور زیادہ ترقی ہوجائیگی ۔ اس طریقہ سے جو انتہائی حساسیت حاصل ہوسکتی ہے ' اس کا جب تک انتظام نہ کرلیا جائے ' رد پیما کے ساتھ کی ہمسلسلہ مزاحمت (د) کو گھٹانا نہیں چاہئے ۔ اگر ضرورت ہو تو بعد کو پل کے نسبت نما بازوؤں کو $\frac{1}{10}$ کی نسبت پیدا کرنے کے لئے ترتیب دے سکتے ہیں ۔ یہ اس صورت میں مناسب ہے جبکہ رد پیما کی مزاحمت ۱۰۰۰ اوم سے کم ہوتی ہے ۔ یہاں بھی پل کی حساسیت اور انصراف کے روک تھام کے لئے وہی تدابیر اختیار کئے جانے چاہئیں جیسا اوپر ذکر آیا ہے ۔


اگر حساسیت کو گھٹانے کے یہ ذرائع اختیار کئے جاتے ہیں تو لازماً مورچہ اور کنجی کو شکل (۵۸) کی طرح ترتیب دیا جائے ' ورنہ نسبت نما بازوؤں کی حساسیت گھٹانے سے مطلوبہ اثر حاصل نہ ہوگا ۔

ہدایات مصرحہ بالا کی بموجب اگر تجربہ کیا جائے تو رد پیما کی مزاحمت جلدی اور سہولت کے ساتھ دریافت ہوسکتی ہے ۔ اس طریقہ پر اگر طالب علم کار بند ہو تو اس کو رد پیما کی صحیح مزاحمت

کی تعیین کا تیقّن ہوسکتا ہے۔

تجربہ (۵۴)۔ مورچہ کی مزاحمت کی تعیین

طریقہ یہ ہے کہ مورچہ پل کا غیر معلوم مزاحمت والا بازو قرار دیا جاتا ہے۔ مورچہ یا رد بیما کے بازوؤں میں کوئی کنجی شریک نہیں کی جاتی ہے۔ لیکن پل کے تیسرے بازو ب ج میں ایک کھٹکھٹانے کی کنجی داخل کی جاتی ہے۔ رد بیما کی حساسیت گھٹانے کے لئے



شکل (۵۹)
مورچہ کی مزاحمت

اس تجربہ میں بھی وہی تدابیر اختیار کئے جاتے ہیں جو رد بیما کی مزاحمت کے تجربہ میں بیان ہوئے ہیں۔ اگر شکل (۵۹) اور شکل (۵۸) کا مقابلہ کیا جائے تو فوراً معلوم ہوجائیگا کہ مورچہ کی مزاحمت کی تعیین کے لئے آلات کی وہی ترتیب ہوتی ہے جو رد بیما کی مزاحمت کے لئے ہے، صرف مورچہ کی جگہ رد بیما رکھا جاتا ہے اور رد بیما کی جگہ مورچہ۔ مزاحمت (ذ) بھی اپنی سابقہ جگہ سے ہٹائی نہیں جاتی۔ طریقہ عمل میں بھی کوئی تغیر نہیں۔

جب ف، ق اور ر مزاحمتوں کو اس انداز پر لایا جاتا ہے کہ کنجی (ک) کو دبانے پر بھی رد بیما کا انصراف تبدیل نہیں ہونے پاتا تو مورچہ کی مزاحمت (خ) حسب ذیل ضابطہ سے نکل آتی ہے:

$$\frac{ف}{ق} = \frac{ر}{خ}$$

فصل (۳) ۔ ویٹسٹون کا پل کیری فوسٹر کا طریقہ

ویٹسٹون کا پل جب بچھے ہوئے تار کی شکل میں معمولی طریقہ پر استعمال کیا جاتا ہے تو اس سے زیادہ صحیح نتائج کی توقع نہیں ہو سکتی مزاحمتوں کے نقطۂ توازن کا ٹھیک مقام تار پہ اندرون ایک ملی میٹر صحیح نہیں جانچا جا سکتا۔ اور اگر پل ایک میٹر لمبا ہو تو اس عدم تیقن کی وجہ سے کم از کم $\frac{۱}{۲۵۰}$ کی خطا کا امکان لاحق ہوتا ہے۔ اگر نقطہ توازن تار کے وسطی حصہ میں نہ ہو تو نتیجہ میں اس سے بھی زائد خطا ممکن ہے۔ اگر پل کا تار ایک میٹر سے متجاوز ہو تو نقطہ توازن کی جانچ میں ایک ملی میٹر کی خطا کا اثر نسبتاً گھٹ جاتا ہے، لیکن میٹر سے لمبے پل کا استعمال تکلیف دہ ہوتا ہے۔


کیری فوسٹر کے طریقہ سے جب تجربہ کیا جاتا ہے تو تار کا طول حقیقتاً بڑھایا نہیں جاتا ہے لیکن باعتبار اثر ضرور بڑھایا جاتا ہے۔ اس کے لئے تار کے دونوں سروں کے پاس ایک ایک مزاحمت ہمسلسلہ جوڑ دی جاتی ہے، جیسا کہ شکل (۶۰) میں بتایا گیا ہے۔ شکل (۵۰) میں پل کے جو بازو (ف) اور (ق) قرار دیئے گئے ہیں وہ شکل (۶۰) میں بالترتیب ز۱ اور ز۲ سے نامزد کئے جاتے ہیں۔ بقیہ بازوؤں (ر) اور (خ) کے بجائے یہاں بالترتیب ایک مزاحمت (لا) معہ مزاحمت (پل کے تار کے) طول ل، اور مزاحمت (ما) معہ مزاحمت بقیہ حصہ ل۲ استعمال ہوتی ہے۔

جب پل کی مزاحمتیں توازن کی حالت میں ہوتی ہیں تو

تعلق $\frac{ف}{ق} = \frac{ر}{ش}$

یہ صورت $\frac{ر_۱}{ر_۲} = \frac{لا + ل_۱ س}{ما + ل_۲ س}$ اختیار کرتا ہے۔

جس میں (س) سے مراد تار کے پل کے ایک سنتی میٹر کی مزاحمت ہے۔ اگر (لا) اور (ما) دونوں ملکر پل کے تار کی مزاحمت کے وہ چند ہوں تو ($ل_۱$ س) اور ($ل_۲$ س) باعتبار مرتبہ لا اور ما کے دس فیصد ہونگے۔ پس ($ل_۱$) کے بڑھنے میں جو



شکل (۶۰)

کیسری فوسٹر کا طریقہ

خطا پیش آتی ہے کیری فوسٹر کے طریقہ سے اس کی اہمیت پل کے معمولی استعمال کے طریقہ کی بہ نسبت گھٹ کر تقریباً $\frac{1}{10}$ ہوجاتی ہے۔ یعنے نقطہ توازن کی جانچ میں ایک مم کی خطا سے نتیجہ میں $\frac{1}{250}$ کی جو خطا واقع ہوتی ہے اس طریقہ سے صرف

$\frac{1}{2500}$ رہجائی ہے

سروں کی تصحیح۔ اگر پل کے تار کے سروں کو تانبے کی پٹیوں کے ساتھ ٹھیک طور پر ٹانکی نہ دی گئی ہو تو اس کی وجہ سے پل کے بازوؤں (ر) اور (ش) میں تار ساظ مزاحمتیں شریک ہوجاتی ہیں۔ یعنے $\frac{ل_1}{ر_1}$ کے لئے

$$\frac{ل_1}{ر_2} = \frac{لا + ل_1 س + ص_1 س}{ما + ل_2 س + ص_2 س}$$ لکھنے کی ضرورت واقع ہوتی ہے

ص۱ اور ص۲ **سروں کی تصحیحیں** کہلاتی ہیں جو تار کے دونوں حصوں کے معادلی طولوں کی شکل میں لکھی گئی ہیں۔

سروں کی تصحیح کا اسقاط کیری فوسٹر کے طریقہ سے

میٹری تار کے پل کو کیری فوسٹر کے طریقہ پر ترتیب دیکر تار کے سروں کی خطائیں اس طرح ساقط کیجاسکتی ہیں:۔

چونکہ سروں کے خطاؤں کو محسوب کرکے۔

$$\frac{ل_1}{ر_2} = \frac{لا + ل_1 س + ص_1 س}{ما + ل_2 س + ص_2 س}$$

اگر مزاحمتوں (لا) اور (ما) کو باہمدیگر بدلدیا جائے یعنے (لا کی جگہ (ما) رکھا جائے اور (ما) کی جگہ (لا) تو تار پر ایک دوسرا نقطۂ توازن دریافت ہوگا جس کے فاصلے سروں سے بالترتیب ل'۱ اور ل'۲ ہونگے۔ پس

$$\frac{ل_1}{ر_2} = \frac{ما + (ل'_1 + ص_1) س}{لا + (ل'_2 + ص_2) س}$$

ان مساواتوں سے یہ مساواتیں حاصل ہوتی ہیں :-

$$\frac{ل_۱}{ل_۱+ل_۲} = \frac{لا+(ل_۱+ص_۱)س}{لا+ما+(ل_۱+ل_۲+ص_۱+ص_۲)س} \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

$$\frac{ل_۱}{ل_۱+ل_۲} = \frac{ما+(ل'_۱+ص_۱)س}{لا+ما+(ل'_۱+ل'_۲+ص_۱+ص_۲)س} \quad \ldots\ldots\ldots (۲)$$

چونکہ $ل_۱ + ل_۲ = ل'_۱ + ل'_۲$ لہذا ان کسروں کے نسب نما مشابہ ہیں اسلئے

$$لا + (ل_۱ + ص_۱) س = ما + (ل'_۱ + ص_۱) س$$

یا $$لا = ما + (ل'_۱ - ل_۱) س$$

یہ طریقہ عمل صرف دو تقریباً مساوی مزاحمتوں (لا اور ما) کے مقابلہ کے لئے موزوں ہے۔ تجربہ خانہ میں اکثر اس کی ضرورت ہوتی ہے کہ کسی مجوزہ مقدار کی مزاحمت تیار کی جائے اور اسی مقدار کی معیاری مزاحمت کے ساتھ اسکا مقابلہ کرکے دیکھا جائے کہ اس میں اور معیاری مزاحمت میں کیا فرق ہے۔ معمولی آلات کے ذریعہ یہ کام کیری فوسٹر کے طریقہ سے آسانی کے ساتھ ہوجاتا ہے۔ اس میں ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ ($ل_۱$) اور ($ل_۲$) کی صحیح قیمتوں کا جاننا ضروری نہیں۔ ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ یہ مزاحمتیں تقریباً مساوی اور مطلقاً مستقل ہوں۔ ان کی قیمت لا اور ما کی قیمت کے لگ بھگ ہونی چاہئے۔

یہ بھی یاد رکھنے کے قابل بات ہے کہ اس طریقہ سے دو مزاحمتوں کا جب مقابلہ ہوتا ہے تو پورے تجربہ میں کبھی ان کا راست مقابلہ نہیں کیا جاتا۔

تجربہ ۵۵ (۱)۔ ایک اوم مزاحمت کے

پچھے کی تیاری - تیری پل کے ذریعہ منگانن یا کونسٹینٹن کے تار کے کسی ٹکڑے کی مزاحمت دریافت کرو - پھر حساب کرکے دیکھو ایک اوم مزاحمت کے لئے اس تار کا کیا طول ہونا چاہئے -


اگر مزاحمت میں زیادہ صحت مطلوب نہ ہو تو اس طول سے چند سنتی میٹر زیادہ لمبا ٹکڑا کاٹ لو - اور ٹانکی لگاکر اس کو دو موٹے تانبے کی پٹیوں سے جوڑ دو یا لکڑی کی چرخی بناکر اس کے سرے میں دو بند پیچ نصب کردو اور ٹانکی کے ذریعہ اس تار کے ٹکڑے کو ان پیچوں سے جوڑ دو - پھر اس ٹکڑے کی مزاحمت مکرر دریافت کرو اور اس کو پیچ میں سے حسب ضرورت موڑکر اس کا طول جتنا گھٹانا چاہئے گھٹادو - مزاحمت ٹھیک ہونے کے بعد تار کے اس مڑے ہوئے حصہ کو بھی ٹانکی سے ملادو -

اگر مزاحمت بہت صحیح چاہئے تو ایک اوم مزاحمت کے لئے تار کا جو طول محسوب ہوگا اس سے کوئی ۱۰ فیصد زائد لمبا ٹکڑا کاٹ لیا جائے - قبل ازیں جیسا بتایا گیا ہے اس کو ٹانکی لگاکر دو بند پیچوں کے ساتھ جوڑ دیا جائے پھر اس کی مزاحمت بہت صحت کے ساتھ دریافت کرلی جائے - یہ معلوم ہونے کے بعد حساب لگاکر دیکھ لیا جائے ایسے تار کے کتنے لمبے ٹکڑے کو تار کے ساتھ ہمتوازی ملانا چاہئے تاکہ مجموعہ کی مزاحمت ٹھیک ایک اوم ہو -

اگر مصرحہ بالا ہدایات کی احتیاط کے ساتھ پابندی کی جائے تو تار کا جو ٹکڑا ہمتوازی جوڑا جائیگا طول میں پہلے ٹکڑے کا دس گنا ہوگا -

اب اتنا ٹکڑا کاٹ لیا جائے اور پہلے ٹکڑے کے ساتھ چرخی کے سروں سے ٹانکی کے ذریعہ ہمتوازی جوڑ دیا جائے - ٹکڑے حلقوں کی شکل میں لٹکتے رہینگے - ایک ایک حلقہ کو کھینچکر پیچ میں سے موڑ دیا جائے گویا کہ ان کو دوہرا کردیا جاتا

ہے۔ لیکن حلقوں کے ان نصف حصّوں کے مابین فصل رکھا جائے۔ تاکہ وہ مل نہ جائیں اور ان کو چرخی پر ایک دوسرے کے بازو ایک ہی سمت میں لپیٹ دیا جائے۔ تاروں کو جہاں سے موڑ کر دوہرا کیا جاتا ہے وہ حصّہ لاکھ کے ذریعہ چرخی کی لکڑی پر جما دیا جائے۔ لیکن احتیاط رہے



شکل (۶۱)
ایک ادوم کا پچھا

کہ تار بتدریج موڑے جائیں ورنہ وہ بیچ میں سے ٹوٹ جائیں گے۔

اس کے بعد ان پچھوں پر فیتہ لپیٹ دیا جائے اور سب کا سب پگھلے ہوئے برافینی موم میں ڈبو دیا جائے۔

اگر بہت صحیح قیمت کا پچھا بنانا مقصود ہو تو تاروں پر لپیٹ کر موم چڑھانے سے پہلے پچھے کی مزاحمت کا مکرر امتحان کر لیا جائے۔ اگر مزاحمت ٹھیک ایک ادوم نہ ہو تو لمبے تار کی مزاحمت گھٹانے کے لئے اس کو جہاں بیچ میں سے موڑ کر دوہرا کیا گیا ہے وہاں کا کچھ حصّہ مڑوڑ کر ملا دیا جائے اور جب پچھے کی مجموعی مزاحمت ٹھیک ایک ادوم ہو جائے تو اس مڑوڑے ہوئے حصہ کو ٹانکی کے ذریعہ مستقل طور پر ملا دیا جائے۔

تجربہ (۵۶)۔ ایک ادوم مزاحمت کے

پچھے کی تعیین، کیسری فوسٹر کے پل کے ذریعہ۔ تقریباً ایک ایک اوم مزاحمت کے پچھوں کو پیتری تار کے پل کے وسطی درزوں میں داخل کردو۔ یہ مزاحمتیں شکل (۶۰) والی مزاحمتوں (د۱) اور (د۲) کا کام دینگی۔

سروں کے قریب کے درزوں میں بالترتیب زیر امتحان پچھے اور ایک معیاری ایک اوم کے پچھے کو داخل کردو۔ معیاری مزاحمت کے پچھے کو شکل (۶۰) کی مزاحمت (ما) اور دوسرے پچھے کو مزاحمت (لا) قرار دو۔

متذکرہ بالا شکل کی طرح روپیا اور برقی خانہ کو شریک دور کرکے نقطہ توازن دریافت کرو۔ فرض کرو یہ نقطہ تار کے سرے نشان (۱) سے ل۱ سنتی میٹر دور واقع ہے۔

بجائے مزاحمت (لا) کے (ما) رکھدو اور (ما) کے بجائے (لا) اور مکرر نقطہ توازن کی تعیین کرو۔ غالباً اس کا مقام کچھ اور ہوگا۔ فرض کرو اس کا فاصلہ سرے نشان (۱) سے ل۲ سم ہے

پس $\text{لا} = \text{ما} + (\text{ل}_2 - \text{ل}_1)\text{س}$

جس میں (س) سے تار کی فی سنتی میٹر طول مزاحمت مراد ہے۔

س کی تعیین۔ پل کے سروں کے درزوں میں سے مزاحمت کے پچھے نکال دو اور پہلے درز میں اس کی متعلقہ موٹی تانبے کی پٹی داخل کردو۔ اس کی وجہ سے مزاحمت لا صفر ہو جائیگی۔ دوسرے درز میں صفر مزاحمت کی تانبے کی پٹیوں کے ذریعہ ایک اعشاری اوموں کی بکس داخل کیجائے۔ اور بطور مزاحمت (ما) اس بکس میں سے ۰٫۱ اوم کی مزاحمت استعمال کی جائے۔ بعد ازاں پل کے تار پر نقطہ توازن دریافت کرلیا جائے۔ فرض کرو

یہ نقطہ تار کے سرے نشان (۱) سے لا سنتی میٹر دور واقع ہے۔ پھر تانبے کی پٹی اور اعشاری اوزنوں کی بکس کے مقام باہمدیگر بدلدیئے جائیں۔ اور مکرر نقطہ توازن دریافت کیا جائے۔ اگر اب اس کا فاصلہ تار کے متذکرہ بالا سرے سے (صا) سنتی میٹر ہے۔ تو

تمام مساوات لا = صا + (ل - ل) س میں لا اور صا کے مرض انکی قیمتیں درج کرنے سے ہمیں یہ مساوات حاصل ہوتی ہے

۰ = ۱ر۰ + (صا - لا) س

$$\text{پس} \quad س = \frac{۱ر۰}{\text{لا} - \text{صا}}$$

اس طرح اگر بکس میں سے صا کے لئے ۲ر۰ ادم مزاحمت استعمال کی جائے اور اس کے نظیری نقاطِ توازن تار کے سرے سے لا۲ اور صا۲ دو سم فاصلوں پر ہوں تو

$$س = \frac{۰ر۲}{\text{لا۲} - \text{صا۲}}$$

چونکہ لا۲ اور صا۲ کا تفاوت لا اور صا کے تفاوت سے زائد ہے اس لئے پہلی مساوات کی بہ نسبت دوسری مساوات سے س کی قیمت زیادہ صحیح برآمد ہوگی۔

صا کے لئے ۲ر۰ سے زیادہ بڑی مزاحمتیں لینے سے س کی قیمت میں اور زیادہ صحت کا تیقن ہوسکتا ہے، لیکن ظاہر ہے کہ صا مزاحمت پل کے تار کی مزاحمت سے کم ہونی چاہئے اب پل کے تار کی مزاحمت فی سنتی میٹر کی حسابی تخمین

کی جائے اور اس کے ذریعہ جس بجھے کا امتحان کیا جا رہا ہے اسکی مزاحمت معیاری اوم کی رقموں میں دریافت کر لی جائے۔

اسی طریقہ سے برٹش اسوسئیشن کے اوم کی مزاحمت لیگل یعنے قانونی اوم کی رقموں میں دریافت کی جائے۔

تپش کے ساتھ مزاحمت کے اضافہ کی شرح

کسی تار کے دو نقطوں کے درمیانی تفاوت قوہ کو اس برقی رو سے گزرنے والی رو کے ساتھ جو نسبت ہے صرف اسی صورت میں مستقل ہے جبکہ تار کی تپش بھی مستقل رہتی ہے۔ یعنے تار کی مزاحمت تپش کے ساتھ تبدیل ہوتی ہے اور یہ عام قاعدہ ہے کہ اونچی تپش پر برقی موصل کی مزاحمت کم درجہ کی تپش کی مزاحمت سے زائد ہوتی ہے۔ تار کی مزاحمت میں فی درجہ ترقی تپش سے جو اضافہ وقوع میں آتا ہے تقریباً مستقل رہتا ہے۔

تپش کے ساتھ مزاحمت کے اضافہ کی شرح سے مراد وہ حاصل تقسیم ہے جو اضافہ مزاحمت فی درجہ مئی کو صفر درجہ مئی کی مزاحمت پر تقسیم کرنے سے مستنبط ہوتا ہے۔

چنانچہ اگر ز. = مزاحمت صفر درجہ مئی پر

اور ز ت = " " ت " "

تو صفر سے ت درجہ تک کی سعت تپش میں اس شرح کی

اوسط قیمت کو اگر (عہ) سے تعبیر کیا جائے تو

$$\text{عہ} = \frac{\text{زت} - \text{ز.}}{\text{ز.ت}}$$

پس اگر (عہ) مستقل ہو تو زت = ز. (۱ + عہت)

اس سے ظاہر ہے کہ (عہ) کی تعیین کے لئے دو مختلف تپشوں پر تار کی مزاحمت دریافت کرنا پڑتا ہے۔ اگر یہ دو تپشیں پانی کا نقطہ انجماد اور اس کا نقطہ جوش یعنے ۰° اور ۱۰۰° مئی ہوں تو مشاہدات میں آسانی ہوتی ہے۔ ایسی صورت میں عہ کی قیمت صفر اور سو درجہ مئی کے مابین شرح اضافہ مزاحمت کی اوسط قیمت ہے۔

(عہ) کی تعیین اسی قدر صحت کے ساتھ ہوگی جس قدر صحت کے ساتھ مزاحمت کے تفاوت کی پیمائش ہوگی۔ چونکہ (زت - ز.) دو بڑی مقداروں کا چھوٹا تفاوت ہے اس لئے اس کی پیمائش کے لئے دونوں مقداروں زت اور ز. کو نہایت احتیاط کے ساتھ ناپنا ضروری ہے۔ چنانچہ اگر بالفرض مزاحمت کا تغیر (یا تفاوت) مزاحمت ز. کا دسواں حصہ ہے اور ز. یا زت کی پیمائش میں ۱٪ فیصد خطا وقوع میں آئی ہے تو اس سے (زت - ز.) کی قیمت میں ۱۰ فی صد خطا لاحق ہوگی۔ بدیں وجہ عہ کی تعیین جب میٹری بل کے ذریعہ ہوتی ہے تو کیری فوسٹر کا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔


تجربہ (۵۷)۔ پلاٹینم کی مزاحمت کی شرح تپش کی تعیین۔

پلاٹینم کے باریک تار کا ایک چھوٹا سا بچھا تیار کیا جائے جس کی مزاحمت تقریباً ایک اوم ہو۔ بچھے

کے سروں کو تانبے کے دو موٹے قلابے دار "رہنما تاروں" کے ساتھ ٹانکی دی جائے۔ اور پھر ایک شیشہ کی نلی میں داخل کیا جائے جو ایک طرف سے بند ہو۔ نلی کے باہر کے تار ملائم ہونے چاہئیں بعینہ ایسے ہی دو اور موٹے قلابے دار رہنما تاروں کے سروں کو محض ایک دوسرے کے ساتھ ٹانکی سے جوڑ دیا جائے۔ مؤخرالذکر موٹے تار "تاوانی رہنما تار" کہلاتے ہیں۔ پلاطینیم کے بچھے کے ساتھ رہنما تاروں کے قلابوں کو ق پ ق پ سے تعبیر کیا جائیگا اور تاوانی رہنما تاروں کے قلابوں کو ق ت ق ت سے۔ چار درز والا میتری پل لیا جائے اور اس کے اندر کی طرف والے دو درزوں میں دو ٹھیک مساوی مزاحمتیں ز ز داخل کی جائیں اگر یہ مزاحمتیں ایک ایک اوم کے بچھے ہوں تو مناسب ہے۔ ق پ ق پ نشان کے قلابوں کو پل کے باہر والے ایک درز میں داخل کیا جائے اور ق ت نشان کا ایک قلابہ پل کے بقیہ درز کے ایک پہلو سے ملایا جائے اور دوسرا ق ت نشان کا قلابہ ایک تغیر پذیر اوموں اور اوم کے اعشاری حصوں کی مزاحمت کی بکس کے ایک سرے سے ملایا جائے۔ ملاحظہ ہو شکل (۶۲) متذکرہ بالا مزاحمت کی بکس کے دوسرے سرے کو اس درز کے دوسرے پہلو کے ساتھ تانبے کی ایک موٹی پٹی کے ذریعہ ملایا جائے۔ پل کے (ا) اور (د) سروں کو ایک آئینہ دار رو پیما کے ساتھ ملایا جائے اور (ب) اور (ج) سروں کو ایک برقی مورچہ کے ساتھ۔

مورچہ پل کے تار کے پہلوان تماس کی کھٹکھٹانے کی کنجی کے ساتھ ملایا جاتا ہے تاکہ برقی رو کے حرارت پیدا کرنے والے اثر کا ازالہ ہو۔ پل کی موجودہ ترتیب میں برقی

رو صرف اسی وقت دوڑتی ہے جبکہ توازن کا امتحان ہوتا ہے۔



شکل (۶۲)

تار کی مزاحمت کی شرح تپش

باقی تمام مدت تماس نہ ہونے سے رو بہنے نہیں پاتی۔ توازن ایسی صورت میں ٹھیک سمجھا جاتا ہے جبکہ کھٹکھٹانے کی کنجی کو دبانے کے ساتھ ہی رَو یما منصرف نہ ہو۔ اگر اس کے بعد بھی کنجی کو تار پر کچھ دیر کے لئے دباکر رکھا جائے تو پلاطینم کے پھے پر سے برقی رو کے گزرنے کی وجہ سے اسکی مزاحمت میں تغیر پیدا ہوگا اور توازن باقی نہ رہیگا۔

جب توازن ٹھیک ہوجائے تو

$$\frac{\text{ز}_{\text{ا}}}{\text{ز}_{\text{ہ}}} = \frac{\text{پ} + \text{د} + \text{لا س}}{\text{د} + \text{م} + (۱۰۰ - \text{لا})\,\text{س}}$$

اس مساوات میں پ = پلاطینم کے تار کے پھے کی مزاحمت ہے

د = پھے کو ملانے کے (یا تاوانی) رہنا تار کی مزاحمت ہے

لا = نقطہ توازن کا فاصلہ پل کے تار پر اسکے سرے نشان (۱) سے
س = پل کے تار کے ایک سنتی میٹر طول کی مزاحمت۔

چونکہ $\frac{\text{ب}}{\text{ج}} = ۱$

لہذا $\text{پ} + د + \text{لا س} = د + م + (۱۰۰ - \text{لا}) \text{س}$

یا $\text{پ} = م + (\text{لا}) \text{س}$

تنبیہ - مندرجہ بالا مساوات سے پ کی حسابی تخمین کے لئے ادمون اور اعشاری ادموں کی بکس میں سے جو مزاحمت (م) شریک دور کی جاتی ہے اس کو اس انداز پر لانا چاہئے کہ نقطہ توازن حتی الامکان میٹری تار کا وسطی مقام ہو۔

(س) کی تخمین پلاٹینم کا بچھا جس نلی میں رکھا گیا ہے اسکو پہلے پگھلتے ہوئے یخ میں رکھو اور مزاحمت (م) کو ایک ادم کے مساوی لیکر پل کے تار پر نقطہ توازن دریافت کرو۔ فرض کرو اس نقطہ کا فاصلہ تار کے سرے نشان (۱) سے لا، سم ہے۔ اب (م) کو ۱، ۱ ادم کردو اور مکرر نقطہ توازن کا مقام دریافت کرو فرض کرو متذکرہ بالا سرے سے وہ لا۲ سم پر واقع ہے۔ پھر (م) کو ۲، ۱ ادم کر کے نقطہ توازن کا فاصلہ لا۳ معلوم کر لو۔

تب $\text{پ} = ۱ + (۱۰۰ - ۲ \text{ لا}_۱) \text{ س}$

$\text{پ} = ۱،۱ + (۱۰۰ - ۲ \text{ لا}_۲) \text{ س}$

$\text{پ} = ۱،۲ + (۱۰۰ - \text{لا}_۳) \text{ س}$

پس پہلی اور دوسری مساوات سے

$$۱ + (۱۰۰ + ۲ \text{ لا}_۱)\text{س} = ۱۰۱ + (۱۰۰ - ۲ \text{ لا}_۲)\text{س}$$

$$\text{یعنی} \quad \text{س} = \frac{۱۰۰}{۲(\text{لا}_۲ - \text{لا}_۱)}$$

اسی طرح پہلی اور تیسری مساوات سے

$$\text{س} = \frac{۲۰۰}{۲(\text{لا}_۳ - \text{لا}_۱)}$$

س کی دوسری قیمت غالباً زیادہ صحیح نکل آئیگی تاہم اس کی دونوں قیمتوں کا اوسط استعمال کرنا چاہئے۔

(پ) کی تعیین پانی کے نقطہ انجماد اور نقطہ جوش پر

(چونکہ س کی قیمت معلوم ہوگئی ہے) مندرجہ بالا مشاہدات سے حسابی پل کے ذریعہ پلاٹینم کے بچھے کی مزاحمت دریافت کرلی جاسکتی ہے۔

نقطہ جوش پر (پ) کی قیمت معلوم کرنے کے لئے بچھے کی نلی کو بلندی پیما کے اندر بھاپ میں داخل کرنا چاہئے اور اس کے بعد میٹری پل کے تار کا نقطہ توازن دریافت کرنا چاہئے۔ جیسا کہ قبل ازیں بیان ہوا ہے نقطہ توازن میٹری تار کے وسطی مقام کے حتی الامکان قریب ہونا چاہئے۔ اس کے لئے ۴ کی قیمت میں حسب ضرورت تغیر تبدل کرنا پڑتا ہے۔ پانی کے جوش کی تپش (نقطہ جوش) چونکہ کرۂ ہوائی کے دباؤ کے تابع ہوتی ہے۔ تجربہ کے وقت اس دباؤ کی جو قیمت دریافت ہوگی اس کے لحاظ سے تپش مذکور کی تصحیح ہونی چاہئے۔

ان مشاہدات کے ذریعہ تار کی مزاحمت کی شرح تپش کی اوسط قیمت (نقطہ انجماد اور نقطہ جوش کے مابین) حساب کرکے

دریافت کرلی جائے۔

(ظاہر ہے کہ اس طریقہ سے کوئی سے دو معین تپشوں کے مابین تار کی مزاحمت کی اوسط شرحِ تپش معلوم کرلی جاسکتی ہے۔ اگر بلاطینم کا تھا مناسب حنتروں میں باری باری سے رکھا جائے اور ان حنتروں کی صحیح تپشیں پائے کے تپش پیماؤں کے ذریعہ معلوم کرلی جائیں تو ت۱ تپش پر تھے کی مزاحمت ز۱ اور ت۲ تپش پر مزاحمت ز۲ مان کر مزاحمت کی اوسط شرح تپش (ع) اس طرح دریافت کیجاسکتی ہے:

ز۱ = ز۰ (۱ + ع ت۱) اور ز۲ = ز۰ (۱ + ع ت۲)


پس $\frac{ز_۲}{ز_۱} = \frac{۱ + ع ت_۲}{۱ + ع ت_۱}$

جس سے $ع = \left[\frac{ز_۲ - ز_۱}{ز_۱ ت_۲ - ز_۲ ت_۱}\right]$

فصل (۴) مزاحمتوں کا مقابلہ قوۃ کے گھٹاؤ کے طریقہ سے

جب دو مزاحمتیں ایک ہی دور میں شامل کی جاتی ہیں تاکہ ان پر سے ایک ہی رَو ہے تو ایک مزاحمت کے سروں کے درمیانی تفاوت قوۃ کا دوسری مزاحمت کے سروں کے تفاوت قوۃ سے مقابلہ کرنے سے ان کی مزاحمتوں کا مقابلہ ہوجاتا ہے۔

فرض کرو دو مزاحمتیں اب اور جد خانہ یا موجہ (خ) اور مزاحمت کی بکس (م) کے ساتھ ہم سلسلہ ملائی گئی ہیں۔ ملاحظہ ہو شکل (۶۳)۔ اب کی نامعلوم مزاحمت کی قیمت ز۱ اور جد کی مزاحمت کی قیمت ز۲ فرض کرو۔ تب ان پر سے ایک ہی برقی رَو (س) گزرتی ہے، ازروئے کلیہ اوم



شکل (۶۳)

مزاحمتوں کا مقابلہ

$$(ق_ا - ق_ب) = ر\ ز_۱$$

$$(ق_ج - ق_د) = ر\ ز_۲$$

جن میں $ق_ا$، $ق_ب$ .... سے مقام ا، ب .... کا برقی قوہ مراد ہے

پس $$\frac{ق_ا - ق_ب}{ق_ج - ق_د} = \frac{ز_۱}{ز_۲}$$

جس سے ظاہر ہے کہ ا اور ب کے تفاوت قوہ کا ج اور د کے تفاوت قوہ سے مقابلہ کرنے سے۔ $ز_۱$ اور $ز_۲$ مزاحمتوں کی باہمی نسبت معلوم ہوجاتی ہے۔ یہ طریقہ بالخصوص چھوٹی مزاحمتوں کے لئے موزوں ہے۔

تجربہ (۵۸)۔ دو چھوٹی مزاحمتوں کا مقابلہ۔

۲ اولٹ کا ذخیرہ خانہ، بڑی مزاحمتوں کی ایک بکس (م) اور دی ہوئی دو چھوٹی مزاحمتوں $ز_۱$ اور $ز_۲$ کو شکل (۶۳) کی طرح ہمسلسلہ جوڑو۔

اگر ا اور ب کے تفاوت قوہ کی نسبت ج اور د کے تفاوت قوہ کے ساتھ معلوم کرلی جائے تو $\frac{ز_۱}{ز_۲}$ نسبت معلوم ہوجاتی ہے۔ اگر فرید بریں ز۱ یا ز۲ معلوم ہو تو دوسری مزاحمت کی قیمت بھی دریافت ہوجاتی ہے۔

تاروں کے سروں کے تفاوت قوہ کا باہمدیگر مقابلہ کرنے کا ایک آسان طریقہ یہ ہے کہ ان سروں کو بالترتیب ایک بہت بڑی مزاحمت کے رزیما کے ساتھ ملایا جائے گویا کہ اولٹ پیما استعمال کیا جائے۔ جو انصراف مشاہدہ ہونگے ان کی نسبت ز۱، ز۲ کی نسبت ہوگی۔ کتاب کے آخری باب میں شکل (۹۹) کی جو سوئچ بتائی گئی ہے اس تجربہ کے لئے بہت موزوں ہے

اگر انصراف بالترتیب ن۱، ن۲ ہو اور رزیما کی مزاحمت کافی بڑی ہونے کی وجہ سے ن۱ اور ن۲ دونوں چھوٹے ہیں تو

$$\frac{ق_ا - ق_ب}{ق_ج - ق_د} = \frac{ن_۱}{ن_۲}$$

پس $$\frac{ز_۱}{ز_۲} = \frac{ن_۱}{ن_۲}$$

اس طریقہ سے تقریباً ۲۰ نمبر (S.W.G یعنے معیاری تار کے پیمانہ) کے تانبے کے ایک میٹر لمبے تار کی مزاحمت کا اوہم کی معیاری مزاحمت کے ساتھ مقابلہ کرکے تانبے کے تار کی مزاحمت اوہموں میں حساب کی جائے اور پھر اس کے ابعاد کی پیمائش کرکے تانبے کی نوعی مزاحمت دریافت کرلی جائے۔ بہت چھوٹی مزاحمتوں کے مقابلہ کے لئے مصرحہ بالا طریقہ بہت

سود مند ہے۔ بعض صورتوں میں بجائے بڑی مزاحمت کے رو پیا کے عربی برق پیما استعمال ہوسکتا ہے۔ لیکن چونکہ اس میں زاویہ انصراف کی پیمائش کی جاتی ہے اس لئے اس سے اس قدر صحیح نتیجہ کی توقع نہیں ہوسکتی جسقدر کلون کے دوہرے پل کے طریقہ سے ہوسکتی ہے جو عدم انصراف پر مبنی ہے [واضح ہو کہ موخرالذکر طریقہ کسیقدر مشکل ہے، اصل کتاب میں اس کا ذکر نہیں کیا گیا ہے۔ لیکن مترجم نے اس کو کتاب کے ضمیمہ میں طلباء کے استفادہ کی غرض سے شامل کرلیا ہے۔]

فصل (د) بہت بڑی مزاحمتوں کی پیمائش

معمولی وضع کی پوسٹ آفس بکس کے ذریعہ ایک لاکھ اوم تک کی مزاحمت کی پیمائش ہوسکتی ہے۔ شکل (۵۷) کے ملاحظہ سے ظاہر ہوگا کہ پل کے ف اور ق پہلوؤں میں بالترتیب ۱۰ اوم اور ۱۰۰۰ اوم کی مزاحمتیں داخل کرنے سے تغیّر پذیر پہلو (د) کی بڑی سے بڑی مزاحمت کی ۱۰۰ گنا مزاحمت ناپی جاسکتی ہے۔ چونکہ پہلو (د) کی مزاحمت دس ہزار اوم سے زیادہ نہیں ہوتی ہے اس لئے اس طریقہ سے زیادہ سے زیادہ ایک لاکھ کی مزاحمت کی پیمائش ہوسکتی ہے۔ اس سے زائد مزاحمتوں کی تعیین کے لئے ضروری ترمیم کے ساتھ "طریقہ تبادلہ" استعمال ہوسکتا ہے۔ دی ہوئی بڑی مزاحمت ایک معلوم رو پیا کے [illegible] مستقل م، ب کے مورچہ کے ساتھ سلسلہ جوڑی جاتی ہے اور رو پیا کا انصراف معلوم کرلیا جاتا ہے۔ پھر وہی مورچہ ایک تغیّر پذیر بڑی مزاحمت کے ساتھ رو پیا سے ملایا جاتا ہے، لیکن اس

مرتبہ رو بیما کے ساتھ ایک 'شنٹ' استعمال کیا جاتا ہے تاکہ اس سے مجموعی رو کی ایک معلوم کسر بہے۔ اگر نیشتر کے مساوی انصراف حاصل ہوسکتا ہے تو دی ہوئی غیر معلوم مزاحمت کی حسابی تخمین ہوسکتی ہے۔ اگر تغیر پذیر مزاحمت اسقدر بڑی نہ ہو کہ انصراف نیشتر کے مساوی ہوسکے تو بڑی سے بڑی بے مزاحمت مہیا ہوسکتی ہے اس کو شریک دور کرکے انصراف معلوم کرلیا جاتا ہے، اور حسابی عمل میں یہ فرض کرلیا جاتا ہے کہ انصراف مذکور رو پیما پر سے بہنے والی رو کے متناسب ہے۔ ایک دوسرا طریقہ جو ایسی صورت میں استعمال ہوسکتا ہے یہ ہے کہ مورچہ کے م، ب میں ایک معلوم اور مناسب تبدیلی پیدا کی جائے مثلاً اگر مورچہ مساوی م، ب کے خانوں پر مشتمل ہے تو خانوں کی تعداد میں تبدیلی کی جائے

بڑی مزاحمتوں کی تخمین میں ضروری ہے کہ آلات تجربہ کا ہر ایک حصہ کافی احتیاط کے ساتھ مجوز رہے۔ مثلاً جوڑ ملانے کے تاروں کو میز کو چھونے نہ دیا جائے، اس لئے کہ میز کی مزاحمت ممکن ہے کہ مزاحمت زیر امتحان کے ہم پلہ ہو

تجربہ (۵۹)۔ کوئلہ کی دہنجی کی مزاحمت کی تعیین۔ اس تجربہ کے لئے ایک بڑی مزاحمت اس طرح تیار کی جاسکتی ہے کہ آبنوس کی تختی پر دو پیتل کے باندھنے کے پیچدار سرے جمادئے جائیں اور ان کو ایک دوسرے کے ساتھ معمولی کوئلہ یا گرافائٹ کی پنسل سے تختی پر لکیریں کھینچکر ملایا جائے۔ تختی کو اس کے بعد ڈکن کے ذریعہ ڈہانپ بھی دیا جائے تاکہ کوئلہ کی لکیریں (یا دہجیاں) مٹ نہ جائیں۔

غیر معلوم مزاحمت کو ۶ یا ۸ اولٹ کے م، ب کے ایک

مورچہ، ایک ڈاٹ کنجی اور ایک حساس رو پیما کے ساتھ ہمسلہ ملا دو۔ دیکھو کہ جب پوری رَو رَو پیما پر سے گزرتی ہے تو اس کا انصراف ن۱ کیا ہے۔

اب غیر معلوم مزاحمت کو دَور میں سے علیحدہ کرکے ایک تغیر پذیر بڑی مزاحمت (مثلاً ایک پوسٹ آفس کی بکس) اس کی جگہ شریک کر دو۔ اور رَو پیما کو اس کی مزاحمت کے $\frac{۱}{۹۹۹}$ مزاحمت کے چھے کے ذریعہ "شنٹ" کرو تا کہ رَو پیما سے مجموعی رَو کا صرف $\frac{۱}{۱۰۰۰}$ حصہ گزرے۔ پھر بکس کی مزاحمت کو اس انداز پر لاؤ کہ رَو پیما کا انصراف پہلے مشاہدہ کے مساوی ہو چونکہ مجموعی رَو اب سابقہ رَو کی ہزار گنا ہے اس لئے مزاحمت زیر دریافت یعنے غیر معلوم مزاحمت بکس سے لی ہوئی مزاحمت کی ۱۰۰۰ گنا ہوگی۔

اگر اس طریقہ سے انصراف پیشتر کے مساوی چھوٹا (یعنے ن۱) نہ ہوسکے تو بکس میں سے پورے دس ہزار اوم کی مزاحمت لیکر دیکھو رَو پیما کا انصراف (ن۲) کیا ہے جبکہ اس پر سے مجموعی رَو کا $\frac{۱}{۱۰۰۰}$ حصہ گزرتا ہے۔ چونکہ انصراف برقی رَو کے متناسب مانا جاسکتا ہے اور برقی رو مزاحمت کے ساتھ بالعکس بدلتی ہے اس لئے مزاحمت زیر دریافت $۱۰۰۰ \times ۱۰۰۰ \times \frac{ن۲}{ن۱}$ اوم ہوگی۔

اسی طرح انصرافوں کا مشاہدہ کرکے غیر معلوم بڑی مزاحمت کی حسابی تخمین کی جائے۔

چھٹا باب

برق پاشیدگی - برقی کیمیائی معاول

فصل (۱) برق پاشیدگی

ایسا مائع جس کے اندر سے برقی رَو گزر کر اس کی تحلیل کردیتی ہے برق پاشیدہ کہلاتا ہے، اور اس عمل تحلیل کو برق پاشیدگی کہتے ہیں - پانی میں نمکوں اور ترشوں کے حل، اور بعض مرکبات جب حرارت سے پگھل جاتے ہیں، برقی رَو ان میں سے گزرتی ہے، تو تحلیل ہوجاتے ہیں اور اس تحلیل کے اجزاء صرف انہی تختیوں پر دکھائی دیتی ہیں جہاں کہ برقی رَو مائع میں داخل ہوتی ہے، یا اس کے باہر نکل آتی ہے - یہ تختیاں ایلکٹروڈ یا برقیرہ کہلاتے ہیں - وہ تختی جہاں برقی رَو برق پاشیدے کے خانہ میں داخل ہوتی ہے اینوڈ کہلاتی ہے

اور دوسری تختی جہاں رَو خانہ کے باہر نکل آتی ہے کیتھوڈ کہلاتی ہے۔ پس ظاہر ہے کہ برق پاشیدے کے خانہ (یا وولٹا میٹر یعنے کیمیائی برقی رَو پیما) کے اندر برقی رَو اینوڈ سے کیتھوڈ کی طرف جاتی ہے۔ فلزی (یا برقی مثبت) ایُون جن میں ہیڈروجن کے ایُون بھی شامل ہیں برقی رَو کے ساتھ کیتھوڈ کی طرف جاتے ہیں۔

مائکل فیراڈے اپنی مشہور تصنیف "اکسپیرمنٹل ریسرچیز" (تجرباتی تجسسات) میں لکھتا ہے: "میں چاہتا ہوں کہ بغرض امتیاز ایسی چیزوں کا جو تحلیل ہونے والی چیز کے اینوڈ کی طرف جاتی ہیں اینایوں نام رکھوں، اور جو چیزیں کیتھوڈ کی طرف جاتی ہیں ان کا نام کیٹایوں رکھوں۔ اور جب ان دونوں کو ملا کر کہنا ہو تو انکو ایون کے نام سے مخاطب کروں"

فیراڈے کے تجربوں سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچی ہے کہ برق پاشیدے میں سے برقی رَو کے گزرنے سے کسی ریڈیکل (اصلیہ) کی جو کمیت (ک) آزاد ہوتی ہے برق پاشیدے میں سے گزرنیوالی مقدار برق (م) کے راست متناسب ہوتی ہے۔ لیکن چونکہ (م) برقی رَو (ر) اور وقت (و) کے حاصل ضرب کے مساوی ہے (م = ر و) لہٰذا ک کو ر و کے ساتھ راست تناسب ہے۔

اگر ایک ہی رَو متعدد کیمیائی برق پیماؤں میں سے گزرتی ہے جن میں مختلف برق پاشیدے ہوں تو ہر ہر ایُون کی جو مقدار کیمیائی عمل میں شریک ہوتی ہے اس کے متعلق کیمیائی معادل کے متناسب ہوتی ہے۔ کیمیائی معادل سے مراد کسی ایون یا ریڈیکل اصلیہ کی وہ کمیت ہے جو ہیڈروجن کی

اکائی کمیت کے ساتھ ترکیب کہائے یا اس کی جگہ خود داخل ہوجائے۔ عنصر کی صورت میں کیمیائی معادل سے مراد کمیت جوہر / گرفت ہے۔ چنانچہ تانبے کا کیمیائی معادل کسی کیوپرس (Cuprous) نمک مثلاً کیوپرس کلورائیڈ (CuCl) میں ۶۳ ہے اس لئے کہ تانبے کے جوہر کی کمیت ۶۳ ہے اور اس کی گرفت اکہیری ہے۔ لیکن کیوپرک نمک مثلاً کیوپرک کلورائیڈ ($CuCl_2$) میں تانبے کا کیمیائی معادل $\frac{۶۳}{۲}$ ہے اس لئے کہ یہاں تانبے کی گرفت دوہری ہوتی ہے۔

کسی ایون کے برقی کیمیائی معادل (ع) سے مراد اس ایون کی کمیت (گراموں میں) ہے جو برقی کی اکائی کے گزرنے سے برق پاشیدے میں سے آزاد ہوتی ہے۔ پس اس تعریف سے یہ نتیجہ مترتب ہوتا ہے:-

$$ک = ع م = ع ر د$$

مندرجہ بالا بیانات سے یہ نتیجہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ کسی ایون کا برقی کیمیائی معادل اس ایون کے کیمیائی معادل کے ساتھ راست طور پر متناسب ہے یا اگر مساوات کی شکل میں بیان کرنا ہو تو کسی ایون کا برقی کیمیائی معادل = اس ایون کا کیمیائی معادل × ہیڈروجن کا برقی کیمیائی معادل۔

مقدار برق یا برقی رو کی عملی اکائیوں کی اکثر کسی برق پاشیدے کے کیمیائی عمل کے حوالہ سے تعریف کی جاتی ہے، جو برق کے بہنے سے وقوع میں آتا ہے۔ چنانچہ بین الاقوامی

کولومب * وہ مقدار برق قرار دی گئی ہے جو سلور نائٹریٹ کے تعدیلی آبی حل میں سے گزر کر چاندی کی کمیت بقدر ۰٫۰۰۱۱۱۸ گرام رہا کرے۔ اسی طرح بین الاقوامی امپیر وہ برقی رو قرار دی گئی ہے جو سلور نائٹریٹ کے تعدیلی آبی حل میں سے ۰٫۰۰۱۱۱۸ گرام چاندی رہا کرے۔ پس اس تصریح کے بموجب چاندی کا برقی کیمیائی معادل ۰٫۰۰۱۱۱۸ گرام فی کولومب ہے۔ چاندی کا کیمیائی معادل (ہیڈروجن کے حوالہ سے) ۱۰۷٫۰۲ ہے۔ پس ہیڈروجن کا برقی کیمیائی معادل ۰٫۰۰۰۰۱۰۴۵ گرام فی کولومب ہے۔

کسی یک گرفتی عنصر کے ایک گرام جوہر کو اسکے مرکب سے آزاد کرنے کے لئے جس مقدار برق کی ضرورت ہوتی ہے $\frac{۱۰۷٫۸۸}{۰٫۰۰۰۱۱۱۸}$ یا تقریباً ۹۶۵۰۰ کولومب ہے۔ اس کے لئے ایک فیراڈے نام تجویز ہوا ہے۔

واضح ہو کہ عنصر کے ایک گرام جوہر سے مراد اس عنصر کی وہ کمیت مادّہ ہے جس کی تخمینین گراموں میں اسی عدد سے ہوتی ہے جو اس عنصر کی کمیت جوہر کے لئے تجویز ہوا ہے۔ آکسجن کی کمیت جوہر اگر ۱۶ مانی جائے تو چاندی کے ایک گرام جوہر میں ۱۰۷٫۸۸ گرام ہونگے۔

[*قانونی یا بین الاقوامی کولومب اور امپیر

جن کی اوپر تعریف ہوئی ہے، اس کولومب اور امپیر سے بہت ہی خفیف تفاوت رکھتے ہیں جن کی برقی رو کے مقناطیسی اثر کے ذریعہ تعریف ہوتی ہے۔]

فصل (۲) برقی کیمیائی معادلوں کی تعیین

ہیڈروجن کا برقی کیمیائی معادل

پانی میں سلفیورک ایسڈ (گندک کے ترشہ) کا ہلکا حل بنا کر اس کے اندر سے پلاٹینم کے الیکٹروڈ (یعنے برقی رہوں) کے ذریعہ اگر برقی رَو بہائی جائے تو ترشہ کی تحلیل ہوکر اینوڈ کے پاس آکسیجن گیس پیدا ہوتی ہے اور کیتھوڈ کے پاس ہیڈروجن گیس۔ موجودہ صورت میں برقی رَو صرف اُس وقت مسلسل بہیگی جبکہ مبداء رَو کا محرکہ برق ۱٫۵ اولٹ سے بلند تر ہو۔ کیونکہ ترشہ کی تحلیل سے برقی رہوں پر جو اجزاء تحلیل جمع ہوتے ہیں خود ایک نئے برقی خانہ کی تختیوں کا سا اثر پیدا کرتے ہیں۔ یہ نیا "خانہ" اصلی مبداء رَو کے خلاف عمل کرتا ہے اور اس لئے اس کا محرکہ برق جو تقریباً ۱٫۵ اولٹ ہوتا ہے رجعی م ق ب کہلاتا ہے۔ اگر ترشہ کے حل میں سے گزرنے والی برقی رَو بہت ہی کم طاقت رکھتی ہے تو ممکن ہے کہ ترشہ کی تحلیل سے جو ہیڈروجن پیدا ہو پانی کے اندر حل ہوجائے اور گیس کے کوئی بلبلے نکلتے ہوئے نظر نہ آئیں۔ لیکن اگر رَو زوردار ہو تو پانی گیس سے جلد سیر ہوجائیگا اور بلبلے آزادی کے ساتھ نکلتے ہوئے نظر آئینگے۔ اور اس طرح ہیڈروجن گیس ایک مناسب برتن میں جمع کرلی جاسکتی ہے۔

اس کام کے لئے بجائے سلفیورک ترشہ کے حل کے


دوسرے حل بھی استعمال ہوسکتے ہیں۔ مثلاً بہت خالص ہیڈروجن کی تیاری جب مقصود ہوتی ہے تو بیریم ہیڈراکسائیڈ ($Ba(OH)_2$) کا حل اکثر استعمال کیا جاتا ہے۔

ہیڈروجن کے برقی کیمیائی معادل کی تعیین کے لئے حل کے اندر سے ایک معلوم برقی رَو کو ایک معلوم مدت تک بہانا پڑتا ہے، اس سے جو ہیڈروجن گیس پیدا ہوتی ہے اس کو جمع کرکے تپش اور دباؤ کے ساتھ گیس کا حجم ناپنا ہوتا ہے اور پھر اس سے گیس کی کمیت حساب کرلی جاتی ہے۔

رَو ناپنے کے لئے مماسی رَو پیما استعمال ہوسکتا ہے کیونکہ اس کے ذریعہ برقی رَو کی مطلق اکائیوں میں پیمائش ہوتی ہے لیکن متحرک چھجے والے ام پیما سے کام لینے میں اکثر زیادہ آسانی ہوتی ہے۔ اس ام پیما کی سعت اگر صفر سے ۳ ایمپیر تک ہو تو مناسب ہوگا۔ مماسی رَو پیما کے ذریعہ اس کی پیشتر ہی سے تعییر کرلینی چاہئے۔ (جیسا کہ تجربہ ۳۹ میں صراحت ہوئی ہے)۔ مورچہ کا مثبت سرا بالالتزام ام پیما کے + نشان کے سرے کے ساتھ ملانا چاہئے۔ ۱ یا ۲ ایمپیر کی رَو عموماً کافی ہوتی ہے۔ اگر مورچہ کے ذریعہ رَو حاصل کی جاتی ہے تو اس کے خانوں کی تعداد میں تغیر کرکے ضرورت کے موافق رَو استعمال کرسکتے ہیں۔ اور اگر سیدھی رَو کے خزانہ سے برقی روشنی مہیا کی جاتی ہو تو رَو میں کافی مزاحمت (مثلاً مناسب وضع کے لمپ کو) شریک کرکے حسب ضرورت رَو اخذ کرسکتے ہیں۔ گیس کو جمع کرنے کے لئے متعدد قسم کے آلے ایجاد ہوئے ہیں۔ لیکن یہاں صرف دو قسم کے آلوں کی تشریح کیجائیگی۔

(۱) ملوتی گیسوں کے جمع کرنے کا آلہ۔ آلہ کا شیشہ

کا حصہ شکل (۶۴) کے بموجب بنایا جاتا ہے۔ دونوں برقیرہوں کے پاس سے جو گیسیں نکلتی ہیں ایک ہی نلی میں جمع ہوجاتی ہیں۔ اس نلی کی مکعب سنتی میٹروں میں درجہ بندی ہوتی ہے۔ چونکہ پانی کی ترکیب میں ہیڈروجن کے دو حجم کے ساتھ آکسجن کا ایک حجم شامل ہے اس لئے جمع کی ہوئی گیسوں کے مجموعی حجم کا صرف $\frac{۲}{۳}$ حصہ ہیڈروجن کا حجم ہوتا ہے۔ تجربہ کرنے کے بعد آلہ کو ذرا سا ٹیڑھا کرنے سے گیس خارج ہوکر درجہ دار نلی میں پھر پانی بھر جاتا ہے۔ اس لحاظ سے یہ آلہ جلد جلد تجربے کرنے کے لئے بہت موزوں ہے۔ معہذا اس میں سے ایسڈ کا حل اچھلکر تجربہ خانہ کی میز کو نقصان بھی نہیں پہنچ سکتا۔




شکل (۶۴)
ملونی گیسونکا کیمیائی برق پیما

تجربہ (۶۰) - ہیڈروجن کے ب'ک'م کی تعیین

(۱) شکل (۶۵) کے معائنہ سے آلات کی ترتیب معلوم ہوجائیگی۔ اس طرح بندشین ملا لینے کے بعد ڈاٹ کنجی

کو اس کی جگہ میں داخل کرکے چند دقیقوں کے لئے دَور مکمل کر دیا جائے تاکہ اس کا تیقن ہو جائے کہ ام پیما کا انحراف مناسب ہے اور گیس کے بلبلے برقیرہوں کے پاس اچھی طرح برآمد ہو رہے ہیں۔ اگر برقی رَو ذخیرہ خانوں کے مورچہ سے حاصل کی جا رہی ہے تو بندش کے تاروں کے ساتھ مزاحمت کے تار کا ایک ٹکڑا۔ (مثلاً پلاطینائیڈ یا منگانن کا) استعمال کیا جائے تاکہ برقی رَو ٹھیک طاقت سے بہے۔ اصل تجربہ شروع کرنے سے پہلے ابتدائی مراحل میں درجہ دار نلی کے اندر گیس کے جو بلبلے جمع ہو گئے ہوں ان کو نکال دینا چاہئے۔



شکل (۹۴)

ب، ک، م کی تعیین کے لئے تجربہ

برقی رَو اور چلکنی گھڑی کو ایک ساتھ چالو کرو۔ اور گیسوں کو نلی کے اندر جمع ہونے دو یہانتک کہ اس کا درجہ دار حصہ ان سے بھر جائے۔ ہر آدھے دقیقہ کو ام میٹر کا انصراف پڑھ لو اور ان سب کا اوسط نکال کر اوسط برقی رَو جو پانی میں سے گزری ہے حساب کر لو۔ گیس جب کافی مقدار میں جمع ہو جائے تو برقی رَو اور گھڑی دونوں کو ایک ساتھ روک دو اور دیکھو برقی رَو کتنے ثانیوں تک برق پاشیدے میں سے بہتی رہی۔ پھر جمع شدہ گیسوں کا حجم (مکعب سم میں) پڑھ کر ہیڈروجن گیس کا حجم ح مکعب سم (جو مجموعہ کا $\frac{۲}{۳}$ حصہ ہے) دباؤ اور تپش کی کیفیت معلوم کرکے نوٹ کر لو۔

اس حجم کی طبعی دباؤ اور تپش کے لحاظ سے تصحیح ہونی چاہئے یعنے صفر درجہ مئی اور پارے کے ۷۶۰ ملی میٹر دباؤ کے تحت اسکی کیا قیمت ہوگی معلوم کرنا چاہئے۔

[نوٹ گیس کو نلی کے اندر اتنی دیر تک بھی جمع ہونے دینا چاہئے کہ ظروف کے پاس سے ہٹ کر نیچے اتر آئے ورنہ اس قسم کے آلہ سے دہانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ کیونکہ گیسیں مخلوط ہوتی ہیں اور برقی رَو اں میں سے گزرنے کا احتمال ہے۔]

تپش کے اثر کی تصحیح۔ چونکہ ازروے کلیہ شاؤل گیس کا حجم اس کی مطلق تپش کی مناسبت سے بدلتا ہے اگر بوقت تجربہ کمرے کی تپش ت° مطلق ہو (یعنے ۲۷۳° + تپش مئی جو مشاہدہ ہوئی ہو) تو صفر درجہ مئی یعنے ۲۷۳° مطلق تپش پر گیس کا حجم

$$\text{ح} \times \frac{۲۷۳}{\text{ت}}$$ مکعب سم ہوگا۔

[واضح ہو کہ گیس کا حجم ت° مطلق تپش پر (ح) مکعب سم ناپا گیا تھا]

دباؤ اور آبی بخار کے اثر کی تصحیح۔ اگر تجربہ کے اختتام پر نلی میں گیسوں کے آمیزہ کا حقیقی دباؤ پارے کے (ا) ملی میٹر اسطوانہ کے مساوی تھا اور بار پیما کی بلندی (ب) ملی میٹر تھی تو ب اور د میں اختلاف، نلی کے دونوں پہلوؤں میں پانی کی بلندی مساوی نہ ہونے کی وجہ سے ہوگا۔ پس اگر پانی کی سطحوں میں اُ مم کا فرق ہے تو اختلاف مذکور پارے کے $\frac{\text{اُ}}{۱۳٫۶}$ ملی میٹر بلند اسطوانہ کے دباؤ کے برابر ہے، اس لئے کہ پارے کی کثافت تقریباً ۱۳٫۶ ہے۔ پس

$$\text{ا} = \text{ب} + \frac{\text{اُ}}{۱۳٫۶}$$

لیکن یہ یاد رکھنا چاہئے کہ گیسوں کا مجموعی دباؤ (د) ہیڈروجن اور آکسیجن کے دباؤ دَ اور نلی میں کے آبی بخار کے دباؤ (دَ) کا حاصل ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ نلی میں پانی کے اوپر کی فضا آبی بخار سے سیر ہے۔ لہٰذا دَ کمرے کی تپش پر آبی بخار کا پارے کی ملی میٹروں میں سیری دباؤ ہے۔

یعنے دَ = د - دَ یا دَ = ب + $\frac{۱}{۱۳٫۶}$ - دَ

پس ازروئے کلیہ بائل آکسیجن اور ہیڈروجن کا حجم معیاری دباؤ (۷۶۰ مم) اور صفر درجہ مئی کے تحت

ح. = ح × $\frac{۲۷۳}{ت}$ × $\frac{دَ}{۷۶۰}$ مکعب سم ہے

= ح × $\frac{۲۷۳}{ت}$ × $\frac{ب + \frac{۱}{۱۳٫۶} - دَ}{۷۶۰}$ مکعب سم

اور ہیڈروجن گیس کا حجم اس حجم کا $\frac{۲}{۳}$ حصہ ہے۔

چونکہ ہیڈروجن گیس کے ایک لیٹر کی کمیت صفر درجہ مئی اور ۷۶۰ مم پارے کے دباؤ کے تحت ۰٫۰۸۹۸۷ گرام ہے معیاری دباؤ اور تپش کے تحت ہم اس کے ایک مکعب سنتی میٹر کی کمیت تقریباً ۰٫۰۰۰۰۹ گرام لے سکتے ہیں۔ پس اس تجربہ میں جو ہیڈروجن جمع کی جاتی ہے اس کی کمیت

ک = $\frac{۲}{۳}$ ح × ۰٫۰۰۰۰۹ گرام ہے

اور ہیڈروجن کا برقی کیمیائی معادل (ع) ضابطہ ذیل سے حساب کرلیا جاسکتا ہے۔

ع = $\frac{ک}{کا}$

یہی تجربہ برقی رو (س) کی قیمتیں بدل بدل کر دوہرایا جاسکتا ہے۔


(۲) گیسوں کو علٰحدہ علٰحدہ جمع کرنے کا آلہ۔ شکل

(۶۶) میں جو آلہ بتایا گیا ہے اس کے ذریعہ ہیڈروجن اور آکسیجن گیسیں علٰحدہ علٰحدہ دو اوندھے امتحانی نلیوں یا نالچوں میں جمع کی جاتی ہیں۔ تجربہ شروع کرنے سے پہلے ان نلیوں کو پانی سے بھر کر پلاٹینم کے برقیرہوں پر اوندھا دیا جاتا ہے۔

تجربہ (۶۱) ۔ہیڈروجن کے ب، ک، م کی تعیین

(۲)۔ شکل (۶۵) کی طرح برقی بندشیں ملا دو اور گیسوں کو جمع کرنے کی نلیوں میں پانی بھر کر انہیں اپنے اپنے مقام پر جما دو۔

پانی میں نلی کا منہ جس عمق پر واقع ہوتا ہے اس کی تبدیلی کے ساتھ آلہ کی برقی مزاحمت میں معتدبہ تبدیلی پیدا ہوتی ہے۔ پس اس تجربہ میں محض نلیوں کی وضع تبدیل کرکے مناسب طاقت کی رَو پیدا کی جاسکتی ہے۔ لیکن اس کی بھی احتیاط کی جانی چاہیئے کہ سب بلبلے شیشہ کی نلی میں داخل ہوجائیں۔ اگر نلی کا منہ برقیرہوں



شکل (۶۶)
گیسوں کو علٰحدہ جمع کرنے کا کیمیائی برقی پیما

سے اوپر ہو یا پانی میں کافی عمق تک ڈوبا ہوا نہ ہو تو احتمال ہے کہ کچھ بلبلے نلی کے باہر نکل جائیں۔ طریقہ عمل اس آلہ کے ساتھ بھی وہی ہے جو ملوں گیسوں کے آلہ کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ البتہ فرق صرف اتنا ہے کہ کیتھوڈ کی نلی میں جو ہیڈروجن جمع ہوتی ہے اس سے نلی کو یہاں تک بھرنے دیا جاتا ہے کہ نلی کے اندر اور باہر پانی کی سطح ایک ہو جائے ایسی صورت میں گیس (اور آبی بخار) کا دباؤ کرۂ ہوائی کے دباؤ کے مساوی ہوگا یعنے ل کی قیمت صفر ہو جائیگی۔ اور دَ ۔ ب۔ گ اثر پس کی تصحیح کرکے ہیڈروجن گیس کا حجم صفر درجہ مئی اور ۷۶۰ ملی میٹر پارے کے دباؤ کے تحت

$$ح = ج \times \frac{۲۷۳}{ت + ۲۷۳} \times \frac{ب - دَ}{۷۶۰}$$

واضح ہو کہ یہاں (ت) سے آلہ کے اندر کے پانی کی مٹی تپش مراد ہے۔


(کیپرک) تانبے کے برقی کیمیائی معادل کی تعیین

تانبے کے برقیرہوں کے بیچ میں سے تانبے کے کسی نمک کے آبی حل کے اندر سے برقی رَو بہائیں تو اینوڈ کا تانبا گل جائیگا اور کیتھوڈ پر برآمد ہوگا۔ یہ کیمیائی عمل مقدار برق کے متناسب ہوگا جو نمک کے حل میں سے بہیگی۔ تجربہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اینوڈ کے نقصان یا کیتھوڈ کی تمین سے کیمیائی عمل کا صحیح اندازہ نہیں ہو سکتا اس لیے کہ اس تختی پر سے جیلی طور پر کچھ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ڈھیلے ہو کر مائع میں گر پڑتے ہیں۔ اسی وجہ سے کئی تجربوں میں ہمیشہ کیتھوڈ کے اضافہ کمیت ہی کی تمین

کی جاتی ہے۔ موجودہ تجربہ کی غایت یہ ہے کہ تانبے کا برقی میدانی معادل دریافت کیا جائے۔ یعنے ایک کولومب برق کے بہنے سے کتنا تانبا آزاد ہوتا ہے معلوم کیا جائے۔ پس اس کے لئے برقی رَو کی مطلق پیمائش کا آلہ چاہئے اور جتنی دیر تک برقی رو بہتی ہو مشاہدہ کر لی جائے۔ اکثر تجربوں میں تانبے کے ب ک م کی قیمت فرض کر لی جاتی ہے اور اس کے ذریعہ کسی دی ہوئی برقی رَو کی طاقت دریافت کی جاتی ہے۔

جس آلہ کے ذریعہ یہ تجربے عمل میں آتے ہیں تانبے کا کیمیائی رَو پیما کہلاتا ہے۔ شیشہ کے ایک مرتبان میں، باعتبار وزن ۲۰ حصے نیلے طوطے (کاپر سلفیٹ) کی قلمیں اور ۸۰ حصے پانی میں حل کی جاتی ہیں۔ اس میں ایک فی صد مرتکز سلفیورک ترشہ شریک کرکے حل کو خفیف سا ترشی بنا دیا جاتا ہے۔ ایوڈ دو متشابہ تانبے کی تختیاں ہوتی ہیں جو باہمد گر متوازی ہیں اور آبنوسہ کی ایک آڑی تختی سے لٹکتی ہوئی ہوتی ہیں۔ یہ آڑی تختی شیشہ کے مرتبان پر ٹکی رہتی ہے۔ کیتھوڈ تانبے کی ایک تختی ہے جو رقبہ میں ایوڈ کی تختیوں میں کی ایک تختی کے تقریباً مساوی ہے، اور ان دونوں کے بیچ میں واقع ہوتی ہے۔ آبنوسہ کی تختی [illegible] چھوٹا کنڈا رکھا ہوا ہوتا ہے اور کیتھوڈ کی تختی اس کنڈے کے ساتھ صرف ایک بند پیچ کے ذریعہ باندھ دی جاتی ہے تاکہ اس کو تولنے کے لئے نکالنے میں سہولت ہو۔ ایوڈ اور کیتھوڈ دونوں اسی دھات کے بنے ہوئے ہوتے ہیں جو برقی رَو کے بہنے سے ملغ میں سے خارج ہوتی ہے۔ اقطاب کی وجہ سے رَو کی محرکہ برق پیدا ہونے نہیں پاتا اور چھوٹے

سے چھوٹے م، ب سے، جو مائع پر باہر سے عمل کرے تانبے کا اخراج دقوع میں آئیگا۔ اگر برقی رَو بہت کمزور ہے تو صحت کے ساتھ تولنے کے قابل تانبا خارج ہونے کے لئے بہت عرصہ تک ٹھیرنا پڑتا ہے۔ اور اس کے برعکس اگر برقی رَو بہت زور دار ہے تو تانبے کے چھلکے تختی سے ٹوٹ کر گرنے کا اندیشہ ہے۔ تانبا مائع سے خارج ہوکر کیتھوڈ کی تختی پر مضبوط




شکل (۶۷)
تانبے کا کیمیائی برقی رَو پیما

اور ہموار شکل میں جمنے کے لئے برقی رَو کی شرح تختی کی سطح کے ہر ۵۰ یا ۶۰ مربع سم کے لئے ایک امپیر سے متجاوز نہ ہونی چاہئے۔ اس لئے کیتھوڈ کے دونوں پہلوؤں کا رقبہ معلوم کرکے اس کے لحاظ سے جو اعظم برقی رَو درکار ہوگی اس سے رَو پیما کا تقریبی انصراف کیا ہوگا حساب کرلینا چاہئے اگر کیتھوڈ ۵ سم چوڑی مستطیل شکل کی تختی ہو اور مائع میں ۱۰ سم عمیق ڈوبی ہوئی ہو تو برق پاشیدگی کے لئے تقریباً ۲ امپیر کی رَو استعمال ہونی چاہئے اور کم از کم آدھے گھنٹہ تک

عمل جاری رکھا جائے۔

تجربہ (۶۳) - تانبے کے ب، ک، م کی تعیین

شکل (۶۸) کی طرح آلات کو ترتیب دو اور اس کی احتیاط رہے کہ برق باشیدگی کے ظرف کا کینہوڈ مورچہ کے منفی قطب سے ملایا جائے۔



شکل (۶۸)

تانبے کا ب، ک، م

خ برقی مورچہ ہے۔ یہاں صرف ایک ثانوی، یا ذخیرہ خانہ کافی ہوگا۔

ظ برق باشیدگی کا ظرف یعنے کیمیائی برقی رو پیما ہے۔

ز ایک تغیر پذیر مزاحمت ہے۔ اس کے لئے پلاٹینائیڈ تار کا ایک کافی لمبا ٹکڑا اچھا کام دیسکتا ہے۔

ق ایک منقلب ہے۔

پ ایک ماسی رو پیما ہے۔

اس تجربہ میں ایک ہی پھیے کا ماسی رو پیما استعمال ہوتا ہے، جس میں تانبے کے موٹے تار کے صرف ایک یا دو چکر ہوتے ہیں۔ رو پیما کے نزدیک لوہے کی قسم کی کوئی چیز

نہ ہونی چاہئے۔ اور اس کا مستوی مقناطیسی نصف النہار کے
متوازی ہونا چاہئے اور رَو بہنے سے پہلے سوئیاں صفر نشانوں
پر واقع ہونی چاہئیں۔ رَو پیما کو منقلب کے ساتھ ملانے کے تار
ایک دوسرے پر موڑ دیئے جانے چاہئیں اور رَو پیما سے انکو
پرے رکھنا چاہئے تاکہ ان کی وجہ سے کوئی مخل مقناطیسی
میدان رَو پیما کی مقناطیسی سوئی پر اثر نہ کرے۔

ہوڈ کی تختی کو پہلے ریت یا چینی کے سفوف اور پانی
سے سان کر لیتے ہیں۔ اس کے بعد اس کو پانی میں دھوکر
برقی پاشیدگی کے ظرف میں داخل کرکے مزاحمت (ز) کو
حسب ضرورت ٹھیک کرتے ہیں تاکہ برقی رَو مناسب مقدار
میں بہے۔ دو ایک دقیقہ تک رَو کو بہنے دیکر دَور منقطع
کر دیا جاتا ہے اور تھوڑی تختی معائنہ کے لئے مائع کے باہر
نکال لی جاتی ہے۔ اگر عمل درست رہا ہے تو تختی کا جو حصہ
مائع میں ڈوبا ہوا تھا اس پر نئے تانبے کے سرخ رنگ کا
صاف استر دکھائی دینا چاہیے۔ [اگر تختی کا رنگ سیاہی مائل
ہے تو سمجھنا چاہئے دَور کی بندشوں میں غلطی ہوئی ہے۔]
سرخ رنگ کے استر کو دھوکر احتیاط سے خشک کر لیا جائے
تختی پر پہلے جاذب کاغذ آہستہ سے دباکر اس پر کا پانی دُور
کر دیا جاسکتا ہے۔ اور پھر اس کو بنسنی یا شراب کی مشعل کے
شعلہ سے اوپر تا دَور پکڑکر باقیماندہ رطوبت خارج کر دیجاسکتی
ہے۔ دور اس لئے رکھنا چاہئے کہ تانبا جلکر اکسائیڈ نہ ہوجائے۔
اس طرح خشک ہونے کے بعد کیتھوڈ کی تختی کو کیمیائی ترازو
میں تول کر ایک ملی گرام تک صحیح وزن معلوم کر لیا جائے۔
پھر تختی کو برقی پاشیدگی کے ظرف میں داخل کرکے گھڑی
میں وقت دیکھ کر برقی رَو کو چالو کیا جائے، اور کم از کم آدھے

گھنٹہ تک اس کو جاری رکھا جائے۔ پہلے پانچ دقیقوں میں رَو پیما کا انصراف مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد فوراً منقلب کنجی کو پھیر کر رَو پیما میں رَو کی سمت الٹ دی جاتی ہے، اور انصراف معلوم کرلیا جاتا ہے۔ اسی طرح ہر پانچ منٹ کے وقفہ سے رَو کی سمت الٹ دی جاتی ہے۔

نتیجہ اس طرح قلمبند کیا جائے :-

وقت	اوسط انصراف	مماس
صفر منٹ		
۵	+ ۳۵٫۰ درجہ	۰٫۷۰۰۲
۱۰	- ۳۶٫۵	۰٫۷۴۰۰
۱۵	+ ۳۶٫۰	۰٫۷۲۶۵
۲۰	- ۳۶٫۰	۰٫۷۲۶۵
۲۵	+ ۳۵٫۵	۰٫۷۱۳۳
۳۰	- ۳۵٫۰	۰٫۷۰۰۲
	اوسط	۰٫۷۱۷۸

دوران تجربہ جو اوسط رَو بھی ہے اس کی قیمت امپیروں میں ضابطہ ذیل سے ملتی ہے :

$$ر = ۱۰ \times \frac{ف}{م} \text{ مس عہ}$$

جس میں ر = اوسط برقی رَو امپیروں میں

مس عہ = انصرافوں کا اوسط مماس

م = مقناطیسی میدان جو رَو پیما کے پچھے کے مرکز پر س، گ، ت برقی مقناطیسی اکائی رَو سے پیدا ہوتا ہے۔

ف = زمین کے افقی مقناطیسی میدان کی حدت
[جس کی قیمت حیدرآباد میں ۰٫۳۶۵ ڈائین لیجاسکتی ہے]
رَد پیما اگر معمولی مماسی رَد پیما ہے اور اس میں تار کا ایک ہی چکر ہے اور (ص) سم اس کا نصف قطر ہے تو

$$م = \frac{۲\pi}{ص}$$

پس (امپیروں میں) $س = \frac{۱۰ ص ف}{۲\pi}$ مس عہ

[اور اگر ہلم ہولٹس کا رَد پیما استعمال ہوتا ہے جس میں ص سم نصف قطر کے دو مساوی اور متوازی حلقے ہیں اور ان میں (ص) سم ہی کا فصل ہے اور ہر حلقہ میں تار کا ایک ہی چکر ہے تو

$$م = \frac{۸٫۹۹}{ص}$$

پس اس صورت میں س کی قیمت امپیروں میں = $\frac{۱۰ ص ف}{۸٫۹۹}$ مس عہ]

ڈنڈی کمپاس یا سرل جاپ کے ذریعہ بصحت ممکنہ رَد پیما کے چکر کا اوسط نصف قطر (ص) ناپ لو اور س کی قیمت حساب کرلو۔
برقی رَد کو بند کرکے کیتھوڈ کو پیشتر کی طرح احتیاط کے ساتھ دھوکر خشک کرلو۔ پھر اس کو تول کر اضافہ وزن معلوم کرلو۔
اگر اضافہ ک گرام ہے تو برقی کیمیائی معادل ع = $\frac{ک}{\text{س ر ق}}$ = تعداد گرام تانبا جو فی کولومب برق کے گزرنے سے مائع سے خارج ہوا۔

ساتوان باب

برقی رَو کا حرارت پیدا کرنیوالا اثر

فصل (۱) - جول کا کلیہ

اگر دو نقطے ایک برقی دَور میں شامل ہیں تو ان کا درمیانی تفاوت قوّہ اس کام کے مساوی ہے جو برق کی اکائی کو چھوٹے قوّہ کے نقطہ سے اٹھاکر بڑے قوہ کے نقطہ تک لیجانے میں صرف ہوتا ہے - پس اگر دو نقطوں کا تفاوت قوہ (ت) ہو اور اسکے مقابلہ میں (م) مقدار برق ایک نقطہ سے دوسرے نقطہ تک پہنچائی جاتی ہے تو کام ک = ت م عمل میں آتا ہے -

اگر (س) ایک ہموار برقی رو ہے جو (ن) وقت تک بہتی ہے تو مقدار برق (م) = س ن اور اسلئے ک = ت س ن

اگر (ت) کی پیمائش اولٹوں میں ہو، (س) کی پیمائش امپیروں میں اور (ن) کی ثانیوں میں، تو کام کی قیمت ک جول ہوگی - اس لئے کہ ایک جول = ۱۰^۷ ارگ ہے -

جب برقی رَو کی توانائی کسی حیلی کام یا کیمیائی عمل پر صرف نہیں ہوتی ہے تو موصل کی حرارت کی شکل


اختیار کرتی ہے۔ جول کے کلیہ کے بموجب حرارت کا معادل حسب ضابطہ ذیل حیلی توانائی کی ایک معینہ مقدار ہے :

ک = جو ح

اگر (ک) کی پیمائش جولوں میں ہو اور (ح) کی پیمائش کیلوریوں یا حراروں میں، (جو) کی قیمت تقریباً ۴٫۲ ہوتی ہے۔ اس لئے کہ ایک حرارہ ۴٫۲ × ۱۰^۷ ارگ کے معادل ہے۔

پس جو ح = ت ر ق

تجربہ (۶۳) - برقی طریقہ سے حرارت کے حیلی معادل کی تعیین - مندرجہ بالا ضابطہ کو عملی طریقہ پر اس طرح ثابت کرسکتے ہیں کہ ایک دی ہوئی برقی رو کو معینہ مدت تک معلوم تفاوت قوہ کے تحت ایک موصل پر سے بہا کر موصل میں جو حرارت پیدا ہوتی ہے اس کو ناپ لیں۔ اس حرارت کی پیمائش کے لئے ایک بڑے (تقریباً نصف لیٹر گنجائش کے) حرارہ پیما میں معلوم حرارت نوعی کا ایک مائع ڈالا جاتا ہے اور اس کے اندر مزاحمت کا بچھا جس پر سے برقی رو بہتی ہے ڈبویا جاتا ہے۔ اگر یہ مایع



شکل (۶۹)
حرارہ پیما اور مزاحمت کا بچھا

پانی ہے تو رَو کے بہنے سے اس کی کسیقدر برق پاشیدگی ہوتی ہے۔ لیکن اس کا اثر چنداں قابل لحاظ نہیں ہوسکتا بشرطیکہ رَو پیدا کرنے والا تفاوت قوہ ۸ یا ۱۰ اولٹ سے متجاوز نہ ہو اور مائع میں ڈوبے ہوئے پچھے کی مزاحمت کم (بقدر ۵ ۰٫ اوم) ہو۔ حرارہ پیما کا لکڑی کا ایک ڈبکن ہوتا ہے جس میں دو بند بیچ ہوتے ہیں، اور پچھے کے سرے تانبے کے موٹے تاروں کے ذریعہ ان بیچوں سے باندھ دیئے جاتے ہیں۔ ڈبکن میں ایک سوراخ تپش پیما داخل کرنے کے لئے ہوتا ہے اور ایک، ہلانی کے لئے۔

واضح ہو کہ اِس تجربہ میں مایع کو ہلانی کے ذریعہ باقاعدہ طور پر مسلسل حرکت دینا نہایت ضروری ہے۔

حرارہ پیما کو پہلے خالی تول لیتے ہیں اور پھر اس میں پانی بھر کر تولتے ہیں۔

برقی مقادیر کی پیمائش کے لئے سب سے زیادہ موزوں طریقہ یہ ہے کہ ایک ام پیما اور اولٹ پیما استعمال کئے جائیں۔ آلات کی تنظیم شکل (۷۰) کی طرح ہونی چاہئے۔

خ ۴ یا ۵ ذخیرہ خانوں کا مورچہ ہے۔

ک ایک ڈاٹ کنجی ہے۔

ا ایک ام پیما ہے جو ۱۵ یا ۲۰ امپیروں تک کی رَو ناپ سکتا ہے۔


و ایک اولٹ پیما ہے جس سے ۵ اولٹ تک کا تفاوت قوہ ناپا جاسکتا ہے۔

ح حرارہ پیما ہے۔

ز تار کی جالی کا ایک مقوّم ہے یا ایک غیر مجوز مزاحمت کا تار ہے۔

۰ سے لیکر ۱۲ امپیر تک کی رَو استعمال کی جائے تو مناسب

ہوگا تاکہ ۲ یا ۳ منٹ میں مائع کی تپش میں کافی ترقی محسوس ہو۔ دَور کی تکمیل کے لئے تانبے کے موٹے تار استعمال کرکے برقی رَو کی طاقت کو ایک مناسب انداز پر لاؤ۔ پھر چند منٹ تک انتظار کرو کہ حرارہ پیما کی تپش ہموار ہو جائے۔ اس عرصہ میں کبھی کبھی ہلانی سے مائع کو ہلاتے بھی جاؤ۔ جب تپش ہموار ہوجائے پیش پیما پر اس کی قیمت ت۱ پڑھ لو۔



شکل (۷۰)
برقی رَو سے حرارت کی پیدائش

جب گھڑی کی ثانیے بتانے والی سوئی ۶۰ نشان پر سے گزرتی ہو برقی رَو کو چالو کرو اور اس کو کوئی ۳ منٹ تک جاری رہنے دو۔ ساتھ ہی مائع کو ہلانی سے خوب ہلاتے بھی جاؤ۔ ہر آدھے منٹ کو ام پیما اور اولٹ پیما کے مظہرہ نشان بھی قلمبند کرلو۔ ایک معینہ مدت کے بعد رَو کو بند کردو اور مائع کی آخری تپش ت۲ مشاہدہ کرلو۔

فرض کرو ک = حرارہ پیما کے اندرونی ظرف کی کمیت
ک = پانی کی کمیت
ن = حرارہ پیما کے فلز کی حرارت نوعی
ت۱ = ابتدائی تپش
ت۲ = آخری "

پس جو حرارت حرارہ پیما اور اس کے مافیہ میں داخل ہوئی

ہے

$$ح = (ک + ک ن^{ت_۲ - ت_۱})$$

اور یہ $\frac{ت ر ق}{جو}$ کے مساوی ہے۔

لہذا $$جو = \frac{ت ر ق}{(ک + ک ن^{ت_۲ - ت_۱})}$$

واضح ہو کہ یہاں وقت (ت) ثانیوں میں درج ہونا چاہئے۔

مساوات بالا سے جو کی قیمت حساب کرلی جائے

برقی رو کی قیمت بدل بدل کر یہی تجربہ دوہرایا جاسکتا ہے۔ اولٹ پیما کے ذریعہ تفاوت قوہ ف ت کی پیمائش کرنے کے عوض میٹری پل کے ذریعہ مائع میں ڈوبے ہوئے پیچھے کی مزاحمت ذ ناپی جاسکتی ہے، اور پھر جو کی قیمت ذیل کے مساوات سے حساب کرلی جاسکتی ہے:

$$جو ح = ر^۲ ذ$$

[نوٹ۔ یہ آخری مساوات ہر وقت اور ہر حالت میں صحیح ہے، خواہ برقی رَو کوئی قسم کا کام کرے یا نہ کرے۔ دَور کے تفاوت قوہ کا ایک جزو جو مزاحمت ذ پر غالب آنے کے لئے درکار ہے ساز ہے اگر برقی رَو کی قیمت ر ہے، بقیہ حصہ خواہ کسی طرح صرف ہوتا ہو۔ اس لئے اس حرارت پیدا کرنے والے اثر کی ہمیشہ ر^۲ ذ سے پیمائش ہوتی ہے۔ چنانچہ برقی انجنیر جب کبھی اس اثر کا ذکر کرتے ہیں "ر^۲ ذ کے نقصان" سے تعبیر کرتے ہیں۔]

فصل (۲) - برقی لمپ کی استعداد

توانائی کی باقاعدہ پیمائش کے لئے حسب ذیل اکائیاں مستعمل ہیں:

ارگ = ایک ڈائین سنتی میٹر

جول = ۱۰^۷ ارگ

کیلوری یا حرارہ یعنے توانائی کی اکائی (حرارت کے توسط سے)

۴٫۲ × ۱۰^۷ ارگ = ۴٫۲ جول

بورڈ آف ٹریڈ اکائی (یا کلون) = ایک کیلوواٹ طاقت کے انجن سے ایک گھنٹہ میں جو توانائی مہیا ہوتی ہے۔ اس کو کیلوواٹ گھنٹہ بھی کہتے ہیں۔

طاقت (یعنے کام کرنے کی شرح) ناپنے کے لئے حسب ذیل اکائیاں مستعمل ہیں:-

نظام س، گ، ث کی اکائی = ایک ارگ فی ثانیہ

واٹ = ایک جول فی ثانیہ

کیلوواٹ = ۱۰۰۰ واٹ

برطانی اسپی طاقت = ۳۳۰۰۰ فٹ پونڈ فی منٹ = ۴۶، واٹ

برقی طاقت کی پیمائش کے لئے برقی دَو اور تفاوت قوہ کی پیمائش ضروری ہے۔ توانائی کے لئے ان دونوں کے علاوہ

وقت کی پیمائش بھی ہونی چاہئے۔

ایک نقطہ سے دوسرے نقطہ تک برقی قوتوں کے مقابلہ میں اگر مقدار برق کی اکائی لیجانے کے لئے اکائی کام کرنا پڑتا ہے تو ان نقطوں کے مابین اکائی تفاوت قوہ فرض کیا جاتا ہے۔ اکائی وقت تک اگر برقی رَو کی اکائی ان نقطوں کے درمیان بہے تو ایک نقطہ سے دوسرے نقطہ تک مقدار برق کی اکائی منتقل ہوسکتی ہے۔ (س) قیمت کی برقی رَو (د) ثانیوں تک بہنے سے جو مقدار (م) منتقل ہوتی ہے (س د) کے مساوی ہے۔

اگر پیمائش س گ ث نظام کی برقی مقناطیسی اکائیوں میں ہوتی ہے تو کام کی تخمین ارگوں میں ہوتی ہے۔ اور اگر عملی اکائیوں میں پیمائش کی جاتی ہے تو کام کی تخمین جولوں میں ہوتی ہے۔ کیونکہ دو نقطوں کے مابین ایک اولٹ تفاوت قوہ جب ہوتا ہے تو برقی قوتوں کے برخلاف ایک کولومب برق ان کے مابین لیجانے کے لئے ایک جول کام کرنا پڑتا ہے۔

اگر دو نقطوں میں ایک اولٹ تفاوت قوہ ہے اور انکے بیچ میں ایک امپیر کی ہموار رَو بہتی ہے تو کام کی شرح ایک جول فی ثانیہ یا ایک واٹ ہوگی۔

۱ کولومب = $۱۰^{-۱}$ ب گ ث (مطلق) یعنے مطلق برقی مقناطیسی اکائی

۱ امپیر = $۱۰^{-۱}$ ایضاً

۱ اولٹ = $۱۰^{۸}$ "

۱ اوم = $۱۰^{۹}$ "

جب برقی توانائی سے تنویر کا کام لیا جاتا ہے تو جس شرح سے یہ توانائی بہم پہنچائی جاتی ہے اور اس سے جس بتی۔ طاقت کا نور حاصل ہوتا ہے ان دونوں کا باہمی تعلق جاننا ضروری ہے۔ برقی انجینیروں کی اصطلاح میں برقی مبداء نور کی استعداد سے مراد واٹوں کی تعداد ہے جو مبداء کی ایک بتی۔ طاقت کے لئے صرف ہوتی ہے۔ ذرا غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ یہ غلط اصطلاح ہے۔ اس عدد سے فی الحقیقت مبداء کے عدم استعداد کا پتہ چلتا ہے۔ اگر استعداد کا مفہوم بتی طاقت فی واٹ ہوتا تو زیادہ صحیح ہوتا۔

تجربہ (۶۴) - برقی لمپ کی استعداد کی تعیین۔

لمپ کی بتی طاقت، روشنی کے آٹھویں باب (متعلق ضیاء پیمائی) کے کسی مناسب طریقہ سے ناپ لی جا سکتی ہے۔

منور ریشہ کے برقی چراغ کو جو توانائی بہم پہنچائی جاتی ہے اس کی پیمائش کے لئے چراغ پر سے گزرنے والی برقی رو اور اس کے سروں کا تفاوت قوہ ناپنا پڑتا ہے۔

آلات شکل (۷۱) کی طرح ترتیب دیئے جائیں۔


ل برقی لمپ ہے۔

ذ تغیر پذیر تار کی جالی کی مزاحمت ہے

ا ام پیما ہے جو دور میں ہمسلسلہ شریک کیا گیا ہے اور

ف اوہٹ پیما ہے جو لمپ کے ساتھ ہمتوازی لایا گیا ہے

ام پیما اور اولٹ پیما کو دور میں شامل کرنے سے پہلے دیکھ لینا چاہئے کہ ان کے کون سے سرے مثبت ہیں اور کون سے منفی۔ پھر ان کو مبداء کے مناسب سروں سے ملاکر برقی رو چالو کی جائے۔ اور مزاحمت (ذ) کی کوئی ایک مخصوص قیمت لیکر ام پیما اور اولٹ پیما کی سوئیوں کے انصراف نوٹ کر لئے جائیں۔



شکل (۷۱)
برقی جیسا غ کی استعداد

موجودہ حالت میں لیمپ کی بتی طاقت ناپ لی جائے۔

پھر مزاحمت (ذ) کی قیمت بتدریج گھٹا کر ام پیما اور اولٹ پیما کے مظہرہ نشانوں کی ایک ترتیب وار فہرست تیار کیجائے۔ آخر میں مزاحمت (ذ) کو بالکلیہ منقطع کرکے لمپ جس تفاوت قوہ پر چلنے کے لئے بنایا گیا ہے اس کے متعلقہ مشاہدات (برقی رو اور بتی طاقت کے) قلمبند کرلئے جائیں اور ان تمام مشاہدات کے ذریعہ مندرجہ ذیل امور حساب کئے جائیں:-

(۱) ہر تفاوت قوہ کے لئے واٹوں کی تعداد فی بتی طاقت

(۲) بتی طاقت فی واٹ

(۳) لمپ کی مزاحمتیں جبکہ وہ مختلف بتی طاقتوں سے جلتا ہے

(۴) لمپ سے فی ثانیہ کتنی حرارت پیدا ہوتی ہے (حراروں میں)

یہ تمام نتائج جدول کی شکل میں درج کئے جائیں اور ان کی مناسب تسمیمیں تیار کی جائیں۔

اس طریقہ کے تجربے اگر فلزی ریشہ اور نیز کاربن کے ریشہ کے چراغوں کے ساتھ کئے جائیں تو فائدہ بخش ہوگا۔

کاربن کے ریشہ کی مزاحمت اس کی تپش کے ساتھ (جس کا اندازہ نور کے رنگ سے ہوسکتا ہے) بڑھنے کے بجائے گھٹتی ہے۔ فلزی ریشہ اور کاربن کے ریشہ کے چراغوں میں یہ بڑا اہم فرق ہے۔

اٹھواں باب

امالی رَوئیں - برقی مقناطیسی مشینیں

فصل (۱) برقی مقناطیسی امالہ

سنہ ۱۸۳۱ء میں فیراڈے نے اس بات کا اکتشاف کیا کہ جب کبھی کسی بند دَور کے اندر سے گزرنے والے مقناطیسی امالہ کے خطوط کی تعداد میں تغیر پیدا ہوتا ہے تو اس دَور میں سے ایک برقی رَو بہتی ہے - ایسی رَو کو امالی رَو کہتے ہیں۔ مندرجہ ذیل سببوں میں سے کسی ایک سبب سے مقناطیسی امالہ کے خطوط کی تعداد میں تغیر پیدا ہوسکتا ہے:

(۱) قریب کے موصلوں میں برقی رَو کا اجرا یا اس کی موقوفی۔

(۲) ان برقی رَوؤں کی طاقت میں تبدیلی۔

(۳) برقی رَوؤں کے لیجانے والے موصلوں کی حرکت۔


یا (۴) زیر بحث دَور کی اضافت سے مستقل مقناطیسوں کی حرکت۔

فیراڈے اور نائمان سے ایک قاعدہ منقول ہے جو ان تمام صورتوں پر حاوی ہے۔ وہ یہ ہے کہ کسی دور میں امالی اثر سے جو م، ب پیدا ہوتا ہے، اس دور میں سے گزرنے والے مقناطیسی امالہ کے خطوط کی تعداد کے گھٹاؤ کی شرح کے مساوی ہوتا ہے۔ م، ب کی مثبت سمت کو مقناطیسی امالہ کی مثبت سمت کے ساتھ وہی تعلق ہے جو دہتنے پیچ کے گھومنے کی سمت کو اس کی نوک کے انتقال کی سمت سے ہے۔

ان خطوط کی تعداد میں جب ترقی ہوتی ہے تو منفی م، ب پیدا ہوتا ہے۔

تجربہ (۶۵)۔ برقی مقناطیسی امالہ کے قواعد یا کلیوں کی توضیح۔ ان کلیوں کی توضیح کے لئے دو ہم محور پچھوں کے ذریعہ تجربہ کیا جاتا ہے۔ ایک پچھا جسکو ہم اولی پچھا کہینگے برقی ذخیرہ خانہ، تغییر پذیر مزاحمت اور کنجی کے ساتھ ہمسلسلہ ملایا جاتا ہے۔ اور دوسرا یعنے ثانوی پچھا ایک رد بیا کے ساتھ ہمسلسلہ جوڑا جاتا ہے۔

پچھوں کے دور تکمیل کرنے سے پہلے یہ معلوم کرلینا چاہئے کہ ان پچھوں میں تار کے لپیٹنے کی سمت کیا ہے مندرجہ ذیل بیان میں فرض کیا جاتا ہے کہ دونوں پچھوں کے محور انتصاباً واقع ہیں۔



شکل (۷۲)

امالی برقی رووں کیلئے آلہ

بچھوں کے تار لپیٹنے کی سمت دریافت کرنے

کا طریقہ۔ بہترین طریقہ حسب ذیل ہے: اوّلی بچھے کے سروں پر ا اور ب نشان کردو۔ اسی طرح ثانوی بچھے کے سروں پر ج اور د نشان کردو۔ مورچہ کے مثبت قطب کو ا کے ساتھ ملاؤ اور منفی قطب کو ایک سرسری، تبدیل پذیر مزاحمت ز کے توسط سے ب کے ساتھ ملاؤ۔ اور بچھے کے اوپر والے پہلو یا مستوی کے قریب ایک کمپاس سوئی لیجاؤ اور دیکھو سوئی کیا وضع اختیار کرتی ہے۔ اگر سوئی کا شمالی قطب بچھے کے اوپر والے پہلو کی طرف رخ کرتا ہے تو ظاہر ہے کہ بچھے کا یہ پہلو مقناطیس کے جنوبی قطب کے مشابہ ہے یعنے مقناطیسی خطوط قوت بچھے کے اندر اس سرے یا پہلو میں سے داخل ہوتے ہیں۔

اس سے یہ نتیجہ مترتب ہوتا ہے کہ بچھے کے اس پہلو میں برقی رو موافق سمت ساعت گھومتی ہے جبکہ رو تار کے

سرے ل سے داخل ہوکر سرے ب سے خارج ہوتی ہے۔
اگر کمپاس سوئی کا جنوبی قطب بچھے کے اوپر والے پہلو کی طرف رخ کرے تو اس کے برعکس نتیجہ مترتب ہوگا۔ غرض مصرحہ بالا طریقہ سے اولی بچھے کے اندر رَو کے گھومنے کی سمت معلوم کرلی جاسکتی ہے۔

اسی طرح ثانوی بچھے کے ساتھ بھی مقناطیسی سوئی کے ذریعہ امتحان کرکے معلوم کرلیا جاسکتا ہے کہ برقی رَو اگر بچھے کے اندر ج کے راستہ داخل ہو تو اس کے گھومنے کی سمت کیا ہے۔

فرض کرو کہ ثانوی بچھے میں جب برقی رَو ج کے راستہ داخل ہوتی ہے اور اس بچھے پر اوپر سے نیچے کی جانب نگاہ ڈالی جاتی ہے تو رَو کے بہنے کی سمت موافق سمت ساعت ہے۔

ثانوی (بچھے میں بہنے والی) رَو کی سمت کی تعیین بلحاظ سمت انصراف رَو پیما۔ اب رَو پیما کی سوئی کے انصراف کی سمت معلوم کرلینی چاہئے جبکہ بچھے میں برقی رَو کسی خاص سمت میں بہتی ہو۔

رَو پیما کے بند بیجوں پر (ھ) اور (و) نشان کرو۔ ھ کو خانہ کے مثبت قطب سے ملاؤ اور و کو ایک لمحہ کے لئے خانہ کے منفی قطب کے ساتھ سرسری مزاحمت کے آلہ میں سے بڑی سے بڑی مزاحمت شریک کرکے ملادو۔

فرض کرو رَو پیما کی سوئی کا شمالی قطب مشرق کی طرف پلٹتا ہے۔ چونکہ یہ شمالی قطب مشرق کی طرف کو

جاتا ہے جبکہ رَد پیما میں رَد بند بیچ ہ میں سے داخل ہوتی ہے رَد پیما کے انصراف کی سمت سے اس میں برقی رَد کے بہنے کی سمت معلوم ہوجاتی ہے۔

ثانوی بچھے کو رَد پیما کے ساتھ اس طرح ملاؤ کہ ج سرا ہ کے ساتھ اور د سرا ی کے ساتھ ملحق ہو۔

پس بموجب اس مفروضہ کے اگر سوئی کا شمالی قطب مشرق کی طرف منصرف ہو تو اس کے یہ معنے ہوئے کہ برقی رَد رَد پیما میں ہ کے راستہ داخل ہوتی ہے یعنے سوئی کے مشرقی انصراف سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ ثانوی بچھے میں برقی رَد د سے ج کی طرف بہتی ہے، کیونکہ برقی رَد ثانوی بچھے سے ج کے راستہ نکلتی ہے۔

ذیل میں جو کچھ بیان ہوگا اس میں فرض کرلیا جائیگا کہ بچھوں پر اوپر سے نیچے کی طرف نگاہ ڈالی جارہی ہے۔ جسکے یہ معنے ہیں کہ رَد پیما کی سوئی کا شمالی قطب جب مشرق کی طرف منصرف ہوتا ہے ثانوی بچھے کے اندر برقی رَد مخالف سمت ساعت گھومتی ہے، اس لئے کہ (فرض کرلیا گیا ہے کہ) جب برقی رَد ثانوی بچھے کے اندر ج سرے سے داخل ہوتی ہے تو اس کے گھومنے یا بہنے کی سمت موافق سمت ساعت ہے۔

برقی مقناطیسی امالہ کے کلیّوں کا عملی اثبات۔ ان ابتدائی مشاہدات کے ذریعہ رَد پیما کے انصراف اور ثانوی بچھے میں برقی رَد کے گھومنے کی سمت میں تعلق معلوم کرلینے کے بعد اولی بچھے کے سرے ا کو خانہ کے مثبت قطب سے ملاؤ اور اس کے سرے ب کو ایک بڑی اور تغیّر پذیر مزاحمت

کے توسط سے خانہ کے منفی قطب سے ملاؤ۔
اولی بچھے میں اب برقی رو کسی معلوم سمت میں گھومیگی۔ فرض کرو یہ سمت موافق سمت ساعت ہے۔
اب مندرجہ ذیل تجربے کرو، اور دیکھو ہر تجربہ میں رو پیما کے انصراف کی سمت کیا ہے اور اس سے ثانوی بچھے میں رو کے گھومنے کی سمت کے متعلق کیا پتہ چلتا ہے:۔

(۱) اولی بچھے میں برقی رو یکایک شروع کی جاتی ہے۔ رو پیما کی سوئی کا انصراف مشرق کی طرف ہے۔ پس اولی بچھے میں موافق سمت ساعت رو کے شروع ہونے سے ثانوی بچھے میں مخالف سمت ساعت (یعنے پہلی سمت کے برعکس) رو کا امالہ ہوتا ہے۔

(۲) اولی بچھے میں برقی رو جاری تھی اور یکایک روکدی جاتی ہے۔ رو پیما کی سوئی کا انصراف مغرب کی طرف ہے۔ پس اولی بچھے میں موافق سمت ساعت رو کے روکدئے جانے سے ثانوی بچھے میں موافق سمت ساعت (یعنے پہلی سمت کی) رو کا امالہ ہوتا ہے۔

پہلے کی طرح رو پیما کے انصراف کا مشاہدہ کرو، اور مندرجہ ذیل صورتوں میں امالی اثر سے جو ثانوی رو پیدا ہوتی ہے، اس انصراف کے ذریعہ اس کے گھومنے کی سمت معلوم کرو۔

(۳)۔ اولی بچھے میں رو کی طاقت یکایک بڑھا دی جاتی ہے۔
(۴)۔ " " گھٹا دی جاتی ہے۔
(۵)۔ اولی رو کو مستقل رکھکر، ثانوی بچھے کو یکایک اولی بچھے سے دور ہٹا دیا جاتا ہے۔
(۶)۔ اولی رو کو مستقل رکھکر، ثانوی بچھے کو یکایک اولی بچھے سے

قریب پہنچا دیا جاتا ہے۔

(۷)۔ اولی بچھے میں برقی رَو کی سمت یکایک الٹ دیجاتی ہے۔

یہ معلوم ہوجائیگا کہ برقی رَو کو آغاز کرنے سے اس قسم کا اثر پیدا ہوتا ہے جو (۳) اور (۶) سے ہوتا ہے۔

اور برقی رَو کو بند کرنے سے اسی طرح کا اثر پیدا ہوتا ہے جو عمل (۴)، (۵)، اور (۷) سے ہوتا ہے۔ پس امالی رَوؤں کی نسبت ایک دوسرا کلیہ حاصل کیا جا سکتا ہے:

ثانوی بچھے میں امالی رَو ہمیشہ ایسی سمت میں بہتی ہے کہ وہ اس بچھے میں سے گزرنے والے مقناطیسی میدان کی تبدیلی کے مانع ہوتی ہے۔ اور وہ صرف اسی مدت تک جاری رہتی ہے جب تک کہ یہ تبدیلی عمل میں آتی ہے۔

ہمارے مفروضات کے بموجب، برقی رَو کو جب جاری کرتے ہیں تو نیچے کی طرف رخ کرنے والے خطوطِ قوت پیدا ہوتے ہیں۔ امالی رَو مخالف سمت ساعت گردش کرتی ہے اور اس طرح پر اوپر کی طرف رخ کرنے والے خطوط قوت وجود میں آتے ہیں، جو محض دم بھر کے لئے جاری رہتے ہیں اس لئے کہ یہ امالی رَو فوراً ہی ناپید ہوجاتی ہے۔

تجربہ کرکے ثابت کرو کہ مقناطیسی میدان میں جب کسی قسم کا تغیر خواہ کسی بھی طریقہ سے پیدا ہوتا ہے، تو کلیہ متذکرہ بالا صحیح پایا جاتا ہے۔

۱۰ اس کے لئے بچھے کے پاس ایک سلاخی مقناطیس لیجانا چاہئے اور دیکھنا چاہئے کہ امالی رَو کی سمت کیا ہے جبکہ :-
(ا) مقناطیس کا شمالی قطب بچھے کے اندر داخل کیا جاتا ہے، یعنے مقناطیس کو اس کا شمالی قطب نیچے کی طرف کرکے بچھے کے اندر داخل کیا جائے۔
(ب) شمالی قطب یکایک بچھے کے باہر کھینچ لیا جاتا ہے۔
(ج) مقناطیس کو اس کا جنوبی قطب نیچے کی طرف کرکے بچھے کے اندر داخل کیا جاتا ہے۔
(د) جنوبی قطب یکایک بچھے کے باہر کھینچ لیا جاتا ہے۔
بچھے کے اندر نرم لوہے کے تاروں کا ایک گٹھا داخل کرکے تجربات (ا) تا (د) دوہرائے جائیں تو معلوم ہوگا کہ اثرات کی نوعیت یا کیفیت وہی ہے جو پہلے تھی لیکن ان امالی رَوؤں کی طاقت اب پہلے سے بہت زیادہ ہے۔
اس کی اس طرح توجیہ کی جاتی ہے کہ مقناطیسی خطوط کے لئے لوہا بہ نسبت ہوا کے زیادہ نفوذ پذیر ہے اگر ح سے ہوا میں مقناطیسی میدان کی حدت (یعنے س، گ، ث کے مقناطیسی خطوط قوت فی مربع سم) تعبیر ہو، اور ط سے کسی مقناطیسی مادّے (مثلاً لوہے) کے اندر مقناطیسی میدان کی حدت تعبیر ہو تو $\frac{ط}{ح}$ (یعنے ط کی ح کے ساتھ نسبت) کو اس مقناطیسی مادّے کی نفوذ پذیری (ن) کہتے ہیں۔

پس $\frac{ط}{ح} = ن$

لوہے میں سے جملہ مقناطیسی خطوط جو گزرتے ہیں

ان کے لئے نام مقناطیسی نفاذ (فلکس) تجویز ہوا ہے۔
مقناطیسی نفاذ کی س، گ، ث کی اکائی میکسول کہلاتی ہے۔
ایک میکسول سے مراد س، گ، ث کا ایک مقناطیسی خط ہے۔

امالی پچھا

امالی پچھا اس غرض سے بنایا جاتا ہے کہ امالی اثر سے ایسا محرکہ برق پیدا کیا جائے جو بیشتر یک سمتی ہو۔ فرض کرو دو پچھوں کی باہمی امالیت کی قدر ب ہے، یعنے مقناطیسی امالہ کے خطوط کی تعداد جو ثانوی پچھے کے ساتھ وابستہ ہوتے ہیں، جبکہ اولی پچھے پر سے برق کی اکائی رَو بہتی ہے۔
[واضح ہو کہ اگر ثانوی پچھے میں تار کے چکروں کی تعداد ع ہے تو ہر ایک خط رَو کے ساتھ ع مرتبہ وابستہ ہوگا] پس اگر اولی پچھے پر سے ر برقی رَو بہتی ہے تو اس رَو کی وجہ سے ثانوی پچھے کے ساتھ جو مقناطیسی خطوط (ع) وابستہ ہیں ب ر کے مساوی ہیں۔

یعنے ع = ب ر

لیکن امالی محرکہ برق = ع کے گھٹاؤ کی شرح

= ب ر 〃

= ب × (رَو کی گھٹاؤ کی شرح)

بشرطیکہ ب ایک مستقل عدد ہو۔

پس امالی محرکہ برق بڑا ہونے کے لئے باہمی امالیت کی قدر اور رَو کے گھٹاؤ کی شرح دونوں بڑے ہونے چاہئیں۔ اوّل الذکر اس طرح بڑی بنائی جاتی ہے کہ ثانوی بچھے میں تار کے بہت سے پیکر شامل کئے جاتے ہیں اور نیز نرم لوہے کے تاروں کا قلب اس کے محوری سوراخ میں داخل کیا جاتا ہے تاکہ مقناطیسی خطوط مرتکز ہوں۔ آخر الذکر یعنے رَو کے گھٹاؤ کی شرح بڑی ہونے کے لئے اوّلی بچھے کی رَو بڑی ہونی چاہئے اور اس کو بند کرتے وقت بہت عجلت سے کام لینا چاہئے۔

پس امالی بچھے کی لازمی خصوصیات حسب ذیل ہیں:-

(۱) کم چکروں کا موٹے تار کا اوّلی بچھا تاکہ برقی مزاحمت کم ہو۔

(۲) کثیر التعداد چکروں کا باریک تار کا ثانوی بچھا جس کی مزاحمت اس کی ساخت کی وجہ سے بہت بڑی ہوتی ہے۔


(۳) نرم لوہے کے تاروں کا گٹھا جو ثانوی بچھے کا قلب کہلاتا ہے۔

(۴) ایک اختراع جس سے اوّلی بچھے کی برقی رو بعجلت مکمنہ بند کردی جاسکے۔

اکثر عمدہ امالی بچھوں میں ایک مکثفہ بھی مہیّا ہوتا ہے جس کی متقابل کی تختیاں، اولی بچھے کے برقی دَور کو توڑنے کے سروں سے ملائی جاتی ہیں۔

شکل (۷۳) میں سر ہنری ولیرف کے بچھے کی تشریح کی گئی ہے، جس میں ابتدائی رَو کے توڑنے اور جوڑنے کے لئے ہتھوڑے کی قسم کا آلہ استعمال ہوتا ہے۔ شکل کے معائنہ سے ظاہر ہوگا کہ برقی سورچہ م اولی بچھے ا کے ساتھ بتوسط منقلب ق ملایا جاتا ہے اور ان کی بند شین پیچ پ کی نوک

اور ہتھوڑے ھ کی پشت کے ذریعہ تکمیل پاتی ہیں۔ ہتھوڑا ھ ایک کمانی ن سے لگا ہوا ہے، جس کا تناؤ مخروطی پیچ چ کے ذریعہ حسب ضرورت گھٹایا بڑھایا جا سکتا ہے۔ جب برقی رَو اولی بچھے پر سے بہتی ہے اس کے لوہے کے قلب میں مقناطیسیت سرایت کر جاتی ہے، اس لئے وہ نرم لوہے کے ہتھوڑے ھ کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ ہتھوڑا جونہی قلب کی طرف بڑھتا ہے پیچ کی نوک کے ساتھ اس کا



شکل (۷۳)

روسکورف کا بچھا

تماس ٹوٹ جاتا ہے۔ چونکہ اس حرکت سے اولی بچھے کا مقناطیسی میدان یکایک تلف ہو جاتا ہے، ثانوی بچھے کے سروں میں ایک اعلیٰ محرکہ برق پیدا ہوتا ہے۔ میدان کے اتلاف کے ساتھ ہتھوڑے (ھ) اور اولی بچھے کے قلب میں کشش باقی نہیں رہتی اس لئے کمانی کی لچک ھ کو دوبارہ پیچ پ کی نوک سے ملا دیتی ہے اور پھر اولی دَور

مکمل ہوجاتا ہے۔ آلہ کے پیندے میں ک ایک مکثفہ برق ہے۔ وہ اس غرض سے استعمال کیا جاتا ہے کہ اولی بچھے کی ذاتی امالیت سے جو م، ب وقوع میں آتا ہے، دور کی شکست کے مقام پر شرارہ پیدا کرنے کے عوض، مکثفہ میں برق بہردے۔ اس طرز عمل سے اولی بچھے کی رو زیادہ جلد صفر ہوجاتی ہے، بالفاظ دیگر اس کے گھٹنے کی شرح تیز تر ہوتی ہے۔ ہتھوڑے اور بیچ کی نوک کے تماس قائم ہونے پر بھی ثانوی بچھے کے سروں میں محرکہ برق پیدا ہوتا ہے لیکن یہ محرکہ تماس ٹوٹنے سے جو محرکہ پیدا ہوتا ہے اس سے بہت چھوٹا ہوتا ہے، اس لئے کہ اولی بچھے کی رو کو ذاتی امالیت کی وجہ سے اپنی پوری قیمت پر پہنچنے میں کچھ وقت صرف کرنا پڑتا ہے۔

[نوٹ۔ چونکہ رو مکمل رف کے بچھے کی امالیت مکثف کی گنجایش کے ساتھ شامل ہونے سے اہتزازی رو کا نظام قائم ہوتا ہے دور کے ٹوٹنے پر نہ صرف مقناطیسی میدان کا اتلاف ہوتا ہے بلکہ اس کی سمت الٹ جاتی ہے جس سے مزید امالی م، ب وجود میں آتا ہے۔]

تجربہ (۶۶)۔ امالی بچھا۔ ہم فرض کرلیتے ہیں کہ یہ امالی بچھا معمولی ہتھوڑے کے توڑ جوڑ سے مہیا ہے۔ پلاطینم کی نوک والا بیچ پ جس ونٹ کے اندر پہرایا جاتا ہے اس کو ڈھیلا کردو۔ اور بیچ کو پیچھے ہٹالو یہانتک کہ ہتھوڑے کی پشت پر کے پلاطینم کے ٹکڑے سے اس کا تماس نرہے۔ تناؤ کو ٹھیک کرنے والے پیچ چ کو پھیر کر ایسی وضع میں لاؤ کہ کمانی ن میں کوئی مزید تناؤ باقی نہ رہے۔ اولی بچھے کے سروں کو ۱۰ امپیر پر پگھلنے والے سیسے کے تار کے گدازندہ کو دور میں

شامل رکھ کر مناسب مورچہ کے قطبین سے باندھ دو تا کہ زیادہ طاقت کی رو سے بچھے کو نقصان پہنچنے نہ پائے۔ اوسط جسامت کے بچھے کے لئے ۸ اولٹ م ب کا مورچہ کافی ہوگا۔ منقلب ق کے دستہ کو پھیر کر دور مکمل کرنیکی وضع میں لاؤ۔ پیچ پ کو آگے بڑھا کر اس کی نوک کو (جو پلاٹینم کی بنی ہوئی ہے) ہتھوڑی سے تماس کراؤ۔ اب اگر کہیں کوئی نقص نہ ہو تو برقی توڑ جوڑ کا آلہ چالو ہو جائیگا۔ اور ثانوی بچھے کے سرے اگر ایک دوسرے سے تھوڑے فاصلہ پر واقع ہوں تو ان کے بیچ میں شرارے پیدا ہونگے۔ پیچ پ کے نٹ کو پھیر کر پیچ کو اس وضع میں جکڑ دو۔ اور اب پیچ کے نالدار سر کو پھیر کر کمانی کی سختی میں حسب ضرورت تغیر تبدل کیا جا سکتا ہے۔ بعض اوقات پلاٹینم کی پٹیاں (پیچ کی نوک اور ہتھوڑی کی پشت کی) پگھل کر آپس میں مل جاتی ہیں جس سے آلہ کا عمل مسدود ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت میں منقلب کے ذریعہ ذرا سی دیر کے لئے برقی رو کی سمت الٹ دی جانی چاہئے۔ اس سے برقی توڑ جوڑ کا آلہ عموماً مکرر چالو ہو جائیگا۔ اگر بالفرض اب بھی چالو نہ ہو تو برقی رو بند کر دی جائے اور پلاٹینم کی نوک والے پیچ کو الٹا پھیرا جائے۔ دیرینہ استعمال سے پلاٹینم کی پٹیوں میں گڑھے پڑ جاتے ہیں اور ان کو باریک کرند کے کاغذ سے صیقل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن طالب علم خود اس کام کے کرنے کی کوشش نہ کرے بلکہ کسی ذمہ دار شخص کو اس کی اطلاع کر دے۔

کمانی کو ایک معینہ وضع میں رکھ کر دیکھو شرارہ کا

اعظم طول کیا ہے۔ فرض کرلو کہ شرارے کا طول تفاوت قوہ کے تابع ہے اور ایک سم لمبے شرارے کے لئے ۳۰۰۰۰ اولٹ تفاوت قوہ کی ضرورت ہے۔ اس حساب سے دریافت کرو ثانوی بچھے کا م ب کیا ہے۔

ثانوی بچھے کے سروں کو ایک برقی مکثفہ کے استروں سے ملادو اور معائنہ کرو کہ اب شرارے کی کیا کیفیت ہے۔


اماں بچھے کے سروں کو "خلائی نلی" سے باندھ کر برقی اخراج کا امتحان کرو۔ اگر نلی میں خلا اوسط ہے تو مثبت برقیرہ (ایلکٹروڈ) کے پاس منور دھاریوں کی ایک قطار نظر آتی ہے جو **مثبت قطار** کے نام سے مشہور ہے۔ اور منفی برقیرہ کے اطراف ایک آسمانی رنگ کی تنویر دکھائی دیتی ہے جو **منفی دمک** کہلاتی ہے۔ اعلیٰ درجہ کی خلا میں یہ کیفیتیں موجود نہیں ہوتیں۔ ان کے عوض شیشہ کی نلی کی وہ دیواریں جو منفی برقیرہ کے مقابل ہوتی ہیں، کیتھوڈ کی شعاعوں (یعنے ایلکٹرون نون یا برقیوں) کے ٹکرانے سے سبز سیاری تزہر کے ساتھ متزہر ہوتی ہیں۔

اماں بچھے کے ذریعہ لاشعاعوں کا بھی مشاہدہ ہوسکتا ہے۔ اس کے لئے ان شعاعوں کی تیاری کا جوفہ یا گولا چاہئے۔ جوفہ کے اندر طشتری کی شکل کا جو کیتھوڈ ہوتا ہے اس کو بچھے کے منفی سرے سے ملادیا جائے۔ اور اینوڈ اور ضد کیتھوڈ (یعنے کیتھوڈ کے عین مقابل کا ایلکٹروڈ) باہمدیگر اور بچھے کے مثبت سرے سے ملادئے جائیں۔ اگر بچھے

کا منقلب صحیح وضع میں ہے تو جوفہ کا وہ نصف حصہ جو ضد کیتھوڈ کے مقابل واقع ہے سبز دمک کا سیلیاری تزہر بتائیگا۔ واقعہ یہ ہے کہ کیتھوڈ کی شعاعیں جب ضد کیتھوڈ کی فلزی تختی سے شدت کے ساتھ ٹکراتی ہیں تو اس سے لاشعاعیں پیدا ہوتی ہیں، جو سیلیاری تزہر کے پردے کے ذریعہ یا ان کے فوٹو گرافک اثر سے شناخت کی جاسکتی ہیں۔ واضح ہو کہ انسان کا پوست لاشعاعوں سے متاثر ہوتا ہے، اس لئے دیر تک اس کو ان شعاعوں کے راستہ میں بلا وجہ کھلا رکھ چھوڑنا مضر ہے۔

مبدّل

امالی پچھا ایک عام قسم کے برقی آلہ کی خاص مثال ہے جس کو مبدّل کہتے ہیں، مبدّل کا عمل سمجھنے کے لئے فیراڈے کا چھلے کی شکل کا آلہ سب سے زیادہ آسان ہے۔ شکل (۴۷) کے معائنہ سے ظاہر ہوگا کہ لوہے کے ایک بڑے اور موٹے چھلے کے دو بازو دو قسم کے مجوز تار لپیٹے گئے ہیں۔ اولی پچھے (ا) کی برقی رو سے مقناطیسی امالہ کے خطوط چھلے کے اندر بند حلقوں کی شکل میں پیدا ہوتے ہیں۔ جب اولی پچھے کی برقی رو



شکل (۴۷)
برقی مبدّل

کی طاقت میں تبدیلی واقع ہوتی ہے تو ثانوی پچھے (ث) میں ایک امالی محرکہ برق ظہور پذیر ہوتا ہے۔ اس محرکہ کی مقدار چھلے کے مادّے اور ثانوی اور اولی پچھوں کے چکروں کی اضافی تعدادوں کے تابع ہوتی ہے۔

جب اولی پچھے پر سے ایک متبادل رَو گزرتی ہے تو ثانوی پچھے میں امالی اثر سے ایک متبادل محرکہ برق پیدا ہوتا ہے۔ اگر (ث) کے چکروں کی تعداد (ل) کے چکروں کی تعداد سے زیادہ ہو تو (ث) کے سروں کا محرکہ برق (ل) کے سروں کے محرکہ برق کی بہ نسبت تقریباً اتنا ہی بڑا ہوگا جتنا کہ بالترتیب ان کے چکروں کی تعدادوں میں نسبت ہے۔ اگر توانائی کے نقصانات کو نظر انداز کر دیا جائے تو برقی رَو اسی نسبت سے گھٹ جاتی ہے جس نسبت سے محرکہ برق بڑھ جاتا ہے۔ اس نوعیت کے آلہ کو چڑھاؤ کا مبدل کہتے ہیں۔ اس سے برعکس ایسا مبدل جس کے ثانوی پچھے کا محرکہ برق اولی پچھے کے محرکہ سے کم ہوتا ہے اور برقی رَو بڑھ جاتی ہے اتار کا مبدل کہلاتا ہے۔

تجربہ (۶۷)۔ چھلے کی شکل کا مبدّل

اس قسم کے ایک مبدل کے اولی پچھے کو منقلب کے توسط سے ذخیرہ خانوں کے مورچہ سے ملا دو۔ رَو کی تنظیم کے لئے دَور میں ایک سرسری مزاحمت اور ام پیما بھی شامل کر دئے جائیں۔ مبدل کا ثانوی پچھا ایک بیلسٹک (اندفاعی) رد پیما کے ساتھ ملا دیا جائے۔


دیکھو اولی پچھے میں برقی رَو کو یکایک الٹ دینے سے رَو پیما کا منوّر نشان کتنی مرتبہ جست کرتا ہے۔ اسی طرح

اولی پچھے میں مختلف طاقت کی رَدیں بہا کر ان مشاہدات کو دوہراؤ اور ایک منحنی تیار کرو جس سے رَد پیما کے منوّر نشان کی جست اور اولی پچھے کی رَد کی طاقت میں تعلق معلوم ہو۔ رَد پیما کی جست، اس پر سے گزرنے والی مقدار برق کے متناسب ہے، یا بالفاظ دیگر لوہے کے چھلے میں سے گزرنے والے مقناطیسی اٰلہ کے خطوط کی تعداد کے تغیّر کے متناسب ہے۔ اور اولی پچھے کی رَد سے ان مقناطیسی خطوط کو پیدا کرنے والی مقناطیسی قوت کا اندازہ ہوتا ہے۔ پس مذکرہ بالا منحنی سے لوہے کے چھلے کی مقناطیسی نفوذ پذیری اور مقنانے والی قوت کا باہمی تعلق ظاہر ہوگا۔

ارضی مقناطیسی اٰلہ کا آلہ

جب مقناطیسی میدان میں تار کے ایک پچھے کو گھماتے ہیں تو اٰلی اثر سے پچھے میں ایک متبادل محرکہ برق پیدا ہوتا ہے۔ ملاحظہ ہو شکل (۶۷ الف)۔ اگر پچھا یکساں رفتار سے گھمایا جائے تو پچھے کا مستوی جب میدان کے متوی میں سے گزرتا ہے اٰلی م ب اعظم ہوتا ہے، اور جب پچھے کا مستوی میدان پر علی القوائم واقع ہوتا ہے اٰلی م ب صفر ہوتا ہے۔

اٰلی رَد کی پیمائش کے طریقے۔ معمولی رَد پیما اگر ایسے اٰلی پچھے کے ساتھ تحریک دَور کیا جائے اور پچھا ہمیشہ ایک ہی سمت میں گھمایا جائے تو بغیر کسی مناسب منقلب کی مدد کے رَد پیما منصرف نہ ہوگا۔ ایسے پچھے پر سے گزرنے والی برقی رَد کو سیدھا کرنے کی ایک ترکیب یہ ہے کہ




شکل (۷۵)
رو کو سیدھا چلانے کا منقلب

پہیے کی دھری پر ایک حاجز برق اسطوانہ قائم کیا جائے اور اس پر پیتل کا ایک استر چڑھا کر استر کو دو جگہ سے کاٹ کر دو مساوی لیکن ایک دوسرے سے مجوز حصوں میں منقسم کیا جائے۔ اور پہیے کے سرے ان حصوں سے ملا دئے جائیں۔ ملاحظہ ہو شکل (۷۵)۔ پیتل کے استر کے نصف حصوں پر ایک قطر کے متقابل جانبین کے پاس دو کمانیاں دباتی ہیں جو پہیے کی دھری کو سہارا دینے والے قالب پر لگی ہوئی ہوتی ہیں۔ پہیا جب گھومتا ہے تو یہ کمانیاں یکے بعد دیگرے پیتل کے استر کے ایک ایک نصف حصہ سے تماس کرتی ہیں اور اس طرح پہیے کے سروں کے ساتھ یکے بعد دیگرے ملا دی جاتی ہیں۔ ان کمانیوں یا برشوں کو مناسب وضع میں ترتیب دینے سے محرکہ برق ایسی حالت میں سیدھا کیا جاسکتا ہے جبکہ وہ صفر قیمت سے گزرتا ہے۔ اس لئے بیرونی دور میں (یعنے کمانیوں یا برشوں سے ملحق آلات میں) ایک مصحح یا یکسمتی برقی رو بہتی ہے، جو پہیے کے متبادل محرکہ برق سے پیدا ہوتی ہے۔ ملاحظہ ہو شکل (۷۶۔ ب)

جب یہ برقی رو کسی رو پیما پر سے گزریگی تو وہ ایک عملاً مستقل انصراف بتائیگا۔ یہ انصراف برقی رو کی اوسط قیمت کے متناسب ہوگا۔ رو پیما کے متحرک نظام کے


جمود کی وجہ سے انصراف برقی رَو کے تغیرات کی متابعت نہ کرسکیگا ۔ ملاحظہ ہو شکل (۷۶ ۔ ج)



شکل (۷۶)

ارضی مقناطیسی امالہ کے پہیے کا محرکہ برق غیرہ

بعض صورتوں میں پہیے کے ساتھ کوئی منقلب شریک نہیں کیا جاتا، بلکہ پہیے کے سرے دو پیتل کے حلقوں سے ملا دیئے جاتے ہیں اور ان حلقوں سے برقی رو بذریعہ برشوں ب ۱، ب ۲ (شکل ۷۷) اخذ کی جاتی ہے ۔ ایسی صورت میں چونکہ متبادل رَو پیدا ہوتی ہے اس کی شناخت کے لئے پہیے کے ساتھ جبکہ وہ مسلسل گھمایا جائے گرم تار کا لی ام پیما یا لی اولٹ پیما استعمال ہونا چاہئے ۔ ایک دوسرا طریقہ یہ ہے کہ پہیے کے ساتھ بیلسٹک رَو پیما شریک دَور کرکے پہیے کو



شکل (۷۷)

پہلوان حلقے متبادل رَو کیلئے

یکایک نصف چکر گھما کر (یعنے ۱۸۰° زاویہ میں گھما کر) رَد پیما کے نور کی جست مشاہدہ کی جائے۔ پچھے کے مستوی کو مقناطیسی میدان کے علی القوائم رکھ کر اس کو یکایک نصف چکر گھمایا جائے یعنے اس کو مکرر میدان کے علی القوائم رکھا جائے لیکن اس کا رخ الٹ دیا جائے۔ اس سے رَد پیما کا نشان جو جست کریگا مشاہدہ کر لی جائے۔ یہ جست پچھا جو مجموعی خطوط قوت منقطع کرتا ہے اس کے متناسب ہوتی ہے۔ یعنے پچھے کی ابتدائی وضع میں اس کے مستوی کے علی القوائم میدان کی جو حدت ہوتی ہے اس کے متناسب ہوتی ہے۔

تجربہ (۶۸)۔ ارضی مقناطیسی امالہ کے آلہ کے ذریعہ مقناطیسی زاویہ میلان کی تعیین۔ اس تجربہ میں فرض کرلیا جاتا ہے کہ آلہ کے ساتھ منقلب بھی ممیّا ہے۔ پچھے کو ایسی وضع میں لاؤ کہ منقلب ٹھیک اس وقت عمل کرے جبکہ پچھے کا مستوی انتصاباً اور مشرق مغرب کی سمت میں واقع ہو، یعنے مصرحہ بالا وضع میں آلہ کے بُرش بیچ میں سے چپٹے ہوئے پیتل کے استر کے کسی بھی نصف حصہ سے تماس نہ رکھیں۔ اس طرز عمل سے برقی رَو صفر قیمت سے گزر کر سیدھی ہونے کا تیقن ہوتا ہے۔

برشوں کو ایک حساس رَد پیما کے بند پیچوں سے ملا دو اور اس کے ساتھ ایک بڑی اور تغیّر پذیر مزاحمت ہمسلسلہ جوڑ دو۔ اس تجربہ کے لئے معلق پچھے کا رَد پیما بہت موزون


ہوتا ہے، اس لئے کہ اس کے اہتزاز بہت جلد تلف ہوجاتے ہیں کیونکہ ارضی مالی آلہ اور ہمسلسلہ مزاحمت کی وجہ سے اس کے متحرک پہیے کا دور "قصر" ہو جاتا ہے۔ رد پیما کو محض شنٹ کرنے سے کچھ فائدہ نہیں جبتک کہ ہمسلسلہ بھی کوئی مزاحمت استعمال نہ ہو۔ اس لئے کہ جو محرکہ برق پیدا ہوتا ہے ایک معینہ مقناطیسی میدان در ایک مجوزہ رفتار کے تحت مستعمل ہوتا ہے، پس خواہ رد پیما کو شنٹ کریں یا نہ کریں، اس پر سے ایک ہی برقی رو بہیگی، اس لئے کہ ایک ہی تفاوت قوہ اس پر عمل کریگا۔ پہیے کو ایسی مناسب رفتار سے گھماؤ کہ کچھ عرصہ تک اس کو مستقل رکھا جاسکے، اور جو مزاحمت ہسلسلہ شریک دور کی جاتی ہے اس مقدار کی ہونی چاہئے کہ رد پیما کا انصراف اس کے اعظم (قابل پیمائش) انصراف کا نصف ہو۔ اگر گھمانے کی رفتار بشرح ۶۰ یا ۸۰ ارتعاش فی منٹ ہو تو مناسب ہوگا۔ حتی الامکان رفتار یکساں رکھی جائے در کھڑی کے ذریعہ پہیے کے گھومنے کی رفتار نالی جائے۔ اس کے لئے گھڑی کو ایسے مقام پر رکھنا چاہئے کہ پہیے کو گھماتے ہوئے گھڑی کے ٹانیوں کی سوئی کو آسانی سے دیکھ سکیں۔ پہیے کے گھومنے کی رفتار ایسی ہونی چاہئے کہ رد پیما کا انصراف مستقل ہو۔ اس کے بعد ۱۰۰ گردشوں کی مدت معلوم کرلی جائے۔

ذرا سی مشق سے نتائج میں یکسانی اور مطابقت حاصل ہوسکتی ہے۔ طالب علم کے لئے بہت بہتر ہوگا کہ وہ اکیلا ان تمام پیمائشوں کو انجام دے۔ اس لئے کہ اس سے اُس کو وقتِ واحد میں تیزی کے ساتھ مختلف اقسام کے

مشاہدات کرنے کا موقعہ ملیگا۔

تجربہ کے طریقہ عمل کی مشق کرلینے کے بعد مشاہدات ذیل قلمبند کئے جانے چاہئیں :-

(۱) ۔ امالی بچھے کی ۱۰۰ گردشوں کی مدت معلوم کی جائے۔ اور بچھا جبکہ انتصابی محور کے گرد گھومتا ہو اور منقلب رَو کو



شکل (۷۸)
ارضی امالی آلہ

ٹھیک اس وقت الٹے جبکہ بچھے کا مستوی مشرق و مغرب کی سمت میں واقع ہو، رَو پیما کا اوسط انصراف دیکھ لیا جائے۔ فرض کرو تین مشاہدوں کا اوسط نتیجہ یہ ہے کہ بچھے کی ۱۰۰ گردشوں کی مدت ۱۰ ہے اور رَو پیما کا انصراف عہ ۱ ۔

(۲) ۔ امالی بچھے کو پھیر کر اس کے محور کو افقی وضع میں لایا جائے اور منقلب ٹھیک اُس وقت عمل کرے کہ

لچھا اِس افقی وضع میں سے گزرے، انہی مشاہدات کو دوہرا لیا جائے۔ اگر ضرورت ہو تو لچھے کو اس سے پیشتر کی سمت کے مخالف گھمایا جائے تاکہ رَد بیما کا انصراف سابقہ سمت ہی میں ہو۔ دَور کی مزاحمت میں ذرا بھی مداخلت نہ کی جائے۔ فرض کرو (تین مشاہدات کا اوسط نتیجہ یہ ہے) کہ۔۔ اگر دشنوں کی مدت ق۲ ہے اور رَد بیما کا انصراف عہ۲۔

واضح ہو کہ عہ امالی رد کے متناسب ہے اور چونکہ دَور کی مزاحمت کو مستقل رکھا گیا ہے اس لئے عہ امالی محرکہ برق کے متناسب ہے۔ اور یہ امالی م، ب

$$\propto \frac{ع}{ق} \times \{\text{مقناطیسی میدانکی حدت لچھے کے علی القوائم بحالت عمل منقلب}\}$$

اس مساوات میں واضح ہو کہ ق مدت میں لچھا ع بار گھومتا ہے۔

پس اگر ف اور ص بالترتیب زمین کے افقی اور انتصابی مقناطیسی میدانوں کے جزو ہیں، تو

$$\left.\begin{array}{l} \text{عہ}_1 = م \frac{100}{ق_1} ف \\ \text{اور عہ}_2 = م \frac{100}{ق_2} ص \end{array}\right\} \leftarrow [م = \text{مستقل عدد}]$$

$$\text{یعنی } \frac{ف}{ص} = \frac{\text{عہ}_1 ق_1}{\text{عہ}_2 ق_2}$$

ان مشاہدات سے زمین کے انتصابی اور افقی میدانوں کی نسبت دریافت کی جائے۔ چونکہ یہ نسبت زاویہ میلان (د) کے مماس کے مساوی ہے مساوات ذیل سے اس زاویہ

کی قیمت معلوم کرلی جاسکتی ہے :

$$\text{س ژ} = \frac{\text{ص}}{\text{ف}} = \frac{\text{عہ}_2 \text{ ق}_2}{\text{عہ}_1 \text{ ق}_1}$$

نتیجہ کی صحت کا اندازہ کرنے کے لئے بچھے کے گھومنے کے محور کو مقناطیسی نصف النہار کی اضافت سے مختلف وضعوں میں رکھ کر بچھا ممکنہ تیزی سے گھمایا جاسکتا ہے۔ محور کی ایک خاص وضع ایسی دریافت ہوگی کہ اس میں رکھ کر بچھے کو جس قدر بھی تیز پھرایا جائے رد پیما کی سوئی مطلق منصرف نہ ہوگی۔ اس کے یہ معنی ہیں کہ بچھے کے مستوی کے علی القوائم منقلب کے عمل کی وضع میں مقناطیسی میدان صفر ہے۔ یعنی بچھے کا محور حاصل مجموعی مقناطیسی میدان کی سمت میں واقع ہے، یا بالفاظ دیگر محور گردش افق کے ساتھ مقناطیسی میلان کا زاویہ بناتا ہے۔ پس اس وضع میں بچھے کے محور گردش کا زاویہ افق کے ساتھ ناپ لیا جائے اور سابقہ تجربہ کے نتیجہ سے اس کا مقابلہ کیا جائے۔

تجربہ (۶۹)۔ اس نوعیت کے تجربہ کی اضافی صحت کی تخمین۔ جب بچھا اس طرح گھمایا جاتا ہے کہ اس کا مستوی منقلب کے عمل کی وضع میں مقناطیسی میلان کی سمت پر علی القوائم ہو، تو ایسی حالت میں زمین کے حاصل مجموعی مقناطیسی میدان کی پیمائش ہوگی۔ اگر رد پیما کا زاویہ انصراف اب عہ۳ ہو جبکہ بچھا ق۳ ثانیوں میں ۱۰۰ بار گھومے، تو

$$۴ \text{ ح} = \text{عہ}_3 \text{ ق}_3$$

جس میں ح سے مراد حاصل مجموعی مقناطیسی میدان کی حدت ہے اور م وہی پیشتر کا مستقل عدد ہے۔

چونکہ $ح^۲ = ف^۲ + ص^۲$

پس $(عہ۲ ق۲)^۲ = (عہ۱ ق۱)^۲ + (عہ۲ ق۲)^۲$

مشاہدات متذکرہ بالا سے دیکھا جائے کہ کہاں تک اس مساوات کے موافق تجربہ صحیح نتیجہ ہوتا ہے۔ اس سے تجربہ کے صحت عمل کا اندازہ ہو جائیگا۔

(نوٹ۔ اگر روپیا محرک بچھے کی قسم کا ہے اور اس کا انصراف لمپ اور پیمانہ کے ذریعہ ناپا جاتا ہے تو ف سے متعلق نور کا بٹا پیمانہ پر تقریباً ۲۰ سم ہونا چاہیئے۔ روپیا کے محرک بچھے کے اہتزاز بہت جلد تلف ہو جائینگے اور ہٹاؤ کی قیمت ۲ م م تک صحیح معلوم کرنے میں کوئی دقت نہ ہونی چاہیئے۔ پس ایسے تین مختلف مشاہدے کرنے سے نور کے ہٹاؤ میں ۰٫۵ فی صد سے بڑھ کر خطا نہ ہونی چاہیئے۔ ۱۰۰ گردشوں کی مدت فی مشاہدہ ایک تا یہ تک صحیح ہونی چاہیئے کہ اور چونکہ ۱۰۰ گردشوں کی مدت تقریباً ایک منٹ تجویز ہوئی ہے اور اس کی تعیین کے لئے تین تین بار مشاہدہ کیا جائیگا وقت (ق) کی قیمت میں ایک فی صد سے بڑھ کر خطاء نہ ہونی چاہیئے۔)

پس اگر احتیاط سے کام کیا جائے تو $(عہ ق)^۲$ کی قیمت میں ممکن خطا ۳ فی صد سے متجاوز نہ ہونی چاہیئے اور اس مساوات $(عہ۱ ق۱)^۲ + (عہ۲ ق۲)^۲ = (عہ۳ ق۳)^۲$ میں بڑی سے بڑی ممکن خطا ۷ یا ۸ فی صد سے زائد نہ ہونی چاہیئے۔ چونکہ خطائیں ایک حد تک ایک دوسرے کو ساقط کر دینگی لہذا اکثر صورتوں میں غالباً ان نتائج کی مطابقت میں ۳ فی صد سے کم ہی اختلاف پایا جائیگا۔

تجربہ (۷۰) - بیلسٹک طریقہ سے

ارضی امالی آلہ کے ساتھ تجربہ - اسی طرح تجربے بیلسٹک رد پیما کے ساتھ بھی کئے جا سکتے ہیں، خواہ آلہ کے لچھے کے ساتھ منقلب شامل ہو یا نہ ہو - رد پیما، بغیر کسی مزید مزاحمت کے توسط کے، لچھے کے ساتھ راست ملا دیا جا سکتا ہے اور لچھے کو ۱۸۰° زاویہ میں یعنے نصف گردش دے کر رد پیما کے نور کی جست معلوم کر لی جاتی ہے - لچھے کو جب نصف گردش دیتے ہیں تو اس کے نور کی جستیں اُن مقناطیسی میدانوں کی متناسب ہوتی ہیں جو لچھے کی ابتدائی دشنوں میں، اس کے مستوی کے علی القوائم ہیں -

چنانچہ لچھے کو ابتداءً مقناطیسی مشرق مغرب میں سے گزرنے والے انتصابی مستوی میں کھڑا کر کے اگر نصف گردش دی جائے اور اس کی وجہ سے رد پیما کی پہلی جست ج۱ ہو، تو

ج۱ ∞ ف یعنے افقی مقناطیسی میدان کے

اسی طرح لچھے کو افقی مستوی میں لٹا کر اگر نصف گردش دی جائے اور اس سے رد پیما کی پہلی جست ج۲ ناپی جائے، تو

ج۲ ∞ ص یعنے انتصابی مقناطیسی میدان کے

$$\text{پس } \frac{\text{ج}_2}{\text{ج}_1} = \frac{\text{ص}}{\text{ف}} = \text{س ظ ز}$$

جس میں (س) سے مراد مقناطیسی میلان کا زاویہ ہے -

اگر ج۳ رو پیا کی جست ہے جو مستوی کو ابتداءً مقناطیسی میلان کے زاویہ کی سمت پر علی القوام رکھ کر نصف گردش دینے سے پیدا ہوتی ہے، تو

ج۲ تقریباً ج۱ + ج۲ کے مساوی برآمد ہونی چاہئے۔

جب پچھے کے گھومنے کا محور مقناطیسی میدان کے خطوط قوت کے متوازی ہوتا ہے تو اس کو پھیرنے سے رو پیا کا نور ساکن رہیگا یعنے جست کی قیمت صفر ہوگی۔

فصل (۲)۔ برقی مقناطیسی مشینیں

ڈنامو اور موٹر


ڈنامو اور موٹر برقی موصل تار کے پچھے یا پچھوں کے نظام پر مشتمل ہیں جو مناسب دُہری کے ذریعہ زبردست مقناطیسی میدان میں گھوم سکتے ہیں۔ یہ پچھا یا پچھوں کا نظام آرمیچر کہلاتا ہے۔ ڈنامو کا عمل اس طرح ہوتا ہے کہ اس میں آرمیچر کو بیرونی طاقت کے ذریعہ گھماتے ہیں، اس سے آرمیچر کے سروں میں محرکہ برق کا امالہ ہوتا ہے اور اس سے جو برقی رَو پیدا ہوتی ہے مفید کاموں کے لئے اخذ کرلی جاتی ہے۔ موٹر میں کسی بیرونی مبداء سے آرمیچر پر سے برقی رَو دوڑائی جاتی ہے، اس سے وہ مقناطیسی میدان میں گھومنے لگتا ہے۔ یہ توانائی مفید کاموں پر صرف کی جاتی ہے۔

راست رَو کی مشینوں میں برقی رَو آرمیچر کے پھیروں میں مناسب برشوں اور منقلب کے ذریعہ (جن کا عمل اصولاً ارضی امالی آلہ کے برشوں اور منقلب کے مشابہ ہوتا ہے) داخل کی جاتی ہے، یا ان میں سے خارج کی جاتی ہے۔

(راست رَو کا) ڈنامو

آرمیچر جس مقناطیسی میدان میں گھمایا جاتا ہے خواہ مستقل مقناطیسوں سے پیدا ہوسکتا ہے یا برقی مقناطیسوں سے۔ پہلی قسم کا ڈنامو **مگنیٹو مشین** کہلاتا ہے۔ ملاحظہ ہو شکل (۷۹)

دوسری قسم کے ڈنامو میں عموماً آلہ خود اپنے مقناطیسی میدان کی رَو آپ پیدا کرلیتا ہے، جو آرمیچر سے لیکر مقناطیسی میدان والے پھیروں پر سے بہائی جاتی ہے۔ واضح ہو کہ میدان پیدا کرنے والے مقناطیسوں میں جو مقناطیسیت (رَو کی موقوفی کے بعد بھی) بچ رہتی ہے، رَو کو آغاز کرنے کے لئے کافی ہوتی ہے، اور اس لئے آرمیچر کے گھومنے کی رفتار تیز کرنے سے امالی رَو مقناطیسی میدان کو بتدریج بڑھاتی جاتی ہے۔ اس کے لئے جو توانائی درکار ہے آرمیچر کو گھمانے والی طاقت، اس کو مہیا کرتی ہے اگر آرمیچر کی پوری رَو میدان پیدا کرنے کے پھیروں پر سے گزرے تو مشین ہمسلسلہ تپیٹی ہوئی کہلاتی ہے۔




شکل (۷۹)
مگنیٹو مشین

(ملاحظہ ہو شکل ۸۰) اگر میدان پیدا کرنے کے بجائے برشوں کیساتھ اس طرح ملائے جاتے ہیں کہ وہ بیرونی دور سے متوازی ہوں تو مشین ہمتوازی لپیٹی ہوئی کہلاتی ہے۔ (ملاحظہ ہو شکل ۸۱)۔ ان دونوں نظاموں کا مجموعہ بکثرت استعمال ہوتا

ڈناموکے اقسام

(راست رو پیدا کرنے والے)



شکل (۸۲) مشترکہ لپیٹا ہوا

شکل (۸۱) ہمتوازی لپیٹا ہوا

شکل (۸۰) ہمسلسلہ لپیٹا ہوا

ہے اور اس طرح کی مشین مشترکہ یا مجموعی طور پر لپیٹی ہوئی کہلاتی ہے۔ (ملاحظہ ہو شکل ۸۲)۔ تار کو مشترک طریقہ پر لپیٹنے کی غائت یہ ہے کہ مشین پر کام کا بوجھ وسیع حد تک مختلف ہونے پر بھی، اسکے گھومنے کی رفتار مستقل رکھ کر اس کے بیرونی دور میں تفاوت قوہ کو ہموار اور غیر متبدل رکھا جائے۔

مقناطیسی میدان کو ایک مقررہ قیمت پر رکھ کر آرمیچر

کے بچھوں کو جب گھمایا جاتا ہے تو ان میں جو امالی محرکہ برق (م) پیدا ہوتا ہے بچھوں کے گھومنے کی رفتار کے متناسب ہوتا ہے، لیکن برشوں کے مابین جو تفاوت قوہ واقع ہوگا ٹھیک اس کلیہ کے تابع ہونا لازمی نہیں۔ اگر مشین پر کام کا بوجھ مختلف ہو یعنے مشین سے بالترتیب مختلف طاقت کی روئیں اخذ کی جائیں تو آرمیچر کی مزاحمت کی وجہ سے برشون کے درمیانی تفاوتِ قوہ میں تغیر پیدا ہوگا۔ اگر آرمیچر کی مزاحمت (ز) تصور کی جائے اور اس پر سے برقی رَو (ر) بہتی ہے تو اس رَو کے بہنے سے امالی محرکہ برق میں بقدر (ر ز) تخفیف ہوگی۔ پس برشوں کا تفاوت قوہ صرف

ت = م - ر ز

موٹر

کوئی سی برقی مشین جو ڈنامو کا کام دیتی ہو اگر اس میں باہر سے برقی رَو داخل کی جائے تو برقی موٹر کا کام دے سکتی ہے۔ پس موٹر کی بھی تین قسمیں ہوسکتی ہیں: ہمسلسلہ، ہمتوازی یا مشترکہ پیچی ہوئی مشینیں۔

موٹر کے اندر برقی رَو کی تبدیلی کا قاعدہ اس کے اہم ترین امور میں داخل ہے۔ اور موٹروں سے متعلق اکثر واقعات پر اسی رَو کی تبدیلی کے لحاظ سے غور ہوسکتا ہے۔

جب آرمیچر گھومتا ہے تو اس کے تار مقناطیسی خطوط قوت کو کاٹتے ہیں۔ اس لئے اس کے اندر محرکہ برق (م) کا امالہ ہوتا ہے جو اس کے گھومنے کی رفتار اور مقناطیسی

میدان کی حدت کے متناسب ہوتا ہے۔ اور یہ محرکہ برق اس برقی رو کے مخالف عمل کرتا ہے جو آرمیچر کی حرکت کا باعث ہے۔ بالفاظ دیگر موٹر کے آرمیچر کو حرکت میں لانے کے لئے اس کے دہانوں پر باہر سے جو تفاوت قوہ (ت) پیدا کیا جاتا ہے، یہ اعلیٰ محرکہ برق اس کے خلاف میں عمل کرتا ہے۔ پس ہمارا مقصود آرمیچر پر سے جو برقی رو (ر) بہتی ہے اس مساوات سے اس کی تخمین ہوتی ہے:

$$ر = \frac{ت - م}{ز}$$

یعنے اس کا محرک، باہر سے عمل کرنے والے تفاوتِ قوہ (ت) کا وہ حصہ ہے، جو اعلیٰ رجعی محرکہ برق (م) کے نہا ہونے کے بعد بچ رہتا ہے۔

برقی رو کی تبدیلی، رفتار کے ساتھ۔ پس اگر رفتار میں تخفیف ہو تو رجعی محرکہ برق میں بھی تخفیف ہوتی ہے اور اس لئے برقی رو میں اضافہ ہوتا ہے۔

برقی رو کی تبدیلی، موٹر کے کام کے بوجھ کے ساتھ۔ جب موٹر پر زیادہ بوجھ ڈالا جاتا ہے یعنے اس سے زیادہ چیکی کام لیا جاتا ہے، تو اس کو جو توانائی مہیا کی جاتی ہے اس کی مقدار میں اضافہ کرنا پڑتا ہے۔ یعنے برقی رو (ر) میں اضافہ کرنا پڑتا ہے، اگر باہر سے عمل کرنے والا تفاوت قوہ (ت) مستقل رکھا جائے۔

رفتار کی تبدیلی، موٹر کے کام کے ساتھ۔ اگر

کام میں اضافہ کیا جائے، تو جیسا کہ ابھی بیان ہوا ہے، برقی رَو (ر) میں بھی اضافہ کیا جانا چاہیئے۔ اور یہ اُسی صورت میں ممکن ہے جبکہ (م) میں بمطابقت مساواتِ ذیل تخفیف ہو

$$ر = \frac{ت - م}{ز}$$

پس، اگر مقناطیسی میدان مستقل رہے، تو بوجھ کی ترقی کے ساتھ، موٹر کی رفتار میں تنزل ہوگا، لیکن برقی رَو (ر) کے اضافہ کی وجہ سے طاقت یا کام کرنے کی شرح بڑھ جائیگی۔ واضح ہو کہ 'مشترکہ' لپیٹی ہوئی موٹروں کے لئے یہ بات لازمی نہیں ہے۔ ان موٹروں کے مقناطیسی میدان پیدا کرنے والے پھیوں کو عموماً اس طرح لپیٹتے ہیں کہ 'بوجھ' یعنے کام کے بڑھانے سے مقناطیسی میدان میں گھٹاؤ پیدا ہوتا ہے، اور اس لئے (م) یعنے رجعی محرکہ برق میں کمی ہوکر برقی رَو رفتار کی تبدیلی بغیر، ضروری قیمت تک ترقی کرجاتی ہے۔

ایک معینہ 'بوجھ' کے لئے مقناطیسی میدان کے ساتھ، رفتار کی تبدیلی۔ ایک معینہ 'بوجھ' کے لئے (ت ر) کی قیمت (تقریباً) مستقل رہنی چاہئے، اور اس لئے رفتار اپنے آپ کو ٹھیک کرکے اس انداز پر آجائیگی کہ ٹھیک اسیقدر برقی رَو بہے جس کی ضرورت ہے۔ آرمیچر جس میدان میں گھومتا ہے اگر اس کی حدّت بڑھائی جائے، اور رفتار معینہ ہو، تو اماں برقی رَو میں، اس حدت کی مطابقت سے، اضافہ ہوگا۔ پس (ر) کی جو قیمت ہونی چاہیئے پہلے کی بہ نسبت کم رفتار پر حاصل ہوجائیگی۔ اور اس لئے مقناطیسی میدان کی، فرمد تحریک سے

یعنے میدان کی حدت کو زیادہ کرنے سے، موٹر کی رفتار سُست تر ہوگی۔ مقناطیسی میدان کی حدت اگر گھٹائی جائے تو (م) کو اس قیمت پر پہنچنے کے لئے، جو (ما) کو گھٹاکر ضروری مقدار میں لانے کے لئے چاہیئے، تیز تر رفتار کی ضرورت ہوتی ہے۔ پس کسی معین طاقت یا بوجھ کے ساتھ میدان کی حدّت کو کم کرنے سے موٹر کی رفتار تیز تر ہوجاتی ہے۔

مگنیٹو ڈنامو کے ساتھ تجربے

تجربہ (۷۱)۔ مگنیٹو ڈنامو کے م، ب کی تبدیلی رفتار کے ساتھ۔

ایک مگنیٹو ڈنامو کے آرمیچر کی دُہری کو ایک تغیّر پذیر رفتار کی موٹر کی دُہری اور رفتار پیما کے ساتھ ملائم کمانیوں کے ذریعہ 'منعقد' کرو۔ ڈنامو کے برشوں کے ساتھ مناسب سعت کا ایک اولٹ پیما ہمتوازی جوڑ دو، اور دیکھو آرمیچر کی مختلف رفتاروں پر اولٹ پیما ڈنامو کا کتنے اولٹ م، ب بتاتا ہے۔ ایک منحنی بناکر م، ب اور آرمیچر کے گھومنے کی رفتار میں ربط بتاؤ۔ چونکہ اس مشین میں مستقل مقناطیس استعمال ہوتے ہیں اس لئے میدان کی حدت مستقل ہوتی ہے لہذا مشین کا م، ب آرمیچر کے گھومنے کی رفتار کے ٹھیک متناسب ہونا چاہیئے۔

تجربہ (۷۲) رفتار کو مستقل رکھ کر بوجھ کے ساتھ مگنیٹو ڈنامو کے سروں کے تفاوتِ

قوّہ کی تبدیلی - مشین کو تجربہ (۱۷۱) کی طرح ایک موٹر اور دفتار پیما کے ساتھ 'منعقد' کردو - برشوں کو ایک ام پیما اور تغییر پذیر مزاحمت کے ساتھ ہمسلسلہ اور ایک اولٹ پیما کیساتھ ہمتوازی باندھ دو - مشین کو مستقل رفتار پر چلاؤ' اور مزاحمت میں ضروری تغییر تبدل کرکے مشین سے مختلف مقداروں میں برقی رو اخذ کرو - اور دیکھو ہر ہر صورت میں ام پیما اور اولٹ پیما کے نمائندے بالترتیب کیا نشان بتاتے ہیں -

منحنی بناکر سروں کے تفاوت قوہ اور بوجھ (یعنے برقی رو) کا باہمی رشتہ بتاؤ - اور آرمیچر کی مزاحمت دریافت کرو -

نوٹ - اس طریقہ سے آرمیچر کی مزاحمت کی جو قیمت دریافت ہوتی ہے عموماً اس کی صحیح قیمت سے کسیقدر زائد ہوتی ہے - مشین کے سروں کا تفاوت قوہ جبکہ برقی رو میں اضافہ کیا جاتا ہے' بالکلیہ اندرونی مزاحمت کے باعث نہیں پیدا ہوتا ہے - درحقیقت مقناطیسی میدان کی حدّت آرمیچر کی برقی رو کے میدان کی وجہ سے' یا جیسا کہ عموماً کہا جاتا ہے' "آرمیچر کے تعامل" کی وجہ سے' کمزور ہوجاتی ہے -

اور قسم کے تجربے بھی تجویز کئے جاسکتے ہیں - اور طالب علم کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ غور کرکے معلوم کرے کہ ایسی مشین کن اغراض کے لئے بطور خاص موزوں ہے -

اس طرح کے تجربے دوسرے اقسام کے ڈنامو کیساتھ بھی کئے جاسکتے ہیں جن کے مقناطیسی میدان خود ڈنامو کے اندر پیدا ہونے والی رو کی تحریک سے وجود میں آتے ہیں - چونکہ یہ محرک رو' رفتار کے ساتھ بدلتی ہے' اور اگر ہمسلسلہ لپیٹا ہوا ڈنامو ہو تو رو 'بوجھ' کے ساتھ بھی بدلتی ہے' جو منحنیاں ان مشینوں سے متعلق حاصل ہوں گے'

مگنیٹو ڈنامو والے منحنیوں سے غیر مشابہ ہونگے۔

مگنیٹو موٹر کے ساتھ تجربے

تجربہ (۷۳)۔ مگنیٹو موٹر پر عمل کرنے والے تفاوتِ قوہ کے ساتھ اس کی رفتار کی تبدیلی۔ آرمیچر کی دُہری کو ایک رفتار پیما کے ساتھ منعقد کردو۔ آرمیچر کے ساتھ ایک تغیّر پذیر مزاحمت اور برقی خانوں کا مورچہ ہمسلسلہ باندھ دو اور مشین کے سروں کے ساتھ ایک اولٹ پیما کو ہمتوازی جوڑ دو۔ اب مشین کے ساتھ کی ہمسلسلہ مزاحمت کو بالترتیب تبدیل کرتے جاؤ اور ساتھ ساتھ اولٹ پیما اور رفتار پیما کے مظہرہ نشانات بھی نوٹ کرتے جاؤ۔

ترسیم بناکر رفتار اور مشین کے برشوں کے مابین عمل کرنیوالے ت، ق کا باہمی تعلق بتاؤ۔

تجربہ (۷۴)۔ طاقت، رفتار اور بوجھ کی تبدیلی۔ مگنیٹو موٹر کی استعداد۔ موٹر کو برقی خانوں کے ایک مورچہ، ام پیما اور مزاحمت کے ساتھ ہمسلسلہ ملاؤ اور اس کے سروں سے ایک اولٹ پیما کو ہمتوازی ملا دو۔ اور آرمیچر کی دُہری کے ساتھ ایک رفتار پیما باندھ دو۔

آرمیچر کی دُہری کے ساتھ ایک بڑی چرخی جوڑ دو اور چرخی کے گرد ایک بریک بینڈ (روک پٹی) لپیٹ کر موٹر پر بدل بدل کر بوجھ رکھو (یعنے پٹی کے سروں سے مختلف وزن لٹکاؤ)۔

اس طرح برقی رو، موٹر کے سروں کے تفاوتِ قوہ اور بریک کی قوت کی نظیری قیمتوں کی ایک فہرست تیار کرو۔

موٹر کو جو طاقت مہیا کی جاتی ہے برقی رو اور تفاوت قوہ کے حاصل ضرب سے اسکی پیمائش ہوتی ہے۔ اگر ان کی قیمتیں امپیروں اور اولٹوں میں پڑھی جائیں تو طاقت کی پیمائش واٹ یا جول فی ثانیہ میں ہوگی۔ موٹر جو کام کرتی ہے اس کی پیمائش زاویئی رفتار مضروب 'بریک کے فرکی جفت' کے ذریعہ ہوتی ہے۔

اگر روک پٹی کے سروں کے تناؤ میں تفاوت (تہ۱ - تہ۲) ڈائین ہے، اور آرمیچر کے گھومنے کی رفتار ن گردش فی ثانیہ ہے تو فی ثانیہ جو کام کیا جاتا ہے:

$$۲ \pi ن (تہ۱ - تہ۲) ص \text{ ارگ ہے}$$

جس میں ص سے مراد چرخی کا نصف قطر ہے جس کے گرد روک پٹی لپیٹی گئی ہے۔ اگر کام کی قیمت جول فی ثانیہ میں تحویل کرنا ہو تو مصرحہ بالا مقدار کو ۱۰^۷ پر تقسیم کرنا ہوگا پس موٹر کی استعداد

$$ع = \frac{۲ \pi ن (تہ۱ - تہ۲) ص}{\text{ارگ} \times ۱۰^{۷}}$$

رفتار کو مستقل رکھ کر، استعداد کی تبدیلی، بوجھ کے ساتھ دریافت کرو، اور نیز بوجھ کو مستقل رکھ کر رفتار کے ساتھ اس کی (یعنے استعداد کی) تبدیلی دریافت کرو۔

آخرالذکر تعلق معلوم کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ استعداد

اور بوجھ کے کئی ایک مخنی متعدد (مستقل) رفتاروں سے متعلق تیار کئے جائیں۔ اور ان مخنیوں سے استعداد کی تبدیلی رفتار کیساتھ بوجھ کے استقلال کی حالت میں اخذ کی جائے۔

تجربہ (۷۵) شنٹ موٹر کی رفتار کی تبدیلی مقناطیسی میدان کی حدت کے ساتھ

ایک شنٹ موٹر کے آرمیچر کو ہمسلسلہ ایک ام پیما اور تغیر پذیر مزاحمت کے ساتھ، ایک برقی مورچہ کے قطبوں سے ملاؤ۔ اور شنٹ کے پھیروں کے ساتھ ایک تغیر پذیر مزاحمت اور ام پیما کو ہمسلسلہ شامل کردو۔ آرمیچر کے برشوں کے ساتھ ایک اولٹ پیما کو ہمتوازی جوڑ دو۔

آرمیچر کی دہری کو رفتار پیما کے ساتھ منعقد کرکے دیکھو موٹر کی رفتار میں کیا تبدیلی پیدا ہوتی جبکہ شنٹ کی برقی رو میں کمی کی جاتی ہے۔ آرمیچر کے ساتھ جو ام پیما ہمسلسلہ ملایا گیا ہے اس کے بھی نمائندے کے نشان نوٹ کرو، جبکہ اس کے ساتھ کی ہمسلسلہ مزاحمت کو تبدیل کرکے آرمیچر کے برشوں کا تفاوت قوہ مستقل رکھا جاتا ہے۔ تی دیکھو شنٹ کی برقی رو کے گھٹنے سے موٹر کی رفتار تیز ہوجاتی ہے۔ اور آرمیچر کی رو کے بڑھنے سے بھی رفتار تیز ہوجاتی ہے۔

ترسیموں کے ذریعہ شنٹ کی رو کے ساتھ (ا) رفتار کی تبدیلی اور (ب) آرمیچر کی رو کی تبدیلی بتاؤ۔

نوٹ۔ ہرگز شنٹ کی رو کو بالکلیہ منقطع نہ کرنا چاہیئے۔ ورنہ موٹر کی رفتار خطرناک طریقہ پر تیز ہوجائیگی اور آرمیچر کے ٹکڑے اڑجائینگے۔

نواں باب

برقی گنجائشوں کا مقابلہ

برقی گنجائشوں کے مقابلہ کے طریقے

برقی گنجائش کی تعریف' اس مقدار برق سے ہو سکتی ہے جو اُس کے موصلوں کے مابین اکائی تفاوتِ قوہ کے اضافہ کے لئے چاہیئے۔


مکثفہ کی گنجائش ایک فیراڈ تصور کی جاتی ہے' اگر اس کی تختیوں کے تفاوتِ قوہ میں ایک اولٹ کی تبدیلی پیدا کرنے کے لئے ایک کولومب برق کی ضرورت ہو۔ فیراڈ چونکہ بہت بڑی اِکائی ہے اس لئے عموماً اس کی کسر' ایک مَیکرو فیراڈ استعمال کی جاتی ہے۔ ایک مَیکرو فیراڈ = 10^{-15} فیراڈ = 10^{-15} برقی مقناطیسی اِکائی گنجائش (ب' م اکائی)۔

جب دو مکثفوں پر برقی بار ایک ہی قوہ تک بھرا جاتا ہے تو ان کے برق کی مقداریں ان کی گنجائشوں کے متناسب ہوتی ہیں۔ پس اگر ان سے دو مکثفوں کے بار علٰحدہ علٰحدہ

ایک بیلسٹک رَو پیما کے توسط سے خالی کئے جائیں، اور اس سے رَو پیما کے نور کی جو پہلی جستیں وقوع میں آئیں انکا مشاہدہ کیا جائے تو ان مکثفوں کی گنجائشوں کا مقابلہ ہوسکتا ہے۔

تجربہ (۷۶) - گنجائشوں کا مقابلہ -

بیلسٹک رَو پیما کے طریقہ سے - ایک مکثفہ کے ساتھ دُورراہی کنجی کے ذریعہ ایک ثانوی برقی خانہ جوڑ دو کہ کنجی کی ایک وضع میں خانہ کے قطب مکثفہ کے سروں سے ملجائیں - مکثفہ اور کنجی کے ساتھ ایک رَو پیما کو اس طرح جوڑو کہ کنجی کی دوسری وضع میں رَو پیما کے سرے مکثفہ کے سروں سے ملجائیں، اور خانہ "کھلے دَور" کی حالت میں آجائے - اس غرض کے لئے خاص قسم کی "مکثفہ کی" یا "بار خالی کرنے کی" کنجیاں مہیا کی جاتی ہیں - لیکن کوئی بھی تیز عمل دو راہی سوئچ اچھی طرح کام دیسکتا ہے، بشرطیکہ وہ بخوبی مجوز ہو - بعض اوقات دو کھٹکھٹانے کی کنجیاں استعمال کی جاتی ہیں - شکل (۸۳) کی طرح آلات کی ترتیب عمل میں آئے -




شکل (۸۳)
مکثفہ کی گنجائش

کنجی کو وضع (۱) سے بدل کر جلدی سے وضع (۲) میں لیجانے سے رَو پیما میں جو فوری انصراف پیدا ہوتا ہے اس کو

مشاہدہ کرلینا چاہئے۔

پھر مکثفہ کو دَور کے باہر نکال کر اس کے عوض دوسرا مکثفہ شریک کیا جاتا ہے اور تجربہ دوہرایا جاتا ہے۔ دونوں انصرافوں (یا جستوں) کی نسبت دونوں مکثفوں کی گنجائشوں کی نسبت تصور کی جاسکتی ہے۔ اس لئے کہ یہ انصراف تجربہ کے حدود صحت کے اندر برق کی اُن مقداروں کے متناسب ہیں جو رَد پیما پر سے خارج ہوتی ہیں۔

اس کی بہت ضرورت ہے کہ مکثفوں کے بدلنے میں، حتی الامکان کم تاخیر ہو تاکہ خانہ کے محرکہ برق کی تبدیلی کا کوئی اندیشہ نہ ہو۔ بذیعہ جہ ۱۵ متشابہ دو راہی کنجیاں استعمال کیجاسکتی ہیں، یا ایک دوہری بارخالی کرنے کی کنجی سے کام لیا جاسکتا ہے۔ آخری صورت میں آلات کی ترتیب بموجب شکل (۸۴) ہوگی۔



شکل (۸۴)


برقی گنجائشوں کا مقابلہ

وقتِ واحد میں صرف ایک ہی کنجی استعمال کی جانی چاہئے، اور اگر ممکن ہو تو دوسری کنجی دونوں پہلوؤں میں سے کسی ایک پہلو

کے ساتھ تماس نہ رکھے۔

برقی رَو کے تجربوں میں اکثر اوقات اس طرح، زائد کنجیوں وغیرہ کے استعمال سے، تجربہ کے عمل میں سہولت پیدا کردی جاسکتی ہے۔

تجربہ ۷۷ (گنجائشوں کا مقابلہ۔ وہٹسٹون کے پل کے طریقہ سے۔ جن مکثفوں کی گنجائشوں کا مقابلہ مقصود ہے ان کو دو مزاحمتوں، ایک رَو پیما، ایک مورچہ اور ایک دو راہی کنجی کے ساتھ بموجب ترتیب شکل (۸۵) ملایا



شکل (۸۵)
وہٹسٹون کے پل کا طریقہ

جاتا ہے۔

مزاحمتوں ز۱ اور ز۲ کو حسب ضرورت گھٹا بڑھا کر اس اندازہ پر لاؤ کہ دو راہی کنجی کو اس کی دونوں وضعوں میں سے کسی بھی وضع میں سوئچ کرنے سے رَو پیما منصرف نہ ہو، تب

$$\frac{\text{گ}_1}{\text{گ}_2} = \frac{\text{ز}_2}{\text{ز}_1}$$

اس لئے کہ عدم انصراف سے اس کا پتہ چلتا ہے کہ (ج) اور (د) میں کسی وقت بھی کوئی تفاوت قوہ نہیں ہوتا ہے لہذا رَو پیما پر سے کبھی بھی کوئی رَو نہیں بہتی۔ ایسی صورت میں مکثفہ (گ۱) پر برقی بار بالکلیہ مزاحمت (ذ۱) کے توسط سے بہرا جانا چاہیئے، اور مکثفہ (گ۲) پر بالکلیہ مزاحمت (ذ۲) کے توسط سے۔ اور دونوں مکثفے ایک ساتھ اپنے آخری قوؤں پر پہنچنا چاہیئے۔

مکثفے اپنی متعلقہ مزاحمتوں کے توسط سے جس شرح سے برقائے جاتے ہیں، اِن مزاحمتوں کے منکافیوں کے متناسب ہوتی ہے۔ یعنے مبادی اوقات میں جو برقی بار ب۱ اور ب۲ مکثفوں کو حاصل ہوتے ہیں $\frac{۱}{ذ۱}$ اور $\frac{۱}{ذ۲}$ کے متناسب ہوتے ہیں۔ لیکن مکثفے ایک ہی آخری قوہ پر ایک ساتھ پہنچتے ہیں۔ پس ب۱ اور ب۲ گنجائشوں گ۱ اور گ۲ کے متناسب ہیں۔ یعنے

$$\frac{گ۱}{گ۲} = \frac{ذ۲}{ذ۱}$$

اگر ان مکثفوں میں سے کوئی ایک مکثفہ دوسرے مکثفہ سے پہلے پورا برقایا جاتا ہے، تو رَو پیما کے توسط سے ہنوز ناتمام برقائے ہوئے مکثفہ کی طرف ایک چھوٹی برقی رَو بہیگی۔ اس کے یہ معنے ہوئے کہ اگر مزاحمتیں ٹھیک انداز پر نہ لائی جائیں تو رَو پیما کی سوئی خفیف سا جھٹکا د یا د سے ج کیطرف رَو کے بہنے کی وجہ سے، منصرف ہوگی۔


نوٹ۔ یہ اگرچہ عدم انصراف کا طریقہ ہے، لیکن اس کی حساسیت کچھ زیادہ نہیں۔ رَو پیما میں جو کچھ بھی برقی بہتی

ہے کثفوں کے برقی باروں کے تفاوت کا، جبکہ ایک کثفہ پورا بھر جاتا ہے اور دوسرا ہنوز خالی رہتا ہے، ایک قلیل حصہ ہے۔ کثفوں کے بار خود عموماً چھوٹے ہوتے ہیں، اور رَد پیمائیں محض خفیف سا انصراف پیدا کرسکتے ہیں۔ پس ان کے خفیف تر تفاوت کے محض ایک حصہ سے جو انصراف وقوع میں آئیگا یقیناً بہت قلیل ہوگا۔ اس لئے مزاحمتوں میں عموماً وسیع تغیر تبدل کرنے پر بھی رَد پیما میں قابل لحاظ انصراف پیدا نہ ہوسکیگا۔ یہ طریقہ اس صورت میں بہت حساس ہوتا ہے جبکہ مزاحمتیں ذ۱ اور ذ۲ معتدبہ ہوتی ہیں، اور رَد پیما کم مزاحمت رکھتا ہے۔ لیکن جب تک کثفوں کی گنجائش بڑی نہ ہو یہ طریقہ قابل اطمینان نہیں۔

تجربہ (۷۸)۔ گنجائشوں کا مقابلہ۔ آمیزوں کے طریقہ سے۔ ۸ اولٹ کے مورچہ کو دو بڑی اور تغیر پذیر مزاحمتوں (۱۰۰۰ سے لیکر ۱۰۰۰۰ اوم تک) کے ساتھ ہمسلسلہ ملاؤ۔ جن کثفوں کی گنجائشوں کا مقابلہ کرنا ہے ان کو اس طرح ترتیب دو کہ وہ پہلے ان مزاحمتوں کے ساتھ ہمتوازی جوڑے جاسکیں، اس کے بعد ان سے منقطع کردئے جائیں، پھر انکے برقی بار باہمدیگر ملادئے جائیں، اور بالآخر بقیہ بار ایک رَد پیما کے توسط سے خالی کردیا جائے۔

شکل (۸۶) میں اس ترتیب کی صراحت ہوئی ہے ملاحظہ کیجائے جب دوہرے جوڑ کے سوئچ کو اس وضع میں لاتے ہیں کہ ا۔ کا تماس ج سے ہو اور ب کا تماس د سے، تو گ۱ اور گ۲ کثفوں میں برقی بار بالترتیب مزاحمتوں ذ۱ اور ذ۲ کے سروں کے درمیانی تفاوت قوہ کے مساوی قوتوں پر پہنچ جاتا

ہے
اگر تفاوت قوہ ت، اور ت۲ فرض کئے جائیں تو مکثفوں پر برقی بار بالترتیب گ، ت، اور گ۲ ت۲ ہوگا۔



شکل (۸۶)

آمیزوں کا طریقہ

اب دوہرے تماس کے سوئچ کی وضع بدل کر ا کو ب کے ساتھ اور ھ کو د کے ساتھ تماس کرایا جائے تو گ، کا مثبت بار گ۲ کے منفی بار کے ساتھ بتوسط تار ف ر ق ملجائیگا۔ اور گ، کا منفی بار گ۲ کے مثبت بار سے بتوسط سوئچ ملجائیگا۔ اور دونوں مکثفوں کی تختیوں کے جوڑ ایک ساتھ رَو پیما کے توسط سے باہمدیگر ملجائینگے، اور اختلاط کے بعد جو کچھ بھی بار بچ رہیگا رَو پیما کے ذریعہ سے خالی ہو جائیگا۔ مزاحمتوں ز، اور ز۲ کو ٹھیک انداز پر لانے سے اس پسماندہ

بار کو گھٹا کر صفر کر دیا جا سکتا ہے، جس سے رَد بیما کا انصراف بھی صفر ہو جائیگا۔

اس صورت میں

$$گ_۱ ت_۱ = گ_۲ ت_۲$$

لیکن چونکہ تفاوت قوّہ ت۱ اور ت۲، مزاحمتوں ز۱ اور ز۲ کے متناسب ہیں۔

اس لئے $گ_۱ ز_۱ = گ_۲ ز_۲$

یا $$\frac{گ_۱}{گ_۲} = \frac{ز_۲}{ز_۱}$$

چونکہ یہ عدم انصراف کا طریقہ ہے اس لئے بیلسٹک رَد بیما کے طریقہ (تجربہ ۷۶) سے بہتر ہے۔ ساتھ ہی یہ طریقہ وٹیسٹون کے پل کے طریقہ سے بہت زیادہ حساس بھی ہے، اور بہت چھوٹی گنجائشوں کے ناپنے پر بھی حاوی ہے۔

اس تجربہ کے لئے کثیر مزاحمت اور بڑی حساسیت کے رَد بیما کا استعمال موزوں ہوتا ہے۔

دسواں باب

برقی آلات کے متعلق مفید یادداشتیں

فصل (۱) - مماسی رَد پیما

ایک پھیرے کا رَد پیما - صفحہ (۱۱۲) پر اس سادہ قسم کے مماسی رَد پیما کی تشریح ہو چکی ہے - وہ تار کے ایک انتصابی پھیرے پر مشتمل ہے جس کا محور مشرق و مغرب (مقناطیسی) کی سمت میں واقع ہوتا ہے - پھیرے کی برقی رَد (ر) کے مقناطیسی میدانی پیمائش کی غرض سے پھیرے کے مرکز پر بکس میں ایک مقناطیسیت پیما رکھا جاتا ہے۔

اگر پھیرے کے مرکز پر مقناطیسی میدانی حدت ح ہو تو

$$ح = \frac{۲ \pi ن ر}{ص}$$

جس میں ن = پھیرے کے چکروں کی تعداد

اور ص = پھیرے (کے دائرے) کا نصف قطر

اگر سوئی مقناطیسی نصف النہار سے بقدر زاویہ عہ منصرف ہو تو

$$ح = ف \text{ مس } عہ$$

پس $$\frac{۲ \pi ن ر}{ص} = ف \text{ مس } عہ$$

$$\text{یا} \quad ر = \frac{ص ف}{ن \pi ۲} \text{ مس عہ}$$

اس سادہ قسم کے مماسی رَو پیما کے بالعموم ایک، دو یا تین پھیے ہوتے ہیں جو سب کے سب ایک ہی قالب پر لپیٹے جاتے ہیں۔ ان پھیوں کے چکروں کی تعداد مختلف ہوتی ہے اور ان کے دائروں کے نصف قطر ایک دوسرے سے خفیف سے مختلف ہوتے ہیں۔ [اگر چکر گنے نہیں جا سکتے اور دائروں کے نصف قطر کی پیمائش نہیں ہو سکتی تو رَو پیما پر خود بنانیوالے کی طرف سے ان کی صراحت کر دی جاتی ہے]۔ مختلف پھیوں کے استعمال سے رَو پیما کی حساسیت حسب ضرورت تبدیل کیجا سکتی ہے، جس کی وجہ سے ایک ہی رَو پیما دو یا تین مختلف مرتبوں کی برقی رَوؤں کی پیمائش کا کام دیسکتا ہے۔

پس اگر رَو پیما کے تین پھیوں کے بالترتیب ۱، ۱۰، اور ۱۰۰ چکر ہوں، اور ایک امپیر کی برقی رَو ایک چکر والے پھیے پر سے بہہ کر ۴۵° انصراف پیدا کرتی ہے، تو یہ پھیا ۰٫۳ امپیر سے لیکر ۳ امپیر تک کی رَوؤں کی پیمائش کے کام آسکتا ہے۔ ۱۰ چکر والا پھیا آسانی کے ساتھ ۰٫۰۳ سے ۰٫۳ امپیر تک کی رَوؤں کے لئے استعمال ہو سکتا ہے۔ واضح ہو کہ یہ چھوٹی رَو اس پھیے پر سے ۱۰ بار گھومتی ہے (کیونکہ اس کے ۱۰ چکر ہیں) اور اس لئے وہی اثر رکھتی ہے جو اس سے ۱۰ گنا بڑی رَو ایک چکر والے پھیے پر سے بہتے ہوئے رکھتی ہے۔ اسی طرح ۱۰۰ چکر والا پھیا ۰٫۰۰۳ سے لیکر ۰٫۰۳ امپیر تک کی برقی رَوؤں کی پیمائش کے لئے موزوں ہوگا۔

عام صورت۔ اگر رَو پیما میں مذکورہ بالا قسم کی سادگی نہ ہو تو

اس پر بہنے والی رَو کے لئے یہ مساوات لکھی جاسکتی ہے:

$$ر = \frac{ف}{م} \text{ مس عہ}$$

جو ہمہ قسم کے معلّق سوئی والے رَو پیماؤں پر حاوی ہے، خواہ ان کی بناوٹ کیسی ہی ہو، بشرطیکہ سوئی کی اوسط وضع پچھے کے مستوی کے متوازی ہو، یعنے جب رَو پیما پر سے رَو نہ گزرے تو سوئی کی وضع پچھے کے متوازی ہو۔ مصرحہ بالا مساوات میں ف مقناطیسی میدان کی حدّت ہے جو سوئی پر زمین کی مقناطیسیت (اور رَو پیما کی حساسیت پر قابو رکھنے والے مقناطیس) کی وجہ سے عمل کرتا ہے۔ م میدان کی حدّت ہے جو پچھے پر سے اِکائی برقی رَو کے بہنے سے وقوع میں آتی ہے۔


ہلم ہولٹس والا رَو پیما۔ ایک خاص قسم کا مماسی رَو پیما مشہور و ممتاز طبیعیات کے ماہر فون ہلم ہولٹس کی ایجاد ہے، جس میں دو مساوی پچھے ایک دوسرے کے متوازی ہوتے ہیں اور ان کے مرکزوں کے مابین پچھوں کے دائروں کے نصف قطر کا فاصلہ ہوتا ہے۔ مقناطیست پیما ان پچھوں کے عین وسط کے مقام پر رکھا جاتا ہے۔ پچھوں کا محور مشرق مغرب (مقناطیسی) کی سمت میں واقع ہوتا ہے۔ اس کے استعمال کا طریقہ بعینہ وہی ہے جو سادہ قسم کے مماسی رَو پیما کا طریقہ ہے۔ لیکن ہلم ہولٹس والے رَو پیما میں یہ خوبی ہے کہ اسکے پچھوں کا مقناطیسی میدان جس میں مقناطیسیت پیما کی سوئی حرکت کرتی ہے بہت زیادہ یکساں ہے۔

رَو پیما کے مستقل م کی جو قیمت مساوات $ر = \frac{ف}{م}$ مس عہ

میں شریک ہے $\frac{۹۹ر۸ن}{ص}$ ہے۔

اگر س کی پیمائش مطلق اکائیوں میں ہو۔

ن سے مراد ایک پہیے کے چکروں کی تعداد ہے اور ص، پہیے کا نصف قطر ہے



شکل (۸۷)
ہلم ہولٹس والا دوبیا

واضح ہو کہ دائری پہیے کے محور پر اگر مرکز سے لا فاصلہ پر کوئی نقطہ واقع ہو تو پہیے پر برقی رَو س (مطلق اکائیوں میں)

کے بہنے سے اس نقطہ پر مقناطیسی قوت

$$ق = \frac{۲\pi ن ص^{۲} ر}{(ص^{۲} + لا^{۲})^{\frac{۳}{۲}}}$$

اس رَد پیما میں لا = $\frac{۱}{۲}$ ص اور دو پھیے استعمال ہوتے ہیں جن کے مقناطیسی میدان ایک ہی سمت میں ہوتے ہیں۔ مساوات مندرجہ بالا کے ذریعہ ھ کی حسابی تخمین کرنے سے مصرحہ بالا قیمت ($\frac{۸٫۹۹ ن}{ص}$) برآمد ہوتی ہے۔

برقی رَد کی مطلق پیمائش

برقی رَد جب رَد پیما کی سوئی کو بقدر زاویہ ع منصرف کرتی ہے اس کی مطلق قیمت مساوات

$$ر = \frac{ف}{م} \text{ مس ع}$$

سے دریافت ہوسکتی ہے، بشرطیکہ رَد پیما کے پھیے یا پھیوں کی ترتیب اور اُن کے ابعاد کے ذریعہ ھ کی حسابی تخمین ہوسکے۔ اگر پھیے کے چکروں کی تعداد بڑی ہو تو صحت کے ساتھ ان کی وضع کی تعیین نہیں ہوسکتی، اور نہ سوئی پر ان کے اثر کا ٹھیک حساب لگایا جاسکتا ہے۔

حسّاس قسم کا رَد پیما تیار کرنے میں پھیے کے چکروں کی تعداد اس قدر بڑی ہوجاتی ہے کہ ھ کی صحیح تخمین عملاً ناممکن ہوجاتی ہے۔

حساس قسم کے رَد پیما استعمال کرکے ممکن ہے کہ بہت چھوٹی برقی روؤں کی مطلق پیمائش کی جائے، لیکن ان طریقوں

کا بیان یہاں بموقعہ ہے۔

بڑی سے بڑی رَوؤں کی پیمائش کے لئے بھی مماسی رَو پیما موزوں ہوتا ہے۔ اس کی موزونیت کے متعلق اس جانب کوئی حد قائم نہیں کی جاسکتی۔ ایک چکر والے رَو پیما کی حساسیت گھٹانا ہو تو اس کے دائرہ کا نصف قطر بڑھا دیا جاسکتا ہے، یا اس کے مقناطیسیت پیما کو دائرے کے محور پر مرکز سے دُور ہٹا دیا جاسکتا ہے۔ دونوں صورتوں میں سوئی کے مرکز کے پاس کے مقناطیسی میدان کی صحیح حسابی تخمین ہوسکتی ہے، لہٰذا مناسب بناوٹ کے مماسی رَو پیما کے ذریعہ بہت بڑی برقی رَوئیں بھی ناپی جاسکتی ہیں۔

فصل (۲) معلق سوئی کے حسّاس اقسام کے رَو پیما

معلق سوئی کی قسم والے رَو پیما کی حسّاسیت

کسی رَو پیما کی حسّاسیت کی تعریف، اس کا انصراف اور انصراف پیدا کرنے والی رَو کی باہمی نسبت کے ذریعہ ہوسکتی ہے۔ اگر $\frac{\text{ع}}{\text{ر}}$ بڑی نسبت ہے تو اس کے معنے یہ ہوئے کہ چھوٹی رَو ر کے بہنے سے رَو پیما کا انصراف ع معتدبہ ہے۔

ہمہ قسم کے معلق سوئی والے رَو پیماؤں میں برقی رَو ر مماس زاویہ انصراف (مس ع) کے متناسب ہوتی ہے، بشرطیکہ سوئی کچھ کے مستوی میں واقع ہوتی ہے جبکہ اس پر سے کوئی رَو نہیں بہتی۔ بس $\frac{\text{ع}}{\text{ر}}$ مستقل نہیں ہے۔

لیکن بجائے $\frac{\text{مس عہ}}{\text{ر}}$ کے، چھوٹے انحرافوں کی صورت میں، $\frac{\text{مس عہ}}{\text{ر}}$ لکھا جاسکتا ہے، بس

حسّاسیت = $\frac{\text{مس عہ}}{\text{ر}}$ تقریباً (جو تقریباً مستقل ہے)

اگر روپیا کی حسّاسیت بڑھانا مقصود ہو تو مساوات

ر = $\frac{\text{ف}}{\text{ھ}}$ مس عہ سے ظاہر ہے کہ اس کے ھ اور ف کی نسبت بڑھائی جانی چاہئیے، یا پھر کے مقناطیسی میدان ھ کو اس طرح بڑھانا چاہئیے کہ میدان ف کے اثر میں زیادتی نہ ہونے پائے۔ ایک اور طریقہ یہ ہے کہ میدان ف کو اس طرح گھٹایا جائے کہ ھ کے اثر میں کمی نہ پیدا ہو۔ پس حسّاسیت میں اضافہ کرنے کے طریقوں کی حسبِ ذیل تقسیم ہوسکتی ہے:-

۱- روپیا کی سوئی کے لئے اچھے مقناطیسوں کا مجموعہ استعمال کیا جائے۔

۲- ھ کی اصل قیمت میں اضافہ کیا جائے۔

۳- سوئی پر قابو رکھنے والے میدان ف کی قیمت گھٹائی جائے۔

اچھے مقناطیسوں کے مجموعہ کا اصول۔ اچھے روپیا میں بجائے مماسی روپیا کی سادہ مقناطیسی سوئی کے ایک مقناطیسی نظام استعمال کیا جاتا ہے۔ سادہ ترین صورت میں یہ مقناطیسی نظام دو سوئیوں پر مشتمل ہوتا ہے جو باہمدیگر

استوارانہ، ایک سوئی اوپر اور دوسری نیچے، محوروں کی سمتیں مخالف رکھ کر، جوڑ دی جاتی ہیں۔


دونوں سوئیاں تقریباً سادی حدت کے ساتھ مقنائی جاتی ہیں۔ ایک سوئی پیچھے کے اندر رکھی جاتی ہے اور دوسری، اوپر۔

اچل سوئیوں کے مجموعہ پر مقناطیسی میدان

کا اثر۔ اگر سوئیوں کے مقناطیسی معیار اثر $م_1$ اور $م_2$ ہوں تو سوئی پر قابو رکھنے والے میدان کا اثر ف $(م_1 - م_2)$ کے متناسب ہوتا ہے، چونکہ میدان تقریباً یکساں ہے اور سوئیوں کے مقناطیسی محوروں کی سمتیں ایک دوسرے کے مخالف ہیں

اچل سوئیوں کے مجموعہ پر پیچھے کی برقی رَو کے

میدان کا اثر۔ چونکہ ایک سوئی پیچھے کے اندر اور دوسری اس کے باہر ہوتی ہے، اس لئے سوئیاں پیچھے کے مقناطیسی میدان کے دو حصوں میں واقع ہوتی ہیں جن کی سمتیں مخالف ہوتی ہیں اور چونکہ خود سوئیوں کی وضعیں بھی مخالف ہوتی ہیں دونوں سوئیوں پر عمل کرنے والے جیلی جفت کا اثر ایک ہی جانب ہوتا ہے۔ پس سوئیوں کے نظام پر پیچھے کے مقناطیسی میدان



شکل (۸۸)
اچل سوئیوں کا نظام

کی وجہ سے عمل کرنے والا مجموعی جفت تقریباً ھ (م۱ + م۲) کے متناسب تصور کیا جاسکتا ہے۔ واضح ہو کہ یہاں بنظر سہولت حساب یہ فرض کیا گیا ہے کہ بچھے کے، مقناطیسی میدان کی حدت بچھے کے باہر سوئی م۲ پر وہی ہے ھ ہے جو بچھے کے اندر ہے۔ یہ صحیح نہیں اسی لئے ھ (م۱ + م۲) مجموعی جفت کا محض سرسری اندازہ ہے۔

پس اس قسم کے آلہ کی حساسیت ایک ہی سوئی اور مشابہ بچھے والے آلہ کی بہ نسبت تقریباً $\frac{م۱ + م۲}{م۱ - م۲}$ گنا بڑی ہوتی ہے۔ جس سے ظاہر ہے کہ اگر اچل رَد پیما کی سوئیاں قریب قریب مساوی مقناطیسی معیار اثر رکھتی ہوں تو یہ رَد پیما نہایت درجہ حساس ہوسکتا ہے۔

اگر م۱ اور م۲ میں ضرورت سے زیادہ قریب کی مساوات ہے تو رَد پیما غیر قائم ہوجاتا ہے، یعنے ذرا سی رَد بھی اسکے سوئیوں کے نظام میں حرکت پیدا کرتی ہے اور وہ مشکل سے کوئی وضع سکون اختیار کرتا ہے۔ پس احتیاط کی جانی چاہئے کہ یہ صورت پیش نہ آئے۔

چونکہ $\frac{م۱ + م۲}{م۱ - م۲}$ محض تقریبی جزو ضربی ہے اور اسکی تعیین بھی صحت کے ساتھ نہیں ہوسکتی، اچل سوئیاں جس آلہ میں استعمال ہوتی ہیں وہ مطلق پیمائش کے آلہ کا کام نہیں دیسکتا۔ معہذا اس پر اعتماد نہیں کیا جاسکتا کہ ایک ہی رَد کے بہنے سے اس کا انصراف ہروقت ایک ہی ہو، یعنے اس کے نتائج میں باہمدیگر مطابقت نہیں پائی جاتی، اس لئے کہ م۱ یا م۲ کی قیمت میں ذرا بھی تغیر پیدا

ہوتا ہے تو مصرحہ بالا جزو ضربی کے نسب نما پر اس کا بہت اثر پڑتا ہے اور اس لئے رو پیما کی حساسیت بہت تبدیل ہوجاتی ہے۔

سوئیوں کو قابو میں رکھنے والا مقناطیس۔ اکثر

رو پیماؤں کے پھلوں کے اوپر انتصابی محور پر ایک مستقل مقناطیس ہوتا ہے، جس کی بلندی پیچھے سے حسب ضرورت گھٹائی بڑھائی جاسکتی ہے اور جو اس محور پر گھمایا بھی جاسکتا ہے۔

ایسی حالت میں رو پیما کی سوئی اس مقناطیس کے میدان (د) اور زمین کے مقناطیسی میدان کے مشترکہ اثر کے تحت رہتی ہے، جن میں سے د کی قیمت وسیع حدود کے اندر بدلی جاسکتی ہے۔ جب رو پیما کو بہت حساس بنانا ہوتا ہے تو اس کے مقناطیس کو اس بلندی پر اور ایسی وضع میں ترتیب دیا جاتا ہے کہ اس کا میدان زمین کے مقناطیسی میدان پر قریب قریب پورا غالب آجاتا ہے۔ اس کے برعکس اگر رو پیما کی حساسیت گھٹا دینا مقصود ہے (مثلاً اسوقت جبکہ رو پیما کی مزاحمت سر ولیم ٹامسن کے طریقہ سے دریافت کی جاتی ہے) تو اس مقناطیس کو سوئی کے بہت قریب لاکر ایسی وضع میں رکھا جاتا ہے کہ اس کا میدان زمین کے میدان کی تائید کرے۔ د کی قیمت اسوقت بہت بڑی ہوتی ہے۔ واضح ہو کہ کمزور میدان میں سوئی بہت آہستہ اہتزاز کرتی ہے اور زیادہ زور کے میدان میں سوئی کا اہتزاز اتنا ہی تیز ہوجاتا ہے، پس رو پیما کی حساسیت بڑھانا ہوتا ہے تو اس کے مستقل مقناطیس کو ایسی وضع میں رکھا جاتا ہے جس سے سوئی کا

اہتزاز بہت آہستہ ہو جائے۔ حساسیت سوئی کے وقت دوران اہتزاز کے مربع کے متناسب ہے۔

ایسے مقناطیس کے استعمال سے ایک بڑا فائدہ یہ ہے کہ سوئی کو ضبط و اختیار میں رکھنے والے میدان کو جس سمت میں لانا مقصود ہو، اس مقناطیس کو حسب ضرورت پھیر کر لایا جاسکتا ہے۔ یا اگر کسی ہموار رَو کے بہنے سے سوئی کوئی مستقل انصراف بتائے تو مقناطیس کو مناسب وضع میں گھما کر رکھنے سے اس کی تصحیح ہوسکتی ہے۔

رَد پیما کے مستقل ھ کی قیمت میں اضافہ

کرنے کا طریقہ۔ اکائی رَو کے میدان میں اضافہ کرنے کے لئے چھوٹے نصف قطر (ص) والا چھلا استعمال کرنا چاہئیے اور چھلے کے چکروں کی تعداد (ن) زیادہ کر دینی چاہئیے۔ ایک حد تک یہ باتیں متضاد ہیں۔ جوں جوں چکروں کی تعداد بڑھتی جائیگی، اوپر والے دائروں کا نصف قطر بھی بڑھتا جائیگا، پس (ن) کو بڑھا کر مفید اثر پیدا کرنے کے لئے ایک معیّن حد ہے جس سے متجاوز نہ ہونا چاہئیے۔

سادہ قسم کا اچل روپیما

سادہ قسم کے اچل رَد پیما میں چھلے اس طرح لپیٹے جاتے ہیں کہ خاصی لمبی سوئیاں استعمال ہوسکتی ہیں۔ چونکہ چھلے کی شکل چپٹی ہوتی ہے اس سے وہی اثر پیدا ہوتا ہے جو دائری چھلے کے نصف قطر کے گھٹانے سے ہوتا ہے، یعنے

رَو پیما حساس ہوتا ہے۔ ساتھ ہی شکل کی پیچیدگی کی وجہ سے ھ کی حسابی تخمین نہیں ہوسکتی۔

پس ایسے رَو پیما سے زیادہ تر قلیل ردوں کے انکشاف کا کام لیا جاتا ہے، مثلاً وہیٹسٹون کے پل کے سرسری تجربوں میں۔

طالب علم کے لئے ایک مفید مشق یہ ہوسکتی ہے کہ اس قسم کے رَو پیما کی تعییر کرے۔ دو اولٹ کا خانہ اور ۱۰۰۰ اوہم تک کی تغییر پذیر مزاحمت کی بکس، اس کے ساتھ ہمسلسلہ جوڑی جائے اور انصراف (عہ) کے مشاہدہ کے ساتھ اوہم کے کلیہ کے ذریعہ (خانہ کا م، ب ۲ اولٹ فرض کرکے) برقی رو (سا) کا حساب لگایا جائے۔ اور تیمیں بناکر (سا) کی تبدیلی (عہ) کے ساتھ، اور نیز مس (عہ) کے ساتھ دریافت کی جائے۔

اچھی مقناطیسی سوئیوں کے نظام کے ساتھ ان پر ضبط و اختیار رکھنے والے متقل مقناطیس استعمال کرنے سے بڑی حساسیت کے رَو پیما تیار کئے جاسکتے ہیں۔ بعض اوقات اچھی نظام کی دونوں سوئیاں دو علٰحدہ علٰحدہ بچھوں کے اندر لٹکائی جاتی ہیں۔ ایک بچھا دوسرے بچھے کے اوپر واقع ہوتا ہے اور ان میں تار مخالف سمتوں میں لپیٹے جاتے ہیں تاکہ دونوں سوئیوں پر حیلی جفت ایک ہی جانب عمل کریں۔

رَو پیما کے فیگر آف میرٹ (ہندسہ قابلیت)

سے مراد عموماً (امپیروں میں) اس برقی رَو کی قیمت ہے جو رَو پیما سے ایک میٹر دُور رکھے ہوئے پیمانہ پر ایک ملی میٹر کا انصراف نور پیدا کرسکتی


ہے۔

بڑی اور چھوٹی مزاحمت کے روپیا

رَد پیا کے پچھے باریک تار لپیٹ کر بنانے سے اس کے مستقل ھر کی قیمت بڑی ہوجاتی ہے۔ اگرچہ اس سے اسکی مزاحمت بھی بڑھ جاتی ہے لیکن اس صورت میں جبکہ بہتی ئی ایک معیّن مقدار کو رَد پیا کے توسط سے خارج کرکے ناپنا مقصود ہو مزاحمت کے بڑھنے میں کوئی قباحت نہیں۔ مثلاً اگر ایک مکثفہ میں برقی بار بھرا ہوا ہے اور اس بار کی پیمائش مقصود ہے تو رَد پیا کی مزاحمت خواہ کتنی ہی بڑی ہو پورا برقی بار اس کے پچھوں پر سے گزر جائیگا۔

اس کے برعکس، وہیٹسٹون کے پل کے تجربوں میں ایک ایسے نقطہ کی تلاش کی جاتی ہے جس کا قوّہ ایک دوسرے نقطہ کے قوّے کے ٹھیک مساوی ہو۔ اسلئے یہاں ایسے رَد پیا کی ضرورت ہوتی ہے جو چھوٹے سے چھوٹے تفاوتِ قوّہ سے بھی متاثر ہو۔ اگر رَد پیا کی مزاحمت بڑی ہے تو اس پر سے جو رَد گزریگی اسی تفاوتِ قوّہ کے ساتھ چھوٹی مزاحمت کے رَد پیا پر سے گزرنے والی رَد سے بہت کمزور ہوگی۔ اگر بڑی مزاحمت والا رَد پیا ہے تو برقی رَد چھوٹی ہوگی مگر زیادہ چکروں پر سے گزریگی۔ اور اگر چھوٹی مزاحمت والا رد پیا ہے تو رَد پہلے سے بہت بڑی ہوگی لیکن کم چکروں پر سے گزریگی۔ یہ رَد پیا بالعموم اختراع میں متشابہ ہونے کی وجہ سے بڑی مزاحمت والے رَد پیا میں بہ نسبت چھوٹی مزاحمت والے کے انصراف

کم ہوگا - پس چھوٹے تفاوتِ قوہ کا پتہ چلانے کے لئے کم مزاحمت والا رَو پیما ہی استعمال ہونا چاہیئے - اس لئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ بڑی مزاحمت والا رَو پیما نہایت درجہ حسّاس رَو ہوتا ہے اور چھوٹی مزاحمت والا رَو پیما حسّاس تفاوتِ قوہ - بڑی مزاحمت کے رَو پیما نسبتاً بڑے تفاوت قوہ کی پیمائش اور کمزور برقی روؤں



شکل (۸۹)
حسّاس رَو پیما

کی پہچان یعنے سراغ رسانی کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں - چھوٹی مزاحمت کے رَو پیما نسبتاً بڑی روؤں کی پیمائش اور چھوٹے تفاوتِ قوہ کی پہچان کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں -

بیلسٹک (اندفاعی) رَو پیما

جب برقی رَو کے بہنے کی مدت نہایت قلیل ہوتی

ہے، رَو پیما کے پھیے پر سے جو مقدار برق گزرتی ہے اس کی پیمائش رَو پیما کی سوئی کے پہلے اہتزاز کی سعت یا جست کے مشاہدہ سے ہوسکتی ہے، بشرطیکہ رَو کے بہنے کی مدت سوئی کے اہتزاز کی مدت کی بہ نسبت بہت قلیل ہو اور اہتزاز بہت ہی کم قسر ہوتے ہوں - اس قسم کے رَو پیما کو بیلسٹک (یا اندفاعی) رَو پیما کہتے ہیں -


فصل (۳) معلق پھیے والے رو پیما

معلق سوئی والے رَو پیما میں یہ بڑا عیب ہے کہ بیرونی مقناطیسی میدان کے ہر تغیر کا اس پر اثر پڑتا ہے - متحرک پھیے والا رَو پیما اس سقم سے بالکلیہ پاک ہوتا ہے - معہذا اس میں ایک اور خوبی یہ ہوتی ہے کہ اس کا رُخ کسی بھی سمت میں رکھ کر اس کو ترتیب دیا جاسکتا ہے -

اگر ل طول کا تار جس پر سے ر مطلق اکائیوں کی برقی رَو گزرتی ہو ح حدت کے مقناطیسی میدان کے علی القوائم رکھا جائے تو تار پر ح ر ل ڈائین کی ایک قوت عمل کرتی ہے جس کی سمت تار اور میدان دونوں کے علی القوائم ہے -

اگر ایک مستطیل شکل کا پھا ح حدت کے مقناطیسی میدان میں ایسی وضع میں رکھا جائے کہ پھیے کا مستوی میدان کے مستوی سے منطبق ہو - جب ر برقی رَو اس پھیے پر سے گزرتی ہے تو پھیے پر ایک جیلی جفت بقدر ح ر ل ض ن عمل کرتا ہے، جس میں ل اور ض بالترتیب

پہیے کے طول و عرض ہیں' اور ن پہیے کے چکروں کی کی تعداد ہے۔ کسی بھی شکل کے پہیے کے لئے جس کی سطح کا رقبہ س ہو ح سان س ہے۔



شکل (۹۰)

معلق پہیے والا روپیما

معلق پہیے والے رَد پیما میں پہیا فوسفور برونز کی ایک باریک 'دہجی' کے ذریعہ' ایک بہت زبردست مقناطیس کے قطبین کے بیچ میں لٹکایا جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو شکل (۹۰)۔ برقی رَو پہیے کے اندر اس باریک دہجی کے راستہ داخل ہوتی ہے اور ایک ڈھیلے لپیٹے ہوئے لوبی کے ذریعہ جو پہیے کے پیندے میں لگی ہوئی ہوتی ہے' خارج ہو جاتی ہے۔

جیلی جفت ح ر ن س سے بچھے میں جو کوئی حرکت واقع ہوتی ہے بچھے کو لٹکانے کی دھاتی کے مڑوڑ کا جفت اس کی مخالفت کرتا ہے۔

فرض کرو مقناطیسی میدان یکساں ہے اور بچھا بقدر زاویہ ع اپنی ابتدائی وضع سے پھر جاتا ہے۔ اس وضع میں میدان کی وجہ سے بچھے پر جیلی جفت ح ر ن س جم ع عمل کرتا ہے اور ریشہ کے مڑوڑ کی وجہ سے جفت م ع اس کے مخالف جانب عمل کرتا ہے۔ م سے مراد مڑوڑ کے اکائی زاویہ کا جفت ہے۔ بچھا ان دونوں کے زیر عمل جب وضع سکون اختیار کرتا ہے تو ح ر ن س جم ع = م ع

$$\therefore \quad ر = \frac{م ع}{ح ن س جم ع}$$

اگر انصراف چھوٹے ہوں تو جم ع کی قیمت ۱ کے مساوی لی جا سکتی ہے۔ پس اس صورت میں رَو پیما کی حساسیت

$$\frac{ع}{ر} = \frac{ح ن س}{م}$$

جس سے واضح ہے کہ معلق بچھے والے رَو پیما کو حساس بنانا ہو تو بچھے کے چکروں کی تعداد زیادہ اور ان کا رقبہ بڑا ہونا چاہیئے۔ بچھا زبردست مقناطیسی میدان میں ایک ایسے ریشہ کے ذریعہ لٹکایا جانا چاہیئے جس کے اکائی زاویہ کے مڑوڑ کا جفت بہت کمزور ہو۔

بعض قسم کے آلوں میں "دو رشتی تعلیق" سے کام لیا جاتا ہے۔ برقی رَو ایک ریشہ سے بچھے میں داخل ہوتی

ہے اور دوسرے سے خارج ہوتی ہے۔ لیکن اس بناوٹ کے رَدّ پیما بہت کم مستعمل ہیں۔

معلق پچھے کے رَدّ پیما کا انصراف، برقی رَدّ کے تناسب بنانے کا طریقہ۔ یکساں میدان کے معلق پچھے والے رَدّ پیما کے ذریعہ رَدّ کی تخمین کے لئے جو جملہ ماخوذ ہو اس میں جسم عہ بھی ایک جزو ضربی ہے۔ ایک سہل طریقہ اختیار کرنے سے اس جزو ضربی کے معلوم کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

مقناطیس کے سروں کو جہاں قطبین واقع ہیں کھس کر مقعر بنایا جاتا ہے جس سے ان کی سطح اسطوانی بن جاتی ہے ان کے بیچ میں نرم لوہے کا ایک اسطوانی قلب ہوتا ہے جو قطبین کی اسطوانی سطح کے ساتھ ہم محور ہوتا ہے۔ قطبین اور قلب کے درمیانی چھلے کی شکل کے فضا میں، مقناطیسی میدان تقریباً سب جگہ اسطوانے کے قطر کے متوازی ہے۔ اور یہ فرض کرلیا جاسکتا ہے کہ قطبین کے وسطی خط کے گرد دونوں جانب ایک وسیع زاویہ تک میدان قطر کی سمت میں متشاکل ہے۔ پچھا اس چھلے کی شکل کے فضا میں حرکت کریگا اور وہ جہاں کہیں ہوگا مقناطیسی میدان اس کی سطح کے مستوی ہی میں واقع ہوگا، بشرطیکہ اِس وسطی خط سے وہ ۳۰° سے زائد نہ پھرے۔ چونکہ اِس زاویہ کے اندر میدان کی حدت یکساں ہوگی، پچھے پر جفت ح ر ن س عمل کریگا پچھا خواہ کسی بھی وضع میں ہو۔

پس اگر اس ۳۰° زاویہ کے اندر پچھا بقدر زاویہ ع منصرف ہو تو

$$ح \, ر \, ن \, س = م \, ع$$

یعنی $$ر = \frac{م}{ح \, ن \, س} ع$$

[چونکہ م، ح، ن اور س سب کی قیمتیں مستقل ہیں، برقی رَو راست زاویہ انصراف کے متناسب ہوگی۔]

"سُست گام" رَو پیما۔ اگر بچھا ایک ہلکے موصل برق قالب پر لپیٹا جائے یا ایک موصل نلی کے اندر ملفوف ہو، جو بچھے کے ساتھ حرکت کرے، تو قالب یا نلی چونکہ مقناطیسی خطوط قوت کو قطع کرتی ہے، اس کے اندر برقی رَوؤں کا امالہ ہوتا ہے اور یہ رَوئیں بچھے کی حرکت کے مانع ہوتی ہیں۔

ایسی قسم کے رَو پیما کا بچھا جس زاویہ تک اس کو اس کی رَو کی مناسبت سے منصرف ہونا چاہیئے بآہستگی منصرف ہوکر فوراً ساکن ہوجاتا ہے۔ واضح ہو کہ زاویہ انصراف پر اِن امالی رَوؤں کا اثر کچھ نہیں ہوتا، اس لئے کہ بمجرد اس کے کہ بچھے کی حرکت موقوف ہوجاتی ہے یہ امالی رَوئیں بھی صفر ہوجاتی ہیں۔

معلّق بچھے والے رَو پیما کے اہتزازوں کو قصر کرنے کا طریقہ عمل۔ اگر بچھا موصل قالب پر چڑھا ہوا نہ ہو اور اس کو صفر انصراف کی وضع میں ساکن کرنا مقصود ہو تو اس کے اہتزازی رَو پیما کا دَور قصر کرکے (یا جیسا کہ انگریزی اصطلاح کی ترکیب ہے رَو پیما کو "قصر دَور" کرکے) روکدیئے جاسکتے ہیں۔ اِس کا طریقہ یہ ہے کہ رَو پیما کے

سرے ایک کھٹکھٹانے کی کنجی سے ملا دئے جاتے ہیں۔ کنجی دورانِ تجربہ کھلی چھوڑ دی جاتی ہے لیکن جب رد پیما کو "صفر وضع میں" ساکن کرنا مقصود ہوتا ہے کنجی دبا دی جاتی ہے۔ بچھا اہتزاز کرتے ہوئے مقناطیسی میدان کے خطوطِ قوت کو قطع کرنے سے جو امالی م، ب بچھے میں پیدا ہوتا ہے، دور مکمل ہونے کی وجہ سے اب بچھے پر سے برقی رو کو جاری کر سکتا ہے۔ یہ امالی رو بچھے کی حرکت کے مانع ہوتی ہے اور بچھا فوراً ٹھہر جاتا ہے۔ کنجی صرف اسی وقت دبانی چاہئے جبکہ بچھا تقریباً اپنی "صفر وضع میں" آتا ہو۔ ورنہ اس کو اس وضع میں لانے کے لئے بہت وقت رائیگاں جائیگا۔ رد پیما کا دوسرا انصراف معلوم کرنے تک بچھا صفر وضع میں ساکن اور کھٹکھٹانے کی کنجی کھلی رہنی چاہئیے۔

پوسٹ آفس کی بکس جب استعمال کی جاتی ہے تو عموماً رد پیما ہی کی کنجی کو دبانا کافی ہوتا ہے، کوئی مزید کھٹکھٹانے کی کنجی کی ضرورت نہیں۔

فصل (۴) ام پیما اور اولٹ پیما

ام پیما

ایسے رد پیما کو ام پیما کہتے ہیں جسکی درجہ بندی اس طریقہ پر ہوتی ہے کہ اس پر سے بہنے والی رو کی قیمت امپیروں اور امپیر کی کسروں میں، ایک نمائندے کے ذریعہ جو درجہ دار پیمانہ پر حرکت کرتا ہے، راست پڑھ لی جاسکتی ہے۔

بڑی رووں کی پیمائش کے لئے ام پیما کے ساتھ ایک شنٹ شریک کر دیا جاتا ہے، تاکہ مجموعی رَو کی صرف ایک کسر اس کے چھے پر سے بہے۔ شنٹ کی قیمت اس انداز پر ٹھیک کی جاتی ہے کہ جن بڑی رووں کی پیمائش مقصود ہے، وہ نائندہ کو مناسب زاویہ میں منصرف کرتی ہیں۔ ضعفی سعتوں کے ام پیما کے ساتھ متعدد شنٹ مہیا کئے جاتے ہیں تاکہ رَو کی مختلف کسریں اس کے چھے پر سے بہیں۔

مندرجہ ذیل مثال سے معلوم ہوسکتا ہے کہ دی ہوئی حساسیت کے کسی بھی قسم کے رَو پیما کو معینہ سعت نشانات کے ام پیما میں تبدیل کرنے کے لئے شنٹ کی حسابی تخمین کا کیا طریقہ ہے :-

[فرض کرو ایک رَو پیما کے چھے پر سے، جس کی مزاحمت ۱۵ اوم ہے جب ۰٫۰۰۲ امپیر کی رَو بہتی ہے تو رَو پیما کی سوئی کا پورا انصراف وقوع میں آتا ہے۔ اگر اس رَو پیما کو بطور ایک ام پیما کے استعمال کرنا مقصود ہو جو ۵ امپیر تک کی رَو ناپ سکے تو اس کے ساتھ ایسا شنٹ مہیا ہونا چاہیئے جو پورے ۵ اوم کی رَو میں سے چھے پر سے صرف ۰٫۰۰۲ امپیر کو بہنے دے پس جب ایسا شنٹ استعمال ہوگا تو ۵ امپیر کی مجموعی رَو کے بہنے سے رَو پیما کا پورا انصراف وقوع میں آئیگا۔

اس شنٹ (ش) کی قیمت یوں دریافت کی جاسکتی ہے :-

$$\frac{\text{چھے پر سے بہنے والی رو}}{\text{مجموعی رَو}} = \frac{\text{شنٹ کی مزاحمت}}{\text{شنٹ کی مزاحمت + چھے کی مزاحمت}}$$

یعنی $$\frac{۰٫۰۰۲}{۵} = \frac{\text{ش}}{\text{ش} + ۱۵}$$

جس سے $$\text{ش} = \frac{۰٫۰۰۳}{۴٫۹۹۸}$$

یعنے ش = ۶۰۰۰ء۰ ادم تقریباً

اسی طرح پر کسی بھی سعت کی رَو کے لئے رَو پیما کے شنٹ کی تخمین ہوسکتی ہے۔

عام طور پر پہلے شنٹ کی تقریبی حسابی تخمین ہوتی ہے، اور اُس کو رَو پیما سے لگا دینے کے بعد گھٹا بڑھا کر اس انداز پر لایا جاتا ہے کہ ام پیما پر سے جب ایک معلوم رَو بہائی جاتی ہے تو اس کا انصراف ٹھیک وہی ہوتا ہے جو اس رَو کے لئے ہونا چاہیئے۔

جاذب آہن ام پیما - سرسری کاموں کے لئے

جاذب آہن ام پیما بکثرت استعمال ہوتے ہیں۔ ان آلات میں برقی رَو ایک چھے پر سے گزرتی ہے جس کی وجہ سے چھا نرم لوہے کے ایک ٹکڑے کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔ اس کشش یا جذب کی قوت چھے پر سے بہنے والی رَو کے تابع ہوتی ہے۔ لوہا ایک نمائندے سے لگا ہوا ہوتا ہے جو لوہے کی حرکت کے ساتھ ایک درجہ دار پیمانہ کے سامنے حرکت کرتا ہے۔ سارا متحرک نظام نازک فولادی کھوٹیوں یا کیلوں پر گھومتا ہے۔ اور اس کی حرکت پر توازن قائم رکھنے والے ایک باٹ اور بال کمانی اس طرح روک تھام رکھتے ہیں کہ نمائندہ ہمیشہ ایک ہی رَو کے لئے ایک ہی نشان پر آکر ٹھہرتا ہے۔ یعنے ہر معینہ رَو کے لئے نمائندہ کا نشان بھی معین ہوتا ہے اور جب رَو بالکل موقوف ہوجاتی ہے تو نمائندہ صفر نشان پر واپس آجاتا ہے۔ ایسے آلہ کے پیمانہ کی درجہ بندی نا مساوی ہوتی ہے اور محض تجربہ ہی کے ذریعہ عمل میں آتی ہے، یعنے آلہ پر سے معلوم برقی رَوئیں بہائی جاتی ہیں، نمائندہ جس جگہ آکر ٹھہرتا ہے


وہاں رَو کی مناسبت سے نشان کر دیا جاتا ہے۔
جاذب آہن ام پیما نہ صرف راست رَو کی پیمائش کے لئے استعمال ہو سکتا ہے بلکہ اگر لوہا پتلا اور بہت نرم ہو تو اس سے متبادل رَو کی بھی پیمائش ہو سکتی ہے۔

گرم تار والے ام پیما۔ اس قسم کے آلہ میں

برقی رَو جس کی پیمائش مقصود ہے (یا اس کی کسر) ایک باریک تار پر سے بہتی ہے جو دو ثابت سہاروں کے بیچ میں تانا جاتا ہے۔ رَو کے بہنے سے تار گرم ہو کر لمبا ہو جاتا ہے۔ ایک اور تار اس گرم تار کے وسطی نقطہ سے لگا ہوا ہوتا ہے اور ایک پتلے تکلے پر لپیٹا جاتا ہے جس پر ایک نمائندہ نصب ہوتا ہے۔ ایک بال کمانی تکلے کو حسبِ ضرورت پھرا کر اس دوسرے تار کو خوب تنا ہوا رکھتی ہے۔
جب گرم تار کا طول بڑھ جاتا ہے دوسرا تار اس کے وسطی نقطہ کو بازو کی طرف کھینچتا ہے یہاں تک کہ گرم تار بیچ میں سے تیڑھا ہو کر پہلے کی طرح تناؤ کی حالت میں آجاتا ہے۔ تکلے کے پھرنے سے اس کا نمائندہ مناسب زاویہ میں گھومتا ہے اور اس طرح پیمانہ پر ساری حرکت کا اظہار ہوتا ہے۔
گرم تار کے ام پیما راست اور متبادل دونوں قسم کی رَوؤں کی پیمائش میں کام آتے ہیں۔ ان کے پیمانوں کی درجہ بندی بھی نا مساوی ہوتی ہے۔ بڑی رَوؤں کے نشان دُور دُور ہٹے ہوئے ہوتے ہیں اور چھوٹی رَوؤں کے نشان ایک دوسرے سے قریب۔

متحرک کچھے والے ام پیما۔ اس کی بناوٹ

بعینہ معلق پچھے والے رَو پیما کی سی ہوتی ہے، فرق محض پچھے کی تعلیق میں ہوتا ہے۔ پچھا عموماً کہونٹیوں یا کمیلوں کے سہارے قائم ہوتا ہے، اور اس کی حرکت ایک یا دو بال کمانیوں کے تابع رہتی ہے۔ معہذا یہ کمانیاں برقی رَو کو پچھے تک پہنچاتی اور اس کے باہر لیجاتی ہیں۔



شکل (۹۱)

متحرک پچھے والا ام پیما

مقناطیس کے قطبین کی سطح کو مقعر بنا کر قطبین کے بیچ میں ان کے ہم محور نرم لوہے کا اسطوانی قلب استعمال کرنے سے پچھے کا انصراف برقی رَو کے متناسب بنادیا جاسکتا ہے، بدیں وجہ ام پیما کے پیمانہ کی تقریباً مساوی طول کے درجوں میں تقسیم ہوتی ہے، اس لئے کہ پچھے کو میدان کے صرف اسی حصہ میں حرکت کرنے دیا جاتا ہے جہاں کہ خطوطِ قوت قطر کے متوازی ہیں۔ اس قسم کے ام پیما کو برقی دور میں شامل کرتے وقت احتیاط کرنی چاہیئے کہ اس پر سے

رَو صحیح سمت میں گزرے۔ اس کو صرف راست رووٴں کے ساتھ استعمال کرسکتے ہیں۔

اچھے ام پیما کے لئے دو باتیں ضروری ہیں:-

(۱) صحت (۲) قلّت مزاحمت۔ ام پیما کی مزاحمت قلیل ہونی چاہئیے تاکہ اس کو برقی دَور میں شامل کرنے سے رَو کی قیمت گھٹ نہ جائے یعنے اس کی وجہ سے دَور میں کوئی مزید مزاحمت شامل نہ ہونے پائے۔

اولٹ پیما

اولٹ پیما ایک آلہ ہے جس کو برقی دَور کے کوئی سے دو نقطوں کے ساتھ ملانے سے ان نقطوں کا درمیانی تفاوتِ قوّہ راست معلوم ہوجاتا ہے۔ دوران عمل خود اولٹ پیما پر سے رَو نہ بہنی چاہئیے ورنہ جن نقطوں کے ساتھ اس کو ملایا جاتا ہے ان کا فرق گھٹ جائیگا۔

یہ شرط صرف برقی سکونی اولٹ پیماؤں میں پوری ہوتی ہے۔ معمولی اولٹ پیما درحقیقت بڑی مزاحمت والے رو پیما ہیں۔ جن میں اس شرط کی محض تقریبی تکمیل ہوتی ہے۔ عموماً یہ فرض کرلیا جاتا ہے کہ اولٹ پیما پر سے جو رَو بہتی ہے ناقابل لحاظ مقدار ہے۔ اولٹ پیما کی مزاحمت جسقدر بڑی ہوگی اسیقدر صحت کے ساتھ اولٹ پیما اس تفاوتِ قوّہ کا اظہار کریگا جو دئے ہوئے دو نقطوں کے مابین جن کے ساتھ وہ ملایا جاتا ہے ابتداءً موجود تھا۔ آگے چلکر اس بارہ میں جو مثال دی جاتی ہے ملاحظہ کیجائے۔

کسی قسم کا رَو پیما جس کو بطور ام پیما استعمال کرسکتے ہیں اولٹ پیما کا کام دے سکتا ہے۔ فرق صرف یہی ہے کہ رَو پیما کو جب ام پیما بنانا ہوتا ہے تو اس کو چھوٹی مزاحمت کے ذریعہ شنٹ کیا جاتا ہے اور جب اولٹ پیما بنانا ہوتا ہے تو اس کے ساتھ ایک بہت بڑی مزاحمت مسلسلہ جوڑی جاتی ہے۔

متحرک کچھے والا اولٹ پیما۔ عام قسم کے اولٹ پیما کی بناوٹ متحرک کچھے والے ام پیما کی طرح (جس کا قبل ازیں ذکر آچکا ہے) متحرک کچھے والے رَو پیما کے مشابہ ہے۔ لیکن اولٹ پیما کے ساتھ ایک مزید کچھا ہمسلسلہ شامل ہوتا ہے جس کی مزاحمت کسی معینہ سعت کے لئے اس طرح حساب کیجاسکتی ہے:-

فرض کرو متحرک کچھے والے رَو پیما پر سے اگر ۰٫۰۰۰۲ امپیر رَو بہتی ہے تو وہ پورا منصرف ہوتا ہے اور اس کی مزاحمت ۱۵ اوم ہے۔ اس کو ۵ اولٹ کی سعت کے اولٹ پیما میں تبدیل کرنے کے لئے (یعنے ایسا اولٹ پیما بنانے کے لئے جو ۵ اولٹ تک کا تفاوت قوہ ناپ سکے) اس کے کچھے کے ساتھ ز مزاحمت کا ایک اور کچھا ہمسلسلہ ملانا پڑتا ہے۔ ز کی قیمت ایسی ہونی چاہئیے کہ جب اولٹ پیما کے سروں کے درمیان تفاوتِ قوہ ۵ اولٹ ہو اوپر سے ۰٫۰۰۰۲ امپیر کی رَو بہے۔ بس

$$\frac{5}{15 + ز} = 0.0002$$

یعنے ز = ۲۴۹۸۵ اوم

اگر رَو پیما کے ساتھ اس قیمت کی مزاحمت ہمسلسلہ ملائی جائے تو دونوں ملکر صفر سے ۵ اولٹ سعت کا اولٹ پیما تیار ہوجائیگا۔

اسی طرح کسی اور سعت کے لئے جس مزاحمت کی ضرورت ہو

اس کی حسابی تعین ہوسکتی ہے۔

متحرک کچھے والے اولٹ پیما صرف راست رووٴں کے ساتھ استعمال ہوسکتے ہیں۔

اسی طریقہ پر گرم تار کے اولٹ پیما بھی بنائے جاسکتے ہیں، ان کا حرکت کرنے والا نظام گرم تار کے ام پیما کے نظام کے مشابہ ہوتا ہے۔

یہ جاننا بہت ضروری ہے کہ اگر اولٹ پیما کی درجہ بندی صحیح ہوئی ہے تو اس پر جو نشان پڑھے جاتے ہیں خود اسی کے سروں کے تفاوتِ قوہ ہیں۔

اولٹ پیما کی محدود مزاحمت کا اثر۔ مندرجہ ذیل مثال سے اس کی توضیح ہوتی ہے:-

۲ اولٹ نکر برق والے خانہ کی اندرونی مزاحمت ۲۰ اوم ہے۔ اسکے قطب ایک اولٹ پیما کے سروں سے جوڑ دیئے جاتے ہیں۔ اگر اولٹ پیما کی مزاحمت بالترتیب (ا) ۲۰، (ب) ۲۰۰، (ج) ۲۰۰۰ اوم ہو تو دریافت کرو ان صورتوں میں اولٹ پیما پر کیا تفاوتِ قوہ مشاہدہ ہونگے۔

اگر خانہ کا محرکہ م اور اولٹ پیما کے سروں کے مابین تفاوت قوہ ت فرض کیا جائے اور اندرونی مزاحمت خ اور بیرونی مزاحمت ز ہو تو اوہم کلیہ

$$\text{ت} = \left(\frac{\text{م}}{\text{ز} + \text{خ}}\right) \text{ز}$$

اس مثال میں ز اولٹ پیما کی مزاحمت ہے۔ پس

(ا) $ت = ۲ \frac{۲۰}{۲۰ + ۲۰} = ۱$ اولٹ

(ب) $ت = ۲ \frac{۲۰۰}{۲۰۰ + ۲۰} = ۱٫۸۲$ اولٹ

(ج) $ت = ۲ \frac{۲۰۰۰}{۲۰۰۰ + ۲۰} = ۱٫۹۸$ اولٹ

اولٹ پیاوڈں پر مصرحہ بالا تفاوت قوہ مشاہدہ ہونگے۔ جس سے ظاہر ہے کہ صورت (ا)، (ب) اور (ج) میں بالترتیب ۵۰، ۱۰، اور ۱ فی صد خطائیں واقع ہونگی۔


۲۰۰۰ اوم سے زائد مزاحمت والے رو پیما استعمال ہوں تو خطا اور بھی زیادہ گھٹ جائیگی۔

ساتھ ہی یہ بھی واضح ہے کہ خانہ کی مزاحمت میں کمی ہونے سے اولٹ پیما کے مظہرہ تفاوت قوہ کی صحت میں اضافہ ہوتا ہے۔ سستے اولٹ پیماؤں کی مزاحمت بالعموم کسیقدر کم ہوتی ہے۔ ان پر صرف انہی صورتوں میں اعتماد ہوسکتا ہے جبکہ ان کے سرے جن نقطوں سے ملائے جاتے ہیں ان کے مابین کے موصلوں کی مزاحمتیں نہایت قلیل ہوں۔

فصل (۵) منقلب

منقلب اس آلہ کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ برقی دور کے کسی مخصوص حصہ میں (عموماً رو پیما میں) دور کی تکمیل کرنے والے تاروں کو کھولے بغیر، رو کی سمت الٹ دیجاتی ہے۔ منقلب کے کم از کم چار سرے ہونے چاہئیں۔ ان میں سے دو سرے اس آلہ کے ساتھ ملادئے جاتے ہیں جس پر سے رو کی سمت کو الٹ دینا مقصود ہے، اور

بقیہ دو مبداء رَو کے ساتھ۔ اس ترتیب میں دقت صرف یہ معلوم کرنے میں ہوتی ہے کہ کون کون سے دو سروں کو جوڑ بنانا چاہئیے۔ منقلب دو قسم کے ہوسکتے ہیں (۱) متوازی




شکل (۹۲)
متوازی اور وتر کی قسم کے منقلب

قسم کے اور (۲) وتر کی قسم کے۔ دیکھو شکل (۹۲)
پہلی قسم کے منقلب میں مورچے کے سرے ث اور ن کو ملانے والا خط آلہ (یعنے رَو پیما) کے سروں کو ملانے والے خط کے متوازی ہوتا ہے۔ دوسری قسم میں مورچہ کے سرے وتر کے سروں کی طرح ایک دوسرے کے مقابل ہوتے ہیں۔ دونوں قسم کے منقلبوں کی پہلی وضعیں مسلسل خطوط کے ذریعہ بتائی گئی ہیں اور ان کی دوسری وضعیں نقطہ دار خطوط کے ذریعہ۔ وضع اوّل میں سرا پ۱ مثبت بنتا ہے اور پ۲ منفی۔ وضع دوم میں پ۲ مثبت بنتا ہے اور پ۱ منفی۔ شکل کے معائنہ سے واضح ہوگا کہ وتر کے جوڑ صرف پہلی قسم کے منقلب میں ملائے جاتے ہیں، دوسری قسم میں نہیں۔
کسی بھی قسم کے منقلب کو شامل دَور کرنے کے لئے

یہ طریقہ اختیار کیا جاسکتا ہے :-
منقلب کے ایک سرے پر علامت ث چسپاں کردو۔ منقلب کے متحرک حصہ کی ایک وضع میں ث کے ساتھ جو سرا ملجاتا ہے اس پر علامت پ۱ لگادو۔ پھر سوئچ پھیر کر منقلب کی وضع "الٹ دو"۔ ث کے ساتھ اب جو سرا ملجائیگا اس پر علامت پ۲ لگادو۔
دیکھو ث کی پہلی وضع میں پ۲ کس سرے کیساتھ ملتا ہے۔ اس سرے کو ن قرار دو۔ عموماً یہ معلوم ہوجائیگا کہ جب ث سرا پ۲ کے ساتھ ملتا ہے تو ن سرا ساتھ ہی پ۱ کے ساتھ ملجاتا ہے۔ ث اور ن کو مورچہ کے سرے بنانا چاہئیے اور پ۱ اور پ۲ کو رد پیما کے سرے۔
منقلب اگر صرف ۴ سروں سے مہیّا ہے تو ث، پ۱ اور پ۲ کے دریافت ہوجانے کے بعد چوتھا سرا جو بچ رہتا ہے یقیناً ن ہے۔
اگر کبھی ایسا ہو کہ ث سرا جب پ۱ سے ملایا جائے ن سرا پ۲ کے ساتھ نہیں ملتا ہے، یا اس کے برخلاف جب ن سرا پ۲ سے ملتا ہے تو ث سرا پ۱ سے نہیں ملتا، تو اس سے ظاہر ہے کہ ث کے لئے غلط سرے کا انتخاب ہوا ہے۔ بس دوسرے سرے کو ث قرار دیکر پھر سے تحقیقات کی جائے۔
بہت کم منقلبوں میں یہ بات پائی جاتی ہے کہ پ۱ اور پ۲ سروں کے جوڑ ہمیشہ ث اور ن سروں کے جوڑ کے ساتھ باہمدیگر تبدیل ہوسکتے ہیں۔
یہ طریقہ ڈالے منقلب کے ساتھ


موزوں نہیں۔

شکل (۹۳) سے شکل (۹۶) تک چار قسم کے منقلب بتائے گئے ہیں۔



شکل (۹۳)
دیٹسٹون کا منقلب

شکل (۹۳) دالا منقلب دیٹسٹون معمل طبیعیات (کنگز کالج لندن) میں خصوصیت کے ساتھ استعمال ہوتا ہے۔ اس کا مرکزی قرص انتصابی محور کے گرد گھوم سکتا ہے، اور اس پر دو فلزی پٹیاں لگی ہوتی ہیں جو چار فلزی کھونٹیوں سے تماس کرتی ہیں۔




شکل (۹۴)
دو ڈاٹوں والا سوئچ

شکل (۹۴) میں دو ڈاٹوں والا سوئچ بتایا گیا ہے جو

وتر کی قسم کا منقلب ہے، اس کے وتر والے سرے مورچہ سے ملائے جانے چاہئیں۔ ڈاٹوں کو کبھی بھی متصل دکے سوا ہوا میں نہ رکھنا چاہئے۔ وتر کے سروں پر جو سوراخ واقع ہیں ہمیشہ انہی میں ان کو رکھا جائے۔


شکل (۹۵) کا منقلب آر۔ ڈبلیو پال کی اختراع ہے۔ اس میں یہ سہولت ہے کہ سلاخ اب کو محض اس کے محور کی سمت میں ڈھکیلنے سے برقی رَو کی سمت الٹ دی جاتی ہے۔ سلاخ پر دو مجوز فلزی تختیاں سج بھی ہوئی



شکل (۹۵)
پال والا منقلب

ہوتی ہیں، جو سوئچ کے مقابل پہلوؤں پر کے بُرشوں سے تماس کرتی ہیں۔ سلاخ کو ڈھکیل کر تین وضعوں میں رکھنے سے تین کیفیتیں پیدا ہوتی ہیں۔ جب سلاخ وسطی وضع میں ہوتی ہے تو برقی دَور کھُل جاتا ہے۔ چونکہ برش بہت ہی متورق ہوتے ہیں اس لئے تماس کی مزاحمت انتہا درجہ قلیل ہے۔ منقلب کی اب تک جو شکلیں بتائی گئی ہیں ان میں "مورچہ والے سروں" پر علامتیں ث اور ن ثبت ہیں اور "رو پیما والے سروں" پر پ۱ اور پ۲۔ طالب علم کو

چاہیئے کہ ان میں سے ہر منقلب کے ساتھ امتحان کر کے ان علامتوں کی تصحیح کرنے اور نقشہ بنا کر بتائے کہ اِن کے متحرک نظاموں کی مختلف وضعوں میں برقی رَو کس طرح بہتی ہے۔ شکل (۹۶) میں پول والے منقلب کی تشریح ہوئی



شکل (۹۶)
پول کا منقلب


ہے۔ ا اور ب مورچہ والے سرے ہیں۔ جس آلہ پر کی برقی کو الٹ دینا مقصود ہو اس کے سرے یا تو ج اور د کے ساتھ ملا دیئے جاتے ہیں، یا ہ اور ی کے ساتھ۔ اس کے متحرک حصہ سا کے سرے پارے کے پیالوں میں ڈبوئے جاتے ہیں۔ مبتدیوں کے عمل میں اس کا استعمال مناسب نہیں۔

فصل (۶) کنجیاں اور سوئچ

ڈاٹ کنجی۔ جب برقی رَو دیر تک جاری رکھنا ہو تو موصلوں میں قلیل مزاحمت کا اچھا جوڑ ملانے کے لئے

اس قسم کی کنجی سوزوں ہے۔

کھٹکھٹا کی کنجی۔ یہ کنجی موصلوں میں صرف اسی وقت تک تماس قائم کر رکھتی ہے جب تک کہ اس کی کمانی پر




شکل (۹۷)
کھٹکھٹانے کی کنجی

دباؤ پڑتا ہے۔ دباؤ موقوف ہوتے ہی کمانی آپ سے آپ تماس توڑ دیتی ہے۔ اس کا استعمال اس موقعہ پر مناسب ہوتا ہے جبکہ برقی رَو کو ذرا ذرا سی دیر کے لئے جاری کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، مثلاً معلق پنجے والے رَو پیما کے اہتزازوں کو مسر کرنے میں۔

دو راہی سوئچ۔ یہ سوئچ ایسی صورت میں مفید ہوتا ہے جبکہ برقی رَو کو ایک دَور پر سے پھیر کر فوراً دوسرے دَور پر سے بہانا مقصود ہو۔ مثلاً قوۃ پیمائی کے تجربہ میں ملاحظہ ہو شکل (۴۴)۔ فلزی بازو کے ایک سرے میں چول لگا ہوا ہوتا ہے اس کے دوسرے سرے کے پاس ایک چھوٹا سا عاجز دستہ ہوتا ہے۔ دستہ کو پکڑ کر بازو کو پھیرنے


سے دو فلزی میخوں کے ساتھ بالترتیب تماس قائم ہوسکتا ہے۔



شکل (۹۸)
دو راہی سوئچ


بندش باندھنے کا ایک سرا چول کے ساتھ لگا ہوا ہوتا ہے، اور دوسرا ایک ایک سرا ان میخوں کے ساتھ۔

دو وضعی الٹانے کا سوئچ - یہ مفید سوئچ چھ سروں سے مہیا ہوتا ہے۔ شکل (۹۹) اور شکل (۱۰۰) کے معائنہ سے اس کا عمل سمجھ میں آجائیگا۔ شکل (۱۰۰) میں مسلسل خطوط



شکل (۹۹)
دو وضعی الٹانے کا سوئچ

کے ذریعہ اس کی جو وضع بنائی گئی ہے اس میں ل کو ج کے ساتھ اور ب کو د کے ساتھ ملایا گیا ہے۔ سوئچ کی دوسری وضع میں ل کے ساتھ ھ ملایا جاتا ہے، اور ب کے ساتھ ی۔



شکل (۱۰۰)
دو وضعی الٹانے کا سوئچ

واضح ہو کہ جب پول والے منقلب میں سے د کو ھ کے ساتھ، اور ج کو ی کے ساتھ ملانے والے آڑے موصل نکال لئے جاتے ہیں تو وہ اس قسم کے سوئچ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو شکل (۹۶)

فصل (۷) مزاحمتیں اور مقوّم

پلاٹینائیڈ یا منگانین کے غیر محجوز تار کا ٹکڑا، مزاحمت کی سادہ ترین شکل میں، معمل کی ضروریات کے لئے استعمال ہو سکتا ہے۔ اگر ایک اوم تک کی تغییر پذیر مزاحمت استعمال ہونی ہے تو تار نمبر ۲۲ (S.W.G.) کا تقریباً ایک میٹر


لمبا ٹکڑا کام دے سکتا ہے۔ اس کا ایک سرا برقی دَور کے کسی مقام پر "ثابت" کردیا جائے اور اس کے آزاد حصہ کو ایک بند پیچ کے نیچے پھسلایا جائے یہاں تک کہ کافی مزاحمت کا طول دستیاب ہوجائے۔

مزاحمت کے بچھے۔ لکڑی کی چرخیوں پر جو بند پیچوں سے مہیّا ہوں ریشم لپیٹے ہوئے تار کے بچھے تیار کرکے تار کے سروں کو بند پیچوں سے باندھنے سے مفید برقی مزاحمتیں دستیاب ہوتی ہیں، جو بطور معلوم یا غیر معلوم مزاحمتوں کے استعمال ہوسکتی ہیں۔ معیاری بچھوں کی تیاری کا طریقہ تجربہ (۵۵) میں بیان ہوا ہے۔ شکل (۶۱) ایسی ایک مزاحمت کی مثال ہے۔

مزاحمت کی بکسیں۔ معمولی مزاحمت کی بکس میں متعدد بچھے ہوتے ہیں۔ وہ اس اصول پر تیار کئے جاتے ہیں کہ ان کی مزاحمتیں ایک ادم کی ضعفیں ہوں، یا اسکے اعشاری حصّے۔ ان کو چھوٹی چھوٹی چرخیوں پر اس طرح لپیٹا جاتا ہے کہ ان کی ذاتی امالیت بحد امکان قلیل ہو۔ لپیٹنے کے بعد ان کو پرافینی موم میں خوب بھگویا جاتا ہے۔ ملاحظہ ہو تجربہ (۵۵) شکل (۶۱)۔

ان بچھوں کو ایک صندوقچہ میں بند کرتے ہیں اوپر کی تختی ولکنائیٹ کی ہوتی ہے۔ بچھوں کے سرے اس تختی میں سے باہر لائے جاتے ہیں اور موٹے پیتل کے کندوں سے، جو ولکنائیٹ تختی پر لگے ہوئے ہوتے ہیں، ان کو باندھ دیا جاتا ہے۔

کندوں کے مابین شکل (۱۰۱) کی طرح پیتل کی موٹی ڈاٹیں لگادی جاتی ہیں۔ ڈاٹوں کی سطح گھس کر ایسی بنائی جاتی ہے کہ اس کا آدھا آدھا حصہ ایک ایک کندے سے چسپیدہ



شکل (۱۰۱)
مزاحمت کی بکس کے پیچھے

رہتا ہے۔ اس لئے جب کندوں کے بیچ میں ڈاٹیں بٹھادی جاتی ہیں تو پیچھے ایک دوسرے کے ساتھ نہایت ہی قلیل مزاحمت کے واصلوں کے ذریعہ جوڑ دئے جاتے ہیں۔

اگر ڈاٹ آ اس کے متعلقہ سوراخ میں سے نکال لیجائے تو برقی رَو کو کندوں ا اور ب سے ملے ہوئے پیچھے پر سے بہنا پڑتا ہے۔ سوراخ کے محاذی اس پیچھے کی مزاحمت لکھی ہوئی ہوتی ہے۔ جب ڈاٹ سوراخ میں لگا دیجاتی ہے تو بالکل ناقابل لحاظ مزاحمت برقی رَو کے سدّراہ ہوتی ہے۔ پس جب مزاحمت کی بکس کو برقی دَور میں شامل کرتے ہیں تو جن سوراخوں میں سے ڈاٹیں نکال لیجاتی ہیں ان کے محاذی لکھی ہوئی مزاحمتوں کو جمع کر لینے سے شریکِ دَور مزاحمت کی قیمت معلوم ہوجاتی ہے۔

جب کسی تجربہ میں مزاحمت کی بکس استعمال کیجاتی ہے

تو اس کے سوراخوں میں سے ڈاٹیں نکالتے وقت یا انکے اندر ڈاٹیں داخل کرتے وقت اِس بات کی احتیاط کرنی چاہیئے کہ ڈاٹوں کو حسب موقعہ کھینچنے یا دبانے کے علاوہ ان کو ذراسا پھیرنا بھی چاہیئے۔ ہر صورت میں خواہ ڈاٹ اندر داخل کی جاتی ہے یا باہر نکال لیجاتی ہے اس کو ذہنی سمت میں پھیرنا چاہیئے۔ ورنہ ڈاٹ کا سرا پیچ میں سے نکل آجائیگا اور ڈاٹ سوراخ ہی میں رہیگی۔ کسی سوراخ میں سے ڈاٹ باہر نکالنے کے بعد اس کے دونوں بازوؤں کی ڈاٹوں کو دوبارہ پھیر کر ان کے متعلقہ سوراخوں میں مضبوط بٹھا دینا چاہیئے اس لئے کہ جن کندوں کے پیچ میں سے ڈاٹ باہر نکال لیجاتی ہے وہ کندے سوراخ کی طرف کسی قدر آگے کو سرک جاتے ہیں اور اس کی وجہ سے بازوؤں کی ڈاٹیں کسیقدر ڈھیلی ہوجائینگی۔

بڑی طاقت کی ردوں کے تجربوں میں مزاحمت کی بکسیں کبھی نہ استعمال کی جائیں۔ ورنہ پچھے بہت گرم ہوکر "جل جائینگے"۔ طالب علم کو چاہیئے جب تک استاد سے اجازت نہ ملے ثانوی یا ذخیرہ خانہ کے ساتھ کبھی بکس استعمال نہ کرے۔ کسی بھی حالت میں جب بکس کو ایک ذخیرہ خانہ کے ساتھ استعمال کرنا ہو بکس کی مزاحمت کو ۳۰ اوم سے کم نہ کرنا چاہیئے۔

پھسلوان مقوّم۔ اس میں مزاحمت کا تار ایک مجوز اسطوانہ پر لپیٹا جاتا ہے۔ مقوّم کے ایک بند پیچ سے تار کا ایک سرا باندھ دیا جاتا ہے۔ اس کا دوسرا بند پیچ ایک پھسلواں واصل سے لگا ہوا ہوتا ہے جو اسطوانہ


کے محور کے متوازی ایک خط پر حرکت کرتا ہے تاکہ اس خط پر مزاحمت کے تار کے کسی نقطہ سے تماس ہو سکتے۔

ویٹسٹون والا مقوّم - دو متوازی اسطوانے ایک دوسرے کے بازو اس طرح کھڑے کئے جاتے ہیں کہ ہر دو اپنے اپنے محور پر پھر سکیں۔ ایک اسطوانہ پیتل کا ہوتا ہے اور دوسرا لکڑی یا کسی اور حاجز مادّے کا۔ موخرالذکر اسطوانے کی سطح پر پیچوان کی شکل کی ایک نالی تراشی جاتی ہے، جس کی تہ پر کافی لمبا مزاحمت کا تار لپیٹ دیا جاتا ہے۔ تار کا ایک سرا فلزی اسطوانہ سے اس طور پر جوڑ دیا جاتا ہے کہ جب اس اسطوانہ کو پھراتے ہیں تو تار لکڑی کے اسطوانے پر سے کھل جاتا ہے اور فلزی اسطوانہ پر لپیٹا جاتا ہے۔ فلزی اسطوانہ پر تار کے جو چکر لپیٹے جاتے ہیں ان کا دور قصر ہو جاتا ہے پس صرف اسیقدر مزاحمت دور میں شامل کی جاتی ہے جو لکڑی کے اسطوانے پر رہتی ہے۔ اس مقوّم میں یہ خوبی ہے کہ اس سے مزاحمت میں مسلسل تغیر تبدل ممکن ہے، یعنے مزاحمت کو تبدیل کرنا ہو تو تجربہ کو روکنے کی ضرورت نہیں۔

کاربن کی مزاحمتیں - دو فلزی تختیوں کے بیچ میں کجلائے ہوئے کپڑے کے مدوّر ٹکڑوں کا ایک انبار ترتیب دیکر "نٹ" اور پیچ کے ذریعہ تختیوں کو دبانے سے بھی تغیر پذیر مزاحمتیں تیار کی جا سکتی ہیں۔ تختیوں پر کا دباؤ تبدیل کرنے سے انبار کی مزاحمت میں بھی تبدیلی واقع ہوتی ہے۔ کاربن کی مزاحمت ایک دوسری شکل میں بھی استعمال

کی جاتی ہے۔ ٹھوس کاربن کی تختیوں کو دو فلزی تختیوں کے بیچ میں رکھ کر "نٹ" اور پیچ کے ذریعہ دباتے ہیں۔ کاربن کی تختیوں کی تعداد، یا اُن کا باہمی دباؤ تبدیل کرنے سے مزاحمت میں تغیر پیدا ہوتا ہے۔

تغیر پذیر مزاحمت کا قالب - عام طور پر اس قسم کی جو مزاحمت مستعمل ہے ایک استوار قالب یا چوکھٹے کی شکل میں ہوتی ہے، جس پر تار کے کئی ایک لولبی پیچھے سلسلہ وار انگریزی حرف ڈبلیو W کے مشابہ ترتیب دئے جاتے ہیں۔ ملاحظہ ہو شکل (۱۰۲)۔ایک فلزی دستہ مقوم کے ایک سرے سے ملا ہوا ہوتا ہے اور فلزی میخوں کی ایک قطار پر سے گزرتا ہے جو ایک ایک لولبی کے ساتھ علی الترتیب ملی ہوئی ہوتی ہیں۔ دستہ کی ایک انتہائی وضع میں برقی رَو کو تمام لولبیوں پر سے بہنا پڑتا ہے۔ جوں جوں دستہ کو دوسرے جانب حرکت دیجاتی ہے برقی رَو کم کم لولبیوں پر سے گزرتی ہے حتی کہ دستہ جب دوسری انتہائی وضع میں




شکل (۱۰۲)
تغیر پذیر مزاحمت کا چوکھٹا

پہنچ جاتا ہے تو رَو بالعموم دستہ پر سے ہوکر سیدھا مقوّم کے دوسرے سرے یا بند پیچ پر سے چلی جاتی ہے۔ اس قسم کی ترتیب، ایک سے بیس امپیر تک کی معمولی بڑی رَوؤں کی سرسری تنظیم کے لئے مفید ہوتی ہے۔

مزاحمت کے ایسے چوکھٹوں پر بالعموم ان کی تقریبی پوری مزاحمت لکھدیجاتی ہے اور یہ بھی بتادیا جاتا ہے کہ ان پر سے (زیادہ سے زیادہ کتنی بڑی رَوئیں ان کو بغیر نقصان پہنچائے (یعنے ان کے مجوزہ حد سے متجاوز حرارت پہنچائے) گزرسکتی ہیں۔ اس انتہائی رَو سے زائد رَو استعمال نہ ہونی چاہیئے۔

چونکہ چوکھٹے پر ان مزاحمتوں کی محض تقریبی قیمتیں لکھی جاتی ہیں ان کو دوسری مزاحمتوں کی پیمائش میں بطور معیار ہرگز استعمال نہ کرنا چاہیئے۔


سرسری "ثابت" مزاحمتیں۔ جب کبھی برقی رَو کو گھٹاکر ایک معیّن مقدار پر لانا ہوتا ہے تو جالی کی قسم کی مزاحمت استعمال کرنا مفید ہے۔ یہ مختلف اولٹوں کے ساتھ کام دینے کے لئے تیار کی جاتی ہیں اور ان پر عموماً ان کی تقریبی مزاحمت اور تفاوت قوّہ جس کے لئے ان کا اختراع ہوا ہے، بتادئے جاتے ہیں۔ پس جس برقی رَو کے وہ متحمل ہیں اس کا حساب کرلیا جاسکتا ہے۔ کبھی اس سے بڑی رَو کے ساتھ ان کو استعمال نہ کرنا چاہیئے۔ یہ بھی یاد رہے کہ یہ جالیاں ان برقی رَوؤں کے صرف اسی صورت میں متحمل ہوسکتی ہیں جبکہ ان میں سے ہوا کی آمد و رفت کا معقول انتظام کیا جاتا ہے۔ اگر



شکل (۱۰۳)
برقی چراغ والی مزاحمت

ان کو بند رکھا جائے تو حمل حرارت نہ ہونے سے وہ بہت جلد گرم ہوکر پگھل جائینگی۔

برقی لمپ والی مزاحمت۔ بہت سے تجربوں میں برقی رَو راست روشنی کی طنابوں میں سے لے لیجاسکتی ہے بشرطیکہ اس کی تنظیم کیلئے مناسب مزاحمتیں استعمال کیجائیں۔ شکل (۱۰۳) میں ایک سہل اور سستا آلہ بتایا گیا ہے جو اس مقصد کے لئے مفید ہے۔ لکڑی کی ٹیکن میں معمولی "بیٹن لمپ ہولڈر" نصب کردیئے جاسکتے ہیں۔ شکل (۱۰۴) میں ان کی بندشوں کی صراحت ہوئی ہے ج، د اور ہ لمپ



شکل (۱۰۴)
لمپ والی مزاحمت کیلئے بندشیں

ہولڈر ہیں جو لکڑی کی ٹیکن میں پیچوں کے ذریعہ جما دیئے گئے ہیں اور باہمدیگر ہمتوازی ملائے گئے ہیں۔

برقی رو ل اور ب سروں سے اخذ کی جاتی ہے۔ ان سروں کی قطبیت معلوم کرنا ہو تو قطب پہچاننے کے کاغذ سے مدد لی جاسکتی ہے۔ اور ایک، دو یا تین لمپوں کو دور میں شامل کرکے تجربہ کے لئے مختلف طاقت کی روئیں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ اگر ضرورت ہو تو ٹیکن پر تین سے زیادہ لمپ ہولڈر بھی نصب کئے جاسکتے ہیں۔

فصل (۸) قطبیت کے امتحان

قطب پہچاننے کا کاغذ۔ برقی روشنی کی طنابوں وغیرہ کی قطبیت کی آزمائش۔ برقی خانوں یا برقی طاقت کے خزانوں سے راست رو مہیّا کرنے والی طنابوں کی قطبیت پہچاننے کے لئے معمولی لتمسی کاغذ سے بخوبی کام لیا جاسکتا ہے۔ کاغذ کو ذرا سا نم کرکے تاروں کے سرے اس پر ایک دوسرے کے قریب رکھے جائیں لیکن ان کو باہمدیگر تماس کرنے نہ دیا جائے۔ مثبت تاروں کا سرا جہاں کاغذ کو چھوئیگا وہاں تھوڑی سی دیر میں سُرخ رنگ نمایاں ہوگا اور جہاں منفی سرا چھوئیگا وہاں آسمانی رنگ نمایاں ہوگا۔ روشنی کی طنابوں کے ساتھ قطبیت کی آزمائش کرتے وقت

بہت احتیاط برتنی چاہیئے اور غیر مجوز تاروں کو کبھی ہاتھ سے نہ چھونا چاہیئے۔ ایسے تاروں کو باہمدیگر تماس کرنے نہ دیا جائے اور نہ ان کو معمل کی عمارت کے فلزی سامان مثلاً گیس یا پانی کی نلیوں وغیرہ کے ساتھ مس کرنے دیا جائے۔ اگر ان ھدایات پر کاربند نہ ھو تو تجربہ کرنے والے کو سخت صدمہ پہونچنے کا اندیشہ ہے، اور اگر تار آپس میں مل جائیں، یا کسی فلزی نلی یا کڑی کو چھو لیں تو اندیشہ ہے کہ جسم جل جائے۔

نشاستہ کے کاغذ سے بھی (جو نشاستہ اور پوٹاسم الیوڈائیڈ کے حل میں بھگو کر خشک کر لیا جاتا ہے) قطبیت کی آزمائش ہوسکتی ہے۔ پہلے اس کاغذ کو پانی سے نم کر لینا چاہیئے تاروں کے سرے جب اس پر رکھے جاتے ہیں تو مثبت سرے کے پاس رنگ آسمانی ہوجاتا ہے۔

برقی رَو کے مقناطیسی عمل کے ذریعہ بھی قطبیت کی پہچان ہوسکتی ہے چنانچہ قبل ازیں صفحہ (۹۶) پر اس کا ذکر آچکا ہے۔ جب روشنی کی طنابوں کے ساتھ یہ طریقہ اختیار کرنا ھو تو رَو میں کافی بڑی مزاحمت شریک کی جانی چاہیئے تاکہ برقی رَو شدت کے ساتھ نہ بہنے پائے۔ لمپ والی مزاحمت اس کام کے لئے موزوں ہے۔

برقی طاقت مہیا کرنے کی ایک طناب عموماً زمین سے ملحق ہوتی ہے۔ دو تار والے نظام میں دوسری طناب کا قوہ زمین کے قوہ سے اونچا ہوتا ہے یا نیچا۔ تین تار والے نظام میں بیچ کی طناب زمین سے ملحق ہوتی ہے۔ بقیہ

دو طنابوں میں سے ایک کا قوہ زمین کے قوے سے اونچا ہوتا ہے اور دوسرا نیچا۔ مثلاً اگر موخرالذکر "زندہ" طنابوں کا قوہ بالترتیب + ۱۰۰ اور - ۱۰۰ اولٹ ہو تو برقی لمپ یا کسی اور آلہ کو جس کے لئے ۲۰۰ اولٹ کی ضرورت ہو ان دونوں طنابوں سے ملا دیا جاتا ہے۔ اگر آلہ کے لئے صرف ۱۰۰ اولٹ قوہ چاہیئے تو ان دو "زندہ" طنابوں میں سے کسی ایک کو آلہ کے ایک سرے سے ملا دیتے ہیں اور دوسرے سرے کو، زمین سے ملحق تار سے۔

برق پر مزید مشقیں

(۱) ۔ برقی نمائے اوراق طلائی کے ذریعہ امتحان کرو کہ شیشہ، آبنوس اور مہر کرنے کی لاکھ کی سلاخوں کو جب پوستین، فلالین اور ریشم سے رگڑتے ہیں تو ان پر کس علامت کی برق ظاہر ہوتی ہے۔

(۲) ۔ کپاس سوئی، ایک سیدھا تار اور ایک تنظیمی مزاحمت استعمال کرکے دیئے ہوئے برقی خانہ کا مثبت سرا دریافت کرو۔ تار کو ایک سرسری پیچھے کی شکل میں لپیٹ کر اس نتیجہ کی تصدیق کرو۔

(۳) ۔ ایک لمبے سیدھے تار پر سے برقی رَو جاری کرکے اس کے گرد خطوط قوت مقناطیسی کا نقشہ کھینچو اور اس نقشہ کی مدد سے تار سے ۱۵ سنٹی میٹر دُور اس کے مقناطیسی میدان کی حدت معلوم کرو۔ شہر حیدرآباد کے لئے زمین کے افقی مقناطیسی میدان کی حدت ۰٫۳۶۵ س گ ث کی اِکائی فرض کی جائے۔

(۴) ۔ ایک دائری پیچھے پر سے برقی رَو بہتی ہے۔ اس کے مقناطیسی میدان کے خطوط قوت کا نقشہ کھینچا جائے۔ اور اس نقشہ سے ایک منحنی تیار کیا جائے جس سے یہ ظاہر ہوسکے کہ پیچھے کے محور پر میدان کی تبدیلی، پیچھے کے فاصلہ کے ساتھ، کس قاعدہ سے ہوتی ہے۔

(۵) ۔ دیئے ہوئے برقی خانہ کو منقلب کے ذریعہ مماسی رَو پیما کیساتھ (ا) راست، (ب) بتوسط ایک مزاحمت کے، ملادو۔ ان دونوں صورتوں میں جو برقی روئیں بہتی ہیں ان کا باہم مقابلہ کرو۔

(۶) ۔ دو برقی خانوں کو (۱) ہمسلسلہ، (۲) ہمتوازی، (۳) ایک دوسرے

کے مقابلہ میں، ایک مماسی رَد پیما کے ساتھ ملاؤ اور جو برقی رَوئیں بہینگی ان کا باہمدیگر مقابلہ کرو۔

(۷) دو برقی خانوں کو ہمسلسلہ، بتوسط منقلب کے ایک مماسی رَد پیما کے ساتھ باندھ دو اور دیکھو کیا انصراف پیدا ہوتے ہیں۔ اب ایک خانہ کے قطبوں کو الٹ کر دوسرے کے ساتھ باندھ دو، اور مکرر رَد پیما کے انصراف معائنہ کرو۔ اِن مشاہدات سے کیا نتائج ماخوذ ہوسکتے ہیں؟

(۸) ایک مستقل خانہ اور مزاحمت کی بکس تمہیں دی جاتی ہے۔ دیئے ہوئے مماسی رَد پیما کے (ا) اور (ب) بچھوں کے چکروں کی تعداد کی نسبت دریافت کرو۔

(۹) ۲ اولٹ ۴، ب کا ایک ثانوی خانہ جس کی مزاحمت ناقابل لحاظ ہے، استعمال کرکے ایک مزاحمت کی بکس اور ناقابل لحاظ مزاحمت کے مماسی رَد پیما پر سے برقی رَو بہائی جاتی ہے۔ دریافت کرو کس طاقت کی رَو سے ایک درجہ کا زاویہ انصراف پیدا ہوگا۔

(۱۰) ایک مماسی رَد پیما کے ساتھ برقی دَور میں ایک تغییر پذیر مزاحمت ہمسلسلہ شریک کی گئی ہے۔ منحنی کھینچکر بتاؤ کہ زاویہ انصراف کے مماس کو اس ہمسلسلہ مزاحمت کے ساتھ کیا تعلق ہے۔ اب رَد پیما کو ۱۵ اوم مزاحمت سے شنٹ کردو، اور ان مشاہدات کو دوہراکر اِسی کاغذ پر جس پر پہلا منحنی بنایا گیا ہے اس قسم کا دوسرا منحنی تیار کرو۔ کیا اِن نتائج سے رَد پیما کی مزاحمت کی تقریبی تخمین ہوسکتی ہے؟

(۱۱) دیئے ہوئے تین خانوں کو ہمسلسلہ ایک مزاحمت کی بکس اور مماسی رَد پیما کے ساتھ ملاؤ۔ بکس سے اسقدر مزاحمت لو کہ رَد پیما تقریباً ۵۵° منصرف ہو۔ مزاحمت کو مستقل رکھ کر خانوں کو جتنی مختلف وضعوں میں ترتیب دینا ممکن ہو ترتیب دو

(یعنے تین خانوں میں سے جتنوں کو چاہو ہمسلسلہ یا ہمتوازی ترتیب دو) اور رَد پیما پر سے جو برقی رَوئیں بہینگی اُن کا آپس میں مقابلہ کرو۔

(۱۲) مماسی رَد پیما کے ذریعہ دئے ہوئے دہکتے تار والے برقی لمپ پر سے جو رَو بہتی ہے، اس کی قیمت دریافت کرو۔ نتیجہ س، گ، ث کی اور نیز عملی اکائیوں میں ظاہر کیا جائے۔

(۱۳)۔ کوئی ۲۰ سم لمبی اور اسم قطر والی شیشہ کی نلی پر ایک مجوز تار کو لپیٹ کر لوبی تیار کرو۔ ایک مقناطیسیت پیما اور مماسی رَد پیما استعمال کرکے ترسیم بناکر بتاؤ لوبی کے مقناطیسی معیار اثر اور اس پر سے بہنے والے برقی رَو میں کیا تعلق ہے۔

(۱۴) اس سے پہلے کے تجربہ میں جو لوبی استعمال ہوئی تھی اس کے اندر نرم لوہے کے تاروں کا ایک گٹھا داخل کرکے تجربہ دوہرایا جائے۔

(۱۵)۔ تار کے دو بچھے، ایک کپاس سوئی، اور برقی خانہ دئے جاتے ہیں، دریافت کرو کون سے بچھے کے چکروں کی تعداد زیادہ ہے۔

(۱۶)۔ ایک ہی قطر کے موٹے تار کے دو بچھے، ایک کپاس سوئی، مزاحمت کی بکس اور برقی خانہ دئے جاتے ہیں بچھوں کے چکروں کی تعدادوں کی نسبت دریافت کرو۔

(۱۷) برقی مقناطیس جو وزن اٹھا سکتا ہے اُس میں اور بچھے پر سے بہنے والی رَو میں تعلق دریافت کرکے اس کا ایک مغنی تیار کرو۔

(۱۸) مماسی رَد پیما کے ذریعہ، دئے ہوئے ام پیما کے نشانوں کی صحت کا امتحان کرو۔

(۱۹) دریافت کرو کہ دئے ہوئے رَد پیما کا انصراف اس کی رَد کیساتھ کس طرح بدلتا ہے۔

(۲۰)۔ معلوم مزاحمت کے ایک اچل رَد پیما کے انصراف اور اِس پر سے

بہنے والی رو میں کیا تعلق ہے ترسیم بنا کر بتاؤ۔ تجربہ کرنے کے لئے تمہیں چند معلوم مزاحمتیں اور معلوم م، ب کا ایک مستقل برقی خانہ دیا جاتا ہے۔

(۲۱) دئے ہوئے دو بچھوں کو، پہلے علیحدہ علیحدہ اور پھر بعد ملا کر، ایک مستقل برقی خانہ، ۳۰ اوم کے ایک بچھے اور مماسی رو پیما کے ساتھ ہمسلسلہ جوڑو۔ اور جو انصراف مشاہدہ ہوں ان کے ذریعہ ان دئے ہوئے بچھوں کی مزاحمتیں دریافت کرو۔

(۲۲)۔ دئے ہوئے تار کے ٹکڑے کی مزاحمت دریافت کرو۔ اس کے مادّے کی نوعی مزاحمت تمہیں دی جاتی ہے اس کے ذریعہ تار کے قطر کی حسابی تخمین کرو۔

(۲۳) دئے ہوئے دو تاروں کے مادّوں کی نوعی مزاحمتوں کا آپس میں مقابلہ کرو۔

(۲۴) میٹری پل کے تار کا برقی مرکز دریافت کرو۔ (واضح ہو کہ برقی مرکز سے مراد وہ نقطہ ہے جو تار کو مساوی مزاحمت کے دو حصوں میں منقسم کرتا ہے۔)

(۲۵) ایک ہی مادّے کے دو تاروں کی مزاحمتیں دریافت کر کے ان کے قطروں کی نسبت معلوم کرو۔

(۲۶)۔ دریافت کرو کہ تار (ل) کے کتنے لمبے ٹکڑے کی مزاحمت ۵ اوم ہوگی۔

(۲۷)۔ (ل) اور (ب) تاروں کے مساوی لمبے دو ٹکڑوں کو متوازی جوڑتے ہیں۔ دریافت کرو ہر ایک کا طول کیا ہونا چاہئیے تاکہ مجموعہ کی مزاحمت ۵ اوم ہو۔

(۲۸) دئے ہوئے تار کے بچھے سے ایک ٹکڑا کاٹا جائے جس کی مزاحمت، سروں سے ایک ایک سنتی میٹر (جوڑ ملانے کی غرض سے) چھوڑ کر، ایک اوم ہو۔ ٹکڑے کی مزاحمت کی راست پیمائش کر کے

نتیجہ کی تنقیح کی جائے۔

(۲۹) دی ہوئی مزاحمت کی بکسوں کو پوسٹ آفس کی بکس کی وضع میں ترتیب دو، اور اس کے ذریعہ دیئے ہوئے مزاحمت کے تجھے کی پیمائش کرو۔

(۳۰) دیئے ہوئے تار کے انجھن کی نوعی مزاحمت بتادی جاتی ہے۔ پوسٹ آفس کی بکس استعمال کرکے انجھن کا طول دریافت کرو۔

(۳۱) دیئے ہوئے تار کے ۲۰ سم لمبے ایک، دو، تین اور چار ٹکڑوں کو بالترتیب ہمتوازی جوڑ کر مجموعہ کی مزاحمتیں دریافت کرو۔

(۳۲) صفر اور ۱۰۰ درجہ مئی تپشوں پر دیئے ہوئے تجھے کی مزاحمتیں دریافت کرکے ان کی نسبت معلوم کرو۔

(۳۳) والٹائی خانے بنانے کا سامان دیا جاتا ہے، اس سے تین خانے تیار کرو، اور برقی محرکوں کا ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرو۔ ہر خانہ کے مثبت قطب پر نشان لگا دیا جائے۔

(۳۴) دریافت کرو ایک برقی خانہ کے قطبین کے ساتھ کیا مزاحمت ملانی چاہیئے تاکہ ان کا تفاوت قوہ گھٹ کر نصف ہوجائے۔ اس نتیجہ سے کیا بات ماخوذ ہوتی ہے؟

(۳۵) ترسیم بنا کر بتاؤ مورچہ کے قطبین کے تفاوت قوہ میں کیا تبدیلی واقع ہوتی ہے، جبکہ ان کو مختلف مقدار کی مزاحمتوں کے ذریعہ ملایا جاتا ہے۔

(۳۶) تمہیں ایک برقی خانہ (مثلاً ذخیرہ خانہ) چند معلوم مزاحمتیں، اور چھوٹی سعت کا ایک ادلٹ پیما دیئے جاتے ہیں۔ برقی دور کو اس طرح ترتیب دو کہ اس میں ٹھیک $\frac{1}{1000}$ امپیر بہے۔

(۳۷) (ا) پلاٹینم، (ب) سیسے کی تختیاں جب گندک کے ہلکائے ہوئے ترشہ میں ڈبوئی جاتی ہیں تو تقطیب کی وجہ سے جو ا، ب پیدا ہوتا ہے اس کی پیمائش کی جائے۔

(۳۸) ۔تانبے اور جست کی تختیوں اور گندک کے ہلکائے ہوئے ترشہ کا خانہ تیار کرو اور دریافت کرو اس کی برقی رَدّ وقت کے ساتھ کس طرح تبدیل ہوتی ہے۔

(۳۹) ۔معلوم مزاحمت کے ایک پچھے پر سے جو برقی رو بہتی ہے اوہٹ پیما استعمال کرکے، اس کی تعیین کرو۔

(۴۰) ۔دئیے ہوئے گذارندہ تار پر سے جو اعظم برقی رَو بہہ سکتی ہو دریافت کرو۔

(۴۱) کتھل (یا رانگ) کی پتلی چادر پر دو جگہ نشان کرکے ایک جگہ پر برقی رَو داخل کرو اور دُوسری جگہ سے اس کو خارج کرو۔ پھر دو الیکٹروں کو ایک حساس رَد پیما کے سِروں سے ملاؤ اور اُن کو چادر کے مختلف مقامات پر چھوکر مساوی قوہ کے منحنیوں کا نقشہ کھینچو۔

(۴۲) ۔مماسی رَد پیما اور تانبے کے کیمیائی رَد پیما کی مدد سے زمین کے افقی مقناطیسی میدان کی تعیین کرو۔تانبے کا برقی کیمیائی معادل فرض کرلیا جائے۔

(۴۳) دئیے ہوئے رَد پیما پر سے ایک امپیر رَو اگر بہے تو کیا انصراف ہوگا معلوم کرو۔ تانبے کا برقی کیمیائی معادل فرض کرلیا جائے۔

(۴۴) ۔دئیے ہوئے برقی لیمپ کو روشنی کے تار سے ملاکر ایک معینہ مدت تک روشن کرو۔ جو حرارت پیدا ہو اس کی پیمائش کرکے لیمپ کی رَو کی اور اس کی مزاحمت کی حسابی تخمین کرو۔ لیمپ کے سِروں کا تفاوت قوہ فرض کرلیا جائے

(۴۵) دریافت کرو کہ دئیے ہوئے پچھے میں حرارت کی پیدائش کی شرح کیا ہے، جبکہ اس پر سے ایک امپیر برقی رَو بہتی ہو۔

(۴۶) ۔ایک پچھا دوسرے پچھے کے اندر کھڑا کیا گیا ہے۔ اندر والے پچھے کو جب اوپر سے دیکھتے ہیں تو وہ (ا) سے (ب) کیطرف موافق سمت ساعت لپٹا ہوا نظر آتا ہے۔جب رَو پیما میں برقی

رَد اس کے سرے (ھ) سے داخل کی جاتی ہے تو رَد پیا کا شمالی قطب مشرق کی طرف منصرف ہوتا ہے۔ بتاؤ باہر والا بچھا کس سمت میں لپیٹا گیا ہے۔

(۴۷) مرغولہ کی شکل کا ایک تار، ایک حساس رَد پیا اور ایک دالٹائی خانہ دیئے جاتے ہیں۔ دریافت کرو دیئے ہوئے مقناطیس کا کونسا سِرا شمالی ہے۔

(۴۸) ایک مقنائے ہوئے فولاد کے ٹکڑے کے سِروں کی قطبیت غیر معلوم ہے۔ امالی رَوؤں کے کلیوں کے ذریعہ اس کی قطبیت کی تعیین کی جائے۔ کپاس سوئی کے پاس اس کو لیجا کر نتیجہ کی تصدیق کی جائے۔

(۴۹) ایک برقی مورچہ صندوق میں بند ہے۔ امالی روؤں کے کلیوں کے ذریعہ اس کے قطبین کا امتحان کرو اور بتاؤ کونسا قطب مُثبت ہے۔ پھر قطب پہچاننے کے کاغذ سے تجربہ کرکے اسکی تصدیق کی جائے۔

(۵۰) ہیڈروجن کا برقی کیمیائی معادل (ب، ک، م) معلوم رکھ کر تانبے کے ب، ک، م کی تعیین کی جائے۔

ضمیمہ

برقی اور مقناطیسی طبعی مستقلوں کی جدولیں

مزاحمیّت (یا نوعی مزاحمت)

ایک سنتی میٹر لمبے اور ایک مربع سنتی میٹر تراش عمودی کے تار کی مزاحمت اوموں میں :-

عنصر	تپش	مزاحمیت	شرح تپش
الومنیم	۲۰° مئی	۰٫۰۰۰۰۰۲۸	۰٫۰۰۳۹
تانبا	۲۰° "	۰٫۰۰۰۰۰۱۷	۰٫۰۰۴۰
لوہا (خالص)	۰° "	۰٫۰۰۰۰۰۸۸	۰٫۰۰۶۲
" (پیانو کا تار)	۰° "	۰٫۰۰۰۰۱۱۸	۰٫۰۰۳۲
سیسہ	۰° "	۰٫۰۰۰۰۲۰۴	۰٫۰۰۴۳
مگنیشیم	۰° "	۰٫۰۰۰۰۰۴۴	۰٫۰۰۳۸
پارا	۲۰° "	۰٫۰۰۰۰۹۵۷	۰٫۰۰۰۸۸
نیکل	۰° "	۰٫۰۰۰۰۰۶۹	۰٫۰۰۶۲
پلاٹینم	۰° "	۰٫۰۰۰۰۱۱۰	۰٫۰۰۳۷

عنصر	تپش	مزاحمیت	شرح تپش
چاندی	۱۸° مئی	۰٫۰۰۰۰۰۱۶	۰٫۰۰۴۰
کتھل (یا رانگ)	۰° ″	۰٫۰۰۰۰۱۳۰	۰٫۰۰۴۶
جست	۰° ″	۰٫۰۰۰۰۰۵۷	۰٫۰۰۴۰

ملدہات

پیتل	(تقریباً)	۰٫۰۰۰۰۰۷	۰٫۰۰۱۰
منگانین	(″)	۰٫۰۰۰۰۰۴۳	۰٫۰۰۰۰۲
پلاطینائیڈ	(″)	۰٫۰۰۰۰۰۳۴	۰٫۰۰۰۲۵
کونسٹینٹن یا یوریکا		۰٫۰۰۰۰۰۴۸	± ۰٫۰۰۰۰۱

برقی کیمیائی معادل

یہاں چاندی کا برقی کیمیائی معادل ۰٫۰۰۱۱۱۸ گرام فی کولومب مانا گیا ہے۔

عنصر	وزن جوہر (۱۹۱۵ء)	گرفت	ب ، ک ، م (گرام فی کولومب)
الومینیم	۲۷٫۱	۳	۰٫۰۰۰۰۹۳۵
تانبا	۶۳٫۵۷	۲ (۱)	۰٫۰۰۰۳۲۹۴
سونا	۱۹۷٫۲	۳ (۱)	۰٫۰۰۰۶۸۰۹
ہیڈروجن	۱٫۰۰۸	۱	۰٫۰۰۰۰۱۰۴۵
آکسیجن	۱۶٫۰۰	۲	۰٫۰۰۰۰۸۲۹
نیکل	۵۸٫۶۸	۲ (۳)	۰٫۰۰۰۳۰۴
چاندی	۱۰۷٫۸۸	۱	۰٫۰۰۱۱۱۸
جست	۶۵٫۳۷	۲	۰٫۰۰۰۳۳۸۸

برٹس سٹینڈرڈ وائر گیج S.W.G

S.W.G	قطر انچ	قطر ملم
۰	۰٫۳۲۴	۸٫۲۳
۲	۰٫۲۷۶	۷٫۰۱
۴	۰٫۲۳۲	۵٫۸۹
۶	۰٫۱۹۲	۴٫۸۷
۸	۰٫۱۶۰	۴٫۰۶
۱۰	۰٫۱۲۸	۳٫۲۵
۱۲	۰٫۱۰۴	۲٫۶۴
۱۴	۰٫۰۸۰	۲٫۰۳
۱۶	۰٫۰۶۴	۱٫۶۳
۱۸	۰٫۰۴۸	۱٫۲۲
۲۰	۰٫۰۳۶	۰٫۹۱۴
۲۲	۰٫۰۲۸	۰٫۷۱۱
۲۴	۰٫۰۲۲	۰٫۵۵۹

S.W.G	قطر انچ	قطر ملم
۲۶	۰٫۰۱۸۰	۰٫۴۵۷
۲۸	۰٫۰۱۴۸	۰٫۳۷۶
۳۰	۰٫۰۱۲۴	۰٫۳۱۵
۳۲	۰٫۰۱۰۸	۰٫۲۷۴
۳۴	۰٫۰۰۹۲	۰٫۲۳۴
۳۶	۰٫۰۰۷۶	۰٫۱۹۳
۳۸	۰٫۰۰۶۰	۰٫۱۵۲
۴۰	۰٫۰۰۴۸	۰٫۱۲۲
۴۲	۰٫۰۰۴۰	۰٫۱۰۲
۴۴	۰٫۰۰۳۲	۰٫۰۸۱
۴۶	۰٫۰۰۲۴	۰٫۰۶۱
۴۸	۰٫۰۰۱۶	۰٫۰۴۱
۵۰	۰٫۰۰۱۰	۰٫۰۲۵

چند مشہور رصد گاہوں کے مقناطیسی عناصر کی اوسط قیمتیں (بابتہ سنہ ۱۹۱۲ء)

مقام	عرض بلد شمالی	طول بلد	مقناطیسی انصراف	مقناطیسی میل الکاز اوّ شمالی	افقی میدانکی حدت	انتصابی میدانکی حدت
سِٹکا (الاسکا)	۵۷° ۳′	۱۳۵° ۲۰′ غ	۳۰° ۲۰٫۹ شَ	۷۴° ۲۸٫۸′	۰٫۱۵۶۱۵	۰٫۵۶۲۳۱
سٹونی ہرسٹ	۵۳° ۱۱′	۲° ۲۸′ غ	۱۷° ۳٫۵ غ	۶۸° ۴۱٫۴′	۰٫۱۷۳۹۸	۰٫۴۴۶۰۱
پوٹسڈام	۵۲° ۲۳′	۱۳° ۴ شَ	۸° ۴۵٫۹ غ	۶۶° ۲۰٫۴′	۰٫۱۸۸۰۳	۰٫۴۲۹۱۴
کیو	۵۱° ۲۸′	۰° ۱۹′ غ	۱۵° ۴۶٫۵ غ	۶۶° ۵۶٫۵′	۰٫۱۸۴۹۸	۰٫۴۳۴۵۴
گرینج	۵۱° ۲۸′	۰° ۰′	۱۵° ۲۴٫۳ غ	۶۶° ۵۱٫۸′	۰٫۱۸۵۲۸	۰٫۴۳۳۶۰

پراگ	۵۰° ۵	۱۴° ۲۵ مش	۷° ۳۰٫۵ غ	.....	.....	.....
کراکو	۵۰° ۴	۱۹° ۵۸ مش	۵° ۴۳٫۴ غ	۶۴° ۷٫۰ ا	.....	.....
وال ژدیو (قریب پیرس)	۴۸° ۴۹	۲° ۱ مش	۱۴ ۹٫۸ غ	۶۴° ۱٫۰	۰٫۱۹۷۴۷	۰٫۴۱۷۱۴
کرسانی (" طفلس)	۴۱° ۴۳	۴۴ ۴۸ مش	۳° ۱٫۳ مش	۵۶° ۶۰٫۰	۰٫۲۵۲۵۵	-٫۳۸۵۴۵
شلٹنہم (یونائیٹڈ سٹیٹس)	۳۸° ۴۴	۷۶° ۵۰ غ	۵° ۵۰٫۰ غ	۷۰° ۱۹٫۱	۰٫۱۹۷۰۲	۰٫۵۶۱۰۸
ڈیرا ڈون	۳۰° ۱۹	۷۸° ۳۰ مش	۲° ۲۵٫۹ مش	۴۴° ۹٫۰	۰٫۳۳۲۱۸	۰٫۳۲۲۴۴
حلوان	۲۹° ۵۲	۳۱° ۲۱ مش	۲° ۲۵٫۴ غ	۴۰° ۳۷٫۰	۰٫۳۰۰۶۳	۰٫۲۵۸۸۴
بارکپور	۲۲° ۴۶	۸۸° ۲۲ مش	۰° ۴۴٫۰ مش	۳۰° ۵۰٫۷	۰٫۳۷۳۶۹	۰٫۲۲۳۱۶
ہانگ کانگ	۲۲° ۱۸	۱۴° ۱۰ مش	۰° ۴۳٫۴ غ	۳۰° ۵۶٫۳	۰٫۳۷۱۹۳	۰٫۲۲۲۹۴

